تاج محل

(آگرہ)



فن تعمیر اسلامی ہند و پاکستان

از

ڈاکٹر محمد عبداللہ چغتائی

جملہ حقوق محفوظ بحق مصنف

ناشر - ڈاکٹر محمد عبداللہ چغتائی

مطبع - دین محمدی پریس ، بل روڈ ، لاہور

تعداد - ۱۰۰۰

اشاعت - اول

قیمت - [illegible] روپے

ملنے کا پتہ

کتاب خانہ نورس (کاپی بک شاپ)

کیبرمسٹریٹ (کاپی بازار)

لاہور -

۱۹۶۳

فہرست مضامین

۱-	فہرست	
۲-	پیش لفظ	
۳-	انتساب	
۴-	ماخذ کتاب	۱
۵-	مقدمہ	۵
۶-	فنون قدیم ہند	۹
۷-	ہند میں اسلامی تعمیرات	۱۱
۸-	مغل فن تعمیر	۱۶
۹-	وسط ایشیا سے تعمیری تعلقات	۲۱
۱۰-	مساجد سمر قند	۲۸
۱۱-	وسعت سلطنت مغلیہ	۳۵
۱۲-	شاہ جہان بحثیت معمار	۳۸
۱۳-	,, ,, عمارات : ابتدائی	۳۹
۱۴-	,, ,, آگرہ سے لاہور تک	۴۱
۱۵-	,, ,, لاہور	۴۲
۱۶-	,, ,, کشمیر	۴۵
۱۷-	,, ,, اکبرآباد	۵۱
۱۸-	,, ,, کابل	۵۴
۱۹-	,, ,, دہلی	۵۷
۲۰-	,, ,, مختلف عمارات	۶۸
۲۱-	ممتاز محل	۶۹
۲۲-	ستی خانم	۷۶
۲۳-	تعمیرات خاندان بیرم خان واعتمادالدولہ	۸۰
۲۴-	آگرہ قبل تعمیر تاج	۸۳
۲۵-	تیاری روضہ	۸۸
۲۶-	تفصیل تاج	۸۹
۲۷-	,, بنیاد روضہ	۸۹
۲۸-	,, گنبد	۹۰
۲۹-	,, کمرے	۹۱
۳۰-	,, تعویذ مرقد	۹۱
۳۱-	,, مینارے	۹۲
۳۲-	,, فرش	۹۳
۳۳-	,, پرچین کاری	۹۴
۳۴-	,, کتبات	۹۴
۳۵-	,, مسجد	۹۴
۳۶-	,, جماعت خانہ	۹۵
۳۷-	,, برج مثمن	۹۵
۳۸-	,, باغ	۹۵
۳۹-	,, مرکزی حوض	۹۶
۴۰-	,, ایوان	۹۶
۴۱-	,, دروازہ	۹۷
۴۲-	,, جلو خانہ	۹۷
۴۳-	,, بازار و سرائیں	۹۸
۴۴-	,, ممتاز آباد	۹۸
۴۵-	,, اخراجات و اہتمام	۹۸
۴۶-	,, مصارف مرمت	۹۸
۴۷-	مصالح عمارت	۹۹
۴۸-	نقش و نگار	۱۰۳
۴۹-	آمشن ڈی بورڈو	۱۱۳
۵۰-	جیرونیمو ویرونیو	۱۱۸
۵۱-	مخطوطہ	۱۲۹
۵۲-	استادعیسی	۱۳۷
۵۳-	معمار احمد و حامد	۱۴۰
۵۴-	,, عطاء اللہ	۱۴۹
۵۵-	,, لطف اللہ مہندس	۱۵۲
۵۶-	,, نور اللہ	۱۵۴
۵۷-	,, عیسی و یوسف	۱۵۵
۵۸-	,, خدا قلی	۱۵۶
۵۹-	,, استادھروی	۱۵۶
۶۰-	,, غلام علی و جعفر علی	۱۵۷
۶۱-	,, استاد حسن	۱۵۷
۶۲-	,, شکر اللہ	۱۵۸
۶۳-	ماہرین : آصف خاں	۱۵۹
۶۴-	,, شکر اللہ	۱۶۰
۶۵-	,, وزیر خاں	۱۶۱
۶۶-	,, علامہ الملک	۱۶۲
۶۷-	,, علی مران خاں	۱۶۳
۶۸-	منتظمان : میر عبدالکریم	۱۶۶
۶۹-	,, سکرست خاں	۱۶۶
۷۰-	کتابہ نویس و کتبات	۱۷۰
۷۱-	تاج کا پایہ تعمیرات عالم میں	۱۷۴
۷۲-	تاج عہد اورنگ زیب سے آج تک	۱۸۰
۷۳-	نتیجہ	۱۸۳

فہرست تصاویر

۱- بادشاہ شاہجہان بانی تاج محل
۲- نقشہ ہندوستان بعہد شاہ جہان
۳- نقشہ آگرہ
۴- مقبرہ زبیدہ ۔ بغداد
۵- مندر کھا جوراہا
۶- مسجد قوۃ الاسلام دھلی
۷- مینار کلاں بخارا
۸- مینار جام افغانستان
۹- قطب مینار دھلی
۱۰- روضہ اسماعیل سامانی بخارا
۱۱- روضہ امیر تیمور سمر قند
۱۲- نقش و نگار روضہ تیمور
۱۳- روضہ سلطان خدا بندہ ۔ سلطانیہ
۱۴- روضہ شمس الدین اتکہ خان
۱۵- روضہ سلطان بہمنی دکن
۱۶- روضہ مادر سلطان زین العابدین
۱۷- روضہ جہانگیر ۔ لاہور
۱۸- روضہ اعتمادالدولہ ۔ آگرہ
۱۹- روضہ اکبر ,,
۲۰- روضہ تغلق دھلی
۲۱- روضہ ہوشنگ غوری ۔ مانڈو
۲۲- روضہ شیرشاہ سوری سہسرام
۲۳- روضہ سلیم چشتی فتح پور سیکری
۲۴- روضہ ہمایوں دھلی
۲۵- تاج محل
۲۶- پلین روضہ ہمایوں
۲۷- پلین تاج محل
۲۸- تاج محل
۲۹- روضہ رابعہ دورانی اورنگ آباد
۳۰- روضہ عبدالرحیم خان خاناں دھلی
۳۱- گول گنبد۔بیجاپور
۳۲- مینار تاج
۳۳- مثمن برج تاج
۳۴- سیکشن مقبرہ ہمایوں
۳۵- سیکشن تاج محل
۳۶- مکمل پلین تاج گنج
۳۷- نقش و نگار سکندرہ
۳۸- نقش و نگار اعتمادالدولہ
۳۹- نقش و نگار فرانسیسی طرز ۔ پیرس
۴۰- حجر اندرون تاج
۴۱- نشمین ظلل الہی لال قلعہ دھلی
۴۲- ,, ,, دیوار ,, ,,
۴۳- راگ کا دیوتا
۴۴-۴۸ رنگین نمونہ پرچین کاری
۴۹- دیوان خاص قلعہ آگرہ
۵۰- موتی مسجد قلعہ دھلی
۵۱-۵۵ کتبات تاج محل
۵۶- آیا صوفیہ استنبول
۵۷- بیت المقدس
۵۸- مسجد قیردان
۵۹- مسجد ابن طولرن ۔ مصر
۶۰- سنٹ پیٹر روم
۶۱- تاج محل
۶۲- پانتھیون روم
۶۳- گرجا جرمنی
۶۴- مقبرہ نوپولیون پیرس
۶۵- گر جاسنٹ پال لندن
۶۶- پانتھیون ۔ پیرس

Foreword.

I have been asked to write a Foreword to
Dr Abdallah Chaghatai's book on the Taj M
Dr Chaghtai needs no introduction, for he has be
making researches for over twenty years, not onl
on Islamic Architecture but on Painting and
Epigraphy as well

In his study of the famous Taj, he has
made a comparative survey of Islamic mausolea
of earlier date and, in addition, has sought o
new manuscript sources for the history of the Taj i
order to reach sound conclusions.

I wish every success to the present book

K A C Creswell

پیش لفظ

مجھ سے فرمائش کی گئی ہے کہ میں ''ڈاکٹر،، محمد عبداللہ چغتائی کی کتاب

تاج محل

پر پیش لفظ تحریر کروں ۔ ڈاکٹر چغتائی کسی تعارف کے محتاج نہیں ہیں، اس لئے کہ بیس سال سے زائد عرصہ سے وہ نہ محض اسلامی فن تعمیر پر بلکہ مصوری اور تاریخی کتبات کی تحقیقات میں مصروف ہیں ۔ انہوں نے شہرہ آفاق ''تاج،، کے مطالعہ میں ابتدائی اسلامی مقبروں کے فن تعمیر کے تقابلی جائزہ کے علاوہ نئے مخطوطاتی ماخذ صحیح نتائج تک پہنچنے کے لئے ''تاج،، کی تاریخ میں تلاش کئے ہیں ۔

کے اے سی کریسویل ۔ پروفیسر امریکی مصر یونیورسٹی ۔

انتساب

میں اپنی اس ناچیز علمی کاوش **تاج محل** کو اپنے والد بزرگوار قبلہ **مستری کریم بخش ولد رحیم بخش مرحوم و مغفور** کے اسم گرامی سے معنون کرنے کی سعادت حاصل کر رہا ہوں ۔ قبلہ بزرگوارم لاہور کے مشہور و معروف خاندان معماراں کے ایک ممتاز فرد تھے ، جن کے تعمیری و فنی شاہکار آج بھی لاہور میں اہل ذوق و نظر سے خراج تحسین حاصل کرتے ہیں ۔

احقر محمد عبد اللہ چغتائی

ماخذ کتاب

یہ ایک حقیقت ہے کہ ایسی کتاب تالیف کرنے کے لئے بیشمار کتب اور مضامین کا مطالعہ لازمی ہے ۔ اور ان میں سے بعض ایسے ماخذ ہیں جن سے براہ راست یا بالواسطہ استفادہ کیا گیا ہے ۔ چنانچہ ذیل میں ہم ان تمام مفید ماخذ کی فہرست درج کرتے ہیں جو مخطوطات ، مشرقی ۔یورپی مطبوعات اور رسائل پر مشتمل ہے ۔ ۱۹۲۲ میں پروفیسر کریسویل نے انڈین انٹی کیوری بمبئی میں ایک مفید فہرست ان مطبوعات کی طبع کی تھی جو اسلامی فن تعمیر ہند سے متعلق تھیں اور کیمبرج ہسٹری آف انڈیا ج ۳ و ۴ میں الگ الگ فن تعمیر بعہد قبل مغل اور مغل پر دو ابواب ہیں ان میں بھی کافی مفید کتب متعلقہ فن تعمیر کی فہرست دی گئی ہیں ۔ اہل علم ان سے بھی استفادہ کر سکتے ہیں ۔ ذیل کی فہرست کو انگریزی حروف میں سہولت کے اعتبار سے مجبوراً مصنف کے نام پر حروف تہجی کے تحت درج کیا ہے ۔ ان کا حوالہ کتاب میں محض ان کے اندراج کے نمبر پر اکتفا کیا تاکہ نام وغیرہ کا اعادہ نہ کیا جائے ۔

MANUSCRIPS

1. Abdullah Khan. *Tarikh-i-Daudi*, Punjgb University Librgry. (utilisd by Sh. Abdul Aziz. *City of Agra* vide Journal Indian History, vol. VII.)
2. Abdur Rahman, *Suwar-i-Sufi*, Cat. Muslim University, Aligarh, p. 33.
3. Afif, Shams Siraj. *Tarikh-i-Feroz Shahi*, MS. British Museum, Or. 2039.
4. Afridi. Qasim Ali Khgn, *Diwan-i-Afridi*, Oriental Library Patna, Supl. Cat. Vol. II, 2224-2250.
5. Ata Allah, *Panj Gint* (Algebre) and *Khulasah-i-Raz*, B. M. Add. 16.744 and Saeedya Library Hyderabad, Deccan.
6. Bordeaux, Austin de, *Les Lettres*, MSS., Cinq-Cents Colbert, vol. 483. PP. 436-39, B. N. Paris.
7. Barni, Zia-ud-Din, *Tarikh-i-Feroz Shahi*, B. M. MS. Or. 1737.
8. Harkarn, Munshi, *Insha*. MS. In my own Library.
9. Ibrahim, Mulla Farid, *Zich Shah Jahani*, M. B. M.S. Or. 372 and State Library Hyderabad, Deccan, MS. Vol. I, p. 814 et Ns 302.
10. Kalim, Talibae, *Badshah Nama* B. M. MS. Or. 357.
11. Kambo, Muhammad Salih, *Amal-i-Salih*. B. M. MS. Add. 2622.
12. Kashi, Mir Yahya. *Badshah Nama* (verse) B. M. MS. Or. 1832.
13. Kewal Ram, *Tazkirah*, B. M. MS. Add. 16703.

14. *Kitab-ul-Lawami 'Rabbanya*, Cambridae University Library, Cat. p. 7-9.
15. *Kulyat-i-Rafi*, 'India Office, London, MS. 879.
16. Lutf Allah, *Muntakhab* (Arithmetique) B. M. MS. Add. 16.744 my own MS. and MS. *Diwan-i-Muhandis* MS. Library Darul Musanifin Azgmagrh. *Sirhr-i-Halal*, MS. Madrasa Muhammadya Library, Madras, Ns 2585. *Risalah-i-Khwas-i-A'dad*, B. M. MS. Add. 16.744. *Suwar-i-Sufi*, MS. Muslim University, Aligarh. *Tazkirat-ul-Aulya Attar*, calligraphy by Lutf Allah: Orientalische Bibliothek, Berlin, MS. Petermann 582.
17. *Ma'athir-i-Rahimi*, Cambridae University Librgry MS. XCIII. Ns 356. Fol. 274 B.
18. *Makhzal-ul-Gharaib*, MS. of the Bodleian Library, Oxford.
19. Muhammad Shafi Naginwi, *Mirat-i-Wardat*, B. M. MS. Add. 6579.
20. Qudsi, Jan Muhammad, *Badshah Nama* B. M. MS. Or. 3319, 323, 351.
21. One MS. bearing an account of the Death of Mumtaz in my Library and the same in the Qriental Library, Patna, in which this accounts is attributed to Nawab Sd'dulla Khan.
22. *Sair-ul-Manazil* (Inscriptions of Delhi). B. M. MSS. Or. Plut. 24.053, Or. 4595. Two inscriptions of *Aqibat Khana-i-Mumtaz Mahalin* in Nizam-ud-Din Aulya and *Shan-i-Behisht* equal to 1058 H.
23. *Tadj Mahal*, B. M. MSS. Or. 6558, Or. 2020, Or. 1937, Stowe Ur. 17 A et B, (Drawings and Inscriptions of the Tadj); Bibiotheque Nationale, Paris, Suppl. Persan, 295. Hyderabad Deccan Library, Ns 419 et p. 656 et MS. State Librgry Ram Pur State
24. Warith, Muhgmmgd, *Badsha Nama*, Bodleian Lib. Oxford, Cat. Persian MSS. Caps Or. D. 3.

ORIENTAL PUBLICATIONS

25. Abul Fazal Sheikh, *Ain-i-Akbari* and *Akbar Nama*, 6 vols, Benagl Asiatic Society publications, Cglcutta.
26. Babur (Baber), Zahir-ud-Din, Muhammad, *Memoirs* (Enalish Trgnslation), by Sir John Leyden and William Erskin; revised by Sir Lucas King, Oxford, 1912.
27. Celal East, *Turk Sanati*, Istambul, 1928.
28. *Husn-o-Ishq*, Newal Kishor Edition, Lucknow, 1890.
29. Jahangir, Nur-ud-Din, Muhammad, *Tuzuk* (*Memoirs*), English Translation by Rojer and Bevridge, Londres, 1909-1914.
30. Kambo, Mulla Muhammad Salih, *Amal-i-Salih*, Bengal Asiatic Society Publication, Cglcutta 1923-37.
31. Kanhaya Lal, *History o/ Lahore*, Lahore, 1884.
32. Khafi Khan, *Muntakhad-ul-Lubad*, Bengal Asiatic Society Publication, Cglcutta.
33. Lahori, Abdul Hamid, *Badshah Nama*, Bengal Asiatic Society Publication, Calcutta, 1876.
34. Marahrawi, Said Ahmad, *Muraqqa-i-Akbarabed*, Agra, 1931.
35. *Mathir-i-Rahimi*, Bengal Asiatic Society Publication, Calcutta, 1930.
36. *Ma'thir-ul-Umara*, 3 vos. Bengal Asiatic Society Publication, Calcutto, 1887-95.
37. Muhammad A'zam, *Tarikh-i-Kashmir*, Delhi, 1848.
38. Muhammad Thurayyg, *Sijjilli Othmani*, Istambul, 1308 H.
39. *Mira't-i-Sikandari*, Bombay, 1890.
40. Sayed Ahmad Khan, Sir, *Athar-uth-Thanadid*, Lucknow Edition 1876, vol. II. p. 9.
41. Muinu'd-Din, *Moin at Athar*, Agra, 1928.
42. Tughra, Mulla, *Rasail*, Lucknow Edition, 1896.
43. *Mu'jam al Buldan*, *Yaqut Hamavi*, Leipzig,, 1870.

PUBLICATIONS IN EURPEAN LANGASEG

44. Beadeker, *Italie Centrale*, 1900.
45. Bernier, E., *Travels in the Mughal Empire* (tran. by Smith), Oxford, 1914.

46. Blochet,E., *Les Inscriptions de Samarkand*, Le Gour-i-Amir, Tombeau de Tamerlan, Paris, 1897 et Catelogue des MSS. Persans, B. N. Paris, 1905.
47. Blunt, E. R., *List of Christian Tombs and Monuments in the United Provinces*, Calcutta, 1905.
48. Brigags, Martin *S., Muslim Architecture* (Legacy of Islam), Oxford 1931.
49. Brown, Percy, *Mughal Architecture* (Cambridae History of India; Mughal Period, Cambridge, 1937.
50. Burkhardt, J., *The Civilisation of the Renaissance in Italy*, Vienne, 1936.
51. Burgess, J., *The Sharqi Architecture*, 1889, *Muhammadan Architecture of Ahmadabad, Bharoch, Cambay, Dholka, Champaner*, 1900-05. Londres.
52. *Catalogue of the Archoeological Museum Delhi Fort*, Delhi, 1929.
53. Catrou, *Histoire Generale de l'Empire du Mogol*, Paris, 1705-1715.
54. Chaghtai, M. Abdulla, *An Exhibition of Impressions of Inscriptions*, Lahore, 1936.
55. Chenesseau, Georges, *L'Abbaye de Fleury a Saint-Benoiti-sur-Loire*, Paris, 1931.
56. Codrington, *Indian Art and Archoeologie* (The Legacy of India), Oxford 1937.
57. Cohn-Wiener, E., *Turan*, Berlin, 1930.
58. Cole, H. H., *Illustrations of Buildings near Mathra and Delhi*, London 1872.
59. Cousens, H., *Bijapur and its Architectural Remains*, Bombay, 1916.
60. Durand, J. N. L., *Recueil et Parallele des Edifices de tout Genre, Anciens et Modernes* Paris, 1817.
61. Elliot-Dawson, *The History of India as told by its own Historians*, Londres, 1867-77
62. *Encyclopoedia Britannica*, 11th Edition; Ars. *Crypt* and *Jersusalem*.
63. *Encylopoedia of Islam*, Arts, *Qubba* et *Mukarnas*; Suppl. 3.
64. Fergusson, J., *History of Indian and Eastern Architecture*, Edition revised, 2 vol London1910.
65. Futhrer, A., *The Monumental Antiquities and Inscriptions in the Western Province and Oudh*, Allahbad, 1891.
66. Gabriel, Albert, *Monuments Turcs d'Anatolie*, Paris, 1930-34.
67. Garratt, G. T., *Legacy of India* (Oxford 1937).
68. Gauthier, M. P., *Les plus beaux edifices de la Villa de Genes.*
69. Gosset, Alphonse, *Les Coupoles d'Orient et d'Occident*, Paris, 1889.
70. Gromort, Georaes, *L'Architecture de la Renaissance en Italie* (Paris 1922).
71. Havell, E. B., *Indian Architecture*, London ,1927.
72. Kheri, Sattar, *Islamische Architektur*, Berlin, 1922.
73. La Roche, Emanuel, *Indische Baukunst*, in-folio, 3 vos., Munich, 1921.
74. Latif, Sayed Muhammad Abdul, *History of Agra and Lahore*, Calcuutta, 1890.
75. Le Bon, Dr. Gustave, *La Civilisation des Arabes*, Paris, 1930-34.
76. *Les Mosquees de Samarcande; le Gour-emir*, St-Petersboura, 1905.
77. *Les Six Voyages de Jean Baptiste Tavernier*, seconde partie, Paris, 1681. pp. 63-64.
78. Lethaby, W. R., *Architecture*, London, 1919.
79. Lewis, T. Hayter, *The Holy Places of Jerusalem*, London, 1888.
80. Maclagan, Sir E., *The Jesuits and the Great Mughal*, Londres 1932.
81. Manucci M., *Storia do Mogor*, 4 vol. I. p. 183. Londres, 1907-8.
82. Manrique, Fray Sebastian, *Travels* 1929-1643 (Hakluyt Society), Londres, 1927, volumes.
83. Marshall, Sir John, *The Monuments of Muslim India*, (Cambridge History of Indi)a Cambridge, 1928. vol3.
84. Masson-Oursel, P. H. de Willmgn-Grabowska et Philippe Stern, *L'Inde Antique e la Civilisation Indienne*, Paris, 1933.
85. Migeon. G., *Manuel d'Art Musulman; Arts Plastiques et Industriels*, Paris, 1927.
86. Mundy, Peter, *The Travels of Peter Mundy in Europe and Asia*, 1608-1667 (Hakluy Society), Londres, 1914.
87. Porter, A. Kingsley, *Medieval Architecture*, New-York, 1912.
88. Purchas, Samuel, *Hakluytus Posthumus or Purchas His Pilgrimage*, 20 vos., Glasaov 1905.
89. Reuther, Oscar, *Indische Palaste und Wohnhauser*, Berlin, 1924, p. 53.

90. Rieu, Ch., *Catalogue of the Persian MSS.* British Museum, Londres, 1876.
91. Saladin, H., *Manuel d'Art Musulman, Architecture*, Poris, 1907.
92. Sleemon, Lt. Col., *Rambles and Recollections of an Indian Officer.* vol. II, pp. 34 and 275. London, 1884.
93. Smith, E. W., *Mughal Colour Decoration of Agra*, Allahbad, 1902. *Wall Paintings from Fatehpur Sikri*, 1899. *Akbar's Tomb*, ibid, 1909.
94. Smith, V. A., *A History of Fine Art in India and Ceylon*, Oxford, 1911.
95. Sprenger, *Catalogue of Oudh Oriental MSS.*, London. 1875.
96. Stephen. Carr., *The Archoeology and Monumental Remains of Delhi*, Calcutta, 1876.
97. Strzygowski, J., *Origin of Christian Church Art*, Oxford, 1933.
98. Symond, J. Addinaton, *Renaissance in Italy*, The Modern Library Edition, New-York, 1935.
99. Tavernier, Jean-Baptiste, Baron of Aubonne, *Travels in India* (Trans. by Ball) London, 1889 et Paris, 1931.
100. Thevenot, M. de, *Travels*, London, 1687 and *Voyages de Francois Bernier*, Paris 1830.

PERIODICALS

101. Abdulaaziz, *The City of Agra*, Journgl of Indian History, Madras, vol. VII. part, II.
102. Alexander, E., *Work on Taj Mahal Completed*, the Illustrated Weekly of India, Bombay, nov. 29. 1931.
103. Amir Ali, The Rt. Hon. Sayed, *Islamic Culture in India*, Islamic Culture, 1935.
104. Anderson, Col. C. R., *The Archietects of the Taj, Calcutta* Review, vol. 57.
105. *An Emperor's Monument to Love, Muslim Outlook*, Daliy, Lahore, Dec. 8th 1923.
106. *Archoeological Survey of India Reports*, Calcutta, 1904-05, 1906-07.
107. Chaghtai, M. Abdulla, *A Treasury of Biographical Skeiches*, Islamic Culture, July 1935. The *So-called Gardens and Tomb of Zebiun-Nissa, Lahore,* Islamic Culture, October 1935. *The Architect of the Taj*, Caravan Annual, Lahore, 1934. Urdu. *Ali Mardan Khan*, Proceedings of all India Oriental Conference, Lahore, 1928.
108. Chenesseau, Georges, *Saint-Benoit-sur-Loire, L'Illustration*, Paris, 3 octobre 1936.
109. Creswell, Captain K. A. C., *The Evolution of the Persian Dome*, Indian Antiquary, 1922. *Bibliography of Indian Muhammadan Architecture*,
110. Indian Antiquary, 1922. *Origin of the swelling Dome*, Indian Antiquary, April, 1922. *The Origin of the Persian Dome*, Burlington Magazine, Dec. 1913. *Persian Dome before* 1400 Burlinton Magazine, 1915.
111. *Epigraphia Indica Muslamica*, Calcutta, 1909-10, 1911-12, 1913-14, 1915-16, 1921-22. 1933-34.
112. Hofstadt, Noton., *The Taj and its Designers*, Daily Statesman, Calcutta, May 27, 1923.
113. Hyrapiet C., *The Taj and its Designers*, Daily, Statesman, Calcutta, June 7, 1923.
114. Havell, E. B., *The Taj and its Designers*, Nineteenth Century and After, Londres, 1903.
115. *Imperial Gazetteer Amritsar District*, Lahore 1892-93.
116. *Imperial Gazetteer*, India, vol. VII, X. XXI. XXII. Oxford, 1908.
117. *Letters Concerning Joseph Taylor*, Asiatic Review, Londres, 1916.
118. *Letters from a Major relating the Taj* (Asiatic Register), Calcutta, 1803.
119. *Ma'arif* (Urdu Monthly) *Azamgadh*, March 1931. and 1938.
120. Maclaggn, Sir E., *Letters of Austin de Bordeaux*, Journal, Punjab Historical Society, Lahore, vol. IV, pp. 3-17.
121. Mukherjee, S. C., *The Architecture of the Taj and its Architects*, Indian Hist. Quarterly, Calcutta, Dec. 1933.
122. Nadavi, Sayed Suleyman, *Some Indian Astrolabe Makers*, Islamic Culture, 1935.
123. *The Life of Feroz Shah Tughlug,s* Journal of Indian Arch. Society, Delhi, 1850.
124. *Ustad Isa*, The Daily Statesman, Calcutta, 17 and 24 nov. after it 25 dec. 1932.

مقدمہ

تاج محل آگرہ یعنی مقبرہ ملکہ ممتاز محل زوجہ بادشاہ شاہ جہان (۱۶۲۷ء تا ۱۶۵۹ء) اپنے فن تعمیر کی خوبیوں کی وجہ سے عالم بھر میں مشہور ھی نہیں بلکہ عجائبات روزگار میں شمار ھوتا ھے ۔ ھر سال لاکھوں انسان تمام دنیا سے اس کا مشاھدہ کرنے آتے ھیں ۔ اس پر آج تک ھر زبان میں اسقدر نظم و نثر میں لکھا جا چکا ھے کہ اس کا صحیح طور پر احاطہ کرنا مشکل ھے ۔ مگر اس کے فن تعمیر کی خوبیوں پر تنقیدی طور پر لکھنے والوں کی تعداد بہت کم ھے ، اور اس میں بھی زیادہ تر وہ بحث ھے کہ اس کا معمار کون تھا ؟ اس کی وجہ یہ بھی ھے کہ جس قدر کوئی چیز مشہور و مقبول ھوتی ھے اسی قدر اس کے صحیح حالات پردہ اخفا میں چلے جاتے ھیں اور حقیقت ایک افسانہ بن جاتی ھے ۔ چنانچہ یہی حالت تاج محل کی ھے ۔

میرا خاندان اھل صنعت و فن کا ھے ۔ میں نے بچپن ھی سے تاج کی فنی خوبیوں سے متعلق کافی سنا تھا مگر ۱۹۱۶ء میں پہلی بار اپنے چند عزیزوں کے ھمراہ اس کا مشاھدہ کیا جو اس کا حظ اٹھا سکتے تھے ۔ اس کے بعد مجھے تاج کے تاریخی حالات کی طرف رغبت ھوئی اور آھستہ آھستہ انکشاف ھوا کہ اس کے صحیح حالات معاصرانہ کتب میں موجود ھیں مگر ان پر افسانے غلبہ کئے ھوئے ھیں اور وھی رواج پا گئے ھیں اور مجھے سب سے زیادہ اس کے بانی شاہ جہاں کے صحیح ادراک فن تعمیر نے زیادہ متاثر کیا جس نے اسقدر عظیم الشان عمارت تعمیر کر کے دنیا سے خراج تحسین حاصل کیا ۔

تاج محل سترھویں صدی عیسوی کے نصف ۱۶۴۷ء میں تعمیر ھوا جبکہ ھر ملک میں بے شمار شاھکار فن تعمیر ظہور میں آ چکے تھے ۔ اگرچہ ان میں بصورت مقبرہ بہت کم ھیں خاص کر ھندوستان میں جہاں یہ موجود ھے ھندوؤں کے ھاں اپنے مردے جلانے کی رسم کی وجہ سے تعمیر مقبرہ کا تصور ھی نہیں ھے ، اسلئے کسی ھندو عمارت کا تاج سے مقابلہ کرنا عبث ھے ویسے ھندوستان میں بعہد اسلام تعمیر مقبرہ کا وجود سلطان شمس الدین ایلتتمش (متوفی ۱۲۳۶ء) کے عہد سے ملتا ھے جس نے اپنے لڑکے نصیرالدین محمود کا شاندار

مقبرہ دھلی میں تعمیر کیا اگرچہ دنیا اسلام میں اس سے بھی بیشتر خاصی تعداد میں مقبرے تعمیر ہو چکے تھے تاریخ شاھد ہے کہ شاہ جہاں فن تعمیر کو خوب سمجھتا تھا اسلئے وہ متمنی تھا کہ وہ اپنی بیگم کا مقبرہ ایسا شاندار تعمیر کرے جو ان سب پر سبقت لے جائے چنانچہ اس نے اسی ارادہ سے ۱۶۳۱ میں اسے شروع کر کے قریب بیس سال کے عرصہ میں مکمل کیا اور کامیاب ہوا ۔

میں نے پہلی مرتبہ ۱۹۳۲ء میں یورپ کا سفر کیا اور مجھے انگلینڈ ۔ فرانس ۔ جرمنی ۔ اور اٹلی میں بعض قرون وسطی کی عمارتوں کے مطالعہ کا موقع ملا جو تاج محل سے قبل تعمیر ہوئی تھیں یا معاصر تھیں مگر ان میں عام طور پر نوکدار کمان یا محراب (انگریزی ,,آرچ،،) کو زیادہ پایا جو متفق طور پر اسلامی فن تعمیر کا اثر ہے اور اس کے علاوہ یورپ میں کوئی خاص عمارت بصورت روضہ یا مقبرہ نظر میں آئی جسے تاج کے مقابلہ میں پیش کیا جا سکے ۔ اسی زمانے میں حسن اتفاق سے مجھے لنڈن میں مشہور و معروف محقق فن تعمیر اسلامی پروفیسر کریسویل سے بھی ملنے کا اتفاق ہوا اور ان سے کافی امور میں استفادہ کیا اور اسی طرح وی‌آنا یونیورسٹی میں مشہور پروفیسر جوزف سڑی زگوسکی سے بھی ملکر بعض امور میں استفادہ کیا یہ خاص کر مشرق و مغرب کے فنون کے ماہر تھے ۔ مگر اسی اثنا میں میں نے فیصلہ کر لیا کہ میں پیرس یونیورسٹی میں قرون وسطی کے فن کے شعبہ میں داخلہ لونگا اور پروفیسر ھنری فوسیون کے زیر ھدایت تاج محل پر برائے ڈاکٹریٹ مقالہ تیار کرونگا جس کے لئے پیرس یونیورسٹی کے پروفیسر اولیور لکوم شکریہ کے مستحق ھیں ۔ اسی زمانہ میں ھندوستان واپس آ کر قریب تین ماہ آگرہ میں قیام کیا تاکہ وھاں رہ کر مقالہ کی تیاری اور کماحقہ مطالعہ کر سکوں اس عرصہ میں مجھے اپنے رفیق دوست مولوی سعید احمد اکبر آبادی کے ھاں ان کے والد مرحوم ڈاکٹر ابرار حسین کے مہمان کی حیثیت سے قیام کا موقع ملا مرحوم کی پدرانہ شفقت کبھی نہیں بھولیگی ۔

۱۹۳۶ء میں بحیثیت طالب علم پیرس یونیورسٹی میں زیر قیادت پروفیسر فوسیون کام شروع کر دیا جو بحیثیت محقق فنون روم بہت مشہور تھے تجربہ نے واقعی ثابت کر دیا کہ فنون لطیفہ کی تاریخ کے مطالعہ کے لئے جو

سہولتیں یہاں میسر ہیں وہ اور جگہ نہیں۔ یہاں کے کتبخانہ ملی سے ایک نایاب اور نادر قدیم فارسی مخطوطہ (B.N. Paris, Suppl.,Persan, 295) متعلقہ تاج محل بھی میسر آیا۔ جسے ۱۹۳۸ میں مکمل طور پر اپنے مقالہ تاج محل کے ہمراہ طبع کر دیا گیا ہے اور پیرس یونیورسٹی نے اس کے انکشاف سے اور اس کی افادیت سے مطمئن ہو کر ایک خاصی رقم نقد بھی بطور انعام عنایت کی جو ایک طرح طباعت مقالہ کے لئے اعانت تھی کیونکہ حسب دستور پیرس یونیورسٹی میں مقالہ ہمیشہ طبع کرکے پیش کیا جاتا ہے۔

۱۹۳۷ء موسم گرما کی تعطیلات میں پیرس سے لنڈن جانے کا اتفاق ہوا اور میں نے انتظام کیا تھا کہ پروفیسر کریسویل سے پھر تمام مسودات اور نقشہ جات کی موجودگی میں بعض امور میں مشورہ کرونگا چنانچہ اس سے بہت سے نکات واضح ہو گئے جو خاص کر بین الاقوامی طور پر فن تعمیر اسلامی سے متعلق تھے پروفیسر موصوف کافی مطمئن ہوئے جس کی وجہ سے انہوں نے از راہ شفقت اس کتاب کا پیش لفظ بھی تحریر کیا جسے یہاں شائع کیا جاتا ہے۔ جس کے لئے ان سے زیادہ موزوں کوئی اور نہ تھا حتیٰ کہ میں نے ستمبر ۳۷ء میں براستہ بلجیم واپسی پر اپنے پروفیسر فوسیون کی اجازت سے فرانسیسی مقالہ تاج محل جو قریب یکصد تصاویر پر مشتمل تھا برسل (بلجیم) میں طباعت کا انتظام کیا۔ اور ادھر اسے انجام دینا شروع کیا حتیٰ کہ یونیورسٹی نے مقالہ کو پیش کرنے کے لئے ۱۹۳۸ء قبل تعطیلات موسم گرما طے کر دیا اور تمام مراحل پورے ہو گئے۔

ڈاکٹریٹ کے امتحان کے لئے پیرس یونیورسٹی نے عام طور پر تین ماہرین کی بجائے پانچ ماہرین کی ایک کمیٹی مقرر کی جس کے ارکان ۱۔ صدر پروفیسر ہنری فوسیون ۲۔ ماہر زبان فارسی پروفیسر ماسے۔ ۳۔ ماہر اثار قدیمہ ہندوستان پروفیسر فوشے ۴۔ ماہر فنون اسلامیہ پروفیسر سوواجے ۵۔ ماہر علوم تاریخ فنون لطیفہ پروفیسر لودان۔ صبح ۷ بجے سے شروع ہو کر بعد دوپہر قریب ۲ بجے تک امتحان کے سوال و جواب جاری رہے اور حسب دستور پیرس یونیورسٹی کمرہ امتحان حاضرین اور ماہرین سے بھرا ہوا تھا اس میں

پبلک بھی دلچسپی لیتی تاکہ شک و شبہ کا ازالہ ہوجائے ۔ غرضیکہ ارکان نے متفقہ طور پر ڈگری ڈاکٹریٹ پیرس یونیورسٹی مع اعزاز عطا کی ۔

غرضیکہ یہ کتاب آج اوّل مرتبہ اردو زبان میں جو ۱۹۳۸ میں فرانسیسی زبان میں طبع ہو چکی تھی کئی ترمیموں اور اضافوں کے ساتھ پیش کی جاتی ہے ۔ میں خیال کرتا ہوں کہ یہ کتاب اپنی نوعیت میں جس میں مجموعی حیثیت سے تاریخ فن تعمیر اسلامی ہند اور تاج محل کا مجمل بیان نہایت جامعیت سے آ گیا ہے پہلی کتاب ہے جسے قارئین کرام پہلی دفعہ ملاحظہ فرمائینگے اور مجھے فخر ہے کہ میں اپنے ملک کے سامنے اسلامی تمدن پاک و ہند کا بہت اہم باب ملکی زبان میں پیش کر رہا ہوں کیونکہ فن تعمیر ہی کسی قوم کی صحیح تاریخ وثقافت کا آئینہ دار ہے اگر تحریریں ضائع بھی ہو جائیں اور آثار باقی رہیں تو قوم کی بقا ثابت ہے ۔

لاہور میرے اباؤ اجداد کا وطن ہے جو ابتدا ہی سے تہذیب اسلامی کا مرکز رہا ہے ۔ جہاں سب سے اول سلطان محمود غزنوی نے فوراً فتح کے بعد تعمیرات اسلامی کا آغاز ان روایات پر کیا جو اسلامی ممالک میں تعمیر ہوئیں اور بعہد شاہجہان ، نادرالعصر احمد معمار لاہور کا باشندہ تھا جس نے کئی عظیم‌الشان عمارات تعمیر کیں ۔جو اسلامی فن تعمیر کے کمال عروج کا زمانہ تھا اور ہر عہد میں یہاں عمارات تعمیر ہوئیں اس وجہ سے میرا عقیدہ ہے کہ لاہور کو اس ضمن میں دیگر شہروں پر فضیلت ہے اسی لئے میں نے آج سے پیشتر لاہور کے اس پہلو پر کافی لکھا ہے ۔

یہ ممکن ہے کہ میری تحقیقات بعض حضرات کے نزدیک ان کے کسی خاص نقطہ نگاہ کی وجہ سے تشنہ ہوں میں ان سے درخواست کرونگا کہ انہیں میری محنت کو مدنظر رکھنا چاہئے کہ میں اول مرتبہ اپنی ملکی زبان میں اسے پیش کر رہا ہوں ویسے ملک میں ایسی کوششوں کی حوصلہ افزائی کیلئے ابھی ماحول بھی سازگار نہیں ہے ۔ اخیر میں ان تمام حضرات اور محققین کا شکر گذار ہوں جن سے میں نے اکثر اوقات اپنی تحقیقات میں استفادہ بھی کیا ہے اور میرے علمی معاملات میں میری اعانت کی ۔ خاصکر میں اپنی بیوی مرحومہ کا مرہون منت ہوں جس نے میرے ساتھ ہر امر میں تعاون کیا اور میں اس کی مغفرت کیلئے ہمیشہ دعا کرتا رہتا ہوں ۔

۱۵ ۔ ایف ۔ گلبرک ۔ لاہور ۔ محمد عبداللہ چغتائی

۲۹ اکتوبر ۱۹۶۳ء (۱۰ جمادی‌ثانی ۱۳۸۳ھ)

فنونِ ہندوستان قبل فتح اسلام

آج غیر ممالک کا ایک عام آدمی جب کبھی ہندو پاکستانی فن تعمیر کا تصور کرتا ہے تو فوراً اس کے ذہن میں تاج محل آگرہ کی شہرت آجاتی ہے جس کے سفید مرمر کے بنائے ہوئے بلب نما گنبد۔ بلند مینار، اس کے در و دیوار کے مرصع رنگ دار نقش و نگار اور ان سب کا آب سوسن کے ساکن تالاب و خیاباں میں عکس مشاہدہ کرنے والے کے دل پر ایک غیر فانی نقش پیدا کر دیتے ہیں جو اس بے مثل عمارت کی صحیح موزونیت کی دلیل ہے اور یہ دراصل اسلامی متاخر قرون وسطیٰ کا مظہر ہے جس کا زیادہ تر تعلق ممالک اسلامی سے ہے۔

یہ محض علوم و فنون کے ماہر قدر دان کے لیے ضروری ہے کہ گپتا کے زمانہ کے بدھ آثار کے انکشافات کو تصوّر میں لائے جو اجنٹا، ٹیکسلا، سانچی، متھرا اور پاکستان کے بعض مقامات میں پائے جاتے ہیں۔ یہ تمام قدیم آثارِ فن بالاتفاق قدیم ہندوستان کی مذہبی زندگی یا مذہبی فن کی بنیاد ہیں جن سے ہم مکمل اطلاع حاصل کرتے ہیں کہ اس زمانہ میں صحیح مذہبی اداکاری کا کیا دستور تھا ورنہ ہمارے پاس ان کے سوا اس کے لیے کوئی اور ذریعہ نہیں۔ یہ ایک واضح حقیقت ہے کہ مذہبی حسن کاری کا یہ جذبہ جیسا کہ ہمیں علم ہے کسی قسم کی جدّت پسندی اور شخصی کام کے نمونے پیدا کرنے کی اہلیت ہی نہیں رکھتا بلکہ یہ اصولاً قدرت کا اتباع تک نہیں کرتا۔ اس میں ہر فن کار ایک روایت کا پابند ہوتا ہے اور وہ ہر حالت میں اس کا احترام کرتا ہے جو تاہم باوجود اپنی ذات کے اس طرح اس پر اپنا ذاتی اثر ڈال کر اس کے ارتقاء میں حصہ لیتا ہے جس کا مطمح نظر یہی ہوتا ہے کہ وہ شخصی دیوتاؤں کا حسن اور ان کی قوت پیش کرے۔

پاکستان میں (جو پہلے شمالی ہند کہلاتا تھا) جدید انکشافات موہنجوڈارو، ہڑپا، ٹیکسلا وغیرہ نے ماہر آثار قدیمہ کو باور کرنے پر مجبور کر دیا ہے کہ قدیم تمدنِ ہند اور عراق کے مابین مماثلت ہے بلکہ ایک غیر منقطع تسلسل فنِ سُمیر، سوسیانہ، ایران، افغانستان، ہند کے درمیان ہے اور یہ ایک قدیم نظریہ ہے

کہ براہِ راست یونانی فن کا اثر ہندوستانی فن میں واضح طور پر ہے جسے ماہرین نے ٹھکرا دیا ہے ۱۹۳۷ء میں مجھے پیرس کے کالج فرانس میں پروفیسر میکائیل روسٹوٹزف کی چند تقریریں سننے کا اتفاق ہوا جس نے اس حقیقت کو بالکل واضح کر دیا ہے۔

اشوک نے بدھ مت کو بہت فروغ دیا جسے نظر انداز نہیں کیا جا سکتا کیونکہ وہ بذاتِ خود بدھ مذہب کا بہت بڑا پرستار تھا جس کے زمانہ سے زیادہ تر تمام ہند میں بدھ مت کی عبادت گاہیں نمودار ہوئیں جو عام طور پر پہاڑوں کی چٹان کاٹ کر بنائی گئی ہیں انہوں نے تمام دیگر ہندو مذاہب کو ان کی اپنی عبادت گاہیں بنانے کے لیے (فیضان) بخشا کیونکہ ان کے سامنے ان کے سوا کوئی اور نمونہ نہ تھا اس لیے واضح طور پر زمانۂ وید کا فنِ تعمیر اپنا کوئی خاص طرز پیش نہیں کرتا۔ ہمارے علم میں قدیم ہندوؤں کی خشتی تعمیرات شاذ شاذ ہیں اور وہ بھی بہت ادنےٰ درجہ کی۔ جنوبی ہند میں چند قدیم لکڑی کے ہندو دیول ہیں جہاں یہ لکڑی بطور پتھر استعمال کی گئی ہے جو بآسانی پتھر کی طرح منبت ہو سکتی ہے۔

ہندوستان کے قدیم باشندے محراب کا استعمال معماری حیثیت سے ہرگز نہیں جانتے تھے جس میں پتھر یا اینٹیں مخروط کاٹ کر محراب کی صورت میں جوڑ دی جاتی ہیں جیسا کہ عہدِ اسلامی میں ہم عموماً دیکھتے ہیں اگرچہ بہت سے چٹان سے (تراشیدہ) دیولوں میں محراب وغیرہ ہیں ان میں ستون دار ایوان بھی ہیں جن کو چتیا اور وہارا کہتے ہیں جو ابھی تک اچھی حالت میں ملتے ہیں ان سے ہم اس نتیجہ پر پہنچتے ہیں کہ ان قدیم آثاروں نے اسی طرح اپنا ایک خاص طرز اختیار کر لیا تھا جن سے ان کے بہترین نمونے آذری، مصوری، جمالیات ظاہر ہیں جو آج تک فنون کے ضمن میں بحیثیت ملکی فن فوقیت و سبقت رکھتے ہیں[1]۔ غرضیکہ یہ غیر اسلامی فنون قبل عہد اسلام یہاں تھے اور مسلمانوں نے یہاں اپنا خاص طرز رائج کیا جسے ہم ذیل میں بیان کرتے ہیں۔

(1) ۸۰ صـ ۳۹۷-۴۰۰ و ۹۰ صـ ۱۰۰-۷ و

ہند میں اسلامی فنِ تعمیر

اگرچہ مسلمانوں نے سندھ کی فتح کو ۷۱۲ء میں مکمل کر لیا تھا مگر ہندوستان میں ثقافتِ اسلامی کے اثرات گیارھویں صدی کی ابتدا سے محسوس کیے جانے لگے جب سلطان محمود غزنوی کے بار بار حملوں نے اسے مجبور کر دیا کہ اس کی طرف توجہ دی جائے۔ سلطان محمود کا ۱۰۳۰ء میں انتقال ہوا مگر اس سے پیشتر مفتوحہ علاقوں میں غزنوی عمال تعین ہو چکے تھے اور خاص کر پنجاب اور دیگر حصوں میں فوری ضرورت کو پورا کرنے کے لیے تعمیرات ہوئیں جو آج بدقسمتی سے موجود نہیں ہیں۔ جن کا بیان صفحاتِ تاریخ میں ضرور ملتا ہے۔ کتاب "آداب الحرب والشجاعت" مصنفہ فخر مدبر میں لکھا ہے کہ سلطان محمود نے لاہور میں اپنی فتح کی یاد میں ایک مسجد جامع اور منارہ اور ایک الگ مسجد تعمیر کیے تھے۔ مسجد کو بنام خشتی مسجد لکھا ہے جس کے معنی یہ ہیں کہ یہ مسجد خالص اینٹ کی تعمیر شدہ معماری کا نمونہ تھی جو اگرچہ آج موجود نہیں ہیں۔ اور طرزِ تعمیر جو اس عہد میں اختیار کیا گیا وہ زیادہ شامی و غزنی و طولونی طرزِ مصر کے نمونوں پر تھا جیسا کہ اس کے نمونے اب بھی ممالک اسلامیہ اور غزنیں میں بصورت مینار ملتے ہیں۔ احمد آباد کی ایک مسجد سے مجھے ایک کتبہ مورخہ ۴۴۵ھ کا ملا جس کے الفاظ سے تعمیر مسجد ظاہر ہے یعنی قریب چوبیس سال بعد وفات محمود یہ مسجد تعمیر ہوئی ہے اور اس کتبہ کے دائیں اور بائیں الگ فارسی الفاظ بھی کندہ ملتے ہیں جس سے واضح ہے کہ یہ قدیم کتبہ موجودہ مسجد کی بنیاد کھودتے وقت دستیاب ہوا اور ویسا کا ویسا ہی یہ چند الفاظ مزید لکھ کر اسی مسجد کی اندرونی دیوار کے دائیں جانب کے محراب پر لگا کر محفوظ کر دیا۔[1] ویسے یہ مسجد گجرات کے ابتدائی احمد شاہی دور کی ہے اور اس کا ذاتی کتبہ جو درمیانی محراب میں تھا کہیں ضائع ہو چکا ہے۔ احمد آباد سے سومنات اور پٹن کوئی دور نہیں ہیں جو محمود کے حملوں کے مطمح نظر تھے بالخصوص پٹن تو چند میلوں پر ہے جو محمود کا راستہ اور پڑاؤ تھا۔ پھر مغرب کی طرف کھمبایت جو

[1] اسلامی عمارت احمد آباد اپنے کتبات کی روشنی میں۔ تالیف ڈاکٹر محمد عبداللہ جغتائی، پونہ ۱۹۶۲ء صـ ۲۲

چند میل پر ہے جہاں مسلمان ابتدا سے ہی آباد ہو چکے تھے اور ابھی تک قدیم اسلامی آثار بھی ملتے ہیں۔ غرضیکہ ابتدا سے ہی ان مسلمانوں نے ایک اعلیٰ طرزِ تعمیر قائم کر لیا تھا کیونکہ ان حملہ آوروں میں ایرانی، ترکی، افغانی الاصل لوگ تھے جو اس سے پیشتر کافی لیاقت کا مظاہرہ اپنی تعمیرات میں پیش کر چکے تھے۔ اگرچہ ان کے ابتدائی اسلامی تعمیرات میں ساسانی، بازنطینی، عراقی اصولوں کا اثر ہے کیونکہ فن تعمیر اسلامی یورپ کی فنی تحریکات کی طرح ایک قوم کی پیداوار نہیں ہے بلکہ ایک مذہب کا کارنامہ ہے اور آج دنیا کے ہر گوشہ میں بے شمار مسلمان آباد ہیں۔

ہمارے نقطۂ نگاہ سے ہندوستانی اسلامی فن تعمیر کی صحیح تاریخ مسجد قوۃ الاسلام دہلی کی موجودہ عمارت سے شروع ہوتی ہے جس کا منارہ جو آج قطب مینار کے نام سے مشہور ہے میلوں تک اردگرد رہنمائی کا کام دیتا ہے۔ یہ مسجد بعہد سلطان معزالدین محمد بن سام غوری ۵۸۷ھ مطابق ۱۱۹۱ء میں قطب الدین ایبک نے تعمیر کی۔ اسے ہندو اور جین مندروں کی جگہ پر ان کے مصالح سے تعمیر کیا جن کے آثار ابھی تک موجود ہیں۔ اس مسجد میں گنبد بھی تھے جو اب موجود نہیں ہیں مگر اس کی بلند نوکدار محرابیں جو موجودہ ہندو مندروں کے کھنڈروں سے بالکل مختلف ہیں مسلمانوں کے فنِ تعمیر ہند کا ابتدائی طرز ضرور پیش کرتی ہیں بالخصوص ان میں سب سے بڑی خصوصیت نوکدار جو اس سے پہلے موجود نہ تھی۔ چنانچہ یہی طرزِ تعمیر اسلامی ہندوستان میں اصولاً عام ہو گیا۔ ابتدا میں مسلمانوں نے مقامی معمار و کاریگر اپنی عمارات پر لگائے جو اگرچہ خالص اسلامی اصولِ عمارت سے ناواقف تھے مگر انہوں نے اعلیٰ مسلمان معمار کے ماتحت کام کیا اور اس طرح ان اصولوں میں دسترس حاصل کی۔ جان مارشل نے اس ضمن میں خوب کہا ہے:

"ایک کامیاب تعمیر ایسے مصالح سے بنانے کے لیے جو دو طرزوں کو فن اسلامی کے معیاری اصولوں کا بغیر انحراف کیے باہم کر دے جب کہ وہ خصلتاً اس قدر ایک دوسرے کے متضاد ہیں۔ ممکن ہے کہ یہ ایک ناممکن عمل تصور کیا جاتا۔ کیونکہ ہندو مندر اور اسلامی مسجد میں کافی نمایاں فرق ہے اوّل الذکر کی عبادت گاہ مقابلتاً چھوٹی ہے اور مؤخر الذکر کا ایوان نماز وسیع اور کشادہ ہے۔ اوّل تاریک اور پردہ میں مگر دوسری روشن اور ہوائے آسمانی کے لیے کھلی ہوئی۔ ہندو نظامِ تعمیر بالکل افقی بغیر محراب و کمان سیدھے ستون اور پیل پائے پر مبنی ہے حالانکہ اسلامی نظام صحیح محراب اور گنبد

پر مبنی ہے مندر کو گول چپٹے یا گاؤدم برجوں سے موزوں کیا گیا ہے اور مسجد کو فراخ گنبدوں سے۔ ہندو عبادت گذار کے سامنے عبادت میں دیوتا کے وجود کا خارج میں اظہار اور اس کی عبادت گاہیں بے شمار دیوتاؤں سے آراستہ اور اسلام نے اس کے برخلاف سختی سے بت پرستی یا کسی قسم کے جاندار کی شبیہہ کشی سے روک رکھا ہے۔ ہندو فنِ تعمیر میں نقش و نگار میں دیوتاؤں کی شبیہات کے اظہار پر قناعت جو گوتھ فن آذری کی طرح کافی لبریز مگر اس کے برعکس اسلامی زیبائش رنگ و خط پر مائل یا ہموار مسطح پر منبت کاری اور عربی طغرائی رسمی بیل بوٹوں یا خوش سلیقہ مہندسی گرہ پر منحصر۔ تاہم ان واضح اختلافات کے باوجود جن میں اور بھی اضافہ ہو سکتے ہیں دونوں کے فن تعمیر میں کافی مشترک عنصر بھی ہے جس نے مصالح کی حیثیت تک ان کے یکجا ہونے میں مدد کی (۱)"

سلطان شمس الدین التمش کے نوے سال کے وقفے کے بعد علاء الدین خلجی نے اس مسجد قوۃ الاسلام کے جنوب مشرقی کونہ میں ایک گنبد دار دروازہ تعمیر کیا جو طرز میں واضح طور پر ہسپانی ہے غرضکہ اس طرح ہندوستان میں دیگر اسلامی ممالک کے اسلامی فن تعمیر کے اصولوں نے خود بخود اپنا گھر کر لیا۔ اور غیر مسلم معمار اسلامی اصولِ تعمیر مسلمان کاریگروں کے ماتحت سیکھنے لگے اور اس طرح محراب و گنبد دار عمارتیں اور ان کی عربی طغرائی زیبائش بلکہ معمولی حصّے تک اس طرح بنائے جانے لگے۔ چنانچہ تھوڑے عرصہ میں وہ خود اعلیٰ کاریگر ہو گئے۔

یہاں ضروری معلوم ہوتا ہے کہ اسلامی فن تعمیر کے صحیح جذبات کے تحت صحیح محراب یا کمان کی تعریف کر دی جائے جو مسلمانوں کی عام فنِ تعمیر میں بہت بڑی خدمت اور اختراع تصوّر کی جاتی ہے کیونکہ یہ بالکل ممکن ہے کہ کوئی معترض یہ اعتراض کر دے کہ یہ خصوصیات قدیم تراشی ہوئی چٹانوں کی (چٹان تراشیدہ) بناوٹ میں موجود تھیں جو صحیح ہے مگر محراب کی جو فنی حیثیت سے تعریف کی گئی ہے وہ گاؤدم کٹے ہوئے پتھر یا اینٹ کے ٹکڑوں کا ایک مہندسی اصول پر مجموعہ ہوتا ہے جن کو بغیر سیمنٹ کے ترتیب دے دیا جاتا ہے اور وہ اپنے ان ٹکڑوں کے صحیح توازن و ترتیب کی وجہ سے ہمیشہ مضبوط قائم رہتا ہے (۲) بس اس طریق پر محراب و گنبد مسلمانوں کے ساتھ ہی ان کی تعمیر کا قدیم زمانہ سے ہی بنیادی اصول ہو گئے۔ اور اگرچہ انہوں نے اپنے نئے اختیار کردہ طرزوں کے ساتھ ساتھ ہندو عمودی اور افقی نظام تعمیر کو بھی اکثر اپنے معیار پر بروقت ضرورت استعمال کیا مگر یہ محض محراب اور گنبد وغیرہ ہی نہ

(۱) سر جان مارشل۔ کیمبرج ہسٹری ج ۳۔ صفحہ ۵۷۰

(۲) Lethaby's W.R. Architecture. P. 53.

تھے جسے انہوں نے اپنے فن کی خصوصیت قرار دیا بلکہ انہوں نے فنی حیثیت سے بعض ایسی خصوصیات اختیار کیں جو ان کے مذہب کا ایک امتیازی نشان شمار ہوئیں۔ مثلاً

مینار مقرنص۔ محراب قطری کمان۔ گنبد امرودی، مثمن سطح، قالب کاری، مقوس ڈیوڑھیاں وغیرہ جو زیادہ تر محراب پر ہی مبنی ہیں۔ دیدہ زیب نقش و نگار اور اعلیٰ رنگین زیبائش ہر زمانہ میں مسلمان کے دل و دماغ کے لیے عزیز رہے ہیں اور ان میں مسلمانوں نے نہایت عجیب و غریب جدتیں پیدا کیں۔ ہندوستانی صناع کی گل کاری میں اس سے اپنی ذاتی عربی طغرائی مسلسل بیل بوٹے یا پیچیدہ ہندسی بناوٹیں اضافہ کیں یا بعض اوقات ان کے ساتھ نہایت دلربا مقدس عبارت اور تاریخی کتبات کے حروف کی تقسیم کو ملا دیا جو ایک مسلمان خطاط ہی کر سکتا ہے یہی محض کافی نہیں تھا کہ وہ اپنی عمارات کو پتھر یا خشت یا استر کاری میں منبت کاری سے ہی مزین کرتا بلکہ رنگ کو بھی اختیار کیا اور اس میں مصوّری اور طلا کاری کو دخل دیا۔ مزید برآں مختلف رنگین پتھر تعمیری وضع قطع میں استعمال کیے جن پر زیادہ دقیق پیچدار نقاشی کی اور پرچیں کاری یعنے کھود کر نقش و نگار میں اس نے رنگین پتھروں کو سفید مرمر کی سطح میں جڑ دیا۔ اس سے بھی بڑھ کر اس نے کاشی کاری میں وہ نتائج پیدا کیے جو ابتدا میں چند رنگوں میں تھی لیکن بعد میں بغیر کسی رکاوٹ کے بے شمار مختلف رنگوں میں آراستہ کر کے تمام عمارت کو ہی مینا کاری اور کاشی کاری سے بھر دیا۔ غرضیکہ مسلمان جہاں بھی آباد ہوئے ان امتیازات سے تعمیرات شروع کیں اور یہ سب وہ اپنے ہمراہ لاتے تھے۔"(۱)

تغلقوں نے ابتدائی یورپی نارمین کی طرح فن تعمیر میں دو خصوصیتیں ٹھوس پن اور ترچھی دیواریں قرار دیں۔ اس خاندان نے تقریباً ایک صدی سلطنت کی اور ان کی تعمیرات تمام ہندوستان میں کتاب سے مزین ملتی ہیں۔ اس خاندان میں فیروز تغلق کے آثار خیر ہر حیثیت سے تمام بادشاہوں پر سبقت رکھتے ہیں۔ مگر تغلقوں کے زوال کے ساتھ ہی تمام دیگر سلطنتیں خود مختار ہو گئی تھیں۔ اور انہوں نے مختلف حصص ہند میں اپنے اپنے خاص انداز میں تعمیرات کیں چنانچہ جونپور میں شرقی خاندان نے ہندو اور مسلم فن کا ایک عجیب و غریب مرکب پیدا کیا۔ بنگال میں مسلم طرز تعمیر مقامات پیڈوا اور گور میں خاص انداز میں نمودار ہوا۔ مانڈو مالوہ میں خلجی خاندان کی تعمیرات ایک خاص اسلامی طرز پہاڑ کی چوٹی پر ان کی شان بلند کرتی ہیں۔ گجرات کا ٹھیاواڑ جو دراصل جین مت و ہندویت کا مرکز رہا ہے مسلمانوں نے یہاں ایک خاص طرز انہیں کے دیولوں سے مصالح لے کر پیدا کیا جو خاص امتیاز رکھتا ہے۔ دکن میں بہمنی۔ برید شاہی۔ نظام شاہی۔ قطب شاہی اور عادل شاہی الگ الگ حیثیت

(1) Sir John Marshal, Movements of Muslim India (Cambridge History of India) vol. III, P. 571.

رکھتے ہیں۔ مگر بیجاپور میں جو طرز عادلشاہیوں نے قائم کی وہ کسی قدر توجہ کی محتاج ہے کیونکہ بادی النظر میں وہ کسی قدر مغلوں کے عمارات کے مشابہ اور ہم عصر ہے۔ خاص کر جب ہم ان کے بلب نما گنبدوں پر ایک نظر ڈالتے ہیں جو اصولاً مغلوں سے بالکل مختلف ہیں۔ ان کے دو معمار ملک صندل اور ملک یاقوت تھے جو ہندوستانی الاصل معلوم نہیں ہوتے کیونکہ ان تعمیرات سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ ترکی خصوصیات اور روایات فن سے زیادہ متاثر تھے۔ انہوں نے سلطان ابراہیم کی مسجد اور روضہ تعمیر کیا جہاں ان کے اسماء کتبات میں ملتے ہیں۔ دنیا بھر میں وسیع گنبد سلطان محمد عادل شاہ کا مقبرہ ہے جسے عوام گول گنبد کہتے ہیں اور ۱۶۶۵ء ش۳۱ میں تعمیر ہوا۔ سلطان ابراہیم نے روضہ کی تعمیر کو اپنے لیے شروع کیا مگر اس کی بیوی کا انتقال اس سے پیشتر ہوا جو اس میں دفن ہوئی۔ علیٰ ہذا القیاس اس کے بعد خود اس میں ۱۶۳۳ء میں دفن ہوا۔ اس کے گنبد کے کلس کا دائرہ ہلال دار زیادہ تر ترکی روضوں میں دیکھا جاتا ہے اس لیے قیاس پیدا ہوتا ہے کہ ملک صندل اور ملک یاقوت ترکی الاصل تھے۔ اگرچہ تاج کے کلس میں بھی ہلال نصف دائرہ میں ہے جسے اپنی جگہ بیان کیا گیا ہے مگر ہندوستان میں ترکوں نے مثمن سطح پر روضے تعمیر کیے۔ سب سے اوّل روضہ رکن عالم ملتان میں ہے اور ان پر عام طور پر نصف کروی گنبد ہیں۔ مگر ان میں بہترین نمونہ شیر شاہ سوری کا مقبرہ سہسرام میں ش۳۲ ہے۔ شیر شاہ نے آثار خیر کی طرف خاص توجہ دی جیسا کہ اس کے تذکرہ سے عیاں ہے۔ قلعہ کہنہ دہلی میں اس کی مسجد و شیر منڈل وغیرہ اس کے عہد کی بہترین یادگاریں ہیں۔ یہ پٹھانی دور کی عمارات ہیں۔

غرضیکہ مختلف شہروں میں مسلمانوں نے مختلف عہد میں عمارات تعمیر کیں جو آج یا تو ان خاندانوں کے نام سے یا ان شہروں کے نام سے یاد کی جاتی ہیں اور بادی النظر میں ان میں کافی تفاوت نظر آتا ہے۔ مگر اصولی حیثیت سے یہ سب اسلامی عمارات محراب و قبہ وغیرہ کی حد تک ایک ہی اصول کے ماتحت ہیں (!)

---

۳۰ و ۷ و ۶۴

مغلوں کا فنِ تعمیر

بابر اول مغل بادشاہ جمالیاتی اعتبار سے قدرت کا ولدادہ اور ایرانی و تورانی ثقافت سے سخت شرابور تھا۔ اس کا شغف شعر و شاعری اور موسیقی اس کے توزک سے عیاں ہے۔ ترکی ماخذ سے ہمیں اطلاع ملتی ہے کہ اس نے دو بڑے ترکی معمار علیلے اور یوسف تلامذہ معمار اعظم سنان بیگ ترکی کی خدمات طلب کی تھیں۔ اور انہوں نے اس کی تجویز پر دہلی، آگرہ، لاہور، کشمیر اور کابل میں عمارات تعمیر کیں۔ اور علاوہ ازیں ہمارے پاس بعض کتبات سے بھی پتہ چلتا ہے کہ اس نے سمبھل، پانی پت، اجودھیا وغیرہ میں بعض تعمیرات کیں مگر اس کی خاص طرز تعمیر کی تصوریت جو اس نے اختیار کی وہ اس کی توزک سے ہی میسر ہے کیونکہ یہ بہت مشکل ہے کہ ہم خود اس بارے میں رائے ظاہر کر سکیں جب کہ اس کے عہد کی کوئی خاص عمارت اچھی حالت میں موجود نہیں ہے۔ وہ نہایت آزادانہ طور پر ہندو طرز تعمیر پر تنقید کرتا ہے اور اپنے خاص انداز میں بعض تعمیرات کے لیے تو اپنے مذاق کے مطابق ماہرین کے نام فرمان جاری کرتا ہے۔ چنانچہ وہ کہتا ہے:

"..... ہندوستان میں یہ ایک اور خوبی کی بات ہے کہ یہاں بے شمار اور کافی کاریگر ہر قسم کے ملتے ہیں اور ہر کام کے لیے خاص ذات کے لوگ ہیں جو اس پیشہ کو آباؤ اجداد سے آج تک کر رہے ہیں۔ شرف الدین علی یزدی نے اپنے ظفر نامہ میں تیمور بیگ کی پتھر کی مسجد کے متعلق تحریر کیا ہے اور اس حقیقت پر زور دیا ہے کہ اس پر دو سو سنگ تراش آذربائیجان، فارس، ہندوستان اور دیگر ممالک سے روزانہ کام کرتے تھے مگر چھ سو اسّی کاریگر روزانہ میری عمارات آگرہ پر اور وہ بھی محض آگرہ کے سنگ تراش ہی کام کرتے ہیں جب کہ چودہ سو اکانوے سنگ تراش روزانہ آگرہ۔ سیکری۔ بیانہ۔ دھولپور۔ گوالیار۔ کویل کی عمارات پر کام کرتے ہیں۔ اسی طرح بیشمار صنعت کار اور کاریگر ہر قسم کے ہندوستان میں میسر آتے ہیں۔ دھولپور پہاڑ کے آخیر واقع ہے

اس کا عقب نما دار سنگِ سرخ کا ہے۔ میں نے فرمان دیا کہ چٹان کے عقب کو زمین کے برابر کر دیا جائے اور اگر کافی اونچائی رہ جائے تو اس میں ایک مکان بنایا جائے ورنہ اس کو ہموار کر کے ایک حوض اس کی چوٹی میں تراش لیا جائے کیونکہ یہ مکان کے لیے کافی بلند معلوم نہیں ہوتا۔ استاد شاہ محمد سنگ تراش کو اسے ہموار کرنے کے لیے اور ایک مثمن حوض اس میں کاٹنے کے لیے فرمان دیا گیا۔ میں نے نہایت غور سے راجہ مان سنگھ اور بکرماجیت کی عمارات کو دیکھا یہ واقعی عجیب و غریب عمارات تراشیدہ پتھر کی ہیں مگر بھاری، غیر متناسب پتھر کے ٹکڑوں کی بنی ہوئی ہیں۔ ان تمام میں مان سنگھ کی عمارات بہترین اور بہت بلند ہیں۔ اس عمارت کے ایک طرف عمدہ پانچ برجی میں اور ان میں سے ہر دو کے درمیان ایک چھوٹا سا نشیمن ہندوستانی طرز کے مطابق مربع سطح پر ہے۔ رحیم داد نے اس کے باغ میں بہت سے پھول لگائے ہیں۔ ان میں لالہ رخ ہیں۔ ان مقامات میں لالہ رخ کافی ہے مگر گوالیار کا زیادہ سرخ ہے۔ میں ان میں سے کچھ آگرہ لے گیا اور ان کو وہاں لگایا۔ باغ کے جنوب کی طرف ایک وسیع تال ہے جہاں بارش کا پانی جمع رہتا ہے اس کے مغرب کی طرف ایک بلند بت خانہ ہے جس کی دیوار کے ساتھ ساتھ سلطان التمش نے ایک جامع مسجد تعمیر کی ہے۔ یہ بہت بڑی عمارت قلعہ بھر میں بلند ترین ہے۔ یہ قلعہ کے ساتھ دھولپور کے پہاڑ سے نظر آتی ہے۔ لوگ بیان کرتے ہیں کہ اس کے لیے پتھر متذکرہ بالا تال سے کاٹ کر لایا گیا تھا۔ رحیم داد نے ایک لکڑی کا مکان اپنے باغ میں تعمیر کیا اور دروازوں کی ڈیوڑھیاں جو ہندوستانی طرز پر ہیں کسی قدر نیچی اور بے ڈول ہیں۔ اگرچہ اُرُوہ قلعہ سے خارج ہے مگر پہاڑ کی چوٹی کے ساتھ ساتھ ہے۔ اس کے دو درجے بلند دیوار اور اس کے چہرہ کے ہیں۔ دروازہ کے اوپر وادی سے چل کر اس دیوار شدہ کنوئیں تک سلطان شمس الدین التمش کا نام مع تاریخ ۶۳۰ھ کتبہ میں کندہ ہے۔ اُرُوہ کے اضلاع ٹھوس چٹان بیانہ کے سرخ پتھر کے نہیں بلکہ زیادہ تر زرد پتھر کے ان اطراف میں لوگوں نے چھوٹے اور بڑے بت تراش کر رکھے ہیں۔ جنوب کی جانب ایک طویل پتھر غالباً بیس گز بلند ہے۔ یہ تمام بت بغیر کسی قسم کے پردے کے بالکل ننگے ہیں۔

(سہ شنبہ کے روز (۹۳۵ھ) چٹھیاں لکھنے کے بعد جو کابل جانے والوں کے ہمراہ ارسال کرنی تھیں) آگرہ اور دھولپور کی عمارات جو اس وقت ملا قاسم کے زیر اہتمام زیر تعمیر تھیں وہ استاد

شاہ محمد سنگ تراش، میرک میر غیاث، میر سنگ تراش اور شاہ بابا کے سپرد کی گئی تھیں"، غرضیکہ تعمیراتِ ہند کے متعلق بابر کی یہ رائے تھی۔

بابر کا ۹۳۷ھ میں انتقال ہوا اور اس کی نعش کو اس کی وصیت کے مطابق کابل پہنچا دیا گیا جہاں اس کو دفن کیا گیا۔ ہمایوں کے عہد میں فن تعمیر کی طرف کوئی خاص توجہ نہیں ہوئی کیونکہ وہ متواتر سوریوں کے خلاف برسرِ جنگ رہا تاہم چند شاندار آثار حصار۔ آگرہ وغیرہ میں مع کتبات عہد ہذا موجود ہیں۔ اس کا لڑکا اکبر اس کے بعد فوراً ۱۵۵۶ء میں تیرہ سال کی عمر میں تخت نشین ہوا۔ ۱۵۶۹ء میں اس نے خاندیش کو فتح کیا اور واپسی پر آگرہ کے قریب سیکری میں فتح پور سیکری کے نام سے شہر آباد کیا جہاں اس نے محلات اور جامع مسجد تعمیر کیے اور ان سب تعمیرات سے مجموعی حیثیت سے اس زمانہ میں نئی آبادی کا قائم کرنا اور نئی تعمیر کی تقسیم کا صحیح پتہ چلتا ہے۔ اکبر چونکہ تمام مذاہب اور ملت سے نہایت گہرے تعلق رکھتا تھا اس لیے اس نے ایک نیا مذہب دین الٰہی کے نام سے ایجاد کیا اور اسی وجہ سے اس نے ایک خاص انداز اپنے عہد کی تعمیر میں بھی قائم کیا جو اس سے پیشتر نہ تھا اور اُس زمانہ تک ہی قائم رہا۔ مگر یہ اکبری طرز خاص کر اسلامی امتیازاتِ فن سے مرکب ضرور تھا۔ اکبر کی تمام عمارات میں قدیم سلجوقی دیوار گیری اور ہندی و سیدھی اور ہموار بناوٹ نے نمایاں طور پر از سرِ نو حصہ لیا۔ افسوس اس امر کا ہے کہ اس کے عہد کی تاریخی کتب میں ان عمارات کی کوئی خاص تفصیل نہیں ملتی مگر یہ باور کر لینا چاہیے کہ فتح پور سیکری کی عمارات اس عہد کا بہترین مظہر ہیں اور ان کا عرصۂ حیات اکبر کے عہد تک ہی رہا کیونکہ اس کے بعد فوراً یہ عمارات نہ تو اس طرح استعمال میں رہیں بلکہ اکبر کے بعد فوراً یہ طرز جہانگیر و شاہجہان کے عہد میں خالص ایرانی طرز میں تبدیل ہو گئی۔ تاریخی حیثیت سے ہمیں علم ہے کہ جہانگیر کے عہد میں شاہجہان ہی میر عمارت تھا جس نے اسے خالصاً ایرانی کر دیا۔ قلعہ آگرہ میں جہانگیری محل غلطی سے عہد جہانگیر کی عمارت شمار ہوتی ہے وہ خالصاً اکبر کے ابتدائی عہد کی بہترین عمارت ہے۔ یہ اغلب ہے کہ اس کی تعمیر کے بعد جہانگیر کے لیے جب کہ وہ ابھی شہزادہ ہی تھا اس کی رہائش کے لیے مخصوص کر دیا تھا۔ مجھے توقع ہے کہ ماہرین اتفاق کریں گے کہ فتح پور سیکری کی مسجد کا بلند دروازہ اور ہمایوں کا مقبرہ دہلی خالص ایرانی اسلامی نمونہ ہیں۔ اور مؤخر الذکر کے متعلق یہ کہا جاتا ہے کہ ہمایوں کا مقبرہ تاج کا نمونہ ہے مگر بہ نظر یہ کسی قدر بعید از اصلیت ہے۔ کیونکہ پروفیسر کریسویل کا نظریہ ہے کہ اگر تاج محل کسی قبل عمارت سے متحرک کھاتا ہے تو وہ عبدالرحیم خانِ خاناں کا مقبرہ دہلی ہے جو مقبرہ ہمایوں کے قریب ہی دہلی میں ہے جسے دراصل خانخاناں نے اپنی زوجہ کے لیے تعمیر کیا تھا۔ اکبر ۱۰۱۴ھ میں فوت ہوا۔

اکبر کے بعد جہانگیر کے لیے ضروری تھا کہ وہ اپنے والد اکبر کا روضہ اس کے شایانِ شان، شاندار تعمیر کرے جسے اس نے سکندرہ ہی میں تعمیر کیا جس کی تفصیل توزک جہانگیری میں یوں درج ہے:

"۱۷ رجب ۱۰۱۷ھ کو میں روضہ منورہ حضرت عرش آشیانی کی زیارت کے قصد سے پیادہ گیا۔ اگر ہو سکتا تو میں پلکوں سے اور سر کے بل زیارت کو جاتا۔ میرے باپ نے میری ولادت کے لیے فتح پور سے اجمیر تک جو ایک سو بیس کوس ہے حضرت خواجہ معین الدین چشتی کے مزار کی زیارت کے لیے پیادہ سفر کیا اگر میں بسر و چشم اس راہ کو طے کروں تو کیا بڑی بات ہے۔ میں اس کی زیارت سے مشرف ہوا۔ مقبرہ کی عمارت جو تیار ہوئی وہ میری خاطر خواہ نہ تھی۔ مجھے اس عمارت کا ایسا بنوانا منظور نہ تھا کہ سیاحانِ عالم اس کے برابر دنیا میں کسی عمارت کا نشان نہ دے سکیں۔ میری غیر حاضری میں بد سلیقہ معماروں نے اس کو اپنے طور پر بنا دیا۔ آخر الامر بعض تصرفات اس میں کیے گئے اور سارا روپیہ خرچ ہو گیا۔ تین چار سال اس تعمیر میں صرف ہوئے۔ میں نے حکم دیا کہ دوبارہ ماہر معمار صاحب وقوف اتفاق کر کے بعض جگہوں کو اس نوع پر کہ قرار پائی تھی گرا دیں۔ رفتہ رفتہ ایک عالی شان عمارت رو پذیر ہوئی اور مقبرہ کے گرد ایک باغ نہایت پر فضا لگایا گیا۔ مقبرہ منورہ کا دروازہ نہایت رفعت و عظمت والا جس پر منارہائے سفید مصقل سنگِ مرمر کے بنائے گئے ہیں اس عمارت پر جملہ روپیہ پندرہ لک خرچ ہوا۔"

اس مقبرہ کا مشاہدہ ہمیں یہ کہنے پر مجبور کرتا ہے کہ جہانگیر نے اس میں وہی طرز اور خصوصیات فن اختیار کیں جو اکبر نے خود فتح پور سیکری میں اختیار کی تھیں۔ اگرچہ اس مقبرہ کے دروازہ اور مقبرہ کے چہرہ کے نقش و نگار میں کاشی کاری و پرچین کاری اور اندرون گچ کاری و استر کاری وغیرہ کے بہترین ایرانی نمونہ ہیں۔ اس ضمن میں جہانگیر قابلِ مبارک باد ہے کہ اس نے اس قسم کا شاہکار تعمیر کیا۔ خاص کر جب کہ اس نے اپنے خسر اعتماد الدولہ کا مقبرہ جو خالص ایرانی الاصل تھا تعمیر کیا تو اس میں بدرجۂ اتم تمام ایرانی خصوصیاتِ تعمیر قائم کیں۔

غرضکہ آگرہ میں دو شاہ کار فن تعمیر کیے یعنے مقبرہ اکبر اور مقبرہ اعتماد الدولہ تاج کی تعمیر سے قبل موجود

تھے جو اگرچہ ایک دوسرے سے جذباتی حیثیت سے مختلف تھے ان کی موجودگی نے شاہجہان کو مجبور کر دیا تھا کہ وہ تاج کی تعمیر سے حتی الامکان ان کو مات کر دے جن میں وہ بہت کامیاب ہی نہیں ہوا بلکہ اپنے سابقین سے سبقت لیکر تاج دنیا بھر میں متفق علیہ عجائبات روزگار شمار ہوا۔ اس سے یہ مراد ہرگز نہیں کہ ان کی فنی حیثیت کچھ نہیں بلکہ وہ اپنی جگہ اسی طرح شاہکار ہیں اور یہ اپنی جگہ اور ہر ایک کی حیثیت جدا جدا ہے۔

حوالہ جات :-

۲۷ ص ۴۵ و ۸۷ ص ۵۰۹ و ۳۸ ص ۱۰۶ و ۶۵ ص ۷۰ ؛ ۵۱ ص ۱-۵۰ و ۲۶ ص ۵۲۰ و ص ۶۰۶ و ص ۶۱۱ و ۲۴ ص ۱۷-۲۰ و ۹۳ و ۲۹ ص ۱۵۲ و ۶۴ ج ۲ ص ۲۸۸ .

تعمیری تعلّقات مابینِ ہندوستان اور ایران وتوران

مسلمانوں کا ہندوستان میں داخلہ خواہ بذریعہ خشکی یا تری اسلام کی پہلی صدی میں ہی ہو چکا تھا اور اسلامی
ثقافت کے انعقاد کا آغاز اوّل سندھ سے ہوا۔ اس زمانہ میں بقول الخزری منصورہ، ملتان اور گرد ونواح
کے مقامات کی زبان عربی اور سندھی تھی۔ جونہی وقت گزرتا گیا تری کا راستہ ترک ہوتا گیا اور خشکی کا راستہ
اہمیت پکڑتا گیا یعنی وسط ایشیا، افغانستان اور شمالی ہند کا ایک ہی راستہ تھا جس نے آخر کار سب حملہ آوروں
اور فاتحین کی رہنمائی کی۔ غزنوی خاندان نے ۳۵۱ھ سے ۵۸۲ھ تک شمالی ہند پر حکومت کی جس سے
واضح ہے کہ مسلمان فاتحین کے ثقافتی اثرات عام طور پر اہل ہند میں محسوس کیے جانے لگے۔ بہت سی
چھوٹی چھوٹی ریاستیں جو ہندوستان کے مختلف حصوں میں قائم تھیں رفتہ رفتہ ان کے ماتحت ہوتی گئیں۔
غرضکہ اسی طرح چند صدیوں میں تمام سطح ہند پر مسلمان آباد ہو گئے جن کا مقصد زیادہ تر یہاں اپنے فن کے
نظریات اور طریق کو رائج کرنا تھا جن کو وہ ایران وتوران سے ہمراہ لائے تھے۔ مزید برآں ہند میں ان کے
لیے مختلف انواع اور خوبی کا مصالح حاصل کرنا آسان تھا جو غالباً توران میں میسر آنا ممکن نہیں تھا؟

بقول فرگسن ہمارے پیش نظر ہندوستانی اسلامی فن تعمیر کی قریب پندرہ مختلف طرزیں ہیں جن کے
ناموں کی تقسیم اس نے یا تو مقام کے نام پر کی ہے یا اس خاندان کے نام پر جس نے وہاں سلطنت کی۔ ان کی
تمام ظاہرہ شکل شباہت میں معمولی فرق یا تو اس مصالح کی وجہ سے ہے جو اس مقام پر میسر آیا، یا قدیم عمارات
کو از سر نو اپنے مطلب کا بنانے کی وجہ سے ورنہ ان کے فنِ تعمیر کے عام اصولوں میں کوئی فرق نہیں
ہے۔ ان تمام طرزوں یا مختلف دبستانِ فن تعمیر ہند کا کامل ارتقاء وعروج شاہجہان کے تحت گنبد
تاج محل یعنی اس کی چہیتی بیوی ممتاز محل بیگم کے روضہ میں ہوا۔ جس سے واقعی مترشح ہوتا ہے کہ طریق ونظریہ
فن ان سب کا ایک ہی ہے۔

فن تعمیر کے نقطۂ نگاہ سے یہ یاد رکھنا اہم ہے کہ ۵۸۸ھ کے بعد دہلی قطب الدین ایبک کے ماتحت اسلامی سلطنت کا مستقل گھر یا مرکز ہو گیا تھا۔ ایبک نے اپنی اس فتح کی یادگار قائم کرنے کے لیے وہاں ایک جامع مسجد کی قبتہ الاسلام کے نام سے بنیاد رکھی۔ یہ جامع مسجد حسن اتفاق سے آج بھی کسی قدر موجود ہے جس کی تمام روئے عالم کی مساجد سے بلند ترین اور وسیع سرخ پتھر کی محرابیں کھڑی ہیں جن پر آیات قرآنی خط کوفی اور نسخ کے کتبات متعلقہ مساجد اور منبت کاری مع ہندسی بیل بوٹے موجود ہیں۔ یہی اسلامی فن تعمیر کی اہم اور بڑی خصوصیات ہیں۔ یہ فوراً ناظر کے سامنے تعمیر میں اسلامی نظریۂ زمان و مکان پیش کرتی ہیں بالخصوص جب اس عالیشان عمارت کا ہندو مندر کے موجودہ پست ستون دار ایوانِ مسجد سے مقابلہ کیا جاتا ہے جو ان فلک نما محرابوں کے پاؤں میں موجود ہے۔ ان دونوں میں تعمیری اعتبار سے زمین و آسمان کا فرق معلوم ہوتا ہے جیسا کہ پچھلے باب میں مفصل بحث کی جا چکی ہے۔ یہاں تاریخ ثقافت کے طالب علم کے لیے بہترین موقع ہے کہ بہت سے اہم مسائل متعلقہ ہندو اسلامی ثقافت اور ان کا فرق ایک ہی جگہ مطالعہ کر سکے۔ ماہرین کو اس قوۃ الاسلام مسجد کو فن تعمیر اسلامی کی ہند میں بنا تصور کرنا چاہیے۔ اس کا بلند منارہ جسے عام قطب منار کہتے ہیں دراصل مئذنہ ہے یا وہ بلند مقام جس پر مؤذن چڑھ کر اذان دے جیسا کہ امیر خسرو نے اسے واضح طور پر قران السعدین میں بیان کر دیا ہے۔ اور اسے فتح مینار بھی کہا جاتا ہے جو صحیح ہے جب کہ یہ مسجد فتح دہلی کی یاد میں تعمیر ہوئی۔ اس مینار کے نمونے غزنیں میں سلطان محمود غزنوی کی تعمیر بطور یادگار فتح شمالی ہند موجود ہیں۔ بہت سے سلاطین اور بڑی ہستیوں کے نام جنہوں نے اسے تعمیر کیا یا اس کی تعمیر میں حصہ لیا یا اس کی تعمیر کی نگرانی کی آیات قرآنی کے ہمراہ کندہ ہیں یعنی سلطان شمس الدین التمش نے اسے مکمل کیا۔ سلطان فیروز شاہ تغلق نے اس کی مرمت کی وغیرہ اس پر ملتے ہیں۔ تمام عالم اسلام میں محض مسجد سلطان حسن مصر کا منارہ اس سے زیادہ بلند بتایا جاتا ہے۔ قطب مینار کے ارد گرد کئی میل کے رقبہ میں بے شمار عہد اسلامی کے قدیم کھنڈرات بکھرے پڑے ہیں۔ اگر ہم احتیاط سے ان کا فنی حیثیت سے مشاہدہ کریں تو ہم اس نتیجہ پر پہنچتے ہیں کہ تمام سلطنتیں یہاں دہلی میں اس چھوٹے سے دائرہ میں یکے بعد دیگرے آباد ہوئیں۔ اور بآسانی اسلامی تاریخ فن تعمیر اور ثقافت ایک مکمل مصور کتاب کی صورت میں اتنے ہی ابواب کے ساتھ جتنے کہ خاندانوں نے یہاں سلطنت کی مطالعہ

ں جا سکتی ہے۔ اس لیے ان حالات کے تحت میرا ذاتی نظریہ ہے کہ مسلمانوں نے ہندوستان میں
تدا سے ہی ایران و توران کا طرز تعمیر رائج کیا۔ اور وہی ان کے سامنے نمونہ بھی تھا۔

اس سے بڑھ کر یہ بات ہے کہ ہمارے پاس ان ایرانی اور تورانی معماروں کے اسمار عمارات
کتبات کی صورت میں یا معاصر کتب میں محفوظ ہیں جنھوں نے تمام ہندوستان میں ایرانی و تورانی
رزوں کو رائج کیا۔ مثلاً بہار مشرقی ہندوستان میں جسے محمد بن بختیار خلجی نے ۵۹۶ھ میں فتح کیا ہم کسی تاتار خاں
تعمیر کردہ مقبرہ سلطان شاہ مورخہ ۶۶۵ھ دیکھتے ہیں جس کا معمار نامی مجد الکابلی تھا جو ایک کتبہ میں محفوظ
ہے۔ جونپور میں گومتی دریا پر ایک عظیم الشان پل ۹۰۶ھ میں معمار افضل علی کابلی نے تعمیر کیا۔ احمد آباد
نی مغربی ہند میں جہاں سلطنت اسلامی ۸۱۰ھ میں قائم ہوئی سلطان محمود بیگڑہ نے ایک باغ کی تعمیر
۸۵۶ھ میں ایک معمار خراسانی کے سپرد کیا کیونکہ گجرات کے باشندے اس کی تعمیر کے علم سے
واقف تھے۔ اسی طرح دکن یعنی جنوبی ہند میں گلبرگہ کی جامع مسجد جو بہمنی سلاطین کا اول پایہ تخت تھا جو
۷۶۸ھ میں تعمیر ہوئی اس کا معمار رفیع بن شمس بن منصور قزوینی تھا۔ بیدر میں احمد شاہ ولی بہمنی کا مقبرہ
اس کی حیات میں ۸۲۵ھ میں تعمیر ہوا اس کا معمار شکر اللہ قزوینی تھا۔ ان معماروں کے اسمار کتبات
ں ابھی تک محفوظ ہیں۔ مزید برآں اس گنبد بہمنی میں وہی نقش و نگار گلکاری میں ہیں جو ہم روضۂ امیر
ور سمرقند میں پاتے ہیں جس کا معمار محمد بن محمود البناء الاصفہانی تھا۔ یہ ۸۰۷ھ میں تعمیر ہوا۔ ان تعمیری ش ۱۳
فیات کو بغور ملاحظہ کرنے کے بعد ہم اس نتیجہ پر پہنچتے ہیں کہ یہ دونوں روضے بہت حد تک مماثلت
کھتے ہیں۔

مآثر رحیمی میں بیان کیا گیا ہے کہ آگرہ سلاطین گورگاں کا پایۂ تخت رہا ہے جنھوں نے عالیشان،
وبصورت اور نازک عمارات تعمیر کیں۔ معمارانِ روزگار میں سے ان کا بہترین معمار استاد ہروی تھا جس
ی حسن کارکردگی کی تعریف میں مولانا وحشی یزدی نے طویل قصیدہ کہا ہے۔ استاد ہروی ایران سے بھاگ
ہندوستان آیا اور یہاں مقیم ہو گیا تھا۔ اس نے بے شمار عمارات تعمیر کیں۔ مآثر رحیمی میں عبد الرحیم
ان خاناں کی بیوی کے مقبرہ دہلی کا بیان دیا ہے جس میں وہ خود بعد میں دفن ہوا۔ اس روضہ کو پروفیسر
لیسویل نے تاج کا نمونہ قرار دیا ہے۔ اغلب ہے یہ روضہ اسی استاد ہروی کا تعمیر کردہ ہے جبکہ اس
تاد کی اس قدر تعریف مآثر میں بحیثیت معمار روزگار کی گئی ہے۔

مگر خان خاناں کی بیوی کے روضہ سے پیشتر ہمایوں کا مقبرہ دہلی میں موجود تھا جس کے متعلق ماہرین کہتے ہیں کہ یہ تاج کا نمونہ ہے۔ نظام الدین اولیا کے احاطہ میں ایک مقبرہ شمس الدین محمد خاں غزنوی عرف اتکہ خاں ۹۷۴ھ کا تعمیر ہے جو قریب قریب تعمیر روضۂ ہمایوں کے معاصر ہے اگرچہ یہ روضہ ہمایوں سے کافی چھوٹا ہے مگر دونوں کا کام اور نقش و نگار کے اعتبار سے ایک ہی ہیں خاص کر ان کا گنبد بالکل ایک ہیں۔ اتکہ خاں کے روضہ کا معمار استاد خدا قلی تھا جو اس کے مشرقی دروازہ پر سنگ مرمر میں کندہ ہے:

"تمت ہذہ العمارۃ الشریفۃ فی سنہ اربع وسبعین وتسعمایۃ باہتمام استاد خدا قلی۔"

اسی طرح تاج محل کے متعلق ہے جس کا معمار بقول لطف اللہ مہندس اس کا باپ احمد معمار تھا، جو آگرہ میں مقبرۂ امیر تیمور کے دو سو پچیس سال بعد تعمیر ہوا جسے مفصل احمد معمار کے تذکرہ کے تحت بیان کیا گیا ہے مگر معاصر یا کسی اور کتاب میں احمد کا نام محض معمار لال قلعہ ملتا ہے۔ احمد کے آباؤ اجداد وسط ایشیا سے آکر یہاں آباد ہو گئے تھے اور اس کے خاندان کے افراد اکثر اپنے آپ کو مرزا لکھتے تھے۔ ایرانی و تورانی معماروں کے اسماء کے شواہد کے علاوہ جو یہاں اسلامی فن تعمیر کو فروغ دینے کے ذمہ دار ہیں اگر ہم تاج محل آگرہ اور مقبرہ امیر تیمور کا بغور معائنہ کریں تو دو بہت بڑی فنی خصوصیات یعنی زیر زمین اصل قبر کا سردابہ اور بلب نما دوہرا گنبد ان میں یکساں نظر آئیں گی جو مغل عمارات ہند کی بڑی خصوصیات ہیں۔ ہمیں یہاں نہایت وثوق سے بیان کرنا چاہیے کہ بلب نما گنبد ہندوستان کی پیداوار نہیں ہے بلکہ خالص اسلامی خصوصیت فن ہے۔ کیا دوہرا گنبد کہیں ہے یا کہیں تھا؟ ہاں! محض ایک جگہ اور وہ بیت المقدس قبۃ الصخرا کی عمارت ہے جو اموی خلیفہ ولید کی ۸۳ھ یا ۷۰۵ء کی تعمیر ہے۔ ابن جبیر (۵۸۰ھ)، ہسپانوی سیاح نے اپنے مشاہدہ اندرون گنبدِ مسجد تعمیر خلیفہ اموی کو بیان کیا ہے جو مقبرہ امیر تیمور اور تاج کے بالکل مماثل ہے۔ باستثنا رموز الذکر دونوں خشت اور مرمر کی تعمیریں ہیں۔ یہ بھی خالی از دلچسپی نہیں ہے کہ تعمیری نقطۂ نگاہ سے بلب نما دوہرا گنبد کے اختیار کرنے سے متعلق یہاں بیان کر دیا جائے کہ بالخصوص مسلمانوں نے اسے تیمور مرحوم کے اپنے عمامہ سے مشابہ کر دیا جس کے اندر ایک کلاہ یا ٹوپی ہوتی ہے۔ ان سلاطین تیموریہ و صفویہ کی شبیہات مصور کتب میں ایسے بلب نما عماموں سے عام دیکھنے میں آتی ہیں جن کو ہم آسانی سے ان بلب نما گنبدوں کے مشابہ کہہ سکتے ہیں۔ تیمور دمشق میں ۱۴۰۱ء کے ابتدا میں تھا جیسا کہ عرب شاہ نے اپنی کتاب عجائب المقدور فی میں بیان کیا ہے کہ تیمور بیشمار قیدی سمرقند ہمراہ

یا جن میں معمار، صناع، نجار وغیرہ تھے جنھوں نے بلاشک وشبہ مسجد بی بی خانم یا بالفاظ دیگر گورامیر تعمیر
ں۔ اگر مسٹر ہیول کا نظریہ بلب نما دوہرا گنبد ہندی الاصل تسلیم کر لیا جائے تو اس کا بار ثبوت اس کے ذمہ باقی
ہتا ہے کہ کیوں قدیم زمانہ میں ہندوستان میں ایسے گنبد تعمیر نہیں ہوئے اور یہ توران میں عام کیوں کئی
دیاں پیشتر نظر آتے ہیں۔ پھر وہ قدیم گنبد ہندوستانی فرض شدہ جدت کنول کا پھول الٹی حالت میں
بول نہیں رکھتے۔ نیز مسٹر ہیول باہر نکلی ہوئی و جکڑی ہوئی پتھر اور اینٹوں کی کڑیوں کا ذکر کرتا ہے۔
لب نما گنبد میں استعمال کی گئی ہیں اور اس نظام اور چکرہ یا دور تسلسل کے مسئلہ کی علامت کا تعلق
ہر کرتا ہے اس کا علم تاریخ تعمیرات یہاں غلطی پر ہے۔ کسی لکڑی کے گنبد میں آج یہ خصوصیت
صر و شام میں موجود نہیں ہے۔ یہ محض ایک وجہ سے کہ گنبد کا دور ہی اس کی تمام طاقت کو یکجا
کھنے کے لیے کافی ہے۔ اگر مسٹر ہیول نے یہ فرض کر لیا ہو کہ کسی زمانہ میں ہندوستان میں بانس
کے گنبد موجود تھے تو بلاشک وشبہ ان کے خلا بھی صاف تھے کیونکہ ان میں کسی قسم کی جکڑی ہوئی کڑیوں
ی ضرورت نہ تھی۔ یہ محض اس وقت ضروری معلوم ہوتی ہیں جب ایک بلب نما گنبد خشت یا پتھر کا
یر کیا جاتا ہے۔ یہ اول اول سمرقند میں ہوا مگر اسے خاص کر غور سے ملاحظہ کرنا چاہیے کہ یہ ایک سطح میں
یتے یا چکر کے ڈنڈوں یا گزوں کی طرح نہیں لگائے جاتے بلکہ اس کے برعکس ہر طرف یہ گولہ کو سنبھالنے
کے لیے باہر نکلے ہوتے ہیں۔ غرضیکہ ہیول کا چکر اس لحاظ سے قائم نہیں رہتا۔ اور تاج واقعی امیر گور
سے اخذ کیا گیا ہے اور ہندوستان میں اس سے پیشتر ان اصولوں سے ایسی کوئی خشتی عمارت نہیں ہے
رنگ آباد دکن میں مقبرہ دلرس بانو رابعہ دورانی زوجہ اورنگ زیب بھی ان ہی روایات پر ہے اگرچہ
ہ فی ادنےٰ درجہ کا ہے۔ اس کا معمار عطاء اللہ ابن احمد معمار ہے۔ (۱)

ہیول لکھتا ہے: "تاج ہندوستان کا ہے اسلام کا نہیں۔" تاج محل ہندوستان میں ہے
یہاں مسلمانوں نے کئی صدیاں سلطنت کی ہے اور یہ اس عہد میں تھا جب کہ یہ خود مسلمانوں نے
ی اسے اسلامی روایات فن تعمیر پر کیا۔ ہندو روایات مذہب کو مدنظر رکھ کر صرف یہ کہنے پر اکتفا کیا جائے گا
ہ یہ روضہ تاج اصولاً عالم وجود ہی میں نہیں آسکتا تھا کیونکہ ہندو تو اپنے مردے جلا دیتے ہیں جیسا
ہ کتاب ہذا کے مقدمہ میں لارڈ رونالڈشے کے الفاظ نقل کیے گئے ہیں اور ہیول اپنا پنچ رتن کا نظریہ کا الگ
راگ الاپتا ہے۔ یعنی شو کے پانچ لنگم کا ایک مندر خاص کر تاج کے گنبد سے متعلق ہیول کہتا ہے:

اخبار تیمور

"اس کا ایک اصولی نمونہ جاوا میں پرامبنم کے منادر چاندی سیوا کے ایک مندر میں پایا جاتا ہے جس میں طریقہ گنبد نمایاں طور پر تاج کے مشابہ ہے۔ میں خیال کرتا ہوں کہ واضح طور پر یہ مندر نہ کہ ہمایوں کا مقبرہ تاج کے نمونے کے طور پر استعمال کیا گیا۔ چاندی سیوا کی تاریخ اختتام جسے سر سٹیمفورڈ نے پیش کیا ہے اور مسٹر پھرگوسن سپائرز نے قریب قریب صحیح قبول کر لیا ہے یعنی ساڑھے پانچ صدیاں قبل تعمیر تاج اور ایک صدی سے زائد قبل قیام مسلمان حکمران ہند۔" یہ مسٹر ہیول کو اس لیے سوجھی ہے کہ تاج کا تمام دلکش بے نظیر حسن اور تاج کی اعلیٰ رعنائی گنبد میں پنہاں ہے جو سال بسال تمام عالم کے ہر کونہ سے ہزارہا زائرین کی قدر شناسیِ فن کو خوش آمدید کہتا ہے۔ تاہم ہمیں یہ ضرور واضح کرنا چاہیے کہ اسلامی دنیا میں کافی ایسے مقام ہیں جو کثرتِ گنبد یا خصوصیت گنبد کی وجہ سے ابتداءِ اسلام سے قبہ یا قباب پڑ گیا ہے جیسا کہ گنبد قابوس۔ قباب البو نواس۔ قبہ کوفہ وغیرہ اور بالخصوص ہیول کا نظریہ پنج رتن کے متعلق ہم یہاں بیشمار نمونوں میں سے محض ایک موجودہ مثال ایسے روضہ کی پیش کرتے ہیں یعنی مقبرۂ سلطان ابوابراہیم اسمٰعیل بن احمد سامانی (۲۷۹ - ۳۹۵ھ) جو بخارا میں موجود ہے جس کے درمیان میں گنبد کلاں اور اس کے گرد چار چھوٹے برج ہیں جو ۹۰۷ء سے قبل ہی تعمیر ہو چکا تھا۔ یعنی جاوا کے چاندی سیوا مندر سے قریب دو سو سال قبل اختتام کو پہنچا جو ماہرین کے نزدیک ہندی الاصل بھی نہیں ہے۔ اور اسی طرح سامانی جیسے روضے اور بھی مل سکتے ہیں اگرچہ ان کا بیان کتب میں ملتا ہے۔

ایک اور خصوصیت محراب کے کونوں کو مزیّن کرنے کے لیے دوائر یا متمیز ابھار کا استعمال جو آج ہندوستان میں عام ہے وسط ایشیا میں ۱۲۰۰ء سے قبل ہی تھا۔ تاج کے گاؤدم گول مینارے خالصاً ایرانی و تورانی ہیں جن کی ابتدار گورامیر سے بھی قبل دیکھنے میں آسکتی ہے۔ جس کا قدیم ترین نمونہ مینار علی گلبان میں اصفہان کے ایک محلّہ میں ہے جسے ملک شاہ نے گیارھویں صدی عیسوی میں تعمیر کیا جس کے بعد مینار چہل دختران ۵۳۰ھ اصفہان آتا ہے اور مینار قاسم آباد ۵۶۶ھ سیستان۔ یہ تمام مینارے گول گاؤدم ہیں اس لیے تاج کے میناروں کی اصلیت کے متعلق کسی قسم کا شک و شبہ نہیں رہتا کہ ایسے مینار بارھویں صدی عیسوی سے قبل ہی توران میں موجود تھے۔

ہم نتیجہ پر پہنچتے ہیں کہ مسلمانوں نے ہر حیثیت سے اپنا فن تعمیر ہند، ایرانی اور تورانی طرزوں و نظریوں پر قائم کیا اور ابتدا میں انہوں نے قدیم ہندوؤں کی عمارات کو کسی قدر رد و بدل کر کے اپنے مطلب کے مطابق

ال کیا جو بذاتِ خود ان کے اعلیٰ ملکۂ ایجاد اور قابلیت پر دلالت کرتے ہیں اور تھوڑے عرصہ میں
ے خاص ہندی اسلامی طرز اختیار کر کے اس میں کافی امتیازات پیدا کیں۔

چونکہ ہم نے یہاں فن تعمیر اسلامی ہند کے ضمن میں اس کے تعلقات اور اثرات کو ایران و توران کی عمارات سے
ر کیا ہے اس لیے لازمی ہے کہ ہم سمرقند کی مساجد و گورِ امیر کی تفصیل تاریخی رنگ میں پیش کریں۔ حسنِ اتفاق سے
ے طویل و عریض کتاب بعنوان مندرجہ پیٹرزبرگ روس سے ۱۹۰۵ء میں فرانسیسی اور روسی زبان میں معہ نقشہ جات
ر شائع ہوئی جن کا ترجمہ ذیل میں مزید مفید سمجھ کر شائع کیا جاتا ہے۔

حوالہ جات:-

۱۱۱ صـ ۲۴ سـ ۱۹۱۳-۱۹۱۴ء و صـ ۲۳ سـ ۱۹۰۹-۱۹۱۰ء

۹ صـ ۱۱۰

۱۱ ج ۳ صـ ۲۸ و ۶۵ صـ ۲۲-۲۴ و ۵۷ پلیٹ اول۔

مساجدِ سمرقند و گورِ امیر

سمرقند کی شہرت کا سہرا اس کی مساجد کے سر ہے جنہیں مشہور و معروف تیمور المشہور بہ تمر لنگ اور اس کے متصل جانشینوں نے تعمیر کیا۔ یہ بات قابلِ توجہ ہے کہ اسلامی ممالک میں سیاسی قوت کے ارتقاء کے ساتھ ساتھ ہمیشہ قابلِ دید ترقی زبردست فنِ تعمیر میں رہی ہے۔ وسیع سلطنتوں کے قائم کرنے والے اور مسلمان فاتحین عظام نے اپنے آپ کو مادی دولت اور بے شمار ذہنی قوا پر غلبہ حاصل کرنے کے بعد اسلام کی شہرت کو پُرشکوہ تعمیرات میں بلند کرنے کے لیے حوصلہ بڑھایا۔ یہ نیک ارادے خود بخود سلاطینِ غزنوی، ایلخانی، صفوی، مصری مملوک، والیانِ کابلستان وغیرہ میں سرایت کر گئے تھے۔ اسی طرح یورپ کے ہسپانوی بنو امیہ۔ اول سلاطین آلِ عثمان میں یہی جذبہ آیا مگر ان تمام میں عظیم الشان تعمیرات کی طرف توجہ دینے والا امیر تیمور تھا۔ اس کے کامیاب جنگی بہادروں نے روس، کوہ قاف، ایران، ایشیائے کوچک اور ہندوستان میں اس کے دارالخلافہ سمرقند کی زیب و زینت کے لیے کافی مصالح مہیا کیا۔ بہت سے کارواں اس کے لیے بے شمار مالِ غنیم وہاں سے اٹھا کر لائے۔ فرمان جاری تھا کہ معماروں، نجاروں اور دیگر اعلیٰ کاریگروں کو قیدیوں میں سے مستثنےٰ کر دیا جائے تاکہ تیمور اپنے مجوزہ ارادوں کو پورا کرنے کے لیے ان کا استعمال کرے۔ وہ اپنی عالیشان عمارات کی تعمیر میں بہت گہری دلچسپی لیتا تھا اور اس کو خوش کرنا کوئی آسان امر نہیں تھا۔ وہ اکثر اوقات عمارات یا آثار میں جو قبل تیار ہو چکے تھے ترمیمات تجویز کرتا اور تجویز کردہ تبدیلیوں کا خود معائنہ کرتا۔

تیمور نے اپنی مسجد سمرقند کے تعمیر کرنے کے لیے عمدہ سامان جو اس کے قبضہ میں تھا اس کا استعمال کیا۔ خطاطی جو چودھویں صدی میں ایران میں رائج تھی تیمور کی مسجد کے کتبات سے عیاں ہے۔ اس عمارت کی دیواریں کتبات سے پُر ہیں۔ رسم الخط جو مختلف انواع پر ہے ایک یکساں اور موزوں اتحاد ہے۔

یران اس وقت خالص اور شوخ رنگوں کی کاشی کاری کی وجہ سے خاصہ مشہور تھا۔ جس کی بناوٹ کا راز ابھی
ک ہمارے علم میں نہیں ہے۔ کاشی کے دِ تے جنؔ سے تیمور نے مسجد سمرقند کو مزین کیا اپنے حسن میں اس
قت کی تمام اس قسم کی صنعتوں سے سبقت رکھتے ہیں۔ بہت سے ایرانی کاریگروں نے جو تبریز اور
صفہان سے آئے تھے اس پر اپنے اسمار کندہ کیے ہیں۔ مگر دیگر ممالک سے دیگر اساتذہ بھی موجود تھے۔ وہاں
وئی کاشغری تھا جس نے سمرقند میں نقش ونگار اندرون عمارت کا اجرا کیا۔ دیواری نقش ونگار کی چینی کاری اور
اص کر قالب کی چھت پر رنگین کاغذ چھوٹے چھوٹے لوہے کے کیلوں سے جماتا گیا۔

اس ملک میں گویا مشرقی ترکستان میں تیمور کی مرضی پر محض دوم درجہ کے کاریگر تھے جو جدتِ طبع سے
اری اور غیر ملکی رہنما کے ماتحت کام کر سکتے تھے۔ تمام فن جو ہم سمرقند میں قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں وہ باہر
سے آیا تھا اسی وجہ سے اسے تیمور کی وفات کے بعد فروغ نہیں ہوا۔ اور نئے ملک میں پہنچنے کی
جہ سے یہ بنیاد نہ پکڑ سکا اور جلدی زوال پذیر ہوا۔ تیمور نے بے شمار محلات سمرقند میں تعمیر کیے جن
کا آج کوئی نشان تک نہیں ملتا۔ اس کی تعمیرات شہر سبز کے آقا سرائے کے کھنڈروں کی عظمت سے
ہم ایک نظریہ قائم کیا جا سکتا ہے۔ تیمور نے نیز مساجد اور روضے اولیاء اللہ، اپنے والدین اور دیگر
سرائے عظام کی قبور پر تعمیر کیے۔ اس نے بے شمار مدارس بھی تعمیر کیے جو آج مفقود ہیں۔ اس کے بڑے
ے تعمیری کارناموں میں ترکستان کی مساجد کا ذکر ہونا لازمی ہے جو درویش احمد یاسوی کی قبر پر ہے۔
امع مسجد سمرقند جو بی بی خانم کے مزار پر ہے اور آج گور امیر کے نام سے مشہور ہے۔ اور وہ جو کش میں
یمور کے جائے پیدائش میں ہے۔ غرضیکہ ان تمام اولیاء اللہ اور مشاہیر کی قبور و مزار و خانقاہوں کی
وری فہرست مہیا کرنا آسان امر نہیں ہے اس لیے ہم اپنی تحریر کو ان میں سے خاص خاص کے بیان تک
حدود رکھیں گے۔ ان میں سے سمرقند کے مزارات جو آج واقعی تباہ ہو چکے ہیں جو نورالدین بشیر المشہور
کسی شکر زغوم کے مزار پر۔ شیان عطا کے مزار پر اور برہان الدین سنیر جی رخ آبادی کے مزار پر ہیں۔
یمور نے قاسم بن عباس المعروف بہ شاہ زندہ کے مزار کی زیب وزینت کی۔ خانقاہوں میں وہ کش
کے مزارات امیر ترغائی والد امیر تیمور اور سمرقند کا مزار جہانگیر بن تیمور ہم دیکھتے ہیں۔ یعنی تمام سلسلۂ مزارات
ح چھوٹی چھوٹی مساجد کے جنہیں تیمور نے شاہ زندہ کی قبر پر اپنی ہمشیرہ اور بھائیوں کی یاد میں جامع مسجد
کے پہلو میں تعمیر کیا اور ان کے علاوہ مسجد گور امیر کے قریب سلطان محمد نبیرۂ تیمور کا روضہ ہے۔

× چوکھٹے یا فریم یا پینل

جہاں تک تعمیرات کا تعلق ہے مغرب میں کوئی ایسا بادشاہ نہیں ہے جس کا تیمور سے مقابلہ ہو سکے بدقسمتی سے تیمور کے شاندار عہد کے یہ شواہد ایسی حالت میں ناپید ہو چکے ہیں کچھ تو زلزلہ کی وجہ سے جو کثر اس ملک میں آتے رہتے ہیں مگر زیادہ تیمور کے جانشینوں کی غفلت کی وجہ سے بھی ہے۔ جو ان آثار کی مرمت و دیکھ بھال میں کی گئی ہے۔ ان عمارات کو برقرار رکھنا کوئی آسان امر نہیں ہے بلکہ بعض حالات میں ناممکن ہے۔ ان کو انہیں شکل و شباہت سے اس طریقہ کو اختیار کر کے محض محفوظ رکھنا ہے روسی شاہی آثار قدیمہ کی انجمن نے خود بخود ۱۹۰۵ء میں مساجد تیمور کو برقرار رکھنے کے مسئلہ کا مطالعہ کرنے کے لیے اس انجمن کے اغراض و مقاصد سے درخواست کی۔ ذی وقت کو جو وزیر مال تھا حکومت سے ہمدردانہ جواب وصول ہوا۔ وزیر اس امر کے اہل تھا کہ وہ علمی حیثیت سے اس اہم کام کو استحسان کی نگاہ سے دیکھے۔ اس نے شاہ روس کے پاس تیاری اور طباعت مرقع مساجد سمرقند کی ضروری امداد کے لیے سفارش کی۔ چنانچہ اس مرقع کی اول اشاعت مکمل ہو گئی یہ خالصاً مسجد گورامیر سے متعلق ہے جس میں تیمور کی مسجد جو ۸۰۷ھ میں بنیاد رکھی تھی اور آج یہ عظیم الشان عمارت اچھی حالت میں محفوظ کی گئی ہے۔ ناظرین کی تحسین و توصیف اس کے گنبد کی عظمت سے جوش میں آجاتی ہے جو کاشی اور طلا کاری سے مرصع ہے۔ اس کی دیواریں بے شمار رنگدار سلوں سے درخشاں ہیں جو بعض بعض مقامات پر مسرت بخش دلوں میں مرتب کر کے حسین الفسیفساء میں مبدل کر دی گئی ہیں۔ یہ الفسیفساء چھوٹے چھوٹے تراشیدہ ٹکڑوں پر مرکب ہے جن سے پھول، بیل بوٹے معہ شاخیں اور بے شمار کتبات زیادہ عربی اور فارسی میں ظاہر کرتے ہیں۔

یہ عمارت دیگر مساجد کی طرح عام نماز کے لیے وقف کی گئی تھی اور بے شک تیمور کا کوئی ارادہ نہیں تھا کہ اس مسجد کو مقبرہ میں تبدیل کرے یہ بے شک مسجد تھی جسے اس نے دو مینار والی تعمیر کیا۔

تحریری شواہد کے مطابق تیمور کا ارادہ تھا کہ اسے اس کے جائے پیدائش مقام کش میں دفن کیا جائے۔ ہمیں یہ حقیقت ہسپانوی گونزالیز دی کلویگو ہسپانیہ کے ایلچی کے بیان سے ملتی ہے جو اپنی سیاحت سمرقند کے دوران میں کش میں ٹھیرا۔ کلیویگو اس مقام کی تفصیل میں متعدد مساجد تیمور کی تعمیر شدہ کے متعلق گویا ہے خاص کر ان میں سے ایک نے اس پر بہت اثر کیا جو اس وقت تک اختتام کو نہیں پہنچی تھی۔ اس مسجد میں ایک وسیع خانقاہ تھی جسے تیمور نے اپنی ذاتی آرام گاہ کے لیے

یک مہینہ قبل تعمیر کی تھی۔ تیمور کو یہ پسند نہ آئی کیونکہ اس کا دروازہ بہت پست تھا۔ اس نے فوراً اس
کی از سر نو تعمیر کا فرمان دیا اور کاریگر لوگ اس کی تعمیر میں ہمہ تن مصروف تھے۔

اگر تیمور کی یہ خواہش تھی تو یہ پوری نہیں ہوئی کیونکہ اس کی ہڈیاں سمرقند میں آرام کرتی ہیں۔ ممکن
ہے کہ یہ حقیقت سیاسی حالات کی وجہ سے ہوئی جو اس کی وفات پر پیدا ہوئے کیونکہ اس کی
دوسری خواہش متعلقہ اس کے جانشین بھی پوری نہیں ہوئی۔ مگر سمرقند میں بھی اس کی آخری آرام گاہ کے
متعلق کافی شک وشبہ ہے۔ اول اول وہ کسی اور عمارت میں دفن کیا گیا تھا نہ کہ مسجد گورامیر میں۔ اس
اول عمارت کا پتہ لگانے کے لیے یہ اول ضروری معلوم ہوتا ہے کہ اس کے پوتے مرزا سلطان محمد کا
دفن تلاش کیا جائے۔ حالات جو ملتے ہیں وہ شرف الدین علی یزدی کی مشہور کتاب ظفر نامہ عہد تیمور
کی تاریخ سے ملتے ہیں۔ مصنف اس میں بالوضاحت بیان کرتا ہے کہ مرزا محمد سلطان کی وفات کے
بعد جو کچھ عرصہ جنگ انگورہ کے بعد ہوئی جس میں اس شہزادہ نے اپنی بہادری کا ثبوت دیا تھا تیمور نے
مرحوم کی یاد میں شہزادہ کے تعمیر کردہ مدرسہ کے پہلو میں ایک عظیم الشان گنبد دار روضہ تعمیر کرنے کے لیے
فرمان جاری کیا۔ گنبد کا دور سنہری اور آسمانی رنگ کے نقش ونگار میں مرمر کا تعمیر تھا۔ ایک لحد بنائی گئی تھی جس میں
شہزادہ کی نعش کو رکھا گیا تھا۔ یہ زیادہ مبہم جملہ اس امر کا باعث ہوا کہ یہ گورامیر کے ہی متعلق ہے۔ مگر ان
مؤلف سے جو گونزالیز دی کلیوجو اور شرف الدین علی یزدی کے ایک جملہ سے مقابلہ کر کے ہم بالکل
اسی اور ہی نتیجہ پر پہنچتے ہیں۔ درحقیقت ان میں سے اول مصنف نے لکھا ہے کہ پنج شنبہ ۲ اکتوبر
کو تیمور نے شہر میں آنے کے لیے فوج کو چھوڑا اور مسجد کے مکان میں مقیم رہا جو اس نے اپنے پوتے
مرزا محمد سلطان کے قیام کے لیے تعمیر کیا ہوا تھا۔ امیر تیمور کو وہ بہت محبوب تھا اور اسی وجہ سے اس
نے اس مسجد ومکان اور روضہ کو تعمیر کیا تھا۔ خانقاہ بہت بلند مربع تھی اور اندرون وبیرون سنہری
اور آسمانی رنگین تھی، اور آئینہ کاری اور کاشی کاری کے دلوں سے ڈھانکی ہوئی تھی۔ جب امیر کا
پوتا ترکی میں فوت ہوا تو امیر نے اس کی نعش کو سمرقند میں دفن کے لیے ارسال کیا اور بلدیہ کے ارباب
حل وعقد کو یہ مسجد اور روضہ تعمیر کرنے کے لیے فرمان دیے مگر جب امیر بذات خود آیا تو وہ اس کو
پسند نہیں آیا اس نے کہا کیونکہ یہ بہت نیچا ہے اور اس کو فرمان دے کر گروا دیا اور دس دن کے عرصہ
میں از سر نو سخت سزا وغیرہ دے کر تعمیر کروایا۔ گویا یہ لازمی ہو گیا تھا کہ وہ لوگ دن اور رات کام کر کے

دس دن کے اندر اندر خانقاہ کی تعمیر کو مکمل کر دیں اور یہ بے شمار کام جو اس قدر قلیل عرصہ میں انجام پذیر ہوا بڑی تحسین و توصیف کا باعث ہے۔ یہ واضح ہے کہ گنبد دار روضہ جسے کلیویگو نے بیان کیا ہے محض ایک مسجد ہو سکتا تھا کیونکہ ایسی عظیم الشان عمارت دس روز میں تعمیر کرنا ناممکن تھا۔ کلیویگو کے بیان میں لفظ (چیپل) آیا ہے جس کے معنی خانقاہ کے ہیں۔ یہی اصطلاح شرف الدین نے سلطان محمد کے روضہ کا ذکر کرتے ہوئے استعمال کی ہے۔

گورامیر کے متعلق شرف الدین ہمیں بتاتا ہے کہ وہ مقام جس میں اس بادشاہ کی نعش رکھی گئی تھی یہ مقام اترار ہے جہاں تیمور ۲۲ شعبان ۸۰۷ھ کو فوت ہوا اور عام رسومات سے مدفن میں رکھا گیا۔ مگر وہ ہمیں یہ نہیں بتاتا کہ کہاں یہ سب وقوع میں آیا۔ سمرقند میں مرزا خلیل سلطان کا سریر آرائے سلطنت ہونا مصنف ہمیں بعد میں بتاتا ہے کہ یہ نیا بادشاہ اپنی تاجپوشی کے دو دن بعد مرزا سلطان محمد کے مزار پر آیا جس میں تیمور کا اپنا مقبرہ بھی تھا کیونکہ خلیل مرزا کا وہاں رسم فاتحہ خوانی منانے کے لیے آنا فرض تھا اس وجہ سے بالکل واضح ہے کہ تیمور مرزا سلطان محمد کے مزار میں دفن ہوا یہ مزارات عام طور پر مسجد کے قرب میں تعمیر ہوئے تھے۔ مگر محمد سلطان کا محل اس کی خانقاہ کے ساتھ مسجد نہیں رکھتا تھا۔ تیمور نے یہ ضروری سمجھا تھا کہ ایک مسجد وہاں تعمیر کر دے اور یہ اس وجہ سے ہے کہ یہ عمارت وہاں تعمیر ہوئی جسے بعض مقامی مصنفین نے قبہ لکھا ہے۔ شرف الدین پھر بیان کرتا ہے کہ چونکہ تیمور کو سیدوں سے محبت تھی اس لیے اکثر اوقات اس نے یہ خواہش ظاہر کی کہ اس کی قبر شیخ سعید برکہ کے روضہ میں رکھی جائے اس کی اس خواہش کے ماتحت اس مقدس ہستی کا تابوت اندوکوہی سے اٹھا کر سمرقند لایا گیا تاکہ اس کو گنبد دار عمارت میں رکھا جائے جسے تیمور نے خانقاہ کے جنوبی کے پڑوس میں تعمیر کیا تھا۔ مزید برآں تیمور کی نعش کو شیخ کی قبر کے نیچے رکھا گیا اور اسی روضہ کے اندر مرزا محمد سلطان کی نعش کو لا کر شیخ کے پہلو میں رکھا گیا تھا۔ یہ واقعی گنبد دار مسجد ہے جس کا حوالہ دیا گیا ہے۔ ان تبدیلیوں کا باعث کیا تھا؟ کیا یہ خانقاہ میں جگہ کی کمی کی وجہ سے ہے؟ یا یہ زیادہ موزوں تصور کیا گیا تھا کہ سعید برکہ کی نعش کو خانقاہ میں بند کر دیا جائے نہ کہ ایک معمولی روضہ جو عام لوگوں کے لیے مخصوص ہے۔ ان سوالات کا جواب ہمارے لیے مشکل ہے تاہم مسجد خواہ کچھ بھی تھی اس طرح روضہ کی صورت میں تبدیل ہو گئی اور ادبی حیثیت سے مسجد سعید برکہ کہی جاتی تھی، اور عرف عام میں گورِ امیر یعنی مقبرہ امیر تیمور اس حالت میں یہ امیر تیمور مراد لیا جاتا ہے اگرچہ بعد میں دیگر

وری سلاطین جنہوں نے سلطنت کی نیز وہ امرا جنہوں نے سلطنت نہیں کی آخر کار اسی مسجد میں دفن وئے۔ قبر کے لیے ایک خاص تہہ خانہ یا سردابہ استعمال کیا گیا تھا۔ یہ سردابہ عمارت کے فرش کے نیچے قع تھا اور باہر سے ایک خاص راستہ تھا۔ اس قسم کی ترتیب شکر کا مقام ہے کہ یہ عمارت اس ہ خانہ سے جداگانہ بحیثیت مسجد استعمال ہوتی تھی۔ پھر بھی اوپر کا حصہ بہت جلد روضہ میں تبدیل ر دیا گیا کیونکہ قبروں کے چار تعویذ وہاں رکھے گئے جیسا کہ نیچے زیر زمین سردابہ میں تھے اور ان کو لکل اسی حالت میں رکھا جیسا کہ وہ نیچے کے حصے میں تھے۔

ایک اور مصنف ابو طاہر خوجہ انیسویں صدی میں اپنی کتاب سمریہ میں بیان کرتا ہے کہ ں یقین ہے کہ سلطان شاہ رخ جب ہرات سے سمرقند آیا تو وہ اپنے ہمراہ اپنے مشہور و عروف باپ کی نعش کو روضہ سے لے گیا جہاں سے اسے ایک اور غیر معروف جگہ میں لیجا کر و بارہ دفن کیا گیا۔ ہم یہاں غلط فہمی میں پڑ جاتے ہیں شاہ رخ نے تیمور کی نعش کو کیوں چھپا دیا جبکہ یر تیمور کے دشمنوں نے اس کی قبر میں دخل دینے کی کبھی جرأت نہیں کی۔ اصولاً مسلمانوں نے یشہ مرحوم کے لیے عزت ظاہر کی ہے اور قبر کی بے حرمتی ایک گناہ تصور کیا ہے۔ شاہ رخ کے عہد کا مؤرخ کمال الدین عبدالرزاق اپنی کتاب مطلع السعدین یا مجمع البحرین میں کوئی لفظ تک س واقعہ کے متعلق نہیں لکھتا۔ شاہ رخ کے لڑکے الغ بیگ نے تیمور کے تہہ خانہ کے اوپر کے حصہ میں ایک تعویذ عجوبہ پتھر کا رکھا تھا۔ یہ زیادہ مشکوک معلوم ہوتا ہے آیا الغ بیگ نے یہ صل ایک کار خیر سمجھ کر کیا۔ اگر تیمور کی نعش کو دوسری جگہ اٹھا دیا گیا تھا۔ دو حالتوں نے مصنف سمریہ کے اس بیان کردہ افواہ کی تائید کی ہے۔ اول یہ ہے کہ شاہ رخ مرزا نے اپنے باپ کی نعش کو تخت ر بیٹھتے ہی اپنی جائے سکونت ہرات میں منتقل کر لیا اور الغ بیگ کو والی سمرقند مقرر کر دیا۔ دوسری الت میں جانشین سلطان نے تابوت کو خانقاہ میں رکھ کر اس پر گنبد تعمیر کیا ۔ خانقاہ سے متعلق غرض ہے اگرچہ ا ناگفتہ بہ حالت میں آج کھڑی ہے اور واقعی گورامیر کے مشرق میں واقع ہے اور آج تاہم اس مارت اور اس کی قدیم عظمت کو کوئی اور نام نہیں دیا جاتا جب کہ تابوت کا لے جانا مقامی لوگوں کے ہن سے بالکل نسیاً منسیاً ہو گیا ہے اور عمارت کا تعمیری سطحی نقشہ اور اس کی گنبد دار سقف بلا شک و بہ متذکرہ بالا حوالہ کی تصدیق کرتے ہیں۔ آج تہہ خانہ کھلا ہے اور اس کے اندر بھوسہ وغیرہ بھرا ہوا

ہوا ہے۔ مدرسہ جسے محمد سلطان نے تعمیر کیا اس کا کوئی نشان نہیں ملتا۔

عین ابتدا سے ہی گورامیر کی شکل ایک مثمن دھول نما عمارت کی تھی جس کے سر پہ ایک بہت وسیع قبّہ ہے۔ شمال کی جانب اس کا دروازہ ہے اس کے دائیں اور بائیں دو مینار ایک خاص اونچائی تک ہیں۔ الغ بیگ نے جسے اپنے دادا سے تعمیرات میں ایک جذبہ ورثہ میں ملا تھا اس مسجد کے ساتھ ایک اور سلسلۂ عمارات کا اضافہ کیا۔ اس نے ایک نئی دیوار مینارون تک بڑھتی ہوئی تعمیر کی۔ اس دیوار کے آگے اس نے ایک پُرشکوہ دروازہ تعمیر کیا۔ مسجد کا صحن ایک دیوار سے گھرا ہوا تھا۔ جس میں غالباً طلبا کے لیے کمرے تھے۔ یہ تمام عمارات ویسے اصل مسجد سے مختلف ہیں۔ یہ بنام بدیع الزمان مشہور ہیں جس نام سے الغ بیگ مشہور تھا۔ گنبد کا کلس ایک دن گر گیا۔ اور اس زمانہ سے بے شک گنبد کی کافی کاشی کاری تباہ ہو چکی ہے۔ گنبد کے بعض حصے جو بحال کیے گئے اگرچہ خوشنما ہیں پھر بھی قدیم کام سے مختلف ہیں۔

اندرون مسجد گورامیر کی بلندی ۲۵ و ۲۳ میٹر اور بیرونی ۹ و ۳۴ میٹر۔ مینار کی بلندی ۳۸ و ۲۵ اور دروازہ کی اونچائی ۷ و ۱۲۔ تمام عمارت کا رقبہ ۱۶ و ۳۰۸ مربع میٹر ہے۔ ۲۵ و ۱۰ مربع میٹر مینار کے لیے اور ۵ و ۷۶ مربع میٹر تمام عمارت کے لیے۔

(نوٹ) ایران میں سمریہ اور قندیہ دو کتابیں طبع ہو چکی ہیں جن میں قبور اور مساجد سمرقند کا ذکر مفصل ہے۔

وسعتِ سلطنتِ مغلیہ بعہدِ شہنشاہ شاہجہاں

جہانگیر کا انتقال ۲۸ صفر ۱۰۳۷ھ (۱۰ نومبر ۱۶۲۷ء) کو ہوا جس کے فوراً بعد اس کے جانشینوں میں تخت کے لیے کش مکش شروع ہو گئی۔ مگر یہ زیادہ حیران کن امر ہے کہ نور جہاں بذاتِ خود اس خیال میں اڑی رہی کہ عنانِ سلطنت اس کے ہاتھ میں رہے۔ اس وقت شاہجہان دکن میں بمقام برہانپور مقیم تھا اور اس کی غیر حاضری میں جنگ و جدال کو روک تھام کی غرض سے آصف خاں اور ارادت خاں نے ہمت سے کام لیا۔ غرضیکہ تمام جد و جہد تخت کا نتیجہ یہ ہوا کہ آگرہ میں ۸ جمادی الثانی ۱۰۳۷ھ (۱۴ فروری ۱۶۲۸ء) کو شاہجہاں سریر آرائے سلطنت ہوا اور اس کا نام و لقب یوں مشہور ہوا:

"ابو المظفر شہاب الدین محمد صاحب قران ثانی شاہجہاں بادشاہ غازی"

اس وقت اس کی عمر ۳۶ سال ۲۰ روز شمسی حساب سے اور سینتیس سال دس مہینے آٹھ روز قمری حساب سے تھی۔

اس وقت قریب قریب ہندوستان کا کونہ کونہ پریشان حالت میں تھا جسے فوراً امن میں لانے کی کوشش کی گئی۔ جھجھار سنگھ بندیلہ کی بغاوت کو دبا دیا گیا اور اس کا قلعہ سلطنتِ مغلیہ میں شامل ہوا جس کے فوراً بعد نظام الملک دکن سے دوچار ہونا پڑا یعنی تمام محال بالا گھاٹ کو بادشاہ کے حوالے کر دے جس پر اس نے تصرف کر لیا تھا اور دیگر چھوٹی چھوٹی ریاستوں سے بھی واسطہ پڑا جن کو مغلوب کر دیا گیا مگر دکن میں یہ کوئی آسان کام نہیں تھا جہاں ملک عنبر حبشی جیسا اپنا دبدبہ جمائے بیٹھا تھا اور اسی زمانہ میں دکن و گجرات میں قحط نازل ہوا جس نے سب کو پریشان کر دیا۔ مگر بادشاہ ابھی برہانپور میں ہی تھا کہ قندھار و بلخ و بدخشاں توجہ خاص کے محتاج ہوئے جو ابتدا سے ہی برسرِ پیکار چلے آتے تھے۔ چوتھے سال عہدِ حکومت میں بادشاہ کو ایک بہت بڑا حادثہ وفات ممتاز الزمانی برہانپور میں پیش آیا۔ یعنی اس کی

رفیقۂ حیات اس کو ہمیشہ کے لیے داغ مفارقت دے گئی جس نے اس کے تمام حالات کو یک لخت تبدیل کر دیا جسے ہم نے الگ ایک باب کی صورت میں بعنوان ممتاز الزمانی کے تحت مفصل بیان کیا ہے۔ آصف خاں اس وقت عادل شاہیوں کے خلاف بیجاپور میں تھا۔ بادشاہ ۱۸ ذیقعدہ ۱۰۴۱ھ (۸ جون ۱۶۳۲ء) کو آگرہ واپس آیا جب کہ تعمیر تاج کا آغاز ہوا۔ مگر اسی زمانہ میں فرنگیوں کے استیصال کے لیے ہوگلی میں بہت بڑا بیڑا ارسال کیا گیا جس کو کسی قدر جیرونیمو ویرونیو کے تحت بیان کیا گیا ہے۔ ۱۰۴۲ھ میں بھگیرت بھیل نے شاہجہان کی اطاعت قبول کی اور یہ وہ زمانہ تھا جب کہ مذہبی ہندوؤں نے بنارس میں از روئے مذہب شورش بپا کی اور انہوں نے مندروں کو بطور قلعے اپنے لیے جائے پناہ استعمال کیا جس سے ان کو فہمائش کی گئی۔ اس اثنار میں مہم دکن ہمیشہ کے لیے ختم ہوگئی اور قلعہ دولت آباد اور دیگر گردو نواح کے قلعے بھی سر ہوئے۔ ۱۰۴۳ھ میں بادشاہ نے لاہور کا رخ کیا اور کشمیر کی بھی سیر کی اور شاہزادہ شاہ شجاع کو لشکر دے کر پرنیدہ ارسال کیا اور چھ اور جھانسی کے قلعے سلطنت میں شامل ہو گئے۔ عادل شاہ والی بیجاپور کے نام فرمان صادر ہوا کہ فرمانبردار ہو کر رہے غرضیکہ دکن میں کافی تبدیلیاں ہوئیں اور بادشاہ سلامت خود دولت آباد تشریف لے گیا۔ ۱۰۴۵ھ میں اورنگ زیب دکن کا صوبہ دار مقرر ہوا۔ ٹھٹھہ سندھ میں بارش کے سیلاب سے خاصہ نقصان ہوا۔ ۱۰۴۷ھ میں قندھار مغل سلطنت میں علی مردان خاں کے ذریعہ شامل کر لیا گیا جو نہ محض اعلیٰ حاکم تھا بلکہ ایک اعلیٰ مہندس بھی تھا اس کا مختصر سا حال ان صفحات میں دیا گیا ہے۔

دریائے برہم پترا کے کنارے دو شہر کوچ اور ہاجو آسام میں بغاوت کے آثار ہوئے جن کا تدارک کیا گیا جاٹ گاؤں کے راجہ نے بادشاہ کی اطاعت کر لی۔ ۱۰۴۸ھ میں پایۂ تخت جو اس وقت تک بابر کے زمانہ سے آگرہ چلا آتا تھا بوجوہات تنگی جگہ شاہی جلوسوں کے موقعوں پر و دیگر حالات کی وجہ سے تبدیل ہو کر دہلی میں پایۂ تخت کی بنیاد رکھی گئی۔ ۱۰۴۹ھ میں علی مردان خاں نے کشمیر سے واپس آگرہ بادشاہ کے سامنے پہاڑوں سے ایک نہر لاہور تک لانے کی تجویز پیش کی۔ ۱۰۵۱ھ میں آصف خاں وزیر اعظم شاہجہاں والد ممتاز الزمانی کا انتقال ہوا اور اسے لاہور میں دفن کیا گیا۔ اسی زمانہ میں راجہ بالاموئے اطاعت قبول کی اور علی مردان خاں کو بلخ تردی علی خاں کتغانی کے خلاف ارسال کیا جس کے نتائج خاطر خواہ پیدا ہوئے۔ ۲۹ شوال ۱۰۵۵ھ (۱۹ دسمبر ۱۶۴۵ء) کو نورجہاں کا

انتقال ہوا اور اسے لاہور میں اس کے اپنے خود تیار کردہ مقبرہ میں دفن کیا گیا۔ کابل اور بلخ کی شورش
ں آگ بھڑکی تو تیسری بار شہزادہ اورنگ زیب کو ارسال کیا گیا مگر بلخ نذر محمد کے پاس ہی رہا۔ اور ۱۰۵۸ھ
یں قندھار پر از سر نو تکلیف پیدا ہوئی جہاں اورنگ زیب اور وزیر اعلیٰ سعد اللہ خاں کو لشکر کثیر کے ہمراہ
رسال کیا مگر نتائج امید کے خلاف رہے اور قندھار مغل سلطنت سے جاتا رہا اگرچہ کافی جد و جہد
واپس لینے کے لیے کی گئی۔ ۱۰۶۰ھ میں تبت کے والی نے مغل شاہنشاہیت کو تسلیم کیا اور تبت
سلطنت مغلیہ میں مدغم ہو گیا۔ چتوڑ کے قلعہ کو سر کرنے کے لیے سعد اللہ خاں کو ارسال کیا گیا۔ ۱۸ ار
ربیع الثانی ۱۰۶۴ھ کو ایک بہت بڑا جشن ہوا جس میں ایک خلعت دارا شکوہ کو عنایت کر کے اس کو
شہزادہ بلند اقبال کے خطاب سے سرفراز کیا۔ بادشاہ کے تخت کے روبرو دارا شکوہ کے لیے ایک
خاص کرسی نصب کر دی گئی۔ ۱۰۶۵ھ میں خلیل اللہ خاں اجمیر سے آٹھ ہزار قیدی لے کر آیا۔
اورنگ زیب کو گولکنڈہ ارسال کیا جہاں میر جملہ اس کی ملازمت میں شامل ہو گیا۔ ۱۰۶۶ھ میں سعد اللہ
خاں اور علی مردان خاں کا انتقال ہوا۔ یکم ذیقعدہ ۱۰۶۷ھ کو شاہجہاں بیمار ہوا اور شہزادہ بلند اقبال نے معاملات
سلطنت میں دخل دینا شروع کیا جو دوسرے شہزادوں کے لیے ناگوار تھا اور اس سے بے شمار
احمقانہ امور تھوڑے عرصہ میں سرزد ہوئے جن سے کافی بدامنی سلطنت میں پیدا ہوئی۔

چنانچہ اورنگ زیب ۱۰۶۹ھ میں سریر آرائے سلطنت ہوا۔ اس نے فوراً سیاسی حیثیت
سے اپنا راستہ صاف کیا جس کے بعد شاہجہاں نے قلعہ آگرہ میں خاموش زندگی بسر کی اور اس کا وہیں
۲۸ ار رجب ۱۰۷۶ھ کو انتقال ہوا جسے نہایت شان و شوکت سے تاج میں اس کی رفیقۂ حیات
ممتاز الزمانی کے پہلو میں دفن کیا گیا۔ (شکل ۲)

شاہجہاں بحیثیتِ معمارِ اعلیٰ (۱)

اوراقِ تاریخ سے ہمیں واضح طور پر ملتا ہے کہ شاہانِ مغل علوم و فنون کے فروغ کے لیے خاص ذوق و دلچسپی رکھتے تھے جس کے لیے وہ اکثر اپنا قیمتی وقت بھی خرچ کرتے اور اسی کے مطابق ان کے گرد ماہرین کا ہر عہد میں ایک خاص ماحول نظر آتا ہے۔ شاہجہاں کا خاص ذوق تعمیرات ابتدا سے ہی اظہر من الشمس ہے اور اس کے عہد میں نظام حکومت مغلیہ بہت کچھ ترمیم ہو کر کافی منظم صورت اختیار کر چکا تھا۔ معاصر کتب میں اس کے تقسیم اوقات روزانہ کی نہایت عمدہ مکمل تفصیل دی ہے یعنی روزانہ تمام امور سلطنت ہر مقررہ داروغہ و مہتمم کی معرفت پیش ہوتے مگر محکمۂ تعمیرات کو وہ ترقی ہوئی کہ اس کا براہ راست تعلق یمین السلطنت آصف خاں وزیر اعظم سے تھا اور اس کے خاص فرائض تھے کہ معماروں اور مہندسوں کو منظور شدہ نقشوں و تجاویز عمارات کے متعلق ہدایات دے اور بادشاہ خود اس میں خاص دلچسپی لیتا تھا۔ چنانچہ بادشاہ نامہ کے الفاظ ملاحظہ ہوں :

"..... اور بادشاہی محکمۂ تعمیرات کے داروغے بہترین اور عجیب ترین کاریگروں کے مشورہ سے عمارت کے نقشہ کو تیار کر کے بادشاہ کے سامنے پیش کرتے ہیں۔ چونکہ اس عہد کی بڑی بڑی عمارتیں اور بلند و مضبوط مکانات اپنے بادشاہ کی نورانی طبیعت و ہمت کی بلندی اور حکومت کی رفعت کو اپنی زبان بے زبانی سے ظاہر کر رہی ہیں اور زمانہ قدیم سے زیادہ آباد، آراستہ اور بارونق ہونے کی وجہ سے دیکھنے والوں کو اپنی طرف پورے طور پر متوجہ کرنے والی ہیں۔ بادشاہ اکثر عمارتوں کا نقشہ بذاتِ خود تیار فرماتے ہیں جو بڑے بڑے کاریگر معمار اپنی پوری کوشش سے تیار کر سکتے ہیں اور بادشاہ اس میں مناسب تصرف اور جائز دخل دیتے ہیں۔ منظور شدہ نقشوں کے مطابق عمارات کو تیار کرنے کے

(۱) سب حوالہ جات آخیر باب کے دیے گئے ہیں

لیے حکومت کے مضبوط رکن اور سلطنت کے محکم دستِ راست یمین الدولہ آصف خاں احکام جاری کرتے ہیں تاکہ محکمۂ تعمیرات کے کارندے ان کو اپنے مدعا کے اظہار کا وسیلہ بنائیں۔ اس عیش اور آرام کے زمانہ میں تعمیر کا کام یہاں تک ترقی کر چکا ہے کہ مشکل پسند سیاحوں اور جادو نگار مہندسوں کے لیے بھی یہ بے مثال صنعت باعثِ حیرت ہے اور اس کا ذکر بالاستیعاب اپنے اپنے محل پر کیا گیا ہے۔

ندائی عمارات

پیشتر اس کے کہ ہم اس عہد کی ہر اعلیٰ عمارت کی تفصیل پیش کریں جن سے شاہجہاں کا براہِ راست ق رہا ہے یہ اہم نظر آتا ہے کہ اس کے ایامِ شاہزادگی سے ہی اس کی خداداد قابلیت کا جائزہ لیا جائے ی سے ہمیں بالوضاحت نظر آئے گا کہ یہ قدرتاً فنِ تعمیر میں خاص مہارت اور قابلیت رکھتا تھا۔ اس ے یہ اور بھی پایۂ ثبوت تک پہنچ جاتا ہے کہ واقعی بہت سی عمارات عہد کو اس نے خود تعمیر کیا۔ ں لیے ابتدا سے ہی ہمیں یہ کہہ دینا چاہیے کہ یہ کوئی بعید نہیں کہ ہم تاج کو بھی اس کی بنائی ہوئی عمارات ایک تصور کر لیں جو اس کے نقشہ یا تجویز سے تعمیر ہوئیں اور یہی وجہ ہے کہ اس عہد کے مورخین کسی س معمار کا نام بحیثیت معمارِ تاج پیش نہیں کرتے۔

سنہ ۱۰۱۶ھ میں جب شاہجہاں قریب سولہ سال کی عمر میں بحیثیت شہزادہ خرم لاہور سے روانہ ہو کر ں گیا تو اس نے شہر کے باہر قیام کیا جہاں اس کے دادا بابر نے باغات اور شہر وغیرہ تعمیر کیے تھے۔ ع محض شاہی پڑاؤ کے لیے اور امراء کے جمع ہونے کے لیے استعمال ہوتا تھا اور وہاں کوئی ایوان مارت نہ تھی۔ شہزادہ کے حکم سے فوراً ایک عظیم الشان ایوان نشیمن دار تعمیر کیا گیا۔ جب وہ آگرہ واپس تو اس نے دارالخلافہ کی تمام شاہی عمارات کا خوب معائنہ کیا جنہیں محمد مقیم وزیر خاں نے تعمیر کیا تھا ان شاہزادہ خرم کے حکم سے گرا دیا گیا اور اس کی تجویز کے مطابق نئی عمارات ان کی جگہ تعمیر کی گئیں۔ ں نے ان کو بہشت بریں بنا دیا۔ یہ جہانگیر کا تیسرا سال عہد تھا۔ سنہ ۱۰۲۲ھ میں جہانگیر نے اسے اودے پور

دار الخلافہ رانا سانگا کی فتح کی غرض سے ارسال کیا جہاں اس نے بڑی جھیل کے کنارے راجپوتوں کی عجیب وغریب عمارات دیکھیں جو ہندوانی طرز پر تھیں اور مقامی معماروں نے ان کو اپنے خاص انداز پر تعمیر کیا تھا۔ یہ عمارات شہزادہ کے خاطر میں نہ آئیں ان کو گرا کر ڈھیر کر دیا گیا۔ اس وجہ سے شہزادہ مجبور تھا کہ کسی طرح جھیل کے کنارے نئی عمارات تعمیر کرے۔ چنانچہ معمارانِ نادرہ کار نے شہزادہ کے حکم کے مطابق نئی عمارات تعمیر کریں۔ غرضیکہ تھوڑے ہی عرصہ میں جہاں کہیں بھی شہزادہ گیا اس نے ان مقامات کو نئی عمارات سے بھر دیا جو فنی اعتبار سے خاص اہمیت رکھتی تھیں جو اس سے قبل کسی کی نظر سے نہیں گزری تھیں۔

یہ ایک حقیقت ہے کہ کشمیر مغل بادشاہوں کا موسم گرما کا قیام گاہ رہا ہے۔ انہوں نے وہاں رفاہِ عام اور اپنی ضروریاتِ زندگی کو مدِ نظر رکھ کر بے شمار عمدہ عمدہ تعمیرات بنوائیں۔ چنانچہ شاہجہاں ۱۰۲۹ھ میں پہلی مرتبہ جہانگیر کے ہمراہ گیا۔ اس نے بے شمار نئی عمارات کی بنیاد رکھی جو عام طور پر جھیل ڈل کے کنارے واقع ہیں۔ اس طرف ایک باغ لگانے کی خواہش کی تو جہانگیر نے فوراً شہزادہ خرم میں ایک خاص بلکہ تعمیرات دیکھ کر اس کی تعمیر کو اس کی تفویض میں دیدیا جسے اس نے نہایت دلچسپی اور خوشی سے اپنے ذمے لیا۔ جب یہ باغ نہایت احتیاط سے تیار ہوا تو اس کا نام فرح بخش رکھا گیا اور اسی مقام کا نام شالیمار تھا جس کا معنی محل عیش ہے۔ ایک سڑک تیس گز چوڑی اس باغ میں تیار کی گئی۔ نہایت قابل معماروں نے شہزادہ کے حکم کے مطابق ہر ایوان کے آگے پانی کا حوض تعمیر کیا۔ اور اس باغ کو سیراب کرنے کے لیے شاہ نہر لائی گئی۔ مؤرخین کا بیان ہے کہ اس مقام کے حسن کو کما حقہ بیان کرنے کے لیے ان کے قلم عاجز ہیں۔

۱۰۳۷ھ میں وہ ابھی دکن میں تھا کہ اس کو اپنے والد جہانگیر کے انتقال کا علم ہوا جو کشمیر کے راستہ میں لاہور سے کچھ فاصلہ پر ہوا۔ اس کی نعش کو واپس لایا گیا اور راوی کے کنارے دفن کیا گیا۔ اس نے اپنے دادا بابر کی طرح نصیحت کی تھی کہ اس کے مقبرہ کو کھلی ہوا میں بغیر گنبد تعمیر کیا جائے تاکہ برکاتِ الٰہی سے محروم نہ ہو جائے۔ بے شک اس نے اپنے والد کا ایسا ہی مقبرہ تعمیر کر کے اس کی آخری نصیحت کو پورا کیا۔ اور اس کے تعویذ کو پرچین کاری کے اعلیٰ نمونہ سے مزین کیا جو اس سے پیشتر ہندوستان میں کہیں ایسی نہیں کی گئی تھی۔ شاہجہاں نے اپنے ساتویں سالِ عہد حکومت میں کشمیر جاتے ہوئے اس مکمل مقبرہ کا معائنہ کیا۔ اس کے

حافظوں کو بے شمار انعام واکرام عطا کیے اور محتاجوں کو خیرات کثیر سے مالا مال کیا۔

جب اس نے عنانِ حکومت کو سنبھالا تو اس نے رسم جھروکہ درشن کو برائے درشن عوام زیادہ فروغ دیا اور خاص توجہ دی جسے دراصل اکبر نے ایجاد کیا تھا اور جس سے ہر خاص وعام بادشاہ کے دیدار سے مستفیض ہو سکے۔ چنانچہ اس نے ایک نیا جھروکہ شاہی جاہ وحشمت کے مطابق خود ایک عجیب و غریب طرز کا تجویز کیا۔ اس کے تین اطراف میں ایک مجرجالیدار کھڑکی کی صورت میں تعمیر کیا جسے ہندوستانی زبان میں کٹہرہ کہتے ہیں۔ اس کے درمیان میں ایک چاندی کا جنگلہ قدِ آدم ترتیب دیا اور اس کے تین راستے پہرہ داروں سے محفوظ تھے تاکہ کوئی بغیر اجازت داخل نہ ہو سکے۔ اس ایوان کے ہر ایک اور کافی وسیع مربع صحن سرخ پتھر کا تھا جس کا ہر ضلع پچاس گز تھا جو تین ضلعوں پر مشتمل اور قیمتی کپڑوں کے پردوں سے آراستہ تھا۔ دو صد منصب اور دیگر منصب کے درباری عام طور پر وہاں سکونت رکھتے چاندی کے جنگلہ کے اندر اعلیٰ منصب والے اور بڑے بڑے رؤسا نشست اختیار کرتے۔ اسی طرح تھوڑے ہی عرصہ میں ایسے دیوان اس کے خاص فرمان سے سلطنت کے دوسرے بڑے بڑے شہروں میں تیار کیے گئے۔ چنانچہ لاہور میں ایک بلند ایوان چالیس کھنبہ کا تیار ہوا مع ایک دلنشین ایوان زائد کے جو بادشاہ کے لیے مخصوص تھا، جو ستر گز لمبا اور تیس گز چوڑا تھا۔ یہ تمام تعمیرات چالیس روز کے اندر اندر تیار ہوئیں جن سے ماہرین کے ہاتھوں کے طوطے اڑتے ہیں یعنی ۲۵ ذوالحجہ ۱۰۴۲ھ میں تعمیر ہو گئے جبکہ اس کی سلطنت کا ابھی آغاز تھا۔

آگرہ سے لاہور تک

شاہجہاں نے چھٹے سال عہد لاہور کشمیر کا ارادہ کیا۔ آگرہ سے نکل کر دہلی آکر قلعہ سلیم گڈھ جو سلیم خاں پسر شیر خاں افغان کا تیار کردہ ہے قیام کیا۔ یہ دریائے جمنا کے کنارے جو حالات کی وجہ سے نامکمل رہ گیا تھا اور جہانگیر نے اس کی مرمت کی اور یہاں عمدہ عمارت تعمیر کی تھی۔ وہاں سے نکل کر پالم کے ایک طرف اپنی عمارت عالی تعمیر کردہ میں قیام کیا اور شکار کا خوب حظ اٹھایا:

چوں شاہجہاں پادشہ کشور گیر — افگند کہ بصید گاہ پالم بخیر
روزے بہ تفنگ خاصیاں چیل آہو — افگند کہ نفگند بیک صید دو تیر

نچہ ۲۶ رماہ الٰہی ۱۰۴۳ھ کو بادشاہ انبالہ پہنچا جو حضور کی جاگیر میں شہزادگی کے زمانہ میں تھا اور وہاں
نے عمدہ عمارات تعمیر کی تھیں اور مدت مدید کے بعد وہاں آکر اس باغ میں جو اس کے شہزادگی
کے زمانہ میں لگایا گیا تھا خیمہ لگایا، اور ان مکانات کو حضور نے ابتدائے جلوس سے بیگم صاحبہ کو
حمت کر دیا تھا اور وہاں بیگم صاحب کے شایانِ شان کوئی عمارت نہ تھی اس وجہ سے حضور نے فوراً
قصدیانِ اہتمام کو انبالہ میں نشیمن دل نشین کی تعمیر کے لیے فرمان صادر کیا۔

۲۹ رتاریخ کو سرہند آکر باغ حافظ رحمتہ میں قیام کیا جو اکبر کے زمانہ کی تعمیر تھی اور جہانگیر کے عہد میں اس
نہایت عمدہ مرمت و ترتیب ہوئی تھی۔ اس کے درخت رشکِ طوبیٰ و سدرہ آسا بن کر انتہائے کمال
پہنچ گئے تھے خاص کر حضور کے آنے سے ان کی طرف خاص توجہ ہوئی۔ اور نشیمن دلکش و دلنشین میں
رب رونق ہوئی۔ چونکہ لاہور ابھی فاصلہ پر تھا اس لیے نوروز وہیں منایا گیا اور شاہجہان کے فرمان سے
لاب کے کنارے جو جہانگیر کے باغ کے متصل تھا محفل قائم کی اور خوب چراغاں کی گئی۔ چونکہ یہ زمین
ال نزہت کی وجہ سے خاطر پسند اور دلنشین تھی اس لیے دیانت خاں دیوان و فوجدار سرہند کو حکم
ا کہ نشیمن عالی عجیب و غریب طرز و بناوٹ کے اس سرزمین میں تعمیر کیے جائیں۔ جس کے ایک طرف
غ اور دوسری طرف تالاب ہو۔ یہ نئی طرح اور نقشہ بدیع روئے زمین میں کسی نے پیشتر نہیں دیکھا تھا
۱۰۴۴ھ میں یہ میر علی اکبر کروری سرہند کے اہتمام میں بن کر تیار ہوئے۔ ⊗

لاہور

لاہور میں پہنچنے پر صوبہ دار دزیر خاں اور دیگر امرا نے بادشاہ کا نہایت شان و شوکت سے استقبال
یا اور بادشاہ لاہور کے باہر ہشیار خاں کے تالاب کے کنارے شامیانہ میں مقیم ہوا۔ اور روضہ
جنت مکانی جہانگیر پر ادائے حق تعظیم کے لیے حاضر ہوا جس کے بعد لاہور کی شاہی عمارات جن کی
عرصہ سے پرداخت نہیں کی گئی تھی خوب معائنہ کیا خاص کر دولت خانہ دارالسلطنت یعنی قلعہ لاہور کی
مرمت وغیرہ عرصہ سے نہیں ہوئی تھی بادشاہ کی تمام توجہ اس طرف مبذول ہوئی۔ اس بنا پر عمارات
غسل خانہ و خواب گاہ کی طرح وضع بادشاہ کے پسند خاطر نہیں تھی اور توجہ خاص کے محتاج تھے۔
ہندسہ پرداز معماران نے حسب الامر عجیب و غریب منظور شدہ نقشہ کے مطابق کام شروع کیا اور

⊗ یہاں سے آگے صـ۵۵ و صـ۵۶ پر ملاحظہ ہو۔

وزیر خاں و دیگر اہلکاروں کو فہمائش کی گئی کہ کشمیر سے واپسی تک اختتام کو پہنچ جائیں۔ شاہ برج کی عمارات طرح و روش ہندسہ جو جہانگیر کے زمانہ کی تعمیر تھیں ان کو گرا کر زمین کے برابر کر دیا گیا اس کے لیے ایک اور نقشہ جو بادشاہ کا منظور شدہ تھا جس کی تمام ہدایات وغیرہ یمین الدولہ آصف خاں نے جو اس امر طراحی و تصرف میں ید طولیٰ رکھتا تھا بادشاہ کے فرمان کے مطابق اس بڑے نقشہ پر اپنے دستخط ثبت کر کے ہدایات و اشارات سے مہندسوں کے سپرد کیا تاکہ وہ ان ہدایات کے مطابق عمل کریں۔ شاہ برج قلعہ لاہور کو سرانجام دینے کے لیے جو کمال وسیع اور عظیم الشان تعمیر ہوا اور جس کے لیے مصالح عمارت ہر طرح سے مہیا کیا گیا جسے معماروں کی اصطلاح میں لائی کہتے ہیں۔ چنانچہ سہ لک خشت پختہ صرف ہوئی اور کمال اہتمام سے اختتام کو پہنچا بلکہ مدت مقررہ کے اندر اندر تعمیر ہو گیا۔ اسی اثنا میں یمین الدولہ نے شہر پناہ قلعہ لاہور کی طرف میدان نخاس کے کنارے جو اس شہر کے مجمع فضلائے کبار کا مرکز ہے ایک رفیع العماد عمارت کی بنیاد رکھی جس پر بیس لک روپیہ دس سال کے عرصہ میں خرچ ہوا تھا اور نہایت اہتمام سے ختم ہوئی۔ اسی وجہ سے اس نے تحصیل یمن و برکت اور تکمیل قدر و منزلت حضور پر نور بادشاہ سے اس عالی منزل مظہر حسن، قصور منازل کے افتتاح کی درخواست کی جسے اس نے بطیب خاطر منظور فرمایا۔ یہ مسلمہ امر ہے کہ اس سے پیشتر ایسا کوئی مکان روئے زمین میں تعمیر نہیں ہوا تھا۔

۱۰۴۹ھ میں علیمردانخاں کی تجویز پر کانگڑہ کے پہاڑوں میں موضع راجپور سے نورپور کی طرف سے ایک نہر لاہور تک لائی گئی مگر یہ نہر کچھ کامیاب نہ ہوئی۔ چنانچہ ملا علاء الملک تونی جسے پانی کے لیول کے متعلق وقوف خاص تھا علیمردانخاں کی نہر کو محض ہ کر دہ بحال رکھ کر تیس کروہ نئے راستہ سے تیار کر کے وافر پانی لایا گیا۔ چنانچہ ملا محمد صالح لکھتا ہے کہ سولہویں سال سے تا حال تیسویں سال حکومت تک پانی وافر برابر آتا ہے۔ کشمیر سے واپسی پر ۱۰۵۰ھ میں پھر اس نہر کا ملاحظہ کیا جب کہ نہر شہر کے نواح میں آ چکی تھی تو خلیل اللہ خاں ناظم لاہور کو حکم ہوا کہ معماروں کے اتفاق سے نہر کے کنارے ایک باغ مح آبشار خاطر خواہ جس میں حوض، نہریں، آبشار ہوں ترتیب دے۔ کیونکہ شیخ حسین وہدہ کے مکان کے نزدیک اس باغ کی کیفیت کو واضح کیا گیا اور اس وجہ سے سوم ربیع الاول ۱۰۵۱ھ کو اس کی بنیاد رکھی گئی اور ۲۴ جمادی الاول سال مذکور کو اس کے اندر اشجار اثمار کے نشان وغیرہ لگائے گئے جن میں سے انبہ، شاہ آلو، زرد آلو، شفتالو، آلوچہ کوچہ سلطانی، ناشپاتی، سیب، بادام، بہی، توت، بیہدانہ، نارنج، کولہ، و دیگر فواکہ اور سرو،

چنار و اصناف نہالِ گل و ریاحین لگائے گئے۔ چنانچہ یہ باغ لاہور میں جس کا نام شالامار مشہور ہوگیا تھا خلیل اللہ خاں کے اہتمام سے (۱۰۴۲ھ میں) شروع ہوا تھا۔ ایک سال چار مہینے پانچ روز میں تیار ہوگیا۔ اس پر چھ لاکھ روپیہ صرف ہوا۔ ۷ شعبان ۱۰۵۲ھ کو بادشاہ نے اس کا معائنہ کیا اور نہایت محظوظ ہوا۔ اس باغ کے تین طبقے ہیں۔ اوپر کے طبقہ کا نام فرح بخش، دوسرے حصہ کا نام فیض بخش، عجیب و غریب آبشار، حوض و نہریں مع فوارے، حمام و نشیمن و دلنشین اس میں تعمیر ہوئے مگر افسوس کی بات ہے کہ اکثر منازل باغ کو اب ہم اصلی حالت میں نہیں پاتے اور کافی تبدیلی واقع ہو چکی ہے۔

۱۰۵۱ھ میں آصف خاں کا لاہور میں انتقال ہوا اور بادشاہ نے روضہ جنت مکانی جہانگیر کے مغرب کی طرف متصل زمین چوک جلو خانہ میں دفن کیا گیا۔ اس روضہ کی اصل معاصر تفصیل یہ ہے جسے آج کی موجودہ عمارت سے بخوبی مقابلہ کیا جا سکتا ہے کہ کس قدر اسے سکھوں کے زمانہ میں نقصان پہنچا ہے جسے کنہیا لعل مؤلف تاریخ لاہور نے بھی تسلیم کیا ہے۔ اس کا بلند گنبد سنگ مرمر کا ہے اور سطح زمین سے پائکارتک ثمن ہے۔ قطر اس کا پندرہ ذراع اضلاع ہشت گانہ ہیں۔ اندر کی طرف آٹھ نشیمن اور باہر کی طرف آٹھ پیش طاق ہر ایک طول میں سات گز اور عرض میں چار اور ارتفاع میں گیارہ بطرح نیم ثمن۔ ان میں عجیب و غریب کاشی کاری کی گئی ہے جو شاہجہان کی دیگر عمارات میں کم نظر آتی ہے بلکہ وثوق سے کہنا چاہیے کہ براہ راست ایران سے لاکر بصورت ٹائل یہاں لگا دی گئی ہے۔ اس عمارت کا ازارہ اندر کی طرف سنگِ مرمر کا ہے۔ اور باہر کی طرف سنگ ابری کا۔ اس کے اکثر سنگِ مرمر کی سطح پر سنگِ ابری، زرد اور طرح طرح کے رنگین پتھروں سے پرچین کاری کی گئی ہے۔ بالخصوص قبر کا تعویذ قابلِ ذکر ہے جس پر اب بھی پرچین کاری کے آثار موجود ہیں اور آیاتِ قرآنی اور ۹۹ اسمائے الٰہی بطریقِ پرچین کاری اس میں منقش ہیں۔ عمارت کا فرش طرح طرح کے پتھروں کا ہے جن میں گرہ بندی ہے۔ گنبد کے گرد ثمن چبوترہ ہے جس کا قطر ساٹھ ذراع ہے جو سراسر سنگِ سرخ کا بنا ہوا ہے۔ اس کے جہاتِ اربعہ میں چار حوض ہیں جن میں سے ہر ایک کا

ول نو ذراع اور عرض ساڑھے سات۔ یہ عمارت چارچمن کے وسط میں بنائی گئی ہے۔ جن کا طول ش ۱۷
رض سو ذراع ہے۔ اس مقبرہ اور روضہ جہانگیر کے درمیان جلوخانہ کی عمارت مشترک ہے۔ اس روضہ کی
ربی دیوار میں ایک مسجد ہے اور اس کے شرق جلوخانہ میں بھی ایک جامع مسجد ہے۔ جن کے ماتھے پر سنگی
ت کاری کی گئی ہے۔ اور جنوبی سمت کے وسط میں عمارت کا عالی شان دروازہ ہے جس کے مثل
ی کے مقابل شمال رویہ بھی ہے ان پر بھی کاشی کاری کی ہوئی ہے۔ یہ تمام عمارات چار سال میں تین
کھ کی لاگت سے تیار ہوئیں۔ در اصل اس جلوخانہ کو سرائے بھی لکھا ہے۔

شمیر

میں نے عمداً اس سے پیشتر کشمیر کے آثار خیر کے متعلق کچھ بیان نہیں کیا کیونکہ میرا ارادہ تھا کہ
ن کے متعلق ایک ہی موزوں مقام پر مفصل اور مجمل بیان کر دیا جائے کیونکہ شاہجہان اور اس کے
ؤ اجداد نے کشمیر کو نہایت عظیم الشان عمارات سے مالامال کر دیا جو ان سے پیشتر کسی عہد میں
یر نہیں ہوئی تھیں۔ اور یہ مبالغہ نہیں بلکہ واقعہ ہے کہ مغلوں نے کشمیر کی شان کو دوبالا کر دیا۔ مسلمانوں
ی ابتدا یہاں ۱۳۴۹ء میں شمس الدین طاہر مرزا کے اقتدار سے ہوتی ہے۔ اور کشمیر کو ہندوستان کے
اتھ بحیثیت ایک ہندوستانی حصہ ہونے کے کسی قدر جغرافیائی غلطی ہے۔ کیونکہ غور سے
یکھنے سے معلوم ہوگا کہ یہ در اصل پاک تانی سرحد کا حصہ ہے اور ثقافتی اعتبار سے بھی اس کے
ام شواہد ملتے ہیں۔ یہاں جو فن تعمیر نمودار ہوا اس کو ماہرین نے تین حصوں قبل مغل، لکڑی کی عمارات
ل طرز میں تقسیم کیا ہے۔ ان میں سے اول کا سب سے بہترین نمونہ روضہ والدۂ سلطان زین العابدین
ہے جو اگرچہ ایک ہندو مندر کی کرسی پر تعمیر ہے مگر تاہم یہ ایک خالصاً اسلامی عمارت ہے۔ یعنی
ب درمیانی گنبد کے گرد چار چھوٹے برج ہیں جس کا ابتدائی نمونہ سامانی سلطان کا روضہ بخارا میں ہے
ں روضہ والدہ زین العابدین پر عمدہ کاشی کاری کا کام ہے جو غالباً اسی حالت میں کاشان سے حاصل
یا گیا ہے۔ مگر لکڑی کی عمارات سے متعلق عرض ہے کہ اس کے آثار بھی ابتدائی اسلامی دور سے
تے ہیں اور بری پربت کے کاٹھی دروازے کے کتبہ سے ہم اس نتیجہ پر پہنچتے ہیں کہ اکبر نے دو سو
ریگر ہندوستان سے قلعہ کی تعمیر کے لیے ارسال کیے تھے۔ مگر سب سے قدیم نمونہ لکڑی کے کام کا

مدینہ مسجد ہے جس پر ۱۴۱۴ء کا کتبہ موجود ہے جو بہترین نمونہ فن ہے۔ یہ نہایت عمدہ توازن و پنجروں وجالیوں سے اور طرح طرح کے نقش و نگار سے منبت کاری میں تمام لکڑی کی تعمیر ہے۔ اور خالص اسلامی ہیں۔ مگر ان کی کاریگری میں وہی مقامی اسلامی روایات کا بہت لحاظ ہے کیونکہ اسلامی یا مغل عمارتیں جو ہند میں عام طور پر ملتی ہیں انہیں کے نقشِ قدم پر کشمیر میں تعمیر ہوئیں۔ محض مصالح کا فرق ہے جس پر مقامی خصوصیات کا ضرور اثر ہوتا ہے یعنی وسط ایشیائی عنصر عیاں ہے۔

جب شاہجہاں ساتویں سال عہد حکومت میں کشمیر کے نواح میں داخل ہوا تو اس نے فوراً نئی تعمیرات اور پرانی تعمیرات میں اضافوں و مرمت مفاد عامہ کے لیے فرمان صادر کرنے شروع کر دیے کیونکہ کشمیر کے راستے اجنبی اور عوام کے لیے غیر محفوظ تھے اس لیے اس نے فوراً بے شمار سرائیں اور گذرگاہیں اپنے خاص انداز میں تعمیر کیں جن سے عوام کو بہت سہولتیں مہیا ہوگئیں۔ شاہجہاں نے جو خاص توجہ اس ضمن میں کی وہ قابلِ بیان ہے جسے مسٹر نکولا نے خوب بیان کیا ہے:

"ایک اور ضروری شعبہ فنِ تعمیر جس میں مغل سبقت لے گئے ہیں اور اس کا سری نگر پر خاصا اثر ہے۔ ان میں باغات خاص کر قابلِ بیان ہیں۔ جہانگیر اور شاہجہاں کے زمانہ سے ڈھل جھیل کے کنارے وسیع باغوں کا ایک سلسلہ تھا ان میں سے آج محض تین کسی قدر اپنی قدیم شان و شوکت کو بحال رکھتے ہیں یعنی شالیمار، نشاط باغ، اور چشمہ شاہی۔ جہانگیر کا باغ، اچھہ بل اور مثمن مجر جو اس نے چشمۂ ویرناگ کے گرد تعمیر کیا ابھی تک اسی حالت میں ہے۔ یہ باغات طرز میں لاہور کے باغ شالیمار دہلی وغیرہ کے مانند ہیں مگر اس قدر باغات ایک گروہ میں کہیں نہیں ملیں گے جس قدر سری نگر میں ہیں۔"

خوش قسمتی سے شاہجہاں کی تمام تعمیری جد وجہد کا مکمل بیان عمل صالح و بادشاہ نامہ اور دیگر شعرا دربار کے کلام میں یوں ملتا ہے:

"لاہور سے بھنبر تک راہ ہموار ہے آٹھ منزل و ۳۲ کروہ۔ بھنبر سے کشمیر تک کوہستان ہے بارہ منزل و ۴۷ کروہ۔ پہاڑوں کے سبب سے اکثر جگہ گذرنا دشوار ہے۔ ان بارہ منزلوں میں سے گیارہ منزلوں میں جہانگیر نے ایک ایک عمارت وضع اور شکل میں خاص بنائی ہے۔ اور مہندسانِ ہند

ا اسے غسل خانہ و محل سرا و خواص پورہ پر مشتمل تعمیر کیا ہے۔ ان منازل کے نام یہ ہیں جسے مقامی لوگ
ں کہتے ہیں۔ جوگی ہتی، نوشہرہ، چنگتر ہتی، راجور، تھنہ، بیرم کلہ پوشانہ لدھی۔ محمد قلی، ہیرہ پور،
جہ مرگ، خانپور۔ شاہجہاں نے ہر لدھی کی مرمت ظفر خاں ناظم کشمیر کے سپرد کی۔ ایک جلوس کی
ت میں ترتیب دے کر بوجہ تنگی راہ ایک دوسرے کے پیچھے سفر کیا اور آتے ہی منزل جوگی ہتی
ی قیام کیا تھا۔ دوسرے روز یہاں سے کوچ کیا اور منزل نوشہرہ میں آکر قیام کیا۔ یہ قصبہ خاصہ آباد
ے اس کے باہر اکبر کے حکم سے ایک قلعہ سنگ دھاراج سے کمال استواری میں تعمیر ہے۔ پہاڑ
امن اور ندی کا شفاف پانی عمدہ نظارہ پیش کرتے ہیں۔ یہ قصبہ ظفر خاں کی جاگیر میں تھا اس لیے
ں آرام کیا۔ یہاں سے کوچ کر کے ساڑھے چار کروہ کی مسافت طے کر کے چنگتر ہتی میں منزل کی۔
نیکہ اسی طرح تمام منزلیں طے کرتے ہوئے منزل خانپور میں پہنچے جہاں سے کشمیر پنج کروہ مسافت
اسے طے کر کے ۱۸ ذی الحجہ کو کشمیر کی طرف متوجہ ہوئے جو ورود مسعود کے پرتو سے طارم
م ہوگیا۔ یہاں پر معاصر مورخین نے بہت ہی مبالغہ آمیز شاعرانہ طور پر کشمیر کی ہر حیثیت سے تعریف
ہے:

سپہرش خانہا رنگین از لالہ — چو از نیخا بہا چشم پیالہ
زدہ گل بر سر دیوارہا صف — ز سنبل روی دیوارش مزخرف

ے جہلم جس کا منبع چشمہ ویرناگ ہے جو پنجاب کے پانچ دریاؤں میں سے ایک ہے۔ اس دریا پر
یت مضبوط لکڑی کے دس پل گچ و آہک سے آراستہ ہیں جسے کشمیری لوگ کدل کہتے ہیں۔ ان میں
ے چار تو شہر میں واقع ہیں ان میں سے ایک زین العابدین کا بنایا ہوا ہے۔ اس کے علاوہ ایک
ب شہر کے مشرق میں ہے جو فرط نقش و نگار گلہائے رنگا رنگ و انبوہی انواع سبزہائے مختلف
کال سے مالا مال ہے۔ اسے کشمیری لوگ ڈل کہتے ہیں۔ ہر کس و ناکس اس کے نظارے کے لیے
ہے اس کے مثل دنیا بھر میں نہیں ہے۔ سرتاسر کشمیر از کثرت اشجار و انہار، تالاب ہا و حوض ہا سے
ظیم الشان باغ کے مانند ہے جس کی خیاباں درخیاباں پانی کے اندر واقع ہیں اور یہی حالت اس کے
طہ ہفت کروہ جریبی میں ہے۔ بے شمار اقسام کے درخت، پھل، پھول چار سو نظر آتے ہیں۔ اس
کا خاصہ سواری کشتی ہے جو ہر سو پانی کی وجہ سے ہے۔ اور ان کشتیوں کو نہایت سلیقہ سے منقش و

زیب وزینت کر کے کئی قسم کی پوشش سے ملبس کیا ہوا ہے جن کی پشت طاؤس اور چشم خروس کے مانند ہے۔

یہاں باغ فیض بخش و فرح بخش کو حضرت صاحب قران ثانی نے ایام شہزادگی میں سرزمین شالامار بہشت بریں کے نقشہ پر تیار کیا تھا۔ اس کی ہر خیاباں سی صد دو گز ہے اور اس کا عرض اکتیس گز ہے۔ اور باہر کی خیاباں ایک ہزار تین سو اٹھانوے گز ہے اور اس کا بھی عرض اکتیس گز ہے۔ ایک اور نہر دس گز چوڑی شاہجہاں کے فرمان سے درمیان میں تیار کی گئی ہے جس کا پانی دور دراز چشمہ کوہ بہماک سے آتا ہے اور خیاباں کے ہر دو طرف چنار، سفیدا کے درخت دو دو گز کے فاصلہ پر ہیں اس وقت تک بدرجۂ کمال تک پہنچ گئے ہیں۔ باغ کے وسط میں دو سہ چار عمارات عالی، نشیمن ہائے دلنشیں نہایت صاف وزیب وزینت سے آراستہ ہیں۔ اور ہر نشیمن کے آگے حوض کلاں تیس گز مربع آبشاروں اور جوش مارتے ہوئے فواروں پر مشتمل ہے۔ اس باغ کے چاروں طرف پتھر کے چار دروازے ہیں:

بود مشکل گذشتن از یں رہ تنگ — دریں رہ راز نقشیست بر سنگ
از رہ چوں نواں رفتن سلامت — کہ در ہر گام دارد صد قیامت
گشن آسودہ از صوت ہزار است — کہ مدہوش از صدائے آبشار است
کہ فوارہ سر بر اوج سودہ — نگار ساعد سیمیں نمودہ
ندیدہ در جہاں کس ایں چنیں جائی — فرح بخش و فرح ناک و فرح زائی
چو محراب درش را سرو دیدہ — مؤذن وار قامت کشیدہ (قدسی)

یہاں سے گذر کر نشاط باغ ہے جسے نواب آصف خاں نے تعمیر کیا ہے۔ یہ باغ جنت آئین کے دستور پر ہے۔ اس کے اندر بلند عمارت نشیمن ہائے دلنشین والی ہے اور ہر طبقہ میں نہر جاری ہے۔ آصف خاں نے اس مقام کو آصف آباد سے موسوم کیا ہے اس سے پیشتر بوجہ کثرت ماہی مچھی بھون کہتے تھے:

چوں آمد سوی باغ آصف آباد — سلیماں ملک خود را رو نما داد
دریں چشمہ نماید عکس زنگی — چو از اسپہا نقش فرنگی

غرضیکہ آصف خاں نے خوب غایت دلکش و خوب طرح و مرغوب باغ تعمیر کیا جہاں بادشاہ تین روز

مقیم رہا۔ اپنے قیام کی دوسری شب وہاں بادشاہ کے حکم سے چراغاں کیا گیا جس کے عکس نے حوضوں میں بہت لطف دیا۔ چوتھے روز وہاں سے کوچ کر کے صاحب آباد میں آکر قیام کیا۔ یہاں بادشاہ نے ۱۰۵۱ھ میں چند عمارات دلپذیر بنیاد کیں جن میں سے قابل ذکر غسل خانہ، درشن خاص و عام، خواص پورہ، حمام، چشمہ کے اوپر ایک چھوٹا سا حوض جس میں پانی جوش مارتا ہے اور بیگم صاحب کے فرمانے کے مطابق ایک ایوان مرتب کیا جس کے اطراف میں دلکش منزلیں قائم کیں اور صاحب آباد بھی جہاں آرا سے منسوب ہے۔

کشمیر میں ایک باغ بیگم صاحب کا وجود میں آیا جسے جواہر خاں خواجہ سرا نے تعمیر کیا۔ اس میں تمام حرم سرا کی عورتیں جمع ہوئیں اور انہوں نے اس باغ کا خوب حظ اٹھایا۔ اس میں ایک نشیمن چار طاق والا ہے جسے ہندی میں راوٹی جوگی کہتے ہیں۔ کمال نزہت افزا دلچسپ تعمیر کیا گیا ہے۔ ہر سو، روبرو خیاباں و چار چمن گل و سرو برگ و سمن ہیں۔ در و دیوار و سقف نہایت عمدگی سے آراستہ کیے گئے ہیں۔ اس کے فرش پر عمدہ عمدہ قالین بچھائے گئے ہیں۔

چوں می پرسی حدیثِ باغ اچول — ارم بر سینہ دارد داغ اچول
چو آمد سوی باغ بیگم آباد — صبا در رعشہ جاوید افتاد (قدسی)

باغ صفا جو تال صفا پور پرسات کروہ کے فاصلہ پر واقع ہے:

بود جام جہاں بیں گرچہ پر نور — ندارد نور تالاب صفا پور
روانِ کوثر ہمچو آب لار است — مگر از جوی شیریں یادگار است
لبالب گشتہ بحر از لولو تر — در و کشتی رواں از آب گوہر

ایک باغ کرن ہے جو شاہجہاں سے زمانۂ شہزادگی میں متعلق تھا جسے اس نے شہزادہ داراشکوہ کو مرحمت کر دیا تھا اور اس مقام کو شاہ آباد نام دیا گیا تھا:

بود برجے بباغ شہزادہ — کہ با قدرش بود گردوں نہادہ
فضای عالمی قدس از ہوائش — قرار ربع سکوں از بنائش
طریق مدح ایں گلشن ندانم — کہ در وصفش بود عاجز زبانم

اس باغ کے درمیان میں بر سر آب ایک نشیمن خاطر پسند تعمیر کیا گیا تھا۔ اس میں بادشاہ نے کشمیر سے واپسی پر ایک روز قیام کیا۔ شہزادہ کے ملازمین نے اس کے ہر دو کنارے چراغاں کیا تھا۔ دوسرے روز

بادشاہ موضع اچھول میں کشتی میں سوار ہو کر آیا تو وہاں کی عمارات آپ کے پسند خاطر نہیں تھیں۔ اس لیے چنار کے سایہ میں بر سر آب دو چشمہ عمارات خاطر پسند و منازل فردوس مانند تعمیر کی گئیں اور اس مقام کا نام اسلام آباد رکھا:

صفا نوعی بسنگش نقش بستہ کہ بازار از ہنوردی شکستہ
وزد بر کوہ اگر زیں چشمہ صرصر کند سنگ سیہ را رشک مرمر

کشمیر کے باغ نسیم و افضل آباد اس عہد کی نہایت پر لطف عمارات ہیں۔ ان کے اندر میوہ دار درخت بے شمار ہیں۔ اول تو اعظم خاں اور دوم ملا افضل خاں کی تعمیر ہیں:

نسیم فیض در باغ نسیم است بہشتش از مریدان قدیمست

ایک اور باغ الٰہی جسے یوسف خاں مشہدی نے جو نُبار لار کے کنارے قائم کیا جو کشمیر کی بہترین نہروں میں سے ہے۔ اس کے اندر حوض کے کنارے شاندار چنار کے درخت ہیں:

اگر خواہی کہ رضواں را کنی داغ تلاش باغبانی کن دریں باغ (قدسی)

ایک اور باغ نور افزا ہے جس کی نظیر روئے زمین پر کم ہے جس کے طبقہ زیریں میں دو طبقے ہیں۔ ان میں چار چنار واقع ہیں جن میں سے ہر ایک کی قامت طوبیٰ تک پہنچ گئی ہے بہت بلند ہیں:

بہشت جاودانی نور باغست کہ ایں معمورہ چشم و چراغست
تعالی اللہ چہ باغ دلپسند است کہ ازیں سروش قامتہا بلند است

بادشاہ نے صاحب آباد سے گذر کر دس کروہ کے فاصلہ پر مقام لکھی بھون پر قیام کیا۔ یہاں ابھی تک نشیمن دلنشین پایہ تکمیل کو نہیں پہنچے تھے۔ یہاں اشجار، چنار، سرو صنوبر خوب واقع ہیں اور یہاں چشمہ پر ایک حوض چودہ گز مربع تیار کیا جس کے دونوں طرف نہریں بہتی ہیں۔ اور ان سے اسی مساحت کے دو حوض ملتے ہیں۔ یہاں سے بادشاہ نے بیگم آباد یا صاحب آباد میں واپس آکر کشمیر سے کوچ کا سامان کیا، اور ویرناگ پر آکر نزول یا قیام کیا:

فیض ملک کشمیر است معمور ازیں سر چشمہ با دچشم بد دُور

جس سے نہر برآمد ہوتی ہے۔ یہاں صاحب قران کے فرمان سے اس چشمہ کے کنارے ایک دروازہ حیدر ملک کشمیری نے تیار کیا جس کا طول سترہ و عرض بارہ گز تھا۔ ایک طرف باغ دوسری طرف حوض اور نہر پنج ذراع

3S 1868
3S9SA.022

ں کے درمیان سے گذار دی ہے۔ اس کے ہر دو سروں پر دو طنبی جن میں سے ہر ایک شاہ نشین باغ کی
ف ہے۔ اس ایوان کے ہر طرف سات ایوان ہیں یعنی دونوں اطراف کے چودہ ایوان باغ کی طرف
ں۔ کام نہایت کمال صفائی اور پاکیزگی سے تیار ہوا ہے اور ان عمارتوں کے دونوں طرف پھر نہریں ہیں۔

ہرآباد

غرضیکہ بادشاہ نے پیر پنجال کے راستہ بیر پور سے کوچ کیا اور نوروز کے اندر اندر بھنبر میں وارد
۔ اور اس طرح منزل بہ منزل کوچ کرتا ہوا شکار وغیرہ کھیلتے ہوئے بادشاہ پنجاب وارد ہوا۔ اور سیدھا
آباد کا رخ کیا۔ اور بادشاہ کے استقبال کے لیے یہاں بے شمار امرا دور دراز سے جمع ہو گئے۔ ان
سے قابل ذکر راجہ بیتھلداس۔ مکرمت خاں، میر عبدالکریم داروغہ عمارات و بخشی ہیں اور دار الخلافہ
کو خوب حسب دستور سجایا گیا تھا، اور اسی سال یعنی سنہ ۱۰۴۳ھ میں بادشاہ نے تخت طاؤس پر جلوس
یا جس کی تاریخ سریہ ہمایوں صاحب قرانی سے نکلتی ہے۔ اور یہ داروغہ زرخانہ بے بدل خاں
معرفت تیار ہوا تھا جو صنعت، حکاکی، خوش نویسی و صنائع خصوصی میں وحید عصر تھا۔

بادشاہ ۱۸ شعبان سنہ ۱۰۴۵ھ کو اکبرآباد میں دکن و اجمیر وغیرہ کے سفر سے واپسی پر داخل ہوا تو اس
ے آگرہ کی تمام عمارات جو اس وقت تک تعمیر ہوئی تھیں ان کا ملاحظہ کیا اور ان کی تفصیل یہ ہے۔ دولتخانہ
ں و عام ابتدا میں ایک ایوان پارچہ سے بنایا جاتا تھا۔ جسے ۷۰ ذراع طویل اور ساڑھے پچپن عریض سنگ
رخ کا بنایا گیا۔ مرمر کے صاروج سے سفید کیا گیا اور جھروکہ خاص و عام جو معمولی سا تھا تمام مرمر کا تعمیر کیا گیا، اور
پر رنگارنگ کے قیمتی پتھروں سے پچیں کاری کی گئی۔ اس کی چھت کو سنہری منبت کاری سے مزین کیا گیا۔
روکہ کے عقب میں دولت خانہ خاص تعمیر ہوا جس کو طنبی خانہ کہتے ہیں۔ یہ سنگ مرمر پندرہ گز طول میں اور
عرض میں۔ اس کی دیواریں طرح طرح کے طلائی نقش و نگار سے آراستہ کی گئیں اور اس کے دونوں
ب میں شہ نشین بنائے گئے۔ ہر ایک کی چھت نیم کاسہ کی شکل کی ہے جس میں طرح طرح کی رنگ آمیزی
گئی۔ چھت کو چوب کی پوشش کر کے اس کے اوپر چاندی کی ہندلی کاری کر کے سنہری منبت کاری کی

ئی ہے ۔ اس کے آگے ایک بہت بلند ایوان سراپا سنگ مرمر کا ہے جو ۲۰ گز طول میں اور گیارہ گز عرض
ں دو ستونہ بنایا گیا ہے ۔ اس کے ازارے کے متن میں منبت کاری کر کے حاشیہ پر عقیق اور مرجان و
گیر قیمتی پتھروں سے پرچین کاری کی گئی ہے ۔ اس عمارت کے نیچے تہہ خانے ہیں ۔ اس کے در و دیوار میں
عض جا بجا پر آئینہ بندی کی گئی ہے جو ان میں سے کچھ سونے سے اور کچھ طرح طرح کے رنگوں سے آراستہ
یا گیا ہے یعنی بہترین نمونہ آئینہ کاری ہے ۔ اس خانہ میں دو حوض ہیں جو آبشار چادری سے بھرتے ہیں ۔ اس
سے ایک نہر گیارہ گز لمبی اور ایک گز چوڑی جاری ہوتی ہے ۔ اور جو دو اور حوض ہیں جو اُن سے زیادہ وسیع
یں ان میں گرتی ہے ۔ اس ایوان کا صحن طول میں ۱۴ گز ہے اور عرض ۲۹ گز ۔ اس کے نیچے گھر بنائے گئے
یں اور اس میں اشرفی خانہ ہے ۔ صحن مذبور کے مغرب میں ایک چبوترہ سنگ مرمر کا ہے جس پر موسم گرما
ں آخر روز اور رات کو بادشاہ جلوس سے مشرف ہوتا ہے ۔ صحن کا طول ۶۶ گز اور عرض ۵۵ گز ہے اس
کے مشرق میں ایک تخت سنگ محک کا ہے جو دریائے جمنا پر مشرف ہے اور صحن پائین کے تین طرف
مارت عالیہ پتھر کی بنی ہوئی ہے ۔ جن میں جواہر اور مرصع آلات رکھے جاتے ہیں ۔ اس صحن کے جنوب
ں ایک نشیمن منبت کاری کا ہے چتر کی مانند سنگ مرمر کا چار ستونوں پر ہے اس میں بادشاہ زرین اورنگ
ر جلوس کرتا ہے ۔ دولت خانہ کے محاذی ایک ایوان ۲۵ گز طول میں اور ساڑھے پانچ گز عرض میں ہے
س کے متصل حمام ہے جس میں منازل متعدد ہیں ۔ اس میں اندر و باہر صنعت گروں و ہنروروں نے
عجیب و غریب پرچین کاری ، آئینہ بندی و منبت کاری کی ہیں ۔ وسط خانہ میں ایک حوض کناں پیچ در پیچ
ہے ۔ وہ آئینہ کی مانند صاف ہے ۔ اس کے چاروں اطراف فوارے چھوٹتے ہیں ۔ دریا کی طرف سرد خانہ
گرم خانہ میں جلبی آئینے ایسے لگائے گئے ہیں کہ زیب و زینت بڑھ گئی ہے ۔ دولت خانہ خاص کے متصل
یک پہلی عمارت اکبر و جہانگیر کی بنوائی ہوئی تھی ۔ اس کو مسمار کر کے ایک اور عمارت سنگ مرمر کی بنائی ہے
وہ ہشت خانہ پر مشتمل ہے جس کا قطر آٹھ ذراع ہے جس کے اضلاع پنجگانہ دریا پر مشرف ہیں ۔ وہ نہایت
رنگین و دلنشین ہے ۔ اس کے تین غربی ضلعوں میں تین شہ نشین ہیں ۔ اس کے آگے ایک ایوان ہے ۔ اس
عمارت کے اندر اور باہر پرچین کاری میں طرح طرح کے پتھر لگے ہوئے ہیں ۔ اس شاہ برج کے درمیان دو خانہ
طبنی ہیں جو گوناگوں نقوش طلائی سے مجلی ہیں ۔ اس میں ایک ایوان ہے ۔ اس کے دو رویہ سنگ مرمر ہے ۔ اس
یں سونے کی نقاشی کی ہوئی ہے ۔ بادشاہ کی آرام گاہ ایک ایوان سنگ مرمر کا طول میں ۲۶ گز اور عرض ساڑھے

س گز ہے۔ اس کی دیوار ستونوں کی کرسی تک منبت شدہ ہے۔ اس کی جدولوں پر پرچین کاری میں طرح
رح کے پتھر لگے ہوئے ہیں۔ اس کی چھت پر سنہری منبت کاری کی ہے۔ اس ایوان کے پیچھے ایک اور
کان سنگ مرمر کا طول میں ۵ اگز اور عرض ۸½ گز ہے۔ اس کی سقف و دیوار میں صور و تماثیل منازل آسمانی
کے نمونہ پر بنائی گئی ہیں۔ اس کے دو جانب میں دو شہ نشین ہیں اور اس منزل اور شاہ برج کے وسط میں
گلہ درشن سنگ مرمر کا ہے اور اس پر طلائی نقوش ہیں۔ شاہی آرام گاہ کا صحن اسی گز مربع ہے۔ اس میں ش۴۹
ض ۵ اگز طول میں اور نو گز عرض میں ہے۔ اس میں پانچ فوارے لگے ہوئے ہیں۔ اس کے آگے
ب آبشار چادری ہے۔ اس کے آگے باغ میں ایک چبوترہ ہے اور باغ میں تمام خیاباں سنگ مرمر
ی ہیں۔ آرام گاہ کے پہلو میں ایک ایوان گوناگوں نقوش سے منقش ہے۔ وہ اس عمارت کا جواب ہے
شاہ برج اور آرام گاہ کے وسط میں ہے۔ طبنی خانہ کے عقب کے ایوان میں ایسی ہی رنگ آمیزی
ے جیسی کہ ایوان مشرقی میں۔ اس کے صحن میں ایک بنگلہ ہے جو دریائے جمنا پر مشرف ہے اور وہ
گلہ مبارک کا جواب ہے اور اس کے دو جانب میں دو حجرے ہیں جو طلا کاری اور نقش و نگار سے
ین ہیں۔

دریائے جمنا پر دار الخلافہ اکبر آباد کی بنیاد پڑی تھی مگر اس کے آگے تمام نشیب و فراز تھے اور آبادی کی
ع و طرح ٹھیک نہ تھی۔ قلعہ ارک کے اندر دولت سرای شاہی اور تمام کارخانے سرکاری تھے۔ اس کے
وازے کے آگے کوئی وسعت جلوخانہ کے لائق نہ تھی۔ صبح و شام جو بادشاہ نکلتا اور خلقت کورنش بجالاتی
ز دحام کے سبب لوگوں کو اذیت پہنچتی۔ خصوصاً عیدین اور ایام سرور میں سواری کے وقت ہاتھی گھوڑوں کے
م کے باعث آدمیوں کی جان کا خوف ہوتا اور پھر کوئی جامع مسجد بھی شہر میں نہ تھی جو اس شہر کی شان کے
ق ہوتی۔ بادشاہ نے ان دونوں کمیوں کو پورا کرنے کے لیے قلعہ کے دروازے کے آگے بازار کلاں کی
ف ایک چوک مثمن بغدادی کی طرح طرح جس کا قطر ایک سو اسی ذراع پادشاہی تھا ہر لمبے ضلعے میں چودہ
رے و ایوان اور قصر میں پانچ دکانیں تعمیر کرائیں اور حکم دیا چوک مذکور کے مغرب میں ایک مسجد بنائی جائے
ں کا طول ایک سو تیس اور عرض یک صد ذراع پادشاہی ہو اور قبلہ رخ تین گنبد بنائے جائیں اور باقی تین اطراف
پچاس ایوان ہوں اور صحن اس کا اسی گز مربع ہو۔ وہ سرکار خاصہ سے بنائی جائیں۔ مگر بیگم صاحب نے
ت سے عرض کر کے یہ خرچ اپنے ذمہ لیا یعنی اس کی تعمیر بیگم صاحب کی تعویض میں تعمیر ہوئی۔ اور جو مکان اس

اس میں آئے اس نے بعض مالکوں سے ان کی جگہ قیمت دے کر خرید لی اور بعض کو ان کے بدلے جگہ دیدی۔ غرضیکہ ان کے مالکوں کی رضامندی سے جگہ حاصل کر کے عظیم الشان مسجد تعمیر ہو کر ۱۰۵۸ھ میں ختم ہوئی۔

افسوس اس امر کا ہے کہ آج یہ تمام تعمیرات دار الخلافہ اکبر آباد میں بہت کم اصلی حالت میں باقی رہ گئی ہیں اور اکثر مفقود ہیں۔ شکر کا مقام ہے کہ مسجد باقی ہے۔

قلعہ آگرہ میں شاہجہاں کی مشہور مسجد جس کا نام آج اس کی خوبصورتی و نزاکت کی وجہ سے موتی مسجد پڑ گیا ہے جس پر سہ لک روپیہ خرچ ہوا تھا ۱۰۶۴ھ میں سات سال کے عرصہ میں انجام کو پہنچی۔ بادشاہ نے نہم ذی الحجہ کو اس کا ملاحظہ کیا۔ اس کے تین گنبد ہیں ہر ایک کا قطر نو گز اور اکیس چشموں پر حاوی ہے۔ تین قطاروں میں چھ برج ہیں ہر ایک متثمن گنبد چار ذراع قطر والا ہے۔ مسجد کا طول ۵۶ ذراع اور عرض ۲۱ اور اس کی کرسی سنگ مر کے صحن سے ایک ذراع۔ اس کے شمال و جنوب میں دو طبنی خانے ہیں۔ ہر ایک ۱۷ اور ½ ۳ گز ہے۔ اس کی پیشانی پر سنگ سیاہ میں نہایت عمدہ کتبہ خط نسخ میں پر چیں شدہ ہے۔ اور مسجد کا صحن سطح زمین سے گیارہ گز بلند ہے۔ اس کے وسط میں ایک حوض دہ در دہ گز ½ ۲ گز عمیق ہے جس میں فوارے جوش مارتے ہیں اس کے اضلاع سہ گانہ ہیں۔ ایوان سنگ مرمر کے ہیں۔ اس عمارت کے نیچے باہر کی طرف دو طبقہ سنگ سرخ کے ہیں۔ ایوانوں کی کرسی کا ارتفاع مسجد کے صحن سے ½ ۲ گز ہے۔ جنوب و شمال کے اضلاع کے درمیان دو بلند دروازے ہیں اور ہر ایک کے اوپر گنبد چار در چار ہے۔ اندرون چھت بشکل کاسہ مرمر کی ہے۔ اور ہر ایک کے اوپر تین چار ترکی سنگ مرمر کے ہیں جن پر سنہری ملمع کے ہوئے کلس لگے ہوئے ہیں۔ مشرقی دروازہ درمیان میں گنبد دار چھ گز در چھ گز اور دو طبقہ نشیمن دل نشیں رکھتے ہیں۔ اس کے اوپر نئے طریق کے گلدستے، کلس تک زریں ہیں۔ ہر ایک کے آگے تین ابواب، دو ایوان باون سیڑھیاں کمال صفائی و خوش نمائی سے مرتب ہیں۔ غرضیکہ یہ مسجد اجابت دعا کا وسیلہ از درگاہ والا باعث بنی۔

کابل

۱۰۵۵ھ میں راجہ جگت سنگھ نے بادشاہ سے عرض کی اگر حکم صادر ہو تو راہ کتل طول سے بدخشاں کے راستہ کو طے کر کے خوست، بسراب و اندراب کو تسخیر کیا جائے۔ بادشاہ نے اس کو منظور فرمایا۔ راجہ جگت سنگھ نے وہاں پہنچ کر محسوس کیا کہ ایک حصار بنایا جائے تاکہ وہاں سے نقل و حرکت فوج ہو۔ چنانچہ اس نے

وہاں سراب و اندراب کے مابین ایک محکم قلعہ چوبیں تیار کیا اور اس کے عمدہ برج نہایت مستحکم پتھر کے تعمیر کیے اور اس میں دو چاہ کھدوائے۔ اس کو خوب سلیقہ سے مختلف انواع آلات آتشبازی از قسم توپ وغیرہ سے آراستہ کیا۔ دائیں درہ کے دو طرف بڑی بڑی شہتیروں سے مستحکم کیے جہاں سے سوار بمشکل داخل ہو سکتا تھا۔ ان کے نیچے تفنگچی کھڑے کیے اور محافظت کے لیے تیرانداز۔ وہاں پہاڑ پر اس سے بہتر کوئی اور مصالح میسر نہیں آسکتا تھا جو اس فوری ضرورت کو پورا کرتا۔ یہ تمام تعمیر ایک سال اور ایک ماہ میں ہوئی۔ سب فوج اور راجہ نے خود ہاتھ میں کدالی اور تیشہ لے کر کام کو انجام دیا۔ پھر خونریز جنگ ہوئی اور اوزبک بھاگ گئے۔

⊗ ——————— ×

سرہند سے لاہور کی طرف جب ہم سفر کرتے ہیں تو راستہ میں کئی پرانی سرائیں شاہانِ مغلیہ کی بنائی ہوئی آج بھی ملتی ہیں جن کا فنِ تعمیر اس زمانہ کی تہذیب کو واضح کرتا ہے کہ کس طرح مسافر اور قافلے ان مقامات پر اترتے اور آرام کرتے تھے۔ چنانچہ حسن اتفاق سے جالندھر پہنچنے سے پیشتر ستلج دریا کو عبور کر کے ایک دو سرائیں پرانی آتی ہیں اور نور محل کے قرب و جوار میں چند مقبرے بھی ہیں اور وہاں سراؤں پر ذیل کے کتبات ملتے ہیں جو ظاہر کرتے ہیں کہ شاہجہاں نے خود یہاں جہانگیر کے زمانہ کی بنوائی ہوئی سراؤں کو درست کیا اور ان کو مزید آباد کیا:

اخذ راہ داری ابواب ممنوعہ بموجب امر نواب زکریا خاں بہادر ناظم صوبہ بعہاف ہر کس از فوجداراں و آبہ بگیر و برزن آں طلاق طلاق طلاق۔

شاہ جہاں بدور جہانگیر بادشاہ — شاہنشہ زمین زمان سایۂ خدا
معمور کرد بسکہ جہاں را بعدل و داد — تا آسماں رسید
نورجہاں کہ ہمدم و ہمساز خاص اوست — فرمود ایں سرائے وسیع سپر سا
چوں ایں بنائے خیر بروئے زمیں نہاد — باد ابنائے عمر ش جاوید بر بقا
تاریخ ایں چوں گشت مرتب بگفت عقل — آباد شد ز نورجہاں بیگم ایں سرا

مغربی دروازہ پر

بدور عدل جہانگیر شاہ اکبر شاہ — کہ آسمان و زمین مثل او ندارد یاد

⊗ اس حصہ متن کو دراصل متذکرہ بالا "لاہور" سے قبل کا حصہ تصور کرنا چاہیے صـ۴۲

بنائے نور سرائے شد بہ خطۂ پھلور — بحکم نور جہاں بیگم فرشتہ نہاد
برائے سال بنائے اش سخنور خوش گفت — کہ شد ز نور جہاں بیگم ایں سرائے آباد
چوں شد تمام خرد گفت بہر تاریخش — بہ شد ز نور جہاں بیگم ایں سرائے آباد

(۱۰۳۰ ہجری)

اس کے بعد شاہجہاں نے کابل کا رخ کیا اور ابھی تک وہاں کی تمام عمارات پایۂ تکمیل کو نہیں پہنچی تھیں۔ ان کا داروغہ غازی بیگ مقرر ہوا اور بادشاہ نے خود علیمردانخاں کی حویلی میں قیام کیا۔ جب یہ تمام عمارات مکمل ہو گئیں جو اپنے گوناگوں نقش و نگار کی تازگی کی وجہ سے چرخ کبود کے مثل تھیں تب علیمردانخاں کی حویلی سے نکل کر وہاں تشریف لاکر تمام محلات و نشیمن و غریب مناظر کی نظارگی دلفریب و فریب رشک میں قیام و آرام کیا۔ چونکہ کابل میں کوئی عمارت شائستہ نزول نہ تھی جس کمی کو محسوس کر کے شاہجہاں نے وہاں ایام شہزادگی میں باغ اور ترتیب دیا تھا۔ مگر اس مرتبہ اسی کے متصل وہاں شاہجہاں نے باغ مہتاب میں عمارات محل و دیوان خانہ برگزیدہ تعمیر کیں۔ یہ دونوں عمارات اعلیٰ طرز کے نقشہ پر تعمیر ہوئیں۔ اور انیسویں سال جلوس میں تمام عمارات جوان باغات میں تعمیر ہو رہی تھیں پنج لک روپیہ میں تکمیل کو پہنچیں۔ ان میں سے دو لک و پنجاہ ہزار روپیہ دولت خانہ مقدس۔ پنجاہ ہزار شہر جہاں آرا، چہار باغ، باغات دیگر اور روضہ حضرت فردوس مکانی بابر بادشاہ پر خرچ ہوا۔ کابل میں جہانگیر کے فرمان سے گچ و آہک لایا گیا تھا اور ابھی ناتمام ہی تھا کہ بادشاہ نے وہاں پانی کی کمی کو محسوس کر کے جنوب رویہ بادلی کو ارک میں داخل کر کے اس کے گرد ایک دیوار بنا دی گئی۔ غرضیکہ شاہجہاں نے بلخ، کابل قندھار، غزنیں میں جس قدر بھی قدیم عمارات شکست و ریخت کی وجہ سے مرمت و سرپرستی کی محتاج تھیں ان کی طرف کما حقہٗ توجہ دی۔ بادشاہ واپسی پر چار باغ میں آیا اور موضع نیملہ میں دلنشین مکان کی تعمیر کا حکم دیا کہ باغ و نشیمن اعلیٰ طرح کے تیار کیے جائیں۔ اس کے اندر سے ایک نہر چار گز چوڑی گذاری جائے۔ یہ عمارات ۱۰۵۷ھ میں مکمل ہوئیں اور اس باغ کا نام فرح افزا رکھا گیا۔ اسی طرح بادشاہ نے واپسی پر حسن ابدال کی عمارات میں قیام کیا جن کی تفصیل کسی قدر احمد معمار کے تحت بیان کر دی گئی ہے۔ ۱۰۵۹ھ میں پھر کابل میں گزر ہوا اور اتفاقاً ان عمارات کی طرف توجہ خاص مبذول ہوئی۔ چنانچہ قلعہ ارک

کابل جو سراسر سنگ و آہک کا ہے دو سال کی مدت میں دو لک روپیہ کے صرف سے غازی بیگ کے اہتمام سے سرانجام ہوا۔ اور قلعہ گئی جو کمال استحکام سے تیار ہوا اس کی فصیل عرض میں پانچ گز اور اونچائی آٹھ گز ہے۔ اس کا محیط چھ ہزار چھ سو گز ہے۔ یعنی شہر کابل کے گرد امیر الامراء علیمردانخاں نے تعمیر کیا ہے جسے بادشاہ نے پسند فرمایا۔ چالیس ہزار روپیہ مزید سے قلعہ غزنیں کی مرمت کی اور تیس ہزار روپیہ قلعہ چاریکار کی بنا کے لیے مرحمت کیا۔

دھلی

بادشاہ شاہجہاں نے سنہ ۱۲ جلوس ۱۰۴۸ھ میں شاہ جہاں آباد دہلی کی بنیاد رکھی۔ جس کے ۱۰۵۸ھ میں مکمل ہونے پر ملاحظہ کے لیے گیا۔ اس کے وجود میں آنے کی خاص وجہ یہ تھی کہ شاہجہاں کو دار الخلافہ اکبر آباد جو جمنا دریا کے کنارے پر تھا اس سبب سے ناپسند تھا کہ اس میں شکست و ریخت و گذر آب اور نشیب و فراز بہت تھے اور شہر میں ان کی وجہ سے ناہمواری تھی۔ اور لاہور اس وجہ سے ناپسند تھا کہ وہ ایک ہی دفعہ اس مطلب کے لیے تعمیر نہیں ہوا۔ رفتہ رفتہ اس کی بنیاد پڑی جیسی کہ ضرورت ہوتی گئی۔ اور اگرہ موجودہ حالت میں ضرورت و مطلب کو بھی پورا نہیں کر سکتا تھا۔ جلو خانے خاص کر بے رخ و بے موقع تعمیر ہوئے تھے۔ جب کبھی وہ استعمال میں آتے اور افواج و جلوس کی زیادہ آمد ہوتی اور فیل و اسپ کا ہجوم ہوتا خصوصاً عیدین و جشنوں کے موقعوں پر تو اکثر ضعیف لوگوں کو آزار پہنچتا۔ دونوں شہروں کے بازار کوچے تنگ و تاریک تھے۔ چنانچہ اس تنگی کو دور کرنے کے لیے شاہجہاں نے ارادہ کیا کہ ایسی عمارت تعمیر کی جائے جس سے خلقت لطف زندگی اٹھائے اور طریق عیش و معاش میں تنگی سے چھوٹ جائے۔ اور اس نے مہندسی معماروں کو حکم دیا کہ وہ کوئی مقام تجویز کریں کہ آب و ہوا کے اعتدال کی صفت رکھتا ہو اور وہاں قلعہ والا کی بنیاد رکھیں۔ انہوں نے دار الملک دہلی میں نور گڈھ (سلیم گڈھ) سے متصل اور پرانی دہلی کی فصیل سے دور جمنا کے کنارہ پر یہ جگہ تجویز کی۔ روز جمعہ ذی الحجہ سنہ ۱۲ جلوس ۱۰۴۸ھ میں استاد احمد و حامد معماروں نے جو اپنے فن میں یکتائے روزگار تھے ایک اندازہ طرح کا نقشہ بادشاہ کے روبرو رکھا جسے اس نے اپنے تصرفات سے منظور کیا جس کے موافق منجمیلداروں نے نیک ساعت میں شب جمعہ نہم محرم ۱۰۴۹ھ کو بنیاد کھودنی شروع کی۔ تمام عالم کے

منتخب سنگ تراش و نجار۔ منبت کار و پرچیں کار سلیقہ شعار بلائے گئے۔ کام کی دیکھ بھال کے لیے غیرت خاں مقرر ہوا جس کے تبدیل ہونے پر مکرمت خاں کی تحویل میں یہ عمارتیں سرانجام ہوئیں جس کے شریک کار عاقل خاں و یوسف خاں تھے:

برلب آب جوں فیض سرشت — کہ بہشتش بود نمونہ زشت
خاکش از خرمی نشاط افزای — دلکش و جانفزا و دیدہ کشای
جائگاہ کزا اعتدالِ ہوا — یافت رنجور چند سالہ دوا
مردہ را آبِ زندگانی دہ — پیر فرتوت را جوانی دہ

آب رسانی کے لیے وہ نہر جو سلطان فیروز شاہ تغلق نے اپنے ایامِ سلطنت میں خضر آباد سے اپنی شکارگاہ مقرری سفیدوں تک بنوائی تھی، اس کے بعد بوجہ مرورِ ایام ناکارہ ہوکر معدوم ہو چکی تھی بادشاہ کے حکم سے علیم دانخاں کے کارندے اسے از سرِ نو منبع سے شاہجہاں آباد تک ہموار کرکے قلعہ تک لائے۔ تمام عمارات شاہجہاں آباد قریب دس برس کے عرصہ میں پایۂ تکمیل کو پہنچیں۔

اس قلعہ کے چار دروازے اور دو دریچے ہیں اور اکیس برج ہیں جن میں سے سات مدوّر اور چودہ مثمن۔ اس کی چار دیواری کا محیط مثمن بغدادی ہے۔ ہزار گز طول میں اور چھ سو گز عرض میں اور فصیل ۲۵ گز بلند مع کنگروں کے ہے۔ کل زمین کا رقبہ چھ لاکھ گز ہے۔ اس کی فصیل کو خارا تراشوں نے سنگ سرخ کی سلوں سے اس طرح بنایا ہے کہ ایک سل معلوم ہوتی ہے۔

اس قلعہ کی تمام عمارات برج شمالی، باغ حیات بخش، شاہ محل، آرام گاہ مقدس، امتیاز محل، برج معروف بہ برج طلا و دیگر عمارات اس کے جواب میں ہیں۔ خواب گاہ نواب قدسیہ بیگم صاحب اور دیگر حرم سرایاں ترتیب شدہ ہے۔ مشرق کی طرف بارہ ذراع بلند مشرف برآب و صحرا از جانب مغرب بر باغ و باغیچہائے مسرت افزا و انہار و تالاب و پیرامسر اپا از سنگ مرمر صاف شفاف بنے ہوئے ہیں۔ ہر ایک سے راستہ رنگین پتھروں سے پرچیں کاری کیا ہوا ہے اور چھت و دیواریں ہر ایک غایت زیب و زینت سے طلا و منقش و رنگین کی ہوئی ہیں کہ ان کی تعریف نہیں ہو سکتی۔ ہر عمارت کے وسط میں نہر جاری ہے جس کا نام نہر بہشت ہے۔ ہر نشیمن کے اندر اور آگے حوض ہیں بصورت آبشار، ان میں فوارے چھوٹتے ہیں۔ اور

شمین کے آگے پھولوں کے غنچے ہیں جو دولت خانہ کی چار دیواری تک چلے گئے ہیں۔ نہریں اکثر جا پر حوض ہیں۔

ان مکانوں میں افضل ایوان غسل خانہ ہے اور اس کے برابر حمام ہے۔ ان دونوں عمارتوں کے مقابلہ
ں آج تک زیر آسمان کوئی عمارت تعمیر نہیں ہوئی۔ ایوان غسل خانہ کی سنہری سقف بطریق بندہای دلکشا
طرپسند فرنگی دگرہ ہای خوش طرح رومی سراسر نولک روپیہ سے تیار ہوئے ہیں۔ اس کی دیواروں پر تصویر
ورت کے بجائے رسمی نقش ونگار کیے گئے ہیں اور عراق کے جادو رقموں نے دیوار حمام پر پرچیں کاری
ں وہ نقش ونگار کیے ہیں کہ اگر بہزاد بھی دیکھ لے تو اس کاریگری کی شاگردی کا اعتراف کرے:

ہمہ رنگ ہا را نثار نو کرد — فلک ماند خود یک صدف لاجورد
بہر آوازہ خوبیت روم وچیں — سرائے شہنشاہ باید چنیں
شہ کشور عدل شاہ جہاں — جہاں بخش ثانی صاحب قراں

باغ حیات بخش میں سب جگہ نہر کا پانی رواں رہتا ہے۔ میوہ دار اور پھولوں کے درختوں سے
ہے۔ اس میں ایک حوض مربع ساٹھ ذراع ضلع والا ہے۔ جب آفتاب اس کے وسط میں شعاعیں
التا ہے اور پھولوں کا عکس اس میں پڑتا ہے تو وہ نگار خانہ چین بن جاتا ہے۔ اس میں دو نقرئی
ارے ہیں اور اس حوض کے گرد ایک سو بارہ فوارے ہیں۔ اور اس کے گرد چار خیاباں الگ سنگ
رخ کی بیس گز چوڑی بنی ہوئی ہیں۔ ان میں چھ گز چوڑی نہر بہتی ہے۔ جس میں پھر تیس فوارے ہیں۔
ں جاری نہر کے وسط میں چراغاں کا عکسی نور جاوداں ہے۔ ان کو اس قدر نقش ونگار سے مزین کیا گیا
ہے کہ اس کی مثل ملنا امکان سے باہر ہے۔ حوضوں میں چبوترہ سے ڈیڑھ گز بلند بصورت آبشار ہا پائیں
ض میں گرتی ہیں۔ اور نیچے کے طاقوں میں روزانہ گلدانہائے سیمیں وزریں سنہری پھولوں سے پر اور شمع
فوری کے مانند پانی کے نقاب کے نیچے ستاروں کی مانند رکھے جاتے ہیں اور خوب لطف دیتے ہیں:

فرو غش دہد گہ بآئینہ آب — برد دست از پنجۂ آفتاب
نہاں جملہ پیداست از آب و تاب — صفا گشتہ غماز او چوں حباب

پھر طبقہ شرقی سمتِ باغ میں طولِ باغ کے مانند چھبیس ذراع عرض میں اور ڈیڑھ ذراع ارتفاع دریا
نا کی طرف عمارت بالکل سنگ مرمر کی بنی ہوئی ہے اور اس میں نقش ونگار بنے ہوئے ہیں:

درو دیوارش از تصویر گلزار — درو بابد نشستن رو بدیوار

سہ جانب گلشن و در پیش دریا است کہ ہر موجش خم زلف فرح زا است

عمارت کے وسط میں ایک کم گہرا حوض ہے جس کی تہہ عجیب و غریب طرح میں گرہ بندی کی ہوئی ہے۔ اس کے ہر بند پر ایک سوراخ ہے جس میں سے پانی جوش کرتا ہے اور ان میں فوارے جڑے ہوئے ہیں۔ پھر نور کی حد دلیں چاروں طرف اس چشمہ سے نکل کر ایک حوض میں جو سنگِ مرمر کا بنا ہوا ہے جس کے حاشیہ پر پرچیں کاری میں نقش و نگار کیے گئے ہیں بصورت آبشار گرتی ہیں اور پانی لبریز حوض کے اطراف سے نیچے کی نہر میں چکر کاٹتا ہے۔ اس حوض کا پتھر غرائب روزگار میں سے ہے جو مکرانہ کی کان سے لایا گیا ہے اور بادشاہ کے حکم سے اس کا ایک حوض مربع چار در چار ڈیڑھ گز عمق کا بنایا گیا ہے جسے شاہجہان آباد سے ایک سو کروہ کے فاصلہ سے بڑے جر و ثقیل کے ذریعہ لایا گیا ہے۔ اگرچہ بہت سے اور حوض ہیں مگر یہ حوض عجیب و غریب ہے اور خاص ہی لطف رکھتا ہے۔

دولت خانہ دہلی کا کونہ کونہ دلنشیں مکانات دلنشین ہائے دلفریب و آبشارہا و حیاض وغیرہ سے پُر ہے مگر امتیاز محل سب سے بڑی عمارت ہے۔ جس کا طول پنجاہ و عرض چھبیس ذراع کمال تکلف و نہایت عمدہ نقش و نگار سے مزین بلند پایہ مثمن کرسی پر بحسن آب و رنگ روکش قصور و منازل بہشت کی طرح اس میں ہیں۔ اس کے برجوں کے کلس سنہری ملمع کیے ہوئے ہیں۔ اس کے ایک طرف مشرق رویہ دریائے جمنا پر جھروکہ درشن ہے۔ اس کے دوسری طرف متصل جھروکہ خاص و عام ہے اس دیوان خاص و عام و بازار مسقف اور آبادی شہر ہے۔ امتیاز محل کے غرب میں ایک ایوان باغیچہ عمارت پر مشرف ہے۔ سنگِ سرخ کی تعمیر کر کے سنگ مہتابی سے اس کو سفید کر دیا گیا ہے جو اعلیٰ معماروں کی مہرہ کشی سے آئینہ کی طرح ہو گیا ہے۔ اس کی چھت کے نزدیک جھروکہ خاص و عام ہے جو سراپا سنگ مرمر کا بنگلہ نما چار گز طویل اور سہ گز چوڑا چار ستونوں پر ہے۔ اس بنگلہ کے نیچے ایک طاق سات اور اڑھائی گز طول و عرض میں ہے۔ اس میں رنگا رنگ کے پتھروں سے پرچیں کاری کی گئی ہے۔ اس کے سامنے بارگاہ یعنی بڑا ہال ۶۰ و ۲۴ طول و عرض میں چالیس ستونوں پر مشتمل ہے۔ اس کی چھت و دیوار گوناگوں نقش و نگار سے مصور ہے۔ اس کے تین ضلعوں میں خالص سونے کا قد آدم منجر لگایا گیا ہے اس کی تفصیل کسی قدر نقش و نگار کے تحت بھی آگئی ہے۔

ایوان کے باہر کمال وسیع میدان ایک سو چار و ساٹھ گز طول و عرض میں ہے جو خاص و عام کی فضا سے الگ ہے۔ اس کے تین طرف کٹہرہ سنگ سرخ کا ہے۔ اس کے باہر ایک صحن طول میں دو سو چار

درعرض میں ایک سو ساٹھ گز۔ اس کے گرد دلنشیں کمرے بنائے گئے ہیں تاکہ آدمیوں کو بارش و باد ول
ں زحمت اور تپش آفتاب نہ پہنچے۔ تین دروازوں میں سے ایک دروازہ جانب غرب سنگِ سرخ
منبت کار بنا ہے جو بہت بلند ہے۔ اس دروازہ کے باہر جلوخانہ کا چوک ہے جس کا طول دو سو
درعرض ایک سو چالیس گز ہے جو سراسر ایوانوں اور حجروں پر مشتمل ہے۔ اور تین دروازے جانب
مال و غرب و جنوب میں۔ شمالی دروازہ قلعہ سے جنوبی دروازہ تک دو راستہ حجرے اور ایوان
الیس ذراع عرض میں نہایت مضبوط برائے اصطبل و دیگر کارخانجات بنائے گئے ہیں۔ اس
کے وسط میں نہر جاری ہے۔ مغرب کی طرف قلعہ کے دروازہ تک مسقف بازار دو طبقہ نہایت
یبائی سے مرتب کیا گیا ہے۔ اس میں مردم نشیں دکانیں ہیں جو مال و متاع سے پُر ہیں۔ یہ واقعہ ہے
اس قسم کا مسقف بازار اہل ہند نے اس سے قبل نہیں دیکھا تھا کیونکہ اس قسم کی عمارت گردی
انۂ روزگار رہنت کشور ہے۔

تماشای ایں خجستہ مقام — بہ در رشک بر چشم احوال مدام
بہر خانہ یک شہر عیش و سرور — چساں یافت جا چشم بد باد دور
چناں دامن دل کشد سوی خویش — کہ باد از فضائش نرفتست پیش

ہر دروازہ کے آگے بازار مذکور کے متصل اور دروازہ جانب اکبرآباد کی طرف دو تماثیل فیل پایہ دار
صل قد کے برابر بنائی گئی ہیں۔ جو بالکل ہاتھی معلوم ہوتے ہیں۔

شہر میں مکانات ایک لاکھ روپیہ سے لے کر لاکھوں روپیہ کی تیاری کے بنے ہوئے ہیں اور
حہ کے گرد باغات و سرا البستاں بہت لگے ہیں۔ شہر میں دو بڑے بازار ایک اکبرآباد کی طرف دوسرا
ور کی طرف جن کا عرض چالیس چالیس گز ہے۔ نہر دونوں بازاروں میں جاری ہے اور بازار کے ہر طرف
کانیں ہیں جن میں دکاندار بیٹھتے ہیں۔ چاروں طرف سے خریدار آتے ہیں اور ہر ضرورت کو یہاں پورا
ہ تے ہیں:

خیابانہای بازارش دل افروز — در و ہر روز عید و نو روز
بدکانہا فتادہ بر سر ہم — متاع شیر مرغ و جاں آرام
بجای دارو دکان عطار — تواں صحت خریدن بہر بیمار

لاہور کی سمت جو بازار ہے اس کا عرض چالیس ذراع اور طول ایک ہزار پانچ سو بیس گز ہے۔ اس میں ایک ہزار پانچ سو ساٹھ حجرے اور ایوان اس طرح واقع ہیں کہ آغاز بازار سے چوک ہشتاد و ہشتاد اور کوتوالی چبوترہ سے چار سو ہشتاد گز تک اور یہاں سے دوسرے چوک صدر صدتک بطرز مثمن بغدادی اور اس چوک کی شمالی جانب ایک سرائے دوسقفہ ہے۔ طول و عرض ۱۸۶ گز، صحن میں نوّے حجرے اور چار برجیاں اور ہر حجرے کے آگے ایوان اور ایوانوں کے آگے چبوترہ سرامر بعرض پانچ گز۔ بیگم صاحب نے یہ سرا بنوائی ہے۔ اس کا ایک دروازہ جانب بازار اور دوسرا دروازہ باغ کی جانب جس کا نام صاحب آباد ہے۔ طول میں نو سو بیاسی گز اور عرض دو سو بیالیس گز۔ اس میں عمارتیں اور آبشار و حوض و فوارے ہیں۔ بازار کے جنوبی ضلع میں ایک حمام طول میں ساٹھ گز اور عرض میں بیس گز ہے۔ اس کے ایوان اور نشیمن کمال وسیع ہیں۔ یہ بھی بیگم صاحب کے فرمان سے تعمیر ہوئے ہیں۔

اس سرا اور چوک سے مسجد بی بی فتح پوری محل تک پانچ سو ساٹھ گز طویل بازار واقع ہے اور مسجد مذکور کا طول پینتالیس گز اور عرض بیس ہے۔ اس کے وسط میں ایک گنبد ہے جس کے باہر کاشی کاری کی گئی ہے اور اندر سے سنگ سرخ کی ہے۔ گنبد کے دونوں جانب ایوان در ایوان ہر ایک سہ چشمہ بنایا گیا ہے۔ کرسی اور ازارہ سنگ سرخ کا سر بسر منبت شدہ ہے اور فرش بھی اسی پتھر کا ہے۔ اس کے دونوں کونوں پر دو منارے ۳۵ گز بلند ہیں۔ اس کے پائیں میں ایک حوض سولہ اور چودہ طول و عرض میں ہے۔ جس کا پانی نہر بہشت سے لایا گیا ہے۔ مسجد کے گرد سرائے ہے جس میں ۶۹ حجرے اور چار برج ہیں۔ سراؤں کے دستور پر ایوان کے آگے چبوترہ عرض میں تین گز۔ اس کا صحن صد در صد ہے۔ اور ایسی ہی اکبر آباد کی جانب بازار جس کا طول ایک ہزار پچاس گز اور عرض تیس گز ہے۔ اس سرا میں آٹھ سو اٹھاسی حجرے اور ایوان ہیں۔ بازار کے آغاز میں قلعہ کے دروازہ کے محاذ پر جنوب کی جانب ایک مسجد عالی بنام بی بی اکبر آبادی ہے۔ جس کا طول ۶۲ اور عرض ساڑھے سترہ گز ہے۔ اس میں سات خانے گنبدی مسقف ہیں۔ ان میں سے چار مسطح اور سہ گنبد دار بنائے گئے ہیں۔ مسجد کے دو بازوؤں میں اور اس کے سنگ مرمر کے پیش طاق کی پیشانی پر سورہ فجر کا کتبہ سنگ سیاہ میں کاٹ کر پچیں کاری کیا گیا ہے۔ اور اس کے مشرقی ضلع میں دونوں کونوں پر دو مینار ہیں۔ اس کا فرش سنگ سرخ کا ہے جس پر سنگ سیاہ سے جائے نمازیں بنائی ہیں۔ اندر اور باہر کا ازارہ سنگ سرخ کا منبت شدہ ہے۔ اس کا صحن ۶۳ اور ۵۸

ول وعرض میں ہے مگر ساڑھے تین گز بلند ہے۔ اس پر سنگ سرخ کا محجر لگا ہوا ہے۔ اس کے نیچے
شرق کی طرف ایک مربع حوض جس کا ایک ضلع ۱۲ گز ہے جو نہر بہشت کے پانی سے لبریز ہوتا ہے
س کے اطراف میں ایک سرائے ہے جس کا طول ۴۵ گز اور عرض ۴۰ ہے۔ ہر حجرہ کے آگے ایوان
ہے اور ایوان کے آگے برابر چار گز چوڑا چبوترہ ہے۔ اس کا دروازہ اندر اور باہر سے سنگ سرخ
بنا ہوا ہے اور اس کی پیشانی سنگ مرمر کی اور اس کے اوپر کتبہ سنگ سیاہ سے پرچیں کیا ہوا ہے۔
ر اس کے آگے ایک چوک طول میں ۱۶۰ اور عرض میں ۶۰ گز ہے۔ اس کے روبرو ایک حمام کمال آب و
ب سے سنگ سرخ کا تیار ہوا ہے۔ اس کے اندر نہر بہشت سے پانی جاری ہے۔ تمام عمارت مسجد
رمضان ۱۰۶۰ھ میں ڈیڑھ لاکھ کے خرچ سے تیار ہوئی ہے"۔

معاصر مورخین نے عمارات شاہ جہاں آباد کا مقابلہ دیگر ممالک مثلاً بغداد، مصر، شام، فلسطین،
سطنیہ کی عمارات سے کیا ہے۔ اور یہ تمام شہر کا محیط پندرہ کروہ رسمی ہے:

تعالی اللہ اگر مصر است ورشام بود یک گوشہ ایں محشر عام
چنیں شہرے بعالم کس ندیدہ کہ در وی ہفت اقلیم آرمیدہ
عمارا تش ہمہ ہم قامت ہم ہمہ آئینہ داری صورت ہم
شکوہش را نمی دانم چہ کم بود کہ دولتخانہ ہم برشانش افزود

بنا ہائے خیر کا بنانا نافع ترین خیرات جاریہ ہے خصوص ابداع معابد و مساجد جس سے ایمان کی بنیاد
حکم ہوتی ہے۔ اس لیے شاہجہاں کے حکم سے ۱۰ شوال ۱۰۶۰ھ میں معماروں و مہندسوں اور علاسی ——
سعد اللہ خاں و فاضل خاں خانساماں کی موجودگی میں قلعہ کے مغرب کی طرف ایک ہزار گز کے فاصلہ پر ایک
اڑی نما ٹیلہ پر جامع مسجد دہلی کی بنیاد رکھی گئی کیونکہ اس شہر کے شایانِ شان کوئی اس قدر وسیع اور عظیم الشان
جد موجود نہ تھی۔ ہر روز اس پر پانچ ہزار سنگ تراش و پرچیں کار و منبت کار نقار و حکاک و بیلدار
تمام عملہ کام کرتے رہے ہیں۔ یہ تمام کاریگر دار الخلافہ اور دیگر ممالک سے بادشاہ کے حکم سے
ریف لائے تھے۔ غرضیکہ سعد اللہ خاں اور خلیل اللہ خاں کے اہتمام سے چھ سال کے اندر اندر دس لاکھ

اس پر جو طویل کتبہ ہے وہ آثار الصنادید ص۴۳ میں دیا ہے۔

روپیہ کی لاگت سے تیار ہوئی۔ اس کی کماحقہ تفصیل و توصیف بیان سے باہر ہے۔ اسے عام طور پر فن تعمیر کے ماہرین نے مساجد میں دلہن کا خطاب دیا ہے۔ اس کے تین گنبد سنگ مرمر کے ہیں اور ان میں سنگ موسیٰ کی پچی کاری کی گئی ہے۔ چاروں طرف دالان یک رنگ سنگ سرخ کے بنے ہوئے ہیں اور ان کے چاروں کونوں پر چار برج ہیں۔ اور اس کے تین عالی شان دروازے ہیں۔ اس کے دو مینار زینہ دار کافی بلند مغرب کی دیوار کے کونوں پر ہیں۔ ان پر برجیاں بھی ہیں۔ مسجد کے صحن کا فرش سراسر سنگ سرخ کا ہے۔ اور مغرب کے حصہ میں سنگ سیاہ میں جائے نماز بنے ہوئے ہیں۔ اس مسجد کا کوئی در و دیوار، یا طاق محراب مرغولہ کنگرہ برج مینار صحن غرضیکہ سب مناسبت اور توازن سے لبریز ہیں۔ مسجد کے مغربی بالائی حصہ کے سات محرابوں کے کتبات آیات قرآنی اور بادشاہ بانی مسجد کی تعریف میں سنگ سیاہ میں پرچیں کاری کیے گئے ہیں۔ اور یہ نورالله بن احمد کے لکھے ہوئے ہیں جیسا کہ اس کا نام ظاہر کرتا ہے۔ یہ محرابیں پیش طاق سے مزین ہیں۔ اس مسجد کے وسط میں ایک حوض پانی سے پُر ہے۔ مسجد سے باہر چاروں ضلعوں میں ایک چوک ہے اس میں دلکشیں حجرے بنے ہوئے ہیں۔ اور اس کے دو شمالی و جنوبی کونوں پر دارالشفا و مدرسہ نہایت عمدہ تعمیر کیے گئے ہیں:

من نہ گویم لیکن ایں قدر گویم کہ ہست — خیمہ او تاد وقف سجدہ ایں آستاں
مسجدش کاں کعبہ ثانیست تاریخش بود — قبلہ حاجات آمد مسجد شاہ جہاں

جب شاہجہاں آباد کی تمام عمارات خاطر خواہ طور پر اختتام پذیر ہوئیں تو بادشاہ کے ملاحظہ کے لیے ان کو کماحقہ آراستہ کیا گیا اور فرش مخملی بچھائے گئے اور تمام امرائے کبار کو انعام و اکرام عطا ہوئے بڑے زور سے جشن منایا گیا:

یکی بزم رنگیں شد آراستہ — مہیا درو آنچہ دل خواستہ
چوں خلوت کدۂ غنچہ دیوار و در — ز یاقوت خشتی و خشتی ز زر
چہ محفل کہ آرائش بوستاں — شگفتہ چو ردی دل دوستاں
نماید زبام و درش آفتاب — ہمہ روز در یوزہ آب و تاب

اور اس جشن کی تاریخ یوں کہی گئی ہے:

شد شاہجہاں آباد از شاہجہاں آباد

ورانِ محلات وغیرہ کی تعریف مجموعی حیثیت سے یوں کی گئی ہے:

اگر فردوس بر روئے زمیں است ہمیں است و ہمیں است و ہمیں است

ماہ شوال ۱۰۶۰ھ میں بادشاہ کے حضور میں عرض کیا گیا کہ باغ اکبرآبادی محل سرای باولی کے قریب قلعہ
شاہجہاں آباد سے اڑھائی کروہ کے فاصلہ پر جو بنیاد رکھا گیا تھا مکمل ہو گیا ہے۔ اس باغ کا نمونہ دراصل باغ
فیض بخش و فرح بخش لاہور و کشمیر پر ہے۔ مگر اس کے طبقے مربع شکل کے ہیں یعنی تین سو گز در تین سو گز۔ اوپر
کا طبقہ محض تین گز نیچے کے طبقہ سے بلند ہے۔ اور منازل و نشین پر مشتمل ہے اور طبقوں میں ۸ گز چوڑی
نہر جاری ہے اور نہر کا پانی ہر عمارت میں دو گز یا اس سے کم چوڑی نہروں میں جاری ہے۔ حوض آبشار کی صورت
میں گرتے ہیں۔ بڑے حوض میں فوارے قطار در قطار ہیں۔ برج اور دیگر عمارات لاہور و کشمیر کے شکل
میں سوائے حوض طبقہ دوم ۲۲ اور ۱۸ گز ہے اور ہر چہار طاقوں میں نئے طریق کے ایوان ہیں۔ اس کے
ضلعوں میں حوض مچھی بھون کے مانند دو چوکنڈیاں بھی ہیں۔ دوسرا حوض مثمن ہے جس کا قطر چالیس گز ہے
ضلع ۱۸×۲۰ ہے۔ چشمہ شاہ آباد کے نمونہ پر اس میں ایک فوارہ ہے۔ یہ باغ چار سال کے عرصہ میں دو
لکھ کے صرفہ سے تیار ہوا۔ سرای باولی خانم کلی عصمت پناہ بی بی اکبرآبادی محل کی سرکار میں تھی۔ بہتر حجروں و پیش حجرہ و
دالان جن کو گچ و ریختہ میں تعمیر کیا گیا۔

دوشنبہ دہم ذی الحجہ ۱۰۶۵ھ کو بادشاہ دارالخلافہ شاہجہاں آباد کی نو تعمیر شدہ عیدگاہ میں نماز ادا کرنے کے
لیے آیا جو حصار شہر سے باہر تعمیر ہوئی تھی۔ اس کا طول ۶۲ اور عرض ½ ۱۸ اور ارتفاع ۱۲ ذراع تھے۔ تراشیدہ
سنگ سرخ کے تختوں کی پوشش تھی جو ہفت چشمہ اور پیش طاق ۵ گز بلند و ازارہ اور تمام سنگ سرخ
کے فرش پر مرتب تھی۔ اس کے آگے چبوترہ اکانوے اور چون طول و عرض میں جو ½ ۱ گز بلند سرخ پتھر
مرتب تھا۔ اس کے گرد سنگ سرخ کا منجر لگایا گیا۔ چبوترہ کے آگے صحن دو صد در دو صد ذراع ہے۔ یہاں
سخت سایہ دار لگائے گئے ہیں۔ اس کے وسط میں ایک حوض اور اس کی فصیل بھی ہے جس میں تین
در دروازے ہیں اور چار برج۔ ہر ایک کا قطر پانچ ذراع جس پر دو طبقہ گنبدی چھت ہے۔ مشرقی دروازہ
کے آگے جلوخانہ دو صد در ۲۵۰ جس کے آگے ایک بازار دو رویہ ایک سو چار حجروں پر مشتمل ہے۔ ہر حجرہ

کے آگے ایوان کمال خوبی سے بنا ہوا ہے۔ پنجاہ لک روپیہ میں ڈیڑھ سال کے عرصہ میں تیار ہوئی۔ سنہ ۲۴ جلوس میں شاہجہاں آباد کی فصیل ڈیڑھ لاکھ روپیہ کے صرفہ سے سنگ و گِل کی بنائی گئی۔ بارش کی کثرت کی وجہ سے جابجا گر گئی تھی اور اس میں رخنے پڑ گئے تھے۔ چنانچہ ۲۲ ربیع الاول سنہ ۲۶ جلوس کو سنگ و صاروج سے نہایت پختگی سے فصیل کی تعمیر شروع ہوئی۔ یہ چھ ہزار چھ سو ساٹھ ذراع لمبی جس میں ستائیس برج اور گیارہ دروازے چھوٹے بڑے تھے۔ یہ فصیل چار ذراع چوڑی اور نو ذراع بلند تھی۔ چار لاکھ روپیہ کے صرفہ سے تیار ہوئی۔

مختلف عمارات

برھانپور سے تین کوس کے فاصلہ پر ایک قصبہ کرارہ دریائے تاپتی کے کنارے پر واقع ہے۔ شاہجہاں نے اپنے شہزادگی کے زمانہ میں جب کہ وہ دکن جا رہا تھا وہاں ایک بند جس کا صد ذراع طول اور دو ذراع بلندی کے اوپر قائم کیا اور اس سے آبشار پیدا ہوئی۔ سیر و شکار کے دوران میں اس سرزمین میں گذر ہوتا تو اس کا اکثر حظ اٹھایا جاتا۔ مگر اب جب اس جگہ سے گذر ہوا تو اس کے جوہر قابلیت آشکار ہوئے۔ چنانچہ بادشاہ ہفت کشور عمارت گر کے حکم سے جادو کار معماروں نے تھوڑے ہی عرصہ میں ایک بند دیگر بفاصلہ ہشتاد ذراع بند سابق سے آگے اس ندی پر مرتب کیا۔ چنانچہ ندی کے دونوں حدوں کے درمیان ایک صد ذراع طول اور عرض ہشتاد ذراع ہوگیا۔ اور پانی کے رو کے دونوں اطراف پر خاطر پسند بند و آبشار صورت وجود میں آئے اور اس وجہ سے ان کے اطراف پر عمارات عالی و نشیمن ہائے دلنشیں عجیب و غریب وضع کے فن مہندسی کا نمونہ کے تیار ہوئے۔ لطف، زینت میں اس ندی کا مشاہدہ بوجہ قسمت و منظر و صفائی کشمیر و تال صفاپور کی خوشی سے بلند تر ہوگیا۔

چنیں نزہت کدہ اندر جہاں نیست — مگر باغ جناں گر چناں نیست
زلطف آبشارش فیض در جوش — رود از دیدن آں ہوش از ہوش

سنہ ۱۰۴۰ھ میں جب گوالیار کا قلعہ فتح ہوا تو شاہجہاں دوسری مرتبہ برسم تفرج داخل ہوا۔ اور تمام قلعہ کی عمارات کا خوب معائنہ کیا جو اکبر اور جہانگیر کی تعمیر کردہ تھیں۔ حضور کے پسند خاطر ہوئیں اور فرمایا کہ میں بھی اس سرزمین میں خوش وضع نشیمن، دلکش عمارت تعمیر کرتا ہوں۔ چنانچہ عجیب و غریب وضع و طرح اور ہندسہ دلپسند

میں تعمیر ہوئی۔ اور تمام عمارات کی مرمت و شکست و ریخت کے لیے حکم صادر ہوا۔

۱۰۴۳ھ میں بادشاہ نے دکن کا رخ کیا جہاں اس نے قدیم مسلمانوں کی تعمیرات میں قیام کر کے خوب حظ اٹھایا اور واپسی پر اجمیر میں قیام کیا۔ جہاں اس سے قبل مغل بادشاہوں نے کافی عمارات تعمیر کی ہیں۔ شاہجہاں کے حکم سے عمارات غسل خانہ، جھروکہ درشن و انجمن خاص و عام تیار ہو چکے تھے۔ ان میں نزول فرمایا۔ جس کے بعد زیارت کی اور وہاں کے مجاوروں کو دس ہزار روپیہ عطا کیا اور وہاں آپ کے فرمان سے ایک نہایت عمدہ مسجد تمام مرمر کی تعمیر ہوئی تھی جو اس وقت مکمل ہو چکی تھی اور اس کی طرف توجہ مبذول ہوئی اور مغرب کی نماز اسی میں ادا کی۔ اس مسجد کے ماتھے پر ایک طویل کتبہ اس کی شان میں سنگ سیاہ میں پرچیں شدہ ہے جو بے بدل خاں کی جدت طبع کا نتیجہ ہے۔ اور کتبہ کے اس مصرع سے اس کی تاریخ اتمام نکالی ہے:

قبلہ اہل زماں شد مسجد شاہ جہاں ۱۰۴۴ھ

بادشاہ نے اجمیر سے نکل کر تالاب باری کے کنارے آکر نئے تیار شدہ مکانات میں قیام کیا اور تالاب کی وجہ سے یہ زیادہ پُر فضا تھے۔ یہ سر تا سر سنگ سرخ یاقوت رنگ کے تعمیر ہوئے تھے۔ جس وجہ سے ان کا نام لعل محل پڑ گیا تھا۔ وہاں سے نکل کر بادشاہ روپ کے تالاب پر آیا جو عمارت آپ کے فرمان سے تعمیر ہوئی تھی۔ وہ سنگِ گلگوں کی تھی۔ وہاں سے فتح پور اور فتح پور سے نکل کر باغ دھرہ جو نور منزل کے نام سے موسوم تھا قیام کیا۔ حقیقت میں یہ منزل نور اسم بامسمّٰی ہے۔ اور یہاں ۱۷ شہر شعبان ۱۰۴۵ھ کو نور منزل سے کوچ کر کے اکبر آباد کی طرف متوجہ ہوا اور حسبِ دستور بادشاہ کا استقبال کیا گیا۔

سموگڈھ کی شکارگاہ پرانی ہو گئی تھی۔ آگاہ خاں نے حسب الحکم بادشاہ موضع عماد پور میں ۱۰۶۳ھ میں دریا کے کنارے نصف کروہ سموگڈھ کے اس طرف اسی ہزار روپیہ کی لاگت سے مختصر سی خوش نما عمارت تیار کی اور بادشاہ کی خدمت میں وہاں آکر شکار کھیلنے کی درخواست کی۔ بادشاہ نے ایک رات وہاں نہایت عشرت و شادمانی میں گزاری۔

۱۰۶۸ھ میں دارالخلافہ میں وبا پھیل گئی تھی۔ اس لیے بادشاہ مخلص پور آگیا جہاں اس نے اس سے پیشتر ابراہیم پسر اصالت خاں کو عمارات مخلص پور جو شاہجہان آباد سے ۷، ۸ کوس سہارنپور کی طرف واقع ہے دیکھنے کے لیے ارسال کیا تھا۔ جس نے آکر عرض کی تھی کہ کام بدستور سابق جاری نہیں ہے۔ نہر جو وہاں لائی جا رہی ہے انجام کو نہیں پہنچی اس لیے حسین بیگ کو وہاں سے تبدیل کر کے عضنفر خاں کو وہاں

تعین کیا گیا جس نے عمارات مذکور کو بروجہ دل خواہ سرانجام دیا جو دراصل عمارات دولت خانہ وخوابگاہ محل وغسل خانہ، جھروکہ درشن خاص وعام باغ تھے۔ یہاں کی آب وہوا اچھی ہونے کی وجہ سے بادشاہ نے اس کا نام فیض آباد رکھا جس کے لیے اکثر پرگنے اور موضعے بجمع تیس لاکھ دام جدا کر کے متعلق کیے۔ ان عمارات کو خوب عمدگی سے نقش ونگار سے مزین کیا گیا۔ نہر ان تمام عمارات میں عجیب وغریب طریقے سے جاری ہے۔ ہر عمارت کے آگے باغیچہ ہے۔ بڑے باغ میں حوض چالیس ذراع مربع ہے اور ہر چار حیا بانوں میں نہر چھ ذراع چوڑی ساٹھ فواروں پر مشتمل ہے۔ یہ تمام عمارات دو سال دو ماہ میں پانچ لاکھ کے صرفہ سے تیار ہوئی ہیں۔ ابھی کچھ کام باقی ہے۔ انہیں ایام میں شاہجہاں نے شہزادہ بلند اقبال کو دو لاکھ روپیہ۔ سلیمان شکوہ کو پنجاہ ہزار روپیہ اس مقام پر مکان تعمیر کرنے کے لیے مرحمت کیے۔

حوالہ جات :-

۳۰ ج ۱ ص ۲۴۳-۲۴۸ و ۳۳ ج ۱ ص ۱۴۹ و ۳۰ ج ۱ ص ۴۵ و ص ۷۳-۷۴
و ص ۱۳۱-۱۳۲ و ص ۲۱۳ و ج ۲ ص ۷ و ۲۹ ص ۱۵۱ و ۳۰ ج ۱ ص ۳۱۱-۳۱۲
و ص ۳۹۵-۳۹۶ و ص ۴۸۶ و ص ۶۲۵-۶۲۶ و ج ۲ ص ۲۲-۴۰ و ج ۳ ص ۳۰-۵۰

ممتاز محل

ممتاز محل کا نام قبل شادی ارجمند بانو بیگم تھا۔ آصف خاں یمین الدولہ بن مرزا غیاث بیگ اعتماد الدولہ
ڑکی تھی۔ گویا نور جہاں کے بھائی کی لڑکی تھی۔ اس کی والدہ دیوان جی بیگم بنت مرزا غیاث الدین قزوینی
جس کا انتقال لاہور میں ۱۰۴۸ھ میں مرزا آصف خاں کے محل میں ہوا اور یہیں تجہیز و تکفین اور تدفین کا انتظام
۔ ارجمند بانو بیگم ۱۴ ربیع ۱۰۰۱ھ کو پیدا ہوئی۔ جب سن بلوغ کو پہنچی تو اس کو ضروری امور خانہ داری کی تعلیم
ی کے والدین کے خاندان کی روایات کے مطابق دی گئی۔ جس سے اس کی حسن سیرت میں چار چاند لگ گئے۔
مینا بازار عام طور پہ دار الخلافہ آگرہ کے قلعہ میں لگا کرتے تھے جہاں شاہی خاندان کے مرد و عورت
ہ حصہ لیتے تھے۔ چنانچہ اس طرح ایک مینا بازار کے موقع پر اچانک شاہزادہ خرم یعنی شاہجہاں کی ارجمند بانو بیگم
ہ آنکھیں چار ہوئیں۔ اور وہ فوراً اس کی محبت میں گرفتار ہوا۔ جب جہانگیر کو اس کا علم ہوا تو اس نے فوراً
از کے والدین سے شادی کے لیے درخواست کی۔ اس وقت شہزادہ خرم اور ارجمند بانو بیگم سولہ اور چودہ
ں کے فرداً فرداً تھے۔ ان کی منگنی ہوئی تو جہانگیر نے خود بمسرت تمام منگنی کی رسم ادا کرتے ہوئے اپنی بہو
نگشت میں منگنی کی انگشتری پہنائی۔

پانچ سال بعد بروز جمعہ ۶ ربیع الاول ۱۰۲۱ھ یعنے ساتویں سال عہد جہانگیر رسم شادی نہایت تزک و احتشام
منائی گئی۔ جب کہ شہزادہ کی عمر بیس سال ایک ماہ اور آٹھ روز شمسی حساب سے تھی۔ اور قمری حساب سے
سال گیارہ مہینے بیس روز تھی۔ اسی طرح ممتاز کی عمر انیس سال سات مہینے اور پچیس روز تھی۔ غرضیکہ
نیک ساعت روز کو ایک شاہی دعوت بہ تقریب مبارکبادی رسم شادی اور دعائے اقبال مندی
ف خاں کے محل میں ہوئی جس کو اس روز اعتقاد خاں کے خطاب سے سرفراز کیا گیا۔ اور ان ایام کے
م کے مطابق تمام ماہرین جو ایسے موقعوں کے لیے خاص ہیں مقرر کیے گئے تاکہ کسی قسم کا کوئی ناخوشگوار

واقع پیدا نہ ہو جائے۔ اور کمال انبساط و مسرت سے یہ رسم گزر جائے۔ یہ تمام مجمع جو وہاں جمع تھا بے مثل تھا۔ جہانگیر نے خود بہ نفسِ نفیس دعوت میں شامل ہو کر آصف خاں کی عزت افزائی کی جہاں اس نے ہر ایک مسرت و شادمانی میں حصہ لیا۔ ماہرین موسیقی اور سازندوں نے اپنے اپنے سازوں سے بہترین نغمہ و سرود پیدا کیا اور رقاصوں نے اپنا فن پیش کیا۔

شادی کے کچھ روز بعد جب تمام قسم کی رسوماتِ شادی بخیر و خوبی اختتام کو پہنچیں جہانگیر نے خود شہزادہ خرم کے محل کو شرف حاضری بخشا جب کہ بیلداروں نے اپنی اعلیٰ فرائض منصبی کے طور پر غیر معمولی شان و شوکت سے شامیانے نصب کیے۔ شہزادہ خرم نے بادشاہ کو نذر پیش کی اور اپنی والدہ و دیگر بیگماتِ حرم کو جواہرات بطور تحفہ تحائف پیش کیے بلکہ خادمات خرم کو و دیگر امرا کو خلعت عطا کیے۔

غرضیکہ نواب قدسی نقاب ممتاز الزمانی کے محامد و صفات و مکارم اخلاق نے بادشاہ سلامت کے الطاف و اکرام کا اس قدر مستحق گردانا کہ شاہی حرم کی بیگمات میں اس کو ایک مستقل حیثیت دی گئی۔ اور مغل حرم کی روایات کے مطابق اس کو ممتاز محل بیگم کے خطاب سے سرفراز کیا گیا۔ اور یہ بھی اعلان ہوا کہ آئندہ مولفین و مصنفین اسی خطاب سے ممتاز الزمانی کے بجائے لکھا کریں۔

معاصر مورخین نے خاص طور پر دونوں شاہجہاں اور ممتاز کی باہمی محبت اور عقیدت کو شاہجہاں کی تاجپوشی کے موقع پر جو اکبر آباد میں ہوئی وضاحت سے بیان کیا ہے۔ یعنی سونے لعل و جواہرات کے بڑے بڑے بھرے ہوئے خوان ممتاز محل بیگم نے حرم سے ارسال کیے اور وہ بادشاہ کے سر سے نثار کیے گئے۔ ملکہ نے پھر بادشاہ سلامت کے حرم میں تشریف لانے پر اسی تعداد اور اسی مقدار کے خوان سیم و زر لعل و گوہر سے لبالب بادشاہ کے سر پر خود نثار کیے اور اس کے بعد پیش کش جو نفائس و نوادر مدنی و معدنی و جواہر زواہر عمانی و شرائف ہندی و ایرانی جن کو آج تک کسی نے نہ دیکھا نہ سنا تھا بادشاہ کے نظر انور سے گذارا۔ بادشاہ نے خود بھی دو لک مہر اور ایک لک روپیہ ملکہ معظمہ کو عطا کیا اور دس لک روپیہ سالانہ مقرر کیا۔

یہ تمام وجوہ تھے جن کی وجہ سے ممتاز محل بیگم نے شاہجہاں کو ابتدا سے لے کر اخیر تک گرویدہ کر رکھا تھا۔ وہ اس کی مفارقت و جدائی کو کبھی برداشت نہیں کرتا تھا۔ یعنی جنگ و مہم کے موقع پر دور دراز ملکوں میں جہاں شاہجہاں جاتا وہ اس کے ہمراہ رہتی جیسا کہ دکن وغیرہ اور وہ تمام تخت نشینی کے جھگڑوں میں اس کے ہمراہ تھی کیونکہ اس کی رفاقت اس کے لیے ہمیشہ فیضان کا باعث تھی۔ اور بادشاہ کی طبیعت

اس کو پورا پورا اختیار حاصل تھا۔ اور اکثر اوقات وہ قانون کے انتہائی احکام سزا وغیرہ میں دخل دے کر بادشاہ کو ترحم و عفو پر مجبور کرتی۔ چنانچہ اکثر کی جان اس نے اکثر موقعوں پر بچائی جو اس کے ممنونِ احسان تھے۔

جہانگیر کے آٹھویں سال عہد میں ممتاز کے اول بچہ پیدا ہوا جس کی اطلاع جہانگیر تک پہنچائی گئی جبکہ وہ امرا و درباریوں کی مجلس میں تھا جس سے وہ اس قدر خوش ہوا کہ اس نے شاہانہ دعوت ترتیب دی۔ تمام امرا فضلا بہت خوش ہوئے۔ انہوں نے تہنیت نامے پیش کیے اور انہوں نے اپنی تجاویز اسمائے گرامی پیش کیں۔ بادشاہ سلامت نے بچی کا نام حوربانو محبت والطاف کی علامت سمجھ کر تجویز کیا۔

ممتاز محل بیگم کا نام اس کی وفات کے کچھ عرصہ بعد عام طور پر عیسائی جنگ و جدال ہگلی ۱۶۳۲ء کے سن میں بیان کیا جاتا ہے جو قریب ۱۶۳۵ء تک رہا۔ عیسائیوں کے خلاف جنگ اور ان کا قتلِ عام سب حق بجانب اور ضروری جنگ کے طور پر ہگلی کے پرتگیزوں کے خلاف شروع ہوا جنہوں نے بے شمار ایسے جرائم کیے تھے جن سے ملک کا امن اور اطمینان جاتا رہا تھا۔ جس کی وجہ سے ان کا سدِباب لازمی تھا۔ ان امور کا تعلق مذہب سے ہرگز نہیں تھا۔ اسے جیرونیمو ویرنیو کے تحت مفصل بیان کیا ہے۔

شاہجہاں کے روزمرہ کے نظام کار و بار میں مورخین نے لکھا ہے کہ شاہ برج سے نکل کر وہ حرم میں جاتا جہاں وہ عام طور پر نماز ظہر ادا کرتا جس کے بعد خاصہ چنا جاتا اور پھر کچھ قیلولہ کے بعد بادشاہ سلامت اپنا کار و بار سلطنت شروع کر دیتا یعنی معاملات حرم اور دیگر عورتوں کی درخواستیں ملکہ معظمہ ممتاز محل کی خدمت پیش ہوتیں۔ غرضیکہ یہ فریضہ ممتاز کی وفات کے بعد جہاں آرا بیگم صاحب کے سپرد ہوا۔ اور بی خانم ان دونوں کے لیے بطور معتمد کے کام کرتی۔

شاہجہاں کے دربار میں عام طور پر چار مختلف مہریں مختلف امور کے لیے تھیں۔ مگر ان میں سب سے زیادہ ضروری اُذک تھی جو فرامین جاگیر کے لیے استعمال ہوتی تھی۔ وہ ممتاز الزمانی کے قبضہ میں رہتی تھی۔ وقت ضرورت اسے استعمال کیا جاتا تھا۔ جب شاہجہاں سریر آرائے سلطنت ہوا تو یہ مہر آصف خاں وزیر اعظم کے قبضہ میں آگئی مگر جب اسے دکن کی مہم پر ارسال کیا گیا تو یہ مہر پھر ملکہ کے قبضہ میں آگئی اور یہی سلسلہ اس کی وفات تک رہا۔ غرضیکہ یہ ایک قاعدہ ہی ہو گیا کہ یہ اُذک مہر حرم میں ہی رہے۔

یہ عام طور پر تصور کیا جاتا ہے کہ بادشاہ کی بے شمار بیویاں ہوتی ہیں مگر شاہجہاں نے محض تین بیویوں

پر قناعت کی اور اس نے اپنی زندگی کا بہترین حصہ بطور رنڈوے کے گذارا۔ ممتاز کی وفات کے بعد اس کے حسن سیرت و عشق کی یاد میں گزارا جس کے اعزاز و جذبہ میں اس نے روضہ ممتاز محل ایک علامت عشق تعمیر کیا۔ ممتاز کی عشقیہ شادی سے پیشتر قندھاری بیگم بنت مظفر حسین مرزا ابن سلطان حسین مرزا اس کے عقد میں تھی جس کے بطن سے ایک لڑکی پُر ہنر بانو بیگم تھی۔ ممتاز کی شادی کے چار سال بعد شاہجہاں نے ایک اور شادی شاہنواز خاں بن عبدالرحیم خان خاناں کی لڑکی سے کی جس کے بطن سے ایک لڑکا جہاں افروز پیدا ہوا۔ غرضیکہ یہ دونوں بچے چھوٹی عمر میں ہی فوت ہو گئے اور ان دونوں بیویوں نے بھی شاہ جہاں کو تھوڑے ہی عرصہ میں داغِ مفارقت دیا۔ قندھاری بیگم کا مقبرہ آگرہ میں قندھاری باغ میں ہے جو اس وقت مہاراجہ بھرت پور کے قبضہ میں ہے۔ اس باغ کو قندھاری بیگم نے خود تعمیر کیا تھا۔ اصل قبر زیر زمین سردابہ میں ہے جیسا کہ روضہ ممتاز میں ہے۔ اس باغ کے چاروں کونوں پر چار برج ابھی تک اسی حالت میں ہیں۔ آگرہ میں ایک محلہ اس قندھاری بیگم کے نام پر ہے جو اس مرحومہ کی یادگار ہے۔ بادشاہ کی یہ ہر دو شادیاں کسی قدر سیاسیات پر مبنی تھیں جیسا کہ ہمیشہ شاہی خاندانوں میں ہوتا ہے۔

شاہجہاں کی سیرت میں بحیثیت انسان یہ ایک نہایت درخشاں پہلو ہے کہ اسے ممتاز سے بحد عشق تھا جس کی بڑی دلیل ہے کہ اسے عرصہ بیس سال زمانہ شادی میں جو چودہ بچے پیدا ہوئے اور جن میں سے آٹھ لڑکے اور چھ لڑکیاں تھیں جن کی پوری تفصیل معاصر کتب میں دی ہوئی ہے۔ یہاں اسے حذف کیا جاتا ہے اور شاہجہاں قریب چالیس سال کی عمر میں رنڈوا ہو گیا اور اس کے بعد اس نے چھتیس سال بغیر شادی رنڈوارہ کر گزار دیے۔ وہ بادشاہ تھا اور اسے کسی قسم کی کمی نہ تھی بآسانی اور شادیاں کر سکتا تھا۔ مگر ممتاز کی محبت ہر حالت میں مانع رہی۔

کسے کم دریں دار و ارد بیاد — کہ بیش از وسی بود خنداں و شاد
شمار الم بیش و راحت کم است — بلے عمر شادی ہمیں یکدم است
چوں بلبل بریں باغ باید گریست — کہ جز در خور یک دو حسن خندہ نیست

عرصہ بیس سال میں ممتاز محل بیگم اکثر اوقات حاملہ ہوئی۔ چنانچہ ماہ ذیقعدہ سنہ ۱۰۴۰ھ میں حسب معمول جب بچہ پیدا ہونے کے ایام قریب آئے اور بادشاہ ان ایام میں برہانپور میں مقیم تھا تو روز سہ شنبہ ۱۶ ذیقعدہ کو ایرانی و ہندی نجومیوں کے اپنے اپنے اصطرلاب کے حساب کے مطابق تولد کی خوشخبری

کے منتظر تھے جس سے متوقع قلوب خوشی حاصل ہو گی مگر یک لخت خبر موصول ہوئی کہ نیم شب ۱۷ ذیقعدہ کو
بیہ خجستہ سرشت تولد ہوئی اور ضعف مرتبہ کمال تک پہنچ گیا اور زچگی سے دو گھڑی کے اندر اندر رحلت
کے آثار نمودار ہو گئے فوراً جہاں آرا بیگم نے بادشاہ سلامت کو حالات سے آگاہ کیا اور وہ فوراً کمال
ضطراب اور بے تابی سے اپنے ہمدم دہمراز دیرینہ کے پاس خود تشریف لے آیا تاکہ اس کے دیدار
خری و ملاقات واپسیں سے محروم نہ ہو جائے۔ اس ملکہ والا نژاد نے با دل درد آگیں و خاطر حسرت گزیں
ریاں بادشاہ کی طرف دیکھا اور مراسم وصیت و وداع کو بجا لائی کہ شاہزادوں کے حق میں عنایت اور
لدین خود کی جانب مراعات روا رکھے۔ غرضیکہ اسی حالت میں جب سہ گھڑی شب مذکور باقی تھی تو اس
ے دعوت داعی اجل کو بگوشِ رضا و تسلیم لبیک کہہ کر رحمتِ حق سے جا ملی۔ اس کی عمر انتالیس سال چار ماہ
چار یوم تھی۔ اور اس عصمت قباب کی نعش کو باغ زین آباد برھانپور میں دریا تاپتی کے کنارے بطور امانت
ن کیا گیا اور جمعرات کے روز بادشاہ مرقد منورہ پر تشریف لایا جب کہ تربت پر جواہر آبدار اشک اس کی
ھول سے جاری تھے۔ فاتحہ و ایصال خیرات و مبرات کے بعد فرمایا کہ ہر شب جمعہ اسی دستور کے مطابق
رت کے لیے مقرر ہے:

غم بادشاہاں غم کشور یست — بہر تن جدا گانہ آں را سر یست
جہاں را بہ رنج آورد رنج شاہ — بگیتی کند روز روشن سیاہ
یکے کالبد داں جہاں سر بسر — کہ دارد دو تا جور حکم سر
چو از رنج پا تن دگرگوں شود — نگہ کن کہ از درد سر چوں شود

تمام شاہی خاندان کے افراد اس سوگ میں مبتلا ہو گئے اور دربار میں ماتم منایا گیا۔ اور اس جزع و فزع
ہ آہ و بکا کا وہ شور تھا کہ تمام سماں غم آلود ہو گیا۔ اور آنحضرت شاہجہاں پر اس جانکاہ واقعہ نے اس قدر اثر کیا
س نے رنگدار و زری دار خلعت کو ترک کر دیا اور محض سفید لباس پر قناعت کی۔ اس نے موسیقی کو بالکل
باد کہہ دیا جس کا وہ بہت بڑا ماہر تھا۔ سب سے بڑھ کر اس نے خوشبو کو اپنے لیے حرام کر دیا جس کا وہ
ت دلدادہ تھا۔ عام تعزیت کی مجالس میں وہ خود سفید لباس میں ملبوس ہوتا اور امرا ماتمی لباس میں۔
شک اس المناک واقعہ کا اس پر اس قدر اثر ہوا کہ اس نے ایک ہفتہ کے لیے تمام سلطنت کے
ں دلچسپی لینی بند کر دی اور خاص و عام کے درشن جھروکہ میں نمودار نہیں ہوا۔ یہ بالکل مسلمہ ہے کہ جس قدر

شاہجہاں نے اپنی رفیقۂ حیات کی وفات حسرت آیات کو محسوس کیا کسی نے نہیں کیا۔ آیندہ کے لیے عوام میں اس جذبہ سرگرمی سے وہ کبھی نہیں آیا جیسا کہ وہ اس سے پیشتر آتا تھا اور دلچسپی لیتا تھا۔ خاص کر جب کبھی اس کے دل پر مرحومہ کی یاد آئی تو وہ فوراً اشک بار ہو جاتا۔ کئی بار اسے کہتے سنا گیا کہ اگر اس پر سلطنت کا بار نہ ہوا اور شریعت اسلامیہ جزع و فزع کو کسی طرح موت پر ممنوع قرار نہ دے جس سے اس پر بھروسہ اور اس کی رضا پر شاکر ہوتے ہیں کوئی حرج نہ ہوتا تو وہ فوراً دنیا کو خیرباد کہہ کر کنارہ کشی اختیار کر لے اور سلطنت، کو لڑکوں میں تقسیم کر دے۔ اس نے دو سال تک تمام قسم کے جلسوں وغیرہ کو ترک کر دیا جب عہد کے تہواروں میں حسب دستور شاہی خاندان کی شاہزادیاں بادشاہ کے ہاں جمع ہوتیں تو ان میں وہ اپنی چہیتی رفیقۂ حیات کو غیر حاضر دیکھ کر اپنے اشکوں کو روک نہ سکتا۔ بلکہ دیر تک یہ ہوتا رہا کہ جب وہ محل میں اس آرام گاہ میں جاتا جہاں ممتاز الزمانی سکونت رکھتی تھی تو اس کو خالی دیکھ کر اس کے بے اختیار اشک جاری ہو جاتے۔ مُلّا عبدالحمید مُلّا صالح نے بیان کیا ہے کہ بروقت وفات ممتاز بادشاہ کی ریش مبارک میں مشکل سے بیس بال سفید تھے مگر اس وفات سے تھوڑے ہی عرصہ میں ان کی تعداد میں خاصہ اضافہ ہو گیا۔

بے بدل خاں نے تاریخ ارتحال ۱۰۴۰ھ کیا خوب کہی ہے:

جائے ممتاز محل جنّت باد

مگر سب سے بہتر اور مختصر تاریخ ایک لفظ "غم" سے ۱۰۴۰ھ خوب نکلتی ہے۔

ممتاز کی وفات پر جہاں آرا بیگم، داراشکوہ، روشن آرا بیگم، اورنگ زیب، مراد بخش، گوہر آرا بیگم اور شاہ شجاع اس کی تمام اولاد میں سے سات زندہ تھے۔ اور ممتاز نے کافی جائیداد چھوڑی جو نقدی، زیورات، جواہرات پر مشتمل تھی۔ اور اس کی مجموعی مقدار ایک کروڑ روپیہ تھی جو شریعت اسلامیہ کے قانونِ وراثت کے تحت تقسیم کی گئی۔

اس نے اپنے اقتدار و حکم سے بے شمار مساجد، خانقاہیں، مدارس، خیرات خانے وغیرہ تعمیر کرائے اس کی سخاوت دونوں ہندوؤں اور مسلمانوں پر عام تھی۔ بے کس یتامیٰ اور مسکین بچیاں خاص کر اس کے الطاف سے بہرہ اندوز ہوتی تھیں۔ وہ غریب والدین کی بچیوں کے لیے ہر ممکن طریق سے جہیز مہیا کیا کرتی تھی جس کی وجہ سے اس کی سخاوت ضرب المثل تھی۔ تاریخ میں وضاحت سے ملتا ہے کہ دو مسکین بچیاں جن کو اس نے

ورش کیا تھا پرتگالی مشنری والے اٹھالے گئے تھے اور ان کو عیسائی بنانے کی کوشش کی جس کی وجہ سے ان کے خلاف شاہ جہاں نے ہگلی میں بہت بڑی جنگ کی۔ اس کی وفات کے بعد حرم کے تمام دربار جہاں آرا بیگم کے سپرد ہوئے جو ملکہ مرحومہ کے ہاتھ میں تھے اور دیوان اعلیٰ کے فرائض اسی طرح دستورِ سابق اس کے دیوان اسحاق بیگ یزدی کے سپرد رہے، اور حرم کی تمام باگ ستی خانم کے ہاتھ میں رہی۔

غرضیکہ مرحومہ کی تمام متذکرہ بالا غیر فانی خوبیاں اس امر کی مقتضی تھیں کہ شاہجہاں بھی اس کا ایک ایسا ہی غیر فانی۔ شہرۂ آفاق روضہ تعمیر کرے جو واقع میں ہوا اور آج وہ عجائباتِ روزگار میں شمار ہوتا ہے[1]۔

ہمیں بالوضاحت ملتا ہے کہ عہد اورنگ زیب تک ۱۷ ذیقعدہ کو ہر سال ممتاز کا عرس روضہ میں منایا جاتا اور سلطنت کی طرف سے خاص رقم منظور تھی۔ قالوا انا للہ وانا الیہ راجعون۔

درگاہ قطب الدین اولیا میں شاہ جہاں نے مرحومہ کی یاد میں ایک عمارت موسومہ عاقبت خانہ نواب ممتاز محل کے نام سے ۱۰۵۸ھ میں تعمیر کیا جس کے پیشانی والان پر حسب ذیل کتبہ نصب کیا تھا:

آنکہ نواب فلک مرتبہ ممتاز محل — منبع جود و سخا نیک سیر و نیک سرشت
از صداقت چو بدرگاہ شہ قطب الدین — محل نیک بنا ساختہ تعمیر بخشت
سال تعمیر ز معمار خرد جست — دفعۃً داد جوابش کہ بگو شان بہشت
۱۰۵۸

معلوم اب بھی یہ عمارت اس نام سے مشہور ہے کہ نہیں۔

---

[1] ملا محمد صالح کنبوہ۔ عمل صالح، ج اوّل، ص ۴۴۵۔ ۴۵ء میں وفات کو تفصیل سے بیان کیا ہے۔ (۲۱ میں مفصل واقعہ وفات دیا ہے۔)

صدر النساء ستی النساء خانم

ایران و توران کے اکثر خاندان مغل شاہنشاہوں کی علم پروری اور مربیانہ سلوک سے متاثر ہو کر اپنے آبائی وطن کو چھوڑ کر ہندوستان آئے اور ان کے دربار سے منسلک ہو گئے جن کے ذریعہ سے یہاں ایرانی اسلامی ثقافت کا نفاذ ہوا، اور اس وقت کی سوسائٹی پر اس ضمن میں خاصہ اثر ہوا۔ بلکہ بعض محققین کا خیال ہے کہ جہانگیر و شاہجہاں کے دربار تو بالکل ایرانی ثقافت کا نقشہ تھے۔ ان خاندانوں کا جب تذکرہ کیا جائے گا تو بالخصوص بیرم خاں ترکمان اور مرزا غیاث الدین اعتماد الدولہ، امیر الامرا علی مردان خاں وغیرہم کے خاندان کا ذکر پیش پیش نظر آئے گا جن کے ذریعہ ایرانی ماحول کے اعتبار سے یہاں علوم و فنون کو چار چاند لگ گئے کیونکہ ان خاندانوں کے ہمراہ اکثر مشہور شعرا، فضلا و صناع بھی آئے اور ان کے کارنامے علم و فن کی تاریخ میں آج ناگزیر باب کی حیثیت رکھتے ہیں۔ اسی طرح اگر ہم طبقہ اُناث میں محض نور جہاں اور ممتاز محل کا حصہ کما حقہ بیان کریں تو بہت بڑی ضخیم کتاب بن جائے گی۔ پھر ان کی ملازمت میں اس اس پایہ کی شریف زادیاں ایرانی الاصل تھیں جن کی کوششوں سے مغل حرم بھی اسی طرح ایرانی ماحول سے رنگا ہوا تھا۔ غرضیکہ ہم مختصر طور پر ستی خانم کا ذکر کرتے ہیں۔

یہ ایران کے شہر ماژندران کے ایک اعلیٰ علمی خاندان سے تھی اور جہانگیر کے درباری شاعر ملک الشعرا طالب آملی کی حقیقی بہن تھی۔ جب اس کے شوہر نصیر ابرادر حقیقی حکیم رکنا کا انتقال ہوا تو یہ ملکہ ممتاز محل بیگم کی ملازمت میں آگئی جہاں اس کو اکثر مواقع ملے۔ اور وہ اپنی ہمہ گیر قابلیت کا اظہار کر سکی یعنی اس کے متواضع عادات، دل کو لبھانے والے سلیقے اور زبان شیریں سب سے بڑھ کر امور خانہ داری پر ہر طرح کا عبور جو ایرانیوں کی سوسائٹی اور گھریلو زندگی میں بہت بڑے اوصاف شمار ہوتے ہیں، میں وہ ضرب المثل تھی اور ان کی وجہ سے شاہجہاں کے حرم میں ہر مرد و عورت اس کا گرویدہ تھا۔ ان امور

کے علاوہ وہ اعلیٰ پایہ کی طبیب بھی تھی۔ غالباً اسے یہ صفت خاندانی طور پر ورثہ میں ملی تھی۔ غرضیکہ ان سب امور کی وجہ سے اسے شاہی حرم میں ایک خاص امتیاز حاصل تھا، اور دیگر کارکنان حرم شاہی پر اسے فوقیت حاصل تھی اور ملکہ کی نظر میں ہر طرح قابلِ اعتماد تھی۔

عام طور پر سلاطین کے درباروں میں کئی قسم کی مُہریں دستاویز کی توثیق کے لیے ہوتی تھیں جو مختلف شعبوں کے لیے مختلف ہوتی تھیں۔ چنانچہ جاگیرات کے لیے جو مُہر ہوتی تھی اسے اُنہ بک کہا جاتا تھا اور یہ ہمیشہ بہت ذمہ دار اہلکار وزیر اعظم جیسے شخص کے قبضہ میں رہتی تھی۔ جب شاہجہاں کا زمانہ آیا تو یہ مہر یمین الدولہ آصف خاں کے قبضہ میں آئی مگر جب اسے کسی مہم پر جانے کا اتفاق ہوا تو یہ مہر حرم میں ملکہ ممتاز الزمانی ممتاز محل بیگم کی تحویل میں آگئی۔ اور حرم میں ہی جاگیرات کے فرمانوں پر یہ مہر بیگم کی نگرانی میں ثبت ہوتی تھی اور ملکہ نے اس مہر کو حرم کی نہایت معتمد علیہ منتظمہ ستی خانم کے قبضہ میں رکھا ہوا تھا اور بوقت ضرورت اس کو نکال کر استعمال کیا جاتا تھا۔

چونکہ ستی خانم علم تجوید قرآن کریم کے تمام اصولوں سے واقف تھی اور خوب مہارت رکھتی تھی اور اس کے علاوہ علوم زبان فارسی پر کافی عبور تھا۔ اس لیے وہ حرم میں شہزادیوں کی اتالیق بھی مقرر تھی خاص کر اس ضمن میں یہ بیان کرنا ضروری ہے کہ عمل صالح اور بادشاہ نامہ کی عبارتوں سے واضح ہے کہ ہ بیگم صاحب جہاں آرا کی اتالیق مقرر ہوگئی تھی۔

جب ۱۰۴۰ھ میں ملکہ ممتاز الزمانی کا انتقال ہوا تو بادشاہ شاہجہاں نے ستی خانم کو اس کی اعلیٰ انتظامی ابلیت کو مدنظر رکھ کر خصوصاً امور خانہ داری میں اسے حرم کی میر سامان مقرر کیا جسے اس نے اپنی وفات ک نہایت قابلیت سے ادا کیا جس وجہ سے مورخین نے اسے بالاتفاق صدر النساء کے لقب سے ھا ہے۔

اس کے حقیقی بھائی طالب آملی کی دو لڑکیاں تھیں جن کی اس نے خود بھائی کی وفات کے بعد رورش کی تھی۔ بڑی کی شادی عاقل خاں بن عبدالحق المخاطب بہ امانت خاں شیرازی سے ہوئی تھی۔ امانت خاں یرازی اس زمانہ میں کتابہ نگار کی حیثیت سے بہت مشہور تھا اور اسی نے تاج محل آگرہ کے کتبات ھے تھے۔ ان میں سے چھوٹی لڑکی کی شادی ضیاء الدین المخاطب بہ رحمت خاں بن حکیم قطبا برادر حکیم رکنا سے ہوئی تھی۔ شاہجہاں کے بیسویں سال عہد حکومت میں چھوٹی لڑکی جس سے ستی خانم کو بہت محبت تھی،

بحالت زچگی لاہور میں انتقال کر گئی۔ اور یہ وہ زمانہ تھا جب کہ شاہی سواری لاہور میں مقیم تھی۔ اس واقعہ سے ستی خانم کے دل پر سخت چوٹ لگی اور وہ کئی روز تک غم و حزن میں مبتلا رہی جس کا علم بادشاہ کو بھی ہوا اور اس نے خود ستی خانم کے احترام میں اس کی آرام گاہ میں آکر مرحومہ لڑکی کی تعزیت کی اور ستی خانم کی عیادت کی۔ مگر بادشاہ کے رخصت ہونے کے کچھ عرصہ بعد ستی خانم کی حالت مزید خراب ہو گئی یہاں تک نوبت پہنچی کہ بچنے کی کوئی امید نہ رہی حتیٰ کہ ۲۷ ذی الحجہ ۱۰۵۵ھ کو بادشاہ سلامت کی خدمت اقدس میں اطلاع پہنچی کہ اس نے لاہور میں ہی داعی اجل کو لبیک کہا۔ بادشاہ کو جب اس کی وفات کا علم ہوا تو بہت ہی اضطراب اور پریشانی و غم کا اظہار کیا اور اپنے صرف خاص سے دو ہزار روپیہ فوراً اس کی تجہیز و تکفین کے لیے علاء الملک میر سامان کے ذریعہ خزانہ عامرہ سے عطا فرمائے اور چند ملازمین درگاہ اس کی جائے سکونت تک پہنچا کر آئے۔ مگر اس سے قبل دو صد روپیہ روزانہ برائے کھانا محتاجاں و فقرا میں تقسیم کیا جاتا تھا۔ اور مرحومہ کی نعش کو آگرہ پہنچانے اور وہاں تاج کی عمارت میں دفن کرنے کے لیے فرمان جاری کیا۔

واضح رہے کہ ستی خانم ہی کو بادشاہ شاہجہاں نے شاہزادہ شاہ شجاع اور نواب وزیر خاں کے ہمراہ مرحومہ بیگم ممتاز الزمانی کی نعش کو برہان پور سے آگرہ لانے کے لیے مقرر کیا تھا جہاں بیگم کا انتقال ۱۰۴۰ھ میں ہوا تھا یعنی اسی اصول پر بادشاہ نے ستی خانم مرحومہ کی نعش کو بھی وہیں پہنچا کر دفن کرنے کے احکام جاری کیے۔

ستی خانم کا مقبرہ تاج محل آگرہ کی وسیع و عریض تعمیر کے جلو خانہ کے مغربی جانب سنگ سرخ کا آج بھی موجود ہے اور اس پر نہایت عمدہ سنگ سرخ کا گنبد تاج محل کے مرمریں گنبد کی تعمیری روایات پر قائم ہے۔ جلو خانہ سے مراد یہ ہے کہ جہاں تاج محل کے زائرین عمارت کے بڑے دروازہ کے آگے کھلے میدان میں خواہ پیادہ خواہ سواری میں پہنچتے ہیں۔ اس کے مشرقی مغربی کونوں میں بہت عالی شان گنبد ہیں جو آج سہیلیوں کے گنبد کے نام سے پکارے جاتے ہیں۔ ان میں مغربی جانب کا گنبد یا مقبرہ ستی خانم کا ہے اس کے باہر کی طرف ایک سنگ سرخ کی مسجد بھی ہے۔ غرضیکہ دونوں ستی خانم حرم کی صدر النساء اور اس کی ملکہ ممتاز الزمانی کا مقبرہ ایک دوسرے سے آج بھی قریب قریب ہیں جس طرح وہ زندگی میں اکٹھی تھیں۔

تذکرہ نصیر آبادی میں مذکور ہے کہ شاعر فارغا محمد ابراہیم برادر ملا عشرتی جب ہندوستان آیا تو ظفر خاں
ملازمت میں داخل ہوا مگر لاہور پہنچ کر بیمار پڑ گیا اور وہیں فوت ہوا۔ جسے ستی خانم نے اطلاع پاتے
اپنی خاطر نواز عادت سے مجبور ہو کر نہایت باکرام و اعزاز لاہور میں اسے دفن کیا۔ افسوس آج اس
کے مقبرہ کا لاہور میں کوئی نشان نہیں ملتا۔

غرضیکہ اس مختصر سی کیفیت حالات ستی خانم سے ہم پر یہ واضح ہو گیا کہ ایک ایرانی خاتون نے جو ایک
ی و علمی خاندانِ ماثر ندراں سے تعلق رکھتی تھی کہاں تک یہاں مغل دربار میں اپنی اعلیٰ قابلیت سے رسوخ
ا کیا اور اعلیٰ منصب اور اعتماد کامل پیدا کر لیا۔ اسی طرح اور بھی کافی شخصیتیں ہمیں اس ضمن میں میسر آسکتی ہیں
تمام اوصاف کا مجموعہ۔ عالم۔ فاضل۔ انتظام، علوم قرآنیہ سے آشنا اور معتمد علیہ ستی خانم جیسی ہستیاں جوان
م اوصاف کی وجہ سے صدر النساء کے لقب سے موسوم تھی بہت کم ملے گی۔

حوالہ جات :-

۱ ص ۵۱۵/۲ و ص ۵۵۱-۵۵۸/۱ و تذکرہ طاہر نصیر آبادی مطبوعہ طہران

بیرم خاں ترکمان اور مرزا غیاث

مغلوں کے عہد میں بہت سے خاندان ایران سے آکر ہندوستان میں آباد ہوئے اور ان کے تعلقات دربار سے رہے اور انہوں نے اپنے خاص انداز میں اپنی خالص ایرانیت کا نفاذ کیا جس کا ہندوستان پر بہت اثر ہوا۔ اس ضمن میں مرزا غیاث اعتماد الدولہ اور بیرم خاں ترکمان کا خاندان بالخصوص قابل ذکر ہیں اور ان کی خدمات تعمیراتِ ہند میں ایک نمایاں پہلو رکھتی ہیں اور ان سے ایرانیت بدرجۂ اتم واضح ہے ممتاز زمانی کے ضمن میں اس کے اپنے خاندان یعنی مرزا غیاث کی خدمات کا ذکر بضمن تعمیرات ضروری معلوم ہوتا ہے۔ چنانچہ اس نے اپنی زندگی میں ایک مسجد، ایک سرائے اور ایک حمام نعیم دروازہ کے قریب اکبرآباد میں۔ ایک سرائے بلال آباد اور اکبرآباد کے مابین، اکبرآباد میں لاہوری دروازہ پر ایک حوض تعمیر کیا۔ متھرا میں اس نے ایک گاؤں گوردھن نگر آباد کیا اور اجین میں بھی اس نے ایک سرائے اور حوض تعمیر کیے مگر ابتدا میں اس نے بہت سی عمارات اکبرآباد میں تعمیر کیں جن میں کچھ تعمیری نقص پیدا ہو گیا جس کو اس نے خود نہایت احتیاط سے اہم سمجھ کر دور کرنے میں کوئی دقیقہ اٹھا نہ رکھا۔ مگر جب اس کا اپنا انتقال ہوا تو اس کا روضہ جو آج اعتماد الدولہ کے نام سے مشہور ہے جہانگیر کے فرمان سے نور جہاں کی مرضی کے مطابق اکبرآباد میں جمنا کے کنارے سفید مرمر کا تعمیر کیا گیا جو اپنی شان کی ایک خاص عمارت ہے جس کے مثل نہ اس سے قبل اور نہ اس کے بعد ہندوستان میں ہی نہیں بلکہ دیگر ممالک میں بھی تعمیر نہیں ہوا۔ اس میں بڑی خوبی یہ ہے کہ اس میں مرکزی گنبد جو عام طور پر مقبروں پر ہوتا ہے نظر انداز کر دیا گیا ہے۔ اور اس کے بغیر اس کے اندر جو تناسب رکھا گیا ہے اس کی موجودگی میں واقعی گنبد کی کوئی ضرورت محسوس نہیں ہوتی۔ خاص کر اس کے زیبائشی بیل بوٹے جو پرچیں کاری اور منبت کاری میں بنائے گئے ہیں وہ من کل الوجوہ ایرانی الاصل علامات سے پُر ہیں جیسا ان میں جام و سبو، گلدان، عطردان۔ فرش کی گرہ بندی۔ جالیاں۔ پنجرہ دار کھڑکیاں وغیرہ۔

اعتماد الدولہ کے لڑکے آصف خاں والد ممتاز الزمانی نے بے شمار عمارات تعمیر کیں جن پر اس نے کئی
کھ روپیہ خرچ کیا جن کا مفصل بیان اس کے اپنے بیان کے تحت ملے گا۔ نور جہاں اور آصف خاں کے
ہور میں مقبرے اپنی مثال آپ ہیں۔ اسی شان سے لاہور میں دیوان جی والدہ ممتاز الزمانی کا مقبرہ اعلیٰ
یر تھا مگر آج معلوم نہیں یہ کہاں ہے۔ الہ آباد کے خسرو باغ میں لیلیٰ بنت نور جہاں کا مقبرہ جو شیر افگن کی
ڑکی تھی ایک امتیازی شان رکھتا ہے۔ اسی طرح نور جہاں کی سرائے جالندھر میں مشہور عمارت ہے
س پر اس کے نام کا کتبہ بھی قائم ہے۔

اور قصبہ نور محل، اس کے نام پر آباد ہے وہاں اس خاندان کے اور بھی روضے ہیں جن پر کاشی کاری
علیٰ درجہ کی ہے اور یہ سرائے شاہجہاں نے خود تعمیر کرائی تھی۔

جب نور جہاں کا ۱۰۵۵ھ میں لاہور میں انتقال ہوا تو اس کو اس کے اپنے ہی تعمیر کردہ مقبرہ میں جو
وضہ آصف خاں کے جنوب مغرب میں شاہدرہ میں ہے دفن کیا گیا، اور نور جہاں نے خود اپنی زندگی
ں ہی تعمیر کر لیا تھا۔ افسوس کا مقام ہے کہ یہ روضہ اب اپنی اصل حالت میں نہیں ہے۔ صاف معلوم
وتا ہے کہ اس کا پتھر کس بے دردی سے اتارا گیا ہے اور بعض بیانات سے ضرور ملتا ہے کہ یہ عمارت
نی شان کی ایک ہی تھی۔

بیرم خاں کے متعلق عرض ہے کہ یہ بذات خود زیادہ تر علمی آدمی تھا۔ اس نے اکثر عمارات اپنے خاص
رانی نہج پر تعمیر کیں مگر اس کا لڑکا عبدالرحیم خان خاناں کے لقب سے باپ سے زیادہ مشہور ہے، جو
ات خود ایک خاص محکمہ فنون رکھتا تھا۔ اس نے ہند میں رہ کر علوم و فنون کی خاصی سرپرستی کی اس کا تذکرہ
سلطان حسین مرزا اور اس کا وزیر اعظم شیر علی نوائی کی یاد زندہ کرتا ہے۔ اس نے بے شمار عمارات تعمیر کیں اور
ب مقام پر خاص کر ہندوؤں کو خطاب کر کے گجرات میں حمام کی تعمیر کی طرف توجہ دلاتا ہے:

"در دولت ہندوستان و امصار و بلاد آں بجہت آنکہ ایں وسعت آباد در تصرف کفرہ و
ہند و بودہ در نزد آں گروہ حمام ساختن بظاہرہ منع است از ایں سعادت محروم بودہ اند
و مسلمانان کہ دریں دیار بودہ اند ازیں رہگذر مشقت و آزار بسیار می کشیدہ اند تا ایامے کہ
ایں ہندوستان ایران ساز صاحب صوبہ ایں دار السلطنت گشت بساختن حمامی بر سر میدان
ایں شہر امر بنمود و در اندک فرصتے بتوجہ معماران سرکارش و اہتمام محمد علی مشہور بگرگ خراسانی حمامی باتمام

رسید کہ در ایراں بصفا و پاکیزگی آں ہم نمی رسید ۔" (۱)

جب عبدالرحیم خان خاناں نے دہلی میں بعض تعمیرات کا حکم دیا جن میں اس کی اپنی زوجہ مرحومہ کا مقبرہ بھی شامل ہے تو کام کو استاد ہروی کے سپرد کیا۔ اس کے متعلق کسی قدر وضاحت سے استاد ہروی کے تحت بیان ملے گا اور ملا وحشی یزدی نے طویل قصیدہ بھی کہا ہے۔ اس کے محلات احمد آباد میں سابرمتی کے کنارے فتح داردی کے نام سے اب تک موجود ہیں۔ اس کے علاوہ اس نے لاہور میں بہت عظیم الشان عمارات تعمیر کیں جو شارع عام پر لاہور میں آگرہ کی جانب تھیں۔ ان میں سے خاص کر سرائے و باغ قابل ذکر ہیں جس کا ذکر داراشکوہ نے بھی اپنے سکینۃ الاولیا میں کیا ہے اور ان کو اس نے اپنے والد مرحوم کے نام پر ثواب و برکت حاصل کرنے کے لیے تعمیر کیا تھا۔

چوں ایوان فلک عالی بنائے　　خورنق پیش آں بی طرح جائے

غرضیکہ ان دونوں خاندانوں کی خدمات تعمیرات کے ضمن میں بہت اہم ہیں جب کہ آصف خاں ذاتِ خود شاہجہاں کی طرف سے معماروں، کاریگروں کو منظور شدہ نقشے سمجھانے کے لیے مقرر تھا یعنی ان کی بدولت ہندوستان کا فنِ تعمیر خاص کر عہد جہانگیر و شاہجہاں سے بالکل ایرانی نژاد ہو گیا اور اسے دیگر محققین نے بھی تسلیم کیا ہے۔

---

(۱) ۳۵ صفحہ ۶۰۰-۶۰۱

آگرہ قبل شاہجہاں

قبل اس کے کہ ہم تاج محل کی تفصیل پیش کریں یہ بہت ضروری معلوم ہوتا ہے کہ چند الفاظ آگرہ کے ثا
ثارات سے متعلق قبل تعمیر تاج یا قبل شاہجہاں بیان کیے جائیں خاص کر اس خیال سے کہ جہاں تاج محل اس وقت
پنے پورے جوبن میں جمنا دریا کے مغربی کنارے پر کھڑا ہے اور مختلف عہدوں میں آگرہ کو کیا اہمیت
حاصل رہی اور کیا کیا بڑی بڑی عمارتیں تعمیر ہوئیں جن کو فن تعمیر میں خاصی اہمیت ہے۔ اور یہ عمارات
ریخِ فن تعمیر میں ناگزیر کڑیاں ہیں۔ یہ بے شک واضح ہے کہ ان کی موجودگی نے شاہجہاں کو مجبور کیا ہوگا
وہ اپنی چہیتی مرحومہ بیوی کا روضہ بنا کر ان کو مات کر دے جس سے فن تعمیر ہندوستان میں ایک خاص
د قائم کر کے ایک عظیم الشان جذبۂ تعمیرات کو ظاہر کرے۔

اگرچہ یہاں آگرہ کے زمانہ جاہلیت کا مفصل بیان موضوع سے خارج ہے تاہم جب آگرہ
غرافیائی اعتبار سے متھرا۔ ڈیگ۔ گوردھن، بندرابن وغیرہ کے قرب وجوار میں واقع ہے جو ہندوؤں
ے قدیم شہر ہیں جن سے ان کا قدیم تمدن وابستہ ہے تو ہم آسانی سے فرض کر لیتے ہیں کہ آگرہ بذاتِ خود
ں قدیم زمانہ سے خاصہ اہم مرکز رہا ہے۔ تاریخ داؤدی میں ہمیں ملتا ہے کہ آگرہ کا وجود سکندر لودھی
کے زمانہ سے ہوا جس نے اپنا یا یۂ تخت آگرہ گاؤں کی جگہ پر قائم کیا۔ راجہ کنس کے زمانہ میں جو متھرا میں حکومت
رتا تھا جس کے متعلق مشہور ہے کہ جو اس راجہ کی گستاخی کرتا تھا اسے وہاں قید کر دیا جاتا تھا۔ جب
لطان محمود غزنوی کی فوج ہندوستان پر حملہ آور ہوئی آگرہ اس قدر تباہ ہوا تو ایک بے حقیقت سا گاؤں
گیا پھر دوبارہ سلطان سکندر کے زمانہ میں اسے عروج حاصل ہوا۔

محمود غزنوی کا آگرہ پر حملہ آور ہونا عبداللہ مصنف تاریخ داؤدی کے بیان کے مطابق ناقابلِ
لیم ہے۔ کیونکہ اس کے حالات میں یہ نہیں ملتا۔ یہ یقین ہے کہ مصنف داؤدی کو محمود غزنوی کے

پوتے کے بدلے مغالطہ ہو گیا ہے جس کا نام بھی محمود تھا جس کی مدح میں مسعود سعد سلمان نے ایک قصیدہ آگرہ کی فتح پر مبارک باد دیتے ہوئے لکھا ہے۔ یہ شاعر اس کے ہمراہ تھا اور اس لیے اس کی یہ عینی شہادت ہے:

حصار آگرہ پیدا شد از میانہ گرد — بسان کوہ بر و یارہائے چوں کہسار
حصار دیدم بے حد و لیک ہر یک را — کشادہ دیدم و از لشکری خود صد بار
کنوں کہ یافتہ ام من حصار آگرہ را — ازیں حصار برآرم بہ تیغ و تیر و مار

ان اشعار کو جہانگیر نے بھی اپنی توزک میں بیان کیا ہے اور ان اشعار کے اندر مقام آگرہ کے طبیعی خواص بھی بیان کیے گئے ہیں جو موجودہ آگرہ کے جائے وقوع کے طبیعی خواص سے مختلف ہونے کی وجہ سے نہایت گہری توجہ کے محتاج ہیں۔ ان اشعار میں لفظ آگرہ ہے نہ کہ اگرہ جو مغلوں کی تاریخ اور سکوں میں ملتا ہے اور یہ متذکرہ آگرہ پہاڑوں میں گھرا ہوا ہے جو موجودہ اگرہ سے بالکل مختلف ہے۔ بلکہ یہ طبعی حالات آگرہ موجودہ آگرہ میں کبھی بھی نہیں ہوئے اور اس شبہ کو دور کرنے کے لیے ویسے ہمارے پاس کوئی شہادت بھی نہیں ہے۔ اس لیے ہمیں یہ کہنا چاہیے کہ آگرہ جو مسعود سعد سلمان نے بیان کیا ہے وہ بالکل اور ہے اور اس کا ہمیں کچھ علم نہیں ہے۔ سب سے بڑی بات یہ ہے کہ موجودہ اگرہ دریائے جمنا کے کنارے واقع ہے اور مسعود سعد سلمان کے اشعار میں اس کا کہیں ذکر تک نہیں ہے، اور دوسری طرف مؤلفین و مصنفین نے ہمیشہ اس جمنا کو اگرہ کے ذکر میں بیان کرنا ناگزیر خیال کیا ہے۔

راجپوت سرداروں نے ۱۳۸۸ء تک اگرہ کا قبضہ سلطنت پٹھانان دہلی کی ایک باجگذار ریاست کی حیثیت سے سنبھالا جن کو تیمور نے ۱۳۹۸ء میں شکست دی۔ ۱۴۰۵ء میں تیمور کے بعد محمود آخری تغلق سلطان عنانِ حکومت سنبھالے تھا جو محض شہر کی فصیل تک محدود تھی۔ اس کے بعد سیدوں کا دور دورہ ۱۴۱۴ء سے ۱۴۵۱ء میں ہوا اور ان میں سے علاؤ الدین ایک افغان بہلول لودھی کے حق میں دستبردار ہو گیا۔ اس نے ایک مستحکم سلطنت قائم کی جو آگرہ تک پھیلی ہوئی تھی۔ غرضیکہ اسی طرح سکندر لودھی اپنے والد کا جانشین ۱۴۸۸ء میں ہوا اور ۱۴۹۲ء میں اس نے ہیبت خاں سے اگرہ کا قبضہ حاصل کیا جو اس وقت وہاں کا والی تھا جبکہ شہر دریائے جمنا کے ہر دو جانب آباد تھا۔ صفدر خاں کو سنبھل سے خاص طور پر برائے تعمیر نو شہر ارسال کیا گیا تھا۔ اس نے قدیم شہر کو گرا کر از سر نو تعمیر کیا۔ اور اس وقت اس قلعہ کا نام راجپوت بدل سنگھ کے نام

ر بدل گڈھ رکھا گیا۔ غرضیکہ تھوڑے ہی عرصہ میں شہر میں عظیم الشان عمارات جمنا کے دونوں کناروں پر آباد
گئیں۔ بادشاہ شہر میں ۹۰۷ھ میں داخل ہوا اور اس کو اپنا پایہ تخت قرار دیا۔ اس کے بعد ایک زلزلہ عظیم
ں ۹۱۱ھ میں تمام عمارات فنا ہو گئیں تو بادشاہ نے از سر نو ۹۱۲ھ میں تمام محلات کو تعمیر کیا۔ اور باغات،
باط، سرائے وغیرہ قائم کیے گئے۔ اور یہی سلسلہ آگرہ سے دھولپور تک چلا گیا تھا۔

یہ افسوس کا مقام ہے کہ آگرہ میں آج کوئی عمارت عہد لودھی موجود نہیں ہے۔ مگر ان کا بیان کتب میں
ہے اور بقول فرشتہ اس عہد کی شاندار عمارات زلزلہ عظیم سے پیوند زمین ہو گئیں۔ تاہم چند قبور آگرہ میں
وجود ہیں۔ مونٹھ کی مسجد وغیرہ دہلی میں ملتی ہے جن سے ان کے طرز تعمیر ٹھوس جسامت کی صورت میں عیاں
ہے۔ محض سکندرہ آگرہ میں ایک مقام رہ گیا ہے جو سکندر لودھی کے نام پر ہے جہاں آج اکبر اعظم کا مقبرہ
ہے اور اس عمارت کو لوگ اسلئے سکندرہ کہتے ہیں حالانکہ سکندرہ اس مقام کا نام ہے جہاں ایک بارہ دری کے
کچھ باقیات ہیں جس کے متعلق عرض ہے کہ یہ سکندر لودھی کی تعمیر ہے۔ یہ مربع عمارت سرخ پتھر کی تعمیر
ہے اور اس کا ہر ضلع ۱۴۲ فٹ ہے۔ دو منزلہ ہے اور فرش کے نیچے ایک اور سردابہ ہے جس میں
بیس کمرے ہیں۔ ہر کونہ پر مثمن برج ہیں مگر یہ عمارت عام طور مقبرہ مریم زمانی والدہ جہانگیر کے نام سے
مشہور ہے جو ۱۰۳۲ھ میں فوت ہوئی۔ قبر زیر زمین ہے اوپر کی منزل کے مرکز میں سفید مرمر کا تعویذ ہے۔

سکندر لودھی نہ صرف ایک کامیاب بادشاہ تھا بلکہ ایک کامل عالم اور علوم کا مربی تھا۔ اس کا آگرہ
میں انتقال ۱۵۱۷ء میں ہوا مگر دفن دہلی میں ہوا۔ اس کا لڑکا ابراہیم آگرہ میں تخت نشین ہوا۔ اس نے
چغتوں کے حملوں کی روک تھام کی جو بابر کے بلانے کا باعث ہوئے جس نے لودھیوں کو پانی پت میں شکست
دی اور بابر ۱۵۲۶ء میں آگرہ میں وارد ہوا اور لودھیوں کے محلات پر قابض ہو گیا۔ یہ بالکل واضح ہے کہ بابر
نے اپنے اعلیٰ مذاق نفسیات کے مطابق اور اپنی خاص وسط ایشیائی فنی روایات کے جن کو وہ ہمراہ لایا ہو آمیز
کر اپنی توزک میں ہند و تعمیرات پر نکتہ چینی کی۔ اس نے آگرہ میں جمنا کے کنارے باغات لگائے غرضیکہ
کو خوش نما پھولوں کی خوشبو اور عمدہ میوہ دار درختوں اور پودوں سے بھر دیا۔ اس نے واقعی تھوڑے عرصہ
آگرہ کی زندگی کو چار چاند لگا دیے۔ جس کی وجہ سے لوگ بابر کا آگرہ یعنی شہر کابل کہنے لگے۔ بابر کے محل کا

فرشتہ، ص ۱۸۲

نام چار باغ یا گلفشاں ہے جسے جہانگیر نے اپنی توزک میں بیان کیا ہے جس کے آثار جمنا کے کنارے ملتے ہیں۔ بابر ۹۳۷ھ میں یہیں فوت ہوا اور اس کی نعش کو کابل لے جاکر دفن کیا گیا۔ بابر کی وفات کی خبر سن کر بدخشاں سے فوراً ہمایوں آگرہ پہنچا اور آگرہ میں محل بدل گڈھ میں اس کی تاجپوشی ہوئی اور اس نے اپنا پایہ تخت آگرہ ہی قائم رکھا۔ شیر شاہ سوری نے ۱۵۴۰ء میں قنوج میں ہمایوں کی شکست عظیم کے بعد آگرہ کا قبضہ کیا۔

آگرہ اگرچہ شیر شاہ کا پایہ تخت تھا مگر اس کی تمام جد وجہد تعمیرات دہلی تک محدود رہی جو پرانے قلعہ میں موجود ہیں بلکہ یہ کہنا پڑے گا کہ آگرہ میں جو عمارات بابر کے زمانہ سے سوریوں کے قبضہ میں آئیں وہ بوجہ عدم توجہ کے ویران ہوگئیں۔ جلال خاں بن شیر شاہ نے تخت کو سلیم شاہ سوری کے لقب سے سنبھالا۔ اس نے دہلی میں سلیم گڑھ کی تعمیر کی اور بعض دیگر عمارات کی تکمیل کی جن کو اس کے والد شیر شاہ نے نامکمل چھوڑا تھا۔ بیان کیا جاتا ہے کہ اس نے قلعہ بدل گڈھ میں ایک محل بنوایا تھا جو آج تک موجود ہے۔

سوریوں کے بعد ہمایوں نے جب عنان حکومت کو از سر نو ہاتھ میں لیا تو اس نے آگرہ میں کافی عمارات تعمیر کیں۔ جیسا کہ مسجد کچپورہ۔ چوبرجی مسجد اور دیگر اہم عمارات جن کا میر عمارت زین الخوافی تھا اور آج رہگذر کے لیے جائے عبرت ہیں۔

اکبر ۹۶۶ھ میں وارد آگرہ ہوا۔ اس نے سلطان پور، خواص پور وغیرہ کا ملاحظہ کیا اور بدل گڑھ میں رجوع کرکے اپنے طویل قیام آگرہ کی ابتدا کی جس کے بعد فوراً آگرہ کا نام اکبر آباد پڑ گیا۔ اکبر کے عہد سے ہمارے سامنے قلعہ آگرہ اور شہر آگرہ کی زیادہ مکمل اور باقاعدہ تاریخ ہے۔ جہانگیر نے اپنی توزک میں بیان کیا ہے کہ جمنا کے کنارے ایک قدیم قلعہ ہے جو گرا کر زمین کے برابر کر دیا گیا۔ تب اس کی جگہ پر ایک اور عظیم الشان قلعہ سنگ سرخ کا تعمیر ہوا۔ جس کے متعلق سیاحان جہاں بیان کرتے ہیں کہ انہوں نے اپنی سیاحت میں ایسا خوبصورت قلعہ نہیں دیکھا۔ یہ ۹۷۲ھ میں آٹھ سال کے عرصہ میں قاسم خاں میر عمارت کے زیر نگرانی تعمیر ہوا۔ ۹۷۲ھ اس نے اپنا نگر چین جدید شہر موضع ککرالی میں آباد کیا مگر اس کا کوئی آثار باقی نہیں رہا۔ اکبر کے آگرہ میں عالیشان محل کی تعمیر کی تاریخ یوں ملتی ہے:

چوں از پے عشرت شہ زیبا منظر — فرمود بناد خانہ فیض اختر
تاریخ یکے ز عشرت آمد بیروں — شد خانہ بادشاہ تاریخ اگر

۱۷ ربیع الاول ۹۷۷ھ کو شیخ سلیم چشتی فتح پوری کی دعا سے شاہزادہ جہانگیر پیدا ہوا اور ادھر قلعہ رنتھمبور بھی اکبر کے قبضہ میں آگیا تو اس نے شیخ سلیم چشتی کی سیکری میں زیارت کی جہاں اس نے ایک نئے شہر فتحپور سیکری

ے نام سے بنیاد رکھی اور آگرہ سے لے کر فتح پور سیکری تک بے شمار سنگین عمارتیں تھوڑی مدت میں تعمیر ہو گئیں۔ ر وہاں کے بے شمار محلات معہ مسجد جس کا دروازہ ایک ضرب المثل عمارت ہے، اور اسی فتح پور سیکری کو اکبر ے اپنا دار الخلافہ مقرر کیا۔ قاسم ارسلان نے اس کی تعمیرات آگرہ و سیکری کی تاریخ یوں کہی ہے:

تمام شد دو عمارت مثال خلد بریں — بدور دولت صاحبقران ہفت اقلیم
یکے بہ بلدہ دار الخلافہ آگرہ! — دیگر بلحظہ سیکری مقام شیخ سلیم
پس از پے تاریخ ایں دو عالی قصر — رقم زدہ دو بہشت بریں بملک قدیم

غرضیکہ اس عہد کی مشہور عمارات اعتماد الدولہ، برہم خاں جس نے چہل ستمبہ تیار کیا۔ مگر افسوس کا مقام ے کہ اکبر نے سیکری کو بھی دیر تک اپنا جائے قیام نہ رکھا اور آپ کی توجہ زیادہ تر لاہور کی طرف ہو گئی۔ جب پھر آگرہ واپس گیا تو فتح پور سیکری کا خیال نہیں تھا بلکہ آگرہ کے قلعہ میں ہی قیام کیا یعنی فتح پور سیکری کو ترک یا اور اسی اثنا میں عیسائیوں کے مشن آگرہ میں قائم ہو چکے تھے جس کا مدعا اس کو عیسائی بنانے کا تھا۔ اور کے بعد کوئی زیادہ عمارات تعمیر نہیں ہوئیں۔

جہانگیر کے عہد کی دو عمارات سکندرہ میں اکبر کا روضہ اور روضہ اعتماد الدولہ والد نور جہاں دریائے جمنا دوسرے کنارے پر بہترین یادگاریں ہیں۔ یہ دونوں روضے اپنے آپ میں فن تعمیر میں ایک مستقل باب اور آج یہ اپنی بے مثل خواص و قواعد تعمیر کے اعتبار سے دنیا بھر میں بہترین عمارات شمار ہوتے ہیں جن تعلق کسی قدر مغل فن تعمیر کے تحت بھی بیان کیا گیا ہے۔ اعتماد الدولہ اور دیگر عمارات عہد جہانگیر آگرہ میں گا ایرانی ہیں اور ان میں کسی قسم کی کوئی اور ملاوٹ نہیں ہے۔ اکبر کے عہد سے اخیر زمانہ تک بے شمار ن سیاحوں نے آگرہ کی سیر کی اور انہوں نے اپنے حالات سیاحت کو وضاحت سے بیان کیا ہے ے اکثر مقام پر استفادہ کیا گیا ہے۔

شاہزادہ خرم یعنی شاہجہاں ۱۶۲۷ء میں بادشاہ ہوا۔ یہ اسی کا زمانہ تھا جبکہ قلعہ آگرہ کی اکثر عمارات وضہ تاج محل تعمیر ہوئے جو آج تاریخ فن تعمیر میں ناگزیر ابواب ہیں۔ (شکل ۳)

حوالہ جات :-

رق ۴۱-۴۲ و ۹۷ ج ۳ و ۲۹ ص ۲-۴ و ۴۷ (آگرہ) ص ۶-۷ و ص ۱۱-۱۵ و ۶۵ ص ۷۶
ص ۲۵۷-۲۵۸ / ۲ و ۳۴ ص ۵ و ۹۹ و ۹۳ ص ۱۲۲-۱۲۳ / ۲

روضہ کی تعمیر کی تیاری

جب وفات حسرت آیات ملکہ حضرت الزمانی کو چھ مہینے گزر گئے تو شاہجہاں نے دکن سے کوچ کیا اور شاہزادہ شاہ شجاع اپنی والدہ مرحومہ کی نعش کو اکبر آباد لانے کے انتظام کے لیے مقرر ہوا۔ چنانچہ بروز جمعہ ۱۷ جمادی الاول ۱۰۴۱ھ کو نواب وزیر خاں معتمد علیہ شاہی حکیم اور ستی خانم حرم کی مہر سامان شاہزادہ کے ہمراہ ہوئے۔ یہ لوگ راستہ میں برہانپور سے لیکر اکبر آباد تک فقراء و محتاجوں کو کھانا کھلاتے اور خیرات کرتے پہنچے۔ فوراً اکبر آباد میں پہنچ کر ۱۶ جمادی الثانی ۱۰۴۱ھ کو بہشت آئیں مقام پر آگرہ میں جنوب کی جانب جمنا دریا کے کنارے نعش کو دفن کر دیا۔ یہ مقام دراصل راجہ مان سنگھ کی جاگیر میں تھا جس کے عوض فوراً شاہجہان نے ایک عظیم الشان حویلی راجہ مان سنگھ کو عنایت کی۔ اس پر ایک عارضی مقبرہ جلدی میں بنا دیا گیا تاکہ معصومہ ملکہ کی نعش عوام کی نگاہ سے پردے میں رہے۔ تب اس مبارک مقام پر عظیم الشان روضہ کی بنیاد رکھی گئی جو تمام سفید مرمر کا مع ایک وسیع باغ کے قریب بیس سال کے عرصہ میں تعمیر ہوا۔ ملا عبدالحمید لاہوری اور ملا محمد صالح کمبو نے اپنے بادشاہ نامہ[1] اور عمل صالح[2] میں اس روضہ کی مکمل تفصیل دی ہے۔ مگر اول الذکر زیادہ مکمل ہے اس لیے ذیل میں ان دونوں کو مدنظر رکھ کر معاصرانہ تفصیل مقبرہ اردو میں بجائے فارسی دی جاتی ہے۔

---

(۱) بادشاہ نامہ ص ۳۲۴ - ۳۲۰ ج ۲؛ (۲) وعمل صالح ص ۴۶۸ - ۵۱۲ ج ۱ و ص ۳۸۰ - ۳۸۶ ج ۲ و معاصر کتب میں کہیں صحیح تاریخ یا دن درج نہیں کہ کب بنیاد رکھی گئی۔ بہرحال یہ ضرور ہے کہ ۱۶ جمادی الثانی ۱۰۴۱ھ کے بعد عمارت شروع ہوئی جو انگریزی ۱۵ جنوری ۱۶۳۲ء کے مطابق آتی ہے۔

15 Jan 1632





(۳) - آگرہ شہر کا نقشہ - موجودہ

۴ - مقبره زبیده زوجه هارون‌الرشید - بغداد ۸۰۸ء



۵ - هندو مندر - کھاجوراھا - ۹۰۰ء



٦ - مسجد قبته (قوة) الاسلام - دهلى - تعمير ٥٩٣هـ (١١٩٧م)

۷ - مینارہ کلان - بخارا ۱۱۲۲ء



۸ - مینار جام-فیروز کوہ - کابل
۱۱۹۶ء



۹ - قطب مینار ۱۳۰۰ء مع علائی دروازہ - ۱۳۱۰ء دھلی

۱۰ - روضه اسمعیل سامانی - ۹۰۷ء بخارا



۱۱ - روضه امیر تیمور - سمرقند ۱۴۰۵ء



۱۲ - نقش و نگار کاشی کاری - روضه تیمور - نام معمار
محمد بن محمود اصفهانی



۱۳ - روضه سلطان خدا بنده اوجائیتو - سلطانیه (ایران) ۱۳۰۴ء



۱۴ - روضه شمس‌الدین اتکه خان - دهلی ۱۵۶۶ء







دائیں طرف سے :— ۱۵ - روضہ سلطان بہمنی - گلبرگہ دکن - ۱۶ - روضہ مادر سلطان زین العابدین کشمیر - ۱۷ - روضہ جہانگیر - لاہور
۱۸ - روضہ اعتمادالدولہ - آگرہ - ۱۹ - روضہ اکبر بادشاہ - آگرہ - ۲۰ - روضہ محمد تغلق - دھلی -
۲۱ - روضہ ہوشنگ غوری - مانڈو -

۲۲ - روضہ شیر شاہ سوری - سہسرام - ۱۵۵۵ء



۲۳ - روضہ سلیم چشتی - فتح پور سیکری - ۱۵۸۱ء



۲۴ - روضہ ہمایوں - دہلی - ۱۵۶۶ء



۲۵ - تاج محل آگرہ - مکمل ۱۶۴۷ء



۲۶ - روضہ ہمایوں کا سطحی نقشہ ۔ دہلی



۲۷ - روضہ تاج کا سطحی نقشہ ۔ آگرہ



۲۸ - تاج محل آگرہ - ۱۶۴۷ء



۲۹ - روضه دلرس بانو بیگم رابعه دورانی - زوجه اورنگ‌زیب - اورنگ آباد - دکن ۱۶۶۱ء

۳۰ - روضہ عبدالرحیم خان خانان دھلی - ۱۶۳۶ء



۳۱ - گول گنبد - روضہ محمد عادل شاہ - بیجاپور - ۱۶۶۱ء



۳۲ - تاج محل کا جنوبی رخ مع مسجد



۳۳ - تاج محل مع کونے کا ایک برج جمنا دریا کی طرف سے



۳۴ - روضہ ہمایوں کا سیکشن



۳۵ - تاج محل کا سیکشن - تمام اندرون اور اصل قبر نیچے
سرداب میں واضح ہے



۳۶ - تاج کا مکمل سطحی نقشہ مع باغ و جلو خانہ - جو ۱۸۴۰ء میں تھا



۳۷ - روضہ اکبر - سکندرہ کی دیوار



۳۸ - روضہ اعتمادالدولہ - آگرہ کی دیوار



۳۹ - بادشاہ لوئیس چہاردھم فرانس کی ایک میز کے تختہ کا اوپر کا حصہ - پیرس
(۱۶۳۸ - ۱۷۱۵ء)



۴۰ ۔ اندرون تاج ۔ قبر کا جنگلا ۔ تمام جالی و نقش و نگار پرچین کاری واضح ہیں

۴۳ - راگ کا دیوتا



۴۱ - نشمین‌ظل‌الٰہی - دیوان عام قلعہ دہلی



۴۲ - نشمین‌ظل‌الٰہی کی اندرونی دیوار مع نقش و نگار



۴۳ - دیوان خاص قلعه آگره



۵۰ - لال قلعہ دہلی میں موتی مسجد اورنگزیب کا نظارہ



۵۱ - ۵۵ - کتبات - ۱ - از روضہ اکبر - کاتب عبدالحق بن قاسم شیرازی ۱۰۲۲ھ - ۲ - از تاج محل مغربی رخ سے ۱۰۴۶ء
۳ - اندرون گنبد تاج محل - کاتب امانت خاں شیرازی نے ۱۲ - جلوس شاہجہانی ۱۰۴۸ھ میں لکھا جسکا اصل نام عبدالحق تھا -
۴ - تاج کے دروازہ کے اندرونی مانھے سے ۱۰۵۷ء جبکہ روضہ مکمل ہوا - تمام کتبات آیات قرآنی ہیں -



۵۶ ۔ ۶۶ تاج محل کا دنیا کی مشہور گنبددار عمارت سے مقابلہ جو ۶۰۰ء سے ۱۷۰۰ء تک تعمیر ہوئیں ۔ آیا صوفیہ استنبول ۔ بیت المقدس ۔ مسجد قیروان ۔ مسجد ابن طولون مصر ۔ سینٹ پیٹرز روم ۔ تاج محل آگرہ ۔ پانتھیون روم ۔ ہج کرچی برلن ۔ پانتھیون پیرس ۔ ناپولیون کا گرجا ۔ سینٹ پال لنڈن ۔

تفصیل تاج محل آگرہ[1]

حضرت ممتاز الزمانی کا سترھواں[2] عرس اس قدسیہ صفات روضہ منورہ میں فضلاء و صلحاء کی محفل کی موجودگی میں منایا گیا جب کہ یہ عمارت پایۂ تکمیل کو پہنچ چکی تھی۔ بزرگانِ حضرت شاہجہاں خود بدولت نے بھی بہ نفس نفیس اس محفل میں شریک ہوکر دعا و فاتحہ کے ساتھ اس معصومہ کی روح کو راحت پہنچانے کا سامان مہیا کیا۔ روضہ مطہرہ کی عمارت جو اس وقت مکمل ہوکر نظر آرہی ہے اس کی تفصیل یہ ہے:

بنیاد و سطحی رقبہ وغیرہ

تخت نشینی کے پانچویں سال اس عظیم الشان عمارت کی بنیاد جو آسمان جیسی بلند پایہ اور جس کے سامنے ہفت آسمان کی بنیادیں بلندی و متانت میں ہزار میں ایک حصہ بھی نہیں ہیں دریائے جون (جمنا) کے کنارے جو اس کے شمال کی طرف بہتا ہے رکھی گئی تھیں، اور اس کو پانی کی تہہ تک بدیع کار معماروں نے کھود کر پتھر اور

---

(۱) یہ تفصیل تاج محل جیسا کہ اوپر بیان کیا جا چکا ہے دراصل لفظ بلفظ فارسی کا ترجمہ ہے اور اس سے بہتر کوئی اور زیادہ مکمل میسر نہیں آسکتی تھی۔ اور اس کو صحیح طور پر سمجھنے کے لیے دو سطحی نقشے (ا ب) ساتھ رکھنے چاہئیں۔ جس ترتیب سے روضہ کی تعمیر ہوئی ہے اسی ترتیب سے معاصر مصنفین نے اسے درج کیا ہے۔ اس لیے اسی ترتیب سے ناظر کو بھی اس کی بغور زیارت کرنی چاہیے۔

(۲) معاصر مصنفین نے دراصل تفصیل تاج کو سولھویں سال کے حالات میں درج کیا ہے جو ۱۰۵۲ھ کے مطابق ہے۔ مگر یہ بھی وضاحت سے بیان کیا ہے کہ سترھویں برسی اس وقت منائی گئی جب کہ یہ روضہ مکمل ہو چکا تھا۔ جو تاریخ کتبہ دروازہ تاج ۱۰۵۷ھ کے مطابق ہے۔ لاہوری نے یہ بھی بیان کیا ہے (ص ۴۵۲) کہ تمام عمارت بیس سال میں مکمل ہوئی جو سیاح ٹیورنیر کے بیان کے مطابق ہے جس کا یہ مطلب ہے کہ جلو خانہ، سرائے وغیرہ بعد میں مکمل ہوئے۔ اس لیے ان بیانات میں کسی قسم کا تضاد نہیں ہے۔

سارد رج سے بہت ہی مضبوطی کے ساتھ بھر کر سطح زمین کے برابر کر دیا ہے۔ اور اس پر روضہ کی کرسی بنائی ہے جس کی مثال بلندی و مضبوطی اور زیب و زینت وغیرہ کے لحاظ سے دنیا بھر میں نہیں ملتی۔ ایک یکساں چبوترہ کے مانند آجر دآہک سے لمبائی میں ۲۷ہ۴ (۱) اور عرض ۱۴۰ گز بنا کر اس کو ۱۶ گز بلند کر دیا ہے اور اس کے سامنے کے رخ کو سنگ سرخ سے آراستہ کیا جس پر کمال درجہ کی منبت کاری کی گئی ہے اور اس کے فرش کی سرخ پتھر سے گرہ بندی کر کے مضبوط کیا اور اس کے درمیان ایک دوسری کرسی جس کا سامنے کا حصہ سنگ مرمر کا بنا ہوا ہے جو یکساں طور پر مسطح و مربع ہے جس کا طول و عرض ۱۲۰ گز ہے اور اونچائی سات ذراع ہے اس دوسری کرسی کے درمیان روضہ فلک بوس اور بہشت آئیں روضہ کی بنیاد ۷۰ ذراع کے قطر پر مثمن بغدادی کی طرز پر ایک گز اونچی کرسی پر رکھی گئی ہے۔

foundation
70 dawar

گنبد

مرقد منور کا گنبد جو اس عمارت کے وسط میں ہے اندرون و بیرون سے سنگ مرمر میں ختم ہوا ہے اور سطح سے زہ (کنارہ) تک ہشت پہلو ہے۔ اس کا قطر ۲۲ ذراع ہے۔ زہ کو مقرنس بنایا گیا ہے اور زہ

---

(۱) اس پیمائش میں کل چوڑائی عمارت تاج مع مساجد وغیرہ ہے نقشہ ب ۱ ملاحظہ ہو اور نقشہ ب ۲ میں پیمائش ۱۴۰ گز چوڑائی کرسی سے مراد ہے جو دریا کی طرف ۴ گز بلند ہے اور ۱۲۰ گز سے مراد اصل چبوترہ روضہ مع میناروں ہے جو نقشہ ب ۲ ہے۔ اور یہ چبوترہ نیچی کرسی سے ۷ ذراع بلند ہے اور پھر اس کے اندر روضہ کی مثمن بغدادی بنائی گئی ہے جیسا نقشہ A سے ظاہر ہے۔ یہاں یہ ہمزوری معلوم ہوتا ہے کہ شاہجہانی گز کی اصل لمبائی بیان کر دی جائے۔ یہاں دو لفظ گز اور ذراع مترادف نظر آتے ہیں۔ اگر یہ دونوں لمبائی میں ایک تھے تو پھر دو مختلف الفاظ لانے کی ضرورت نہ تھی اور بعض کو ایک ہی سمجھنے میں مغالطہ ہوا ہے۔ میں نے خود موقع پر پہنچ کر ان کو دیکھا۔ یہ واضح رہے کہ الٰہی گز یا اکبری گز اور قسم کا تھا۔ ایک محض کپڑا ناپنے کے لیے جو ۴۶ انگل کا تھا اور دیگر امور کے لیے محض ۴۱ انگل کا تھا۔ مگر اس سے قبل سکندری گز ۳۲ انگل کا تھا۔ شاہجہاں کے زمانہ میں یہی الٰہی گز بیالیس انگل کا ہو گیا۔ فی انگل ۳/۴ انگریزی انچ شمار ہوتی ہے۔ غرضیکہ شاہجہانی گز المتوسط فی الحساب سے اکتیس اعشاریہ چار سو چھپن (۳۱٫۴۵۶) انچ کا ہوتا ہے۔ باقی رہا ذراع جسے ہاتھ یا انگریزی میں CUBIT سمجھنا چاہیے۔ اور بعض نے اس کیوبٹ کی صحیح لمبائی قریب ۲۹ ½ انچ دی ہے۔ انگلینڈ میں لفظ یارڈ بھی ہنری اول کے زمانہ سے ایک بازو کی لمبائی شمار ہونا شروع ہوا تھا۔

سے گنبد کے شقہ تک جو عمارت کی سطح سے ۳۲ گز ہے سنگ امرُدی کو قالب کاری کے طور پر تراش کر
ام میں لایا گیا ہے اور اس اندرونی گنبد کے اوپر ایک اور بیرونی امرودی شکل کا گنبد قائم کیا گیا ہے۔ جس کی
یاد کا درجہ سمجھنے سے مہندس کی عقل بھی عاجز ہے۔ گنبد مذکور کی چوٹی پر جس کا محیط ایک سو دس گز ہے ایک
یارہ گز اونچا خالص سونے کا کلس نصب کیا گیا ہے۔ جو آفتاب کی طرح چمکتا ہے۔ زمین سے کلس کی چوٹی تک
قلاً ایک سو سات گز کا فاصلہ ہے۔ (۱)

مرے اور منزلیں

اس کے ہشت گانہ اضلاع میں دو منزلہ ہشت نشیمن ہیں جن میں سے ہر ایک کا طول ساڑھے پانچ
ز و عرض ۶ ذراع ہے اور ان چار نشیمن میں جن میں سے ہر ایک کی لمبائی ساڑھے چار ذراع اور چوڑائی تین
راع ہے۔ ہر ایک مربع خانہ کے آگے پیش طاق ہے جو طول میں سولہ اور عرض میں نو اور بلندی میں
یس گز ہے۔ چاروں کونوں پر تین منزلوں میں چار مثمن کمرے ہیں اور ہر ایک کا قطر دس ذراع اور ہر
ب میں آٹھ نشیمن ہیں سوا اوپر کے مگر تیسری منزل میں ایک مثمن ایوان گنبدی چھت والا ہے ان ہشت
لو مکانات کے تین ضلعوں میں باہر کی طرف تین دروازے پیش طاق ہیں جن کا طول ساڑھے عرض چار اور
ندی دس ذراع ہے۔ اور اس گنبد کے وسط میں بیگم مرحومہ کی خواب گاہ یعنی ممتاز الزمانی کی قبر ہے جو
شت بریں کے صحن میں صدر نشین ہے۔ (شکل ۲۷ ملاحظہ ہو)

عویذ قبر اور مجبر

قبر کے اوپر ایک چبوترہ سنگ مرمر کا ہے اس پر قبر کا تعویذ بنایا گیا ہے۔ اس کے گرداگرد ایک مشت
لو جالی دار پتھر کا کٹہرا یعنی مجبر ہے جس پر سراپا پچی کاری کی ہوئی ہے۔ اس کا دروازہ سنگ یشم کا ہے اور

---

(۱) گنبد کی اندرونی اور بیرونی بناوٹ کو سمجھنے کے لیے یہ لازمی ہے کہ شکل ۳۵ کو ملاحظہ کیا جائے جس سے بخوبی دوہرا گنبد وغیرہ بہت واضح
جائیں گے ـــــ مقرنس اسلامی فن تعمیر میں خاص اہمیت رکھتا ہے۔ یہ دراصل مثلث نما مدوّر یا مجوّف سطح پر اطلاق ہوتا ہے۔
رنس کے ذریعہ سے گنبد یا قبہ مربع رقبہ پر بآسانی تعمیر ہو سکتا ہے۔ اور مقرنس اس کے بوجھ کو چاروں کونوں پر الگ الگ پایہ پر اٹھاتے ہیں۔

ندرومی طرز پر اس کے جوڑوں کو لوہے کے تاروں سے باندھ کر زر فشاں کیا ہے۔ اس پر دس ہزار روپیہ خرچ ہوا ہے۔ اس بلند پایہ عمارت کے اندر ایک صیقل شدہ کوکبہ اور ایک سونے کی مینا کار قندیل لٹکتی ہے(۱)۔ اس گنبد کے چاروں طاقوں کو جلی شیشوں سے سجایا گیا ہے۔ اور ایک میں آمد و رفت کے لیے راستہ چھوڑا گیا ہے۔ (شکل ۴۰ ملاحظہ ہو)

مینارے (شکل ۳۲)

اس کے چاروں کونوں پر سنگ مرمر کی کرسی پر جو زمین سے بیس گز اونچی ہے سنگ مرمر کے سیڑھی دار چار مینار بنائے گئے ہیں جن کا قطر سات اور بلندی ۵۲ سطح کرسی سے کلس تک جو آسمان کی سیڑھی ہے گویا مقبول دعا کی پاک سینے سے نکل کر آسمان کی طرف رخ کیے ہوئے ہے جو اپنے پایہ کی بلندی اور بنیاد کی مضبوطی میں ایک بلند نصیبہ اور عقل مند رائے کی طرح بلندی کی طرف مائل ہے۔ اور مینار کے اوپر سنگ مرمر کا ایک چار طاق ہے۔

---

(۱) شاہجہاں کے عہد کے چھٹے سال جب ممتاز الزمانی کا عرس منایا گیا اور روضہ کی کرسی بالکل تیار تھی بے بدل خاں داروغہ زرخانہ نے ایک مجمر یا کٹورہ خالص سونے کا چالیس ہزار تولے سونے کا تیار کیا جس پر چھ لاکھ روپیہ خرچ آیا تھا۔ یہ زر کے کام کا بہترین نمونہ تھا اور اس کو کتبات سے مزین کیا گیا تھا۔ بے بدل خاں نے اسے بادشاہ کے سامنے مع سنہری شمع و قندیل کے پیش کیا۔ بادشاہ کے حکم سے قبر کے گرد آراستہ کر دیا گیا۔ اور شمع و قندیل لٹکا دیے گئے۔ تمام درباریوں اور مستورات حرم نے اس رات روضہ کی روشنی کا خوب حظ اٹھایا۔ مزید برآں اسی شب بہت سے قالین طہران و قسطنطنیہ سے آئے ہوئے تھے جو فرش پر بچھا دیے گئے۔ مگر یہ سنہری مجمر یا کٹورا ۱۰۵۳ھ میں اس خیال سے اٹھا دیا گیا کہ وہاں ایسی قیمتی چیز مناسب نہیں ہے۔ اس لیے ایک اور مرمر کا مجمر یا کٹورا تعویذ قبر کے گرد آراستہ کر دیا گیا۔ جس پر محض پچاس ہزار روپیہ شاہی خزانہ سے خرچ ہوا۔ اس کا ایک سنگ یشب کا دروازہ تھا۔ جس پر دس ہزار روپیہ خرچ ہوا۔ اور وہی مرمر کا مجمر آج بھی موجود ہے اگرچہ اس میں بھی بعد میں کچھ تبدیلیاں شاہجہاں کی وفات پر ہوئی ہیں جب اس کی نعش کو یہاں دفن کیا گیا۔ (لکھنؤ ص ۲-۵۵۱/۱ ، لاہوری ص ۳۲۶/۲ دوسرے آرچیولوجیکل رپورٹ ۵-۱۹۰۴ء ص ۸-۱)

یہ تمام نفیس مجمر جو بادشاہ نامہ وغیرہ میں درج ہیں قبل وفات شاہجہاں ہے حالانکہ آج میں کسی قدر تبدیلی بوجہ قبر تعویذ شاہجہان ہو گئی ہے جو مرکز روضہ میں نہیں ہے۔ کیونکہ اول اول یہ روضہ دراصل محض ممتاز الزمانی کے لیے تعمیر ہوا۔ (باقی حاشیہ اگلے صفحہ پر)

رش

اس بہشت آئین روضہ کی کرسی کا فرش سنگ مرمر پر سنگ سیاہ سے کمال زیب و زینت و خوش نمائی

پچھلے صفحہ کا بقیہ حاشیہ) اس لیے محض اس کی قبر مرکز میں تھی اور شاہجہان کی قبر کو مرکز سے ایک طرف کر کے بنانا پڑا۔ اور اس سے کسی قدر تناسب مرکزیت اندرون گنبد میں فرق ضرور آگیا ہے مگر بادی النظر میں محسوس نہیں ہوتا۔

مجر کے پنجرہ کے کام سے متعلق خاص کر جو اس میں گرہ یا ترتیب بنا وٹ سے متعلق ہے بیان کیا ہے کہ یہ زیادہ تر سالوی دور احیا کے نمونہ فن سے مشابہ ہے نہ کہ مشرقی اور یہ خیال کہ تاج میں اطالوی عنصر ہے محض یہی ایک چیز ہے ے مجھ اطالوی صنعت کا ثبوت کہنا چاہیے۔ میرے نزدیک اس کی مخالفت میں اور اسے خالصتاً مشرقی تصور کرنے ے لیے محض معاصر مصنفین کے اپنے الفاظ کافی ہیں۔ اس قسم کے پنجرہ کے کام کو انہوں نے بلفظ جندروی تعبیر کیا ہے ے مقامی کاریگروں نے بلفظ منتکا سے تعبیر کیا ہے جس سے بآسانی نتیجہ پر پہنچتے ہیں کہ یہ ترکی الاصل ہے۔ اور اس کے پنجرہ یا شبکہ کے اکثر نمونے آج بھی ترکی فن کے ملتے ہیں جیسا کہ مولف جلال رسد نے اپنی کتاب فن ترکی میں مع ش بیان کیا ہے۔ ص ۱۸ : ۱۵۔

اس کتاب میں میناروں کے اکثر نمونے دیگر اسلامی عمارات سے بھی لے کر دیے گئے ہیں۔ سب سے اول انوں نے ہی منارہ کا استعمال برائے اذان استعمال کیا اور اس کی تعمیر میں مختلف جدتوں سے کام لیا۔ اور خاصی تابیت ظاہرہ جوان کے ساتھ مخصوص ہے یعنی منارے ممالک اسلامی میں مساجد کے لیے ہی خاص حصہ ہو گئے۔ جب طانیہ میں سلطان خدابندہ اولجائتو نے مسجد کی تعمیر کی جو قبل پایہ تکمیل کو پہنچنے کے اس کی وفات پر اس کے اپنے مقبرہ تبدیل ہو گئی اور اس پر مینارے بھی تھے۔ غرضیکہ اس کے بعد اسلامی ممالک میں اکثر مقبرے یا دیگر عمارات علاوہ اجد میناروں سے تعمیر ہوئیں۔ چنانچہ ہندوستان میں سکندرہ میں اکبر اعظم کا مقبرہ کا دروازہ چار خوبصورت ی میناروں پر مشتمل ہے اور بیجاپور میں سلطان ابراہیم عادل شاہ کا مقبرہ مینار وار ہے۔ اسی طرح لاہور میں نگیر کا مقبرہ اور اس کے بعد تاج محل آگرہ چار میناروں سے مزین ہوئے۔ میرے نزدیک مقبرہ کی عمارت سینار سوائے تناسب یا خوبصورتی کے اور کوئی مقصد نہیں رکھتے۔ اور آج تاریخ فن تعمیر میں منارہ بحیثیت ی تعمیری خوبی کے بہت اہمیت رکھتا ہے۔ (شکل ۷-۸-۹ ملاحظہ ہو)

سے گرہ بندی کر کے تیار کیا گیا ہے۔

پرچین کاری[1]

روضہ کے اندر و باہر یگانۂ دہر حسن کاروں نے اپنی کمال لطافت صنعت سے رنگین پتھروں سے
ئین ایسی صنعت کی ہے کہ جس کی تعریف کے موتی سخن کے سمندر میں نہیں ملتے اور ان کی تعریف کا ادنیٰ پایہ بھی
احاطہ بیان میں نہیں آسکتا۔ خاص کر مرقد منور کے چبوترے پر اس طرح پچی کاری کی گئی ہے کہ اس کے حسن
کے مقابلہ میں ارژنگ کا کارنامہ و نگارخانہ چین و فرنگ نقش بر آب کی طرح کچھ حقیقت نہیں رکھتے۔

کتبات[2]

عمارت کے اندر اور باہر کتبات ہیں جو قرآن مجید کی سورتیں اور رحمانی آیات ہیں۔ فرہاد فن معماروں نے
اپنی دقتِ طبع اور خارا شکن تیشہ کی نوک کی تیزی سے کمال تکلف اور تصنع سے پرچین کاری کر کے اس قدر
لطیف آب و رنگ پیدا کیا ہے کہ ان کے سامنے مرصع کار آسمان کی کاریگری بے رونق ہو گئی ہے اور معشوقوں
کے یاقوتی خط پر خط تنسیخ کھینچا گیا ہے۔ (شکل ۵۱-۵۵ ملاحظہ ہو)

مسجد (شکل ۳۲)

روضہ کے مغربی جانب ایک سہ چشمہ مسجد ہے جو سنگ سرخ سے بنی ہوئی ہے۔ اس کا طول ۷۰ اور
عرض ۲۰ گز ہے۔ اس کے تین گنبد بھی ہیں جو اندر کی طرف سے سنگ سرخ اور باہر کی طرف سے سنگ مرمر سے
بنائے گئے ہیں۔ مسجد کے میانہ گنبد کا قطر ۱۴ ذراع اور باقی دونوں کا قطر گیارہ ذراع ہے۔ درمیانی گنبد میں
پیش طاق ہے جس کا طول ۱۴ ذراع عرض دس ذراع اور ارتفاع اکیس ذراع ہے۔ طرفین کے دونوں گنبدوں

---

(۱) پرچین کاری کے عنوان سے ایک الگ باب بھی دیا گیا ہے جس میں اس کی پوری بحث کی گئی ہے اور ان تمام پتھروں کے اسماء
بعنوان مصالح دیدیے ہیں۔ (۲) کتبات و کتابہ نویس الگ باب درج کیا گیا ہے جس میں تاج محل کے تمام کتبات کو تفصیل کے ساتھ بیان
کیا گیا ہے۔ یہ کتبات خط نسخ ثلث کا بہترین نمونہ ہیں۔ اور قرآنی آیات پر مشتمل ہیں۔

یں دو کمرے گیارہ دو نوگز ہیں۔

مسجد کے ازارے کا حاشیہ اندر و باہر سے سنگِ مرمر کا ہے اور سنگِ زرد اور سنگِ سیاہ سے موج پچی کاری
ی گئی ہے۔ مسجد کا فرش جو سنگ سرخ کا ہے اس میں خاص حصے خالی کر کے اس کی جگہ سنگِ زرد اور سنگ سیاہ
وجڑ کر محرابی شکل کی جائے نماز بنا دی گئی ہے۔ اس کے آگے چبوترہ ہے جو لمبائی میں ۷۰ اور چوڑائی میں ۲۰ ش۵
راع بنایا گیا ہے۔ ایک حوض ۱۴ ذراع کے قریب لمبا و چوڑا اور قریب دس ذراع گہرا ہے۔ اس مسجد کے
ح افزا صحن نیک بختوں کی پیشانی کی طرح نور سعادت سے روشن ہے اور اس کی دل کشا فضا نے صبح دولت
طرح فیض کے دروازے دلوں پر کھول دیے ہیں۔ (شکل ۳۶ (۴-۵-۶) ملاحظہ ہو)

(۱)

عت خانہ یا مہمان خانہ

اسی طرح روضے کے شرقی جانب ایک ایسا ہی مہمان خانہ بنایا گیا ہے جو سب خصوصیات کے لحاظ سے
ل مسجد کے مشابہ ہے مگر اس کے صحن میں جائے نماز اور دیوار میں محراب کی شکل نمایاں نہیں ہے۔ (شکل ۳۶ (۷))

ج ثمن

اس کے چاروں گوشوں پر سنگ سرخ کی کرسی پر چار ہشت پہلو برج سہ منزلہ واقع ہیں جن کی چھت گنبدی
ہ اور یہ چھت اندر سے سنگ سرخ کی ہے اور باہر سے سنگ مرمر کی بنی ہوئی ہے۔ ہر برج کے پہلو میں ایک
ت بڑا ایوان ہے جو لمبائی میں ۱۲ اور عرض میں ۶ گز ہے۔ اور اس ایوان کے دونوں طرف حجرے ہیں (شکل ۳۶ (۸))

ج

روضہ کی سنگ سرخ کی کرسی کے نیچے ایک فردوس آئیں اور ارم تزئین باغ ہے جو طول و عرض میں

اس مہمان خانہ سے فن تعمیر سے متعلق شاہجہاں کے اعلیٰ دماغ کا اندازہ ہو سکتا ہے کہ اس نے کس طرح منظومیت عمارت کو
ا اور روضہ کی خوبصورتی کو چار چاند لگا دیے ہیں۔ اور یہ مشرقی نقطۂ نگاہ فن تعمیر کا صحیح اور بہترین مظاہرہ ہے۔ میرے خیال میں قدیم
ت تعمیر مساجد مع مقابر کو برقرار رکھ کر اس کا بہترین ثبوت دیا ہے اب اس سے قیاس کر لینا چاہیے کہ کیا ممکن تھا کہ کوئی
النسل ماہر تعمیر کا اگر کوئی تھا تو وہ اس مشرقیت کو اس خوبی سے نباہتا یہ محض شاہجہاں خود ہی کر سکتا تھا۔

۳۶۸ گز ہے۔ اور وہ مختلف میوہ دار درختوں اور طرح طرح کے بہت ہی خوبصورت پودوں سے مالا مال ہے اور اس سواد روئے زمین کی سیر گاہوں کی جبین کا حال ہے اور اس کا ہر ایک فیض آئین چمن بہشت کے چمن کی طرح دلکشا و دلنشیں ہے۔ اس کے دلکش سبز درختوں نے از لی آبِ حیات پیا ہے اور ہر ایک کی قامت قدر و مقدار کے ہر لحاظ سے طوبیٰ سے بھی سبقت لے گئی ہے۔ باغ کے چاروں خیابانوں کے درمیان جو چالیس ذراع چوڑی ہیں ایک نہر بہتی ہے جس کا عرض ۶ ذراع ہے جس میں دریائے جمنا کے پانی سے نور افشاں فوارے ابلتے اور موتی بکھیرتے ہیں۔ (شکل ۳۶)

باغ کا مرکزی حوض

اس باغ مذکور کے عین وسط میں ایک چبوترہ ہے جو طول و عرض میں ۲۸ گز ہے۔ اور نہر اس کے گرداگرد گھومتی ہے۔ اس چبوترہ کے درمیان ایک حوض ہے جو آب کوثر سے لبالب رہتا ہے جو طول و عرض میں ۱۶ گز ہے۔ اس کے اطراف میں فوارے اس طرح جوش مار رہے ہیں گویا زمانے کو روشن کرنے والے آفتاب کے دل میں چراغاں کر دی گئی ہے۔ المختصر اس خلد آئیں باغ کی خصوصیات اور اس کے خیابانوں کی حقیقتیں جو سر تا سر سنگ سرخ سے بنے ہوئے ہیں اور شاہ نہر جو کہکشاں کی طرح ہے اور اس کا نو آئین حوض جو عالم لوحی میں صفائی کے بلّور سے بنایا گیا ہے اس حد تک پہنچ گئی ہیں کہ ان پر زیادتی تصور بھی نہیں کی جا سکتی۔ اس کی تعریف کا شمہ بھر بھی سخن کے حوصلے میں سما نہیں سکتا۔ (شکل ۳۶ (۱۲-۱۳))

ایوان

باغ کے مشرقی اور مغربی اضلاع میں ایک ایک ایوان ہے جو طول میں ۱۱ گز اور عرض میں ۷ گز ہے دو حجروں سمیت بنایا گیا ہے اور اس کے پیچھے ایک طبنی خانہ ہے جو طول میں ۹ اور عرض میں پانچ ذراع ہے۔ اس ایوان کے آگے ایک چبوترہ ۹۴ گز لمبا اور ۱۰ گز چوڑا ہے۔ باغ کا جنوبی ضلع سر تا سر ایوان در ایوان ہے اور یہی سلسلہ شمال کی طرف چلتا ہے اور اس کے ہر دو مشرقی و مغربی گوشوں میں دو دو بڑے بڑے برج مع دلنشین نشیمنوں کے بنائے گئے ہیں۔ (شکل ۳۶)

دروازہ

اس عالیشان عمارت کا دروازہ جو بہت ہی بلند اور خوش وضع ہے باغ بہشت کے دروازے کی طرح
ب خوبیوں سے آراستہ ہے۔ زیادہ بلندی اور رنگینی میں مختلف نقش ونگار سے ازسرتاپا سجایا گیا ہے۔ اس
وازے کے اندر اور باہر سات چوکھنڈیاں ہیں جن میں سے ہر ایک کا کلاہ سنگ مرمر کا ہے اس کے چاروں
طوں میں چار مینار بہت ہی عمدگی اور خوش نمائی کے ساتھ بنائے گئے ہیں اور اس کی چاروں دیواریں سنگ مرمر
ے بنی ہوئی ہیں۔ دروازہ مذکور کے آگے ایک چبوترہ ۸۰ گز لمبا اور ۳۴ گز چوڑا ہے۔ (شکل ۳۶ (۲۷))

وخانہ

ایک جلوخانہ بھی ہے جو طول میں ۲۰۴ گز اور عرض میں ۱۵۰ ذراع ہے۔ جلوخانہ کے چاروں ضلعوں
۱۲۸ حجرے ہیں۔ باغ کی دیوار کے قریب جلوخانہ کے مشرقاً و غرباً دو خواص پورے بنے ہیں جن میں سے ایک
طول ۷۶ اور عرض ۴۶ گز ہے اور ہر ایک خواص پورہ چوبیس حجروں پر مشتمل ہے اور ہر حجرہ کے آگے ایوان
ئے خادمان مرحومہ ممتاز الزمانی مرتب کیا گیا ہے۔ جلوخانہ کے مشرق و مغرب میں بیس گز چوڑا بازار ترتیب
ریا گیا ہے جس کا ایوان سنگ سرخ کا ہے اور ان ایوانوں کے حجرے اینٹ و چونہ کے ہیں۔ (شکل ۳۶ (۲۸))

اور سرائیں

جلوخانہ کے آگے چوک ہے جو ازسرتاپا سنگ سرخ کے ایوانوں سے سجا ہوا ہے جن کے کمرے اینٹ
اہک سے چنے گئے ہیں جن کے مشرقی و مغربی اضلاع ۹۰ گز اور شمالی و جنوبی ۳۰ گز ہیں۔ اور اس چوک کے
رف میں چار دلکشا سرائیں ہیں ان میں سے دو سرائیں پختہ اینٹوں اور چونہ سے بنوائی ہیں ہر ایک ۱۶۰
ع ہے۔ اور ثمن بغدادی شکل کا صحن رکھتی ہیں اور ہر ایک ۱۲۸ حجروں پر مشتمل ہے۔ ہر ایک حجرہ کے
ے دو تین کونوں والا ایوان ہے دونوں سراؤں میں تین چوک ہیں اور ہر ایک کا صحن ۱۴ مربع ذراع ہے۔
ں سراؤں کے چوتھے کونے میں ایک دروازہ ہے جہاں سے آدمی آتے جاتے ہیں اور ایک طرف
ک کھلا چوک ہے جس کی لمبائی ایک سو پچاس ہے۔ (شکل ۳۶ (۲۹-۳۰-۳۱))

ممتاز آباد

اس سے گزر کر ایک اور چوک ہے جو طول میں ۱۵۰ اور عرض میں ایک سو گز ہے اور اس چوک کے درمیان میں ایک اور بازار ترتیب دیا گیا ہے اور اس کی طرف دو سرائیں ہیں جن میں ہر ملک کی گوناگوں چیزیں اور ہر ولایت کے قسم قسم کے سامان کی خرید و فروخت ہوتی ہے اور اس کے علاوہ تاجروں نے بھی بہت سے پختہ منازل اور متعدد سرائیں بنوائی ہیں اور اسی طرح یہ بستی ایک وسیع شہر ممتاز آباد کے نام سے موسوم ہو گیا ہے۔ (شکل ۳۶ شمال کی طرف طویل حصہ ہے جو یہاں نہیں دیا ہے)

اخراجات اور اہتمام

ان تمام عمارات کا خرچ جو بارہ سال کے عرصہ میں مکرمت خاں اور میر عبدالکریم کی نگرانی میں اختتام پذیر ہوئیں پچاس لاکھ روپیہ ہے اور اکبر آباد کے مضافات میں سے تیس[1] قصبوں کو جن سے چالیس لاکھ دام یعنی ایک لاکھ روپیہ وصول ہوتا ہے اور دو لاکھ روپیہ دکانوں اور سراؤں کی چنگی وصول ہوتا ہے اس روضہ منورہ کے لیے وقف کی گئی ہے۔ (ان ہر دو ماہرین پر الگ یہاں مفصل بیان کیا ہے)

مرمت کے لیے سہارا

اگر کبھی مرمت کی ضرورت پیش آئے تو اس روپیہ میں سے ضرورت کے مطابق اس کی درستی پر خرچ کر سکیں اور باقی جو بچے مختلف مصارف اور سالانہ و ماہوار وظیفہ خواروں، اور خدام وغیرہ کے اخراجات و دیگر محتاجوں و بے کسوں کے لیے جو جو کچھ مقرر ہے خرچ کریں اور پھر بھی جو بچے وہ خلیفہ وقت کا اختیار ہے کیونکہ وہ اسکا متولی ہے۔

(۱) بادشاہ نامہ (صـ ۳۳) سے ذیل میں ان تیس قصبات کے نام دیے جاتے ہیں :-

۱	دھنوئی کلاں	۸	بودھانا	۱۵	چروا (خورد)	۲۲	بہیری
۲	اد ھالی	۹	پٹھاولی	۱۶	اوچا	۲۳	بساھی کلاں
۳	رامانی	۱۰	بھیری	۱۷	کرم تد	۲۴	مدینہ
۴	لگ بھلا	۱۱	اتوار	۱۸	دین توارا	۲۵	دھند و پور
۵	دھم ساری	۱۱	ملہا پور	۱۹	اوتس	۲۶	شیخ پور
۶	دخرو ٹا	۱۳	لڑوندھا	۲۰	گستر ا	۲۷	ستندھی
۷	رامو	۱۴	جوئینی	۲۱	سدھرین	۲۸	رائے پور

۲۹ نور پور ۳۰ نگر چند

مصالح عمارت

عام طور پر فنِ تعمیر یا معماری میں تمام قوا کو مصالح کے ذریعہ پیوستہ کیا جاتا ہے۔ یہ مصالح اور اس کا
ستعمال بہت حیثیتیں رکھتا ہے خاص کر مختلف مصالح کا مختلف کاموں کے لیے میسر آنے پر انحصار ہے۔
ہاں کثرت سے لکڑی پائی جاتی ہے وہاں اس کا استعمال بھی بکثرت ہوگا اور جہاں پتھر زیادہ ہوگا وہاں اس
ے استعمال کے لیے ذرائع سوچے جائیں گے اور کوشش کی جائے گی کہ دوسرے غیر میسر مصالح سے
راض کیا جائے بلکہ اس کی ضرورت ہی نہ پیدا کی جائے۔ جدید طریقہ تعمیر نے بہت سے قدیم نظریوں کو کسی قدر
دیل بھی کر دیا ہے اور فن کے لحاظ سے جو زیادہ ترقی نظر آتی ہے وہ زیادہ تر جدید مصالح کے میسر آنے
جدید ضروریاتِ زندگی پر منحصر ہے۔ مگر یہ اکثر دیکھا گیا ہے کہ فنِ تعمیر کے عملی پہلو کو بیان کرنے میں مٹی کی
یت کو نظر انداز کیا جاتا ہے جو آج بھی پکی ہوئی اینٹوں کی صورت میں تمام مصالح عمارت کی سردار ہے غرضیکہ
ات تین قسم پر منقسم ہیں یعنی چوبی، خشتی، سنگین۔ قدیم زمانہ میں اینٹیں پکائی نہیں جاتی تھیں بلکہ یہ خشک اینٹیں
صل کیچڑ یا گارا ہوتا تھا۔ جن کو گیلے گارے یا کیچڑ سے رووں کی شکل میں ترتیب دیدیا جاتا تھا غرضیکہ وہ تمام
ت ایک کیچڑ یا گارے کا ڈھیر ہوتا تھا۔

ہندوستان میں ایک زمانے میں سوائے پتھر کے اور کوئی مصالح ہی نہیں تھا اور لوگ پتھر کو کاٹ کر
وکر، منبت کر کے عمارات بناتے تھے۔ ہند میں مسلمانوں کی آمد سے پتھر، کنکریٹ، گچ، چونہ، مٹی،
ی کا استعمال بطور مصالح عمارت عام طور پر شروع ہوا جو سنگین، خشتی، گلیں۔ استر کاری۔ صندلہ کاری۔
ر کاری۔ گچ کاری۔ کاشی کاری وغیرہ کے لیے مناسبت سے استعمال ہوئے۔ جیسا کہ رومیوں نے
میرات میں کیا اور یہی مصالح دراصل معماری کی جان ہے۔ ان مصالحوں کے جوڑنے کے قوا اور اوصاف
کر یہ ادا کرنا چاہیے جس سے مسلمانوں نے اپنی عظیم الشان عمارات میں کمانوں و محرابوں کے ذریعے وسیع

چورائیوں کو ملا کر اور وسیع رقبوں کو گنبدوں سے مسقف کر کے شان و شوکت پیدا کی۔ مسلمانوں سے قبل ہندوستان میں اس مصالح کا کسی کو وہم و گمان بھی نہیں تھا۔

جب ہم تاج محل پر نظر ڈالتے ہیں تو فوراً ہم پر یہ واضح ہو جاتا ہے کہ سب سے بڑا مصالح جو اس عمارت میں استعمال ہوا ہے وہ محض پتھر ہے حالانکہ یہ اعلیٰ خشتی معماری کا کام ہے پتھر کی سلوں سے محض ایک بیرونی لباس کا کام لیا گیا ہے جن کو آپس میں چونہ ڈیمنٹ وغیرہ سے مرتب کیا گیا ہے۔ اور پتھر بھی دو قسم کا سنگ خارا اور مرمر سفید۔ مگر خاص روضہ کی عمارت میں ہر سو سفید مرمر کی یک رنگی میں تنوع پیدا کرنے کے لیے اعلیٰ کاریگروں نے بہت سی اقسام کے قیمتی رنگدار پتھروں کے بیل بوٹے کاٹ کر سفید پتھر میں کھود کر بھر دیے ہیں۔

یہ عام طور پر مشہور ہے کہ مکرانہ ضلع ریاست جودھپور سے تمام سفید مرمر لایا گیا ہے جو آگرہ سے قریب ایک سو کوس ہے اور آج بھی مرمر کی سب سے بڑی کان شمار ہوتا ہے بلکہ ابتدا سے ہی مسلمان بادشاہوں نے یہیں سے مرمر اپنی عمارات کے لیے حاصل کیا۔ آج کل یہاں جدید مشینری وغیرہ لگا کر مرمر کی تجارت کو بہت فروغ دیا ہے۔

جب سکندرہ میں اکبر کا مقبرہ زیر تعمیر تھا تو زیادہ تر سنگ خارا ہی استعمال ہوا اور مرمر بہت کم ہے خاص طور پر سنگ خارا کی سطح کو کھود کر بیل بوٹوں میں بھر دیا گیا۔ لیکن جب جہانگیر نے اعتماد الدولہ کے مقبرہ کو شروع کیا تو اس میں عام طور پر سنگ مرمر ہی استعمال ہوا اور ساتھ ہی دیگر رنگدار قیمتی پتھروں سے خاتم بندی اور پرچین کاری کی گئی۔ جسے شاہجہاں نے اپنے عہد میں انتہائی بلند مرتبہ تک روضہ جہانگیر لاہور میں اور تاج محل آگرہ میں پہنچا دیا جسے الگ ایک باب کی صورت میں بعنوان پرچین کاری مفصل بیان کیا گیا ہے۔ مگر ان پتھروں کے اسماء علاوہ سنگ مرمر اور سنگ خارا کے یہ ہیں جو عام طور پر تاج میں محرابوں پر۔ تعویذ قبور پر اور دیگر جگہوں پر پرچین کاری و فرش میں استعمال ہوئے ہیں:

سنگ موسیٰ۔ سنگ عجوبہ۔ سنگ مریم۔ سنگ ابری۔ سنگ یمنی۔ سنگ سلیمانی۔ سنگ زرد۔ سنگ غوری۔ سنگ لاجورد۔ سنگ پای زیر۔ سنگ عقیق۔ سنگ بن کہن۔ سنگ نبوتہ۔ سنگ یشم۔ سنگ زمرد۔ سنگ یاقوت۔ سنگ نیلم۔ سنگ ہیرا۔ سنگ طلائی۔ سنگ فیروزہ۔ سنگ گوالیار۔ سنگ پکھراج۔ سنگ سیپ۔ سنگ سماق وغیرہ۔

اکثر مخطوطوں میں کافی طویل فہرست اسماء سنگ ہائے دی ہے اور ساتھ پتھروں کے اوزان یا مقدار

اور مقامات کے اسمار بھی ویسے ہیں جہاں سے آئے۔ مگر یہ فہرستیں کچھ ناقابل اعتماد نظر آتی ہیں۔ کیونکہ اگر ایسی کوئی اطلاع ہمیں کسی مستند یا معاصر کتب سے بھی نہیں ملتی ہے تو ان کے یہ برعکس ہے اس لیے ان کو نظر انداز کیا جاتا ہے +

سنگ خارا یا سنگ سرخ کے متعلق عرض ہے کہ یہ عام طور پر معلوم ہے کہ آگرہ کا گرد و نواح محض پتھر سے مالا مال ہے خاص کر اس پتھر کی بہت بڑی کان اس سڑک پر پہاڑ کی صورت میں ہے جو آگرہ سے فتح پور سیکری تک جاتی ہے اور یہ بھی ظاہر ہے کہ اکبر نے جس قدر بھی عمارتیں فتح پور سیکری میں بنوائیں وہ تمام تر اسی پتھر کی ہیں اور آسانی سے یہیں سے حاصل کیا گیا ہے اور آئین اکبری سے بھی یہی اطلاع ملتی ہے:

"سنگ سرخ منے سہ وام - آں را از کوہ دار الخلافت فتح پور بدر آزاد پہنای خاطر خواہ جدا سازند و بنقشے کہ درود گر در چوب نتواند بکدرستان جادو کار سنگ را چہرہ بر آرایند و در شکار ژرفنگ مانی گردانند"[1]

مگر فتح پور کے علاوہ ہندوستان میں اور بھی مشہور پتھر کی کانیں ہیں جیسا کہ کھاٹو مارواڑ میں۔ دکن میں شاہ آباد وغیرہ۔ اسی طرح گجرات (کاٹھیاواڑ) میں بھی ہیں جہاں کے پتھر مختلف خصوصیات رکھتے ہیں۔ اس لیے یہ واضح رہے کہ مغل بادشاہوں نے دیگر اطراف واکناف سے بھی ضرورت کے مطابق پتھر حاصل کر کے عمارات میں استعمال کیے اور بعض مقامات پر کافی عمارتیں پتھر کی تعمیر ہوئیں۔ جہاں پتھر نہیں پایا جاتا وہاں دیگر مقامات سے لایا گیا جیسا کہ لاہور میں بے شمار عمارتیں ہیں جہاں آگرہ وغیرہ سے پتھر لایا گیا۔

مغل بادشاہوں کے عہد میں اکثر فرنگی سیاحوں نے آگرہ کا ملاحظہ کیا جن کے بیان سے ہم اس نتیجہ پر پہنچتے ہیں کہ آگرہ ابتدا سے ہی پتھروں میں خاصہ مشہور تھا چنانچہ جوزف سالبنکس اور رفنچ لکھتے ہیں کہ آگرہ بہت مشہر ہے۔ عمارات پتھر کی ہیں۔ یہاں سوداگری زیادہ تر ریشم و دیگر پارچات اور قیمتی جواہرات و پتھر مختلف مقامات پر ملتے ہیں۔ اور لوگ ان کو خوب سمجھتے ہیں۔ اسی طرح پادری میزق نے بیان کیا ہے کہ میں نے

---

[1] آئین اکبری۔ مطبوعہ کلکتہ، ص ۱۶۸ ——— عربی مورخین نے سرخ پتھر کے مقابلہ عام طور پر ایسے پتھر کے لیے ایک لفظ رخام استعمال ہے جو آج یورپ میں لفظ Alzbaster کے مقابلہ میں ہے یعنی نرم پتھر کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

طویل سلوں کو بیل گاڑیوں میں بیانہ سے آگرہ کی طرف آتے ہوئے تاج محل کی تعمیر کے موقع پر دیکھا۔ عمل صالح میں لکھا ہے کہ جب نذر محمد والی بلخ کی طرف سے اس کا سفیر نابہرہ نامی آیا تو بہت سے گراں قدر تحفہ تحائف بادشاہ کے لیے لایا۔ ان میں ایک سو من لاجورد بھی تھا۔ غرضیکہ شاہجہاں کو اکثر موقعوں پر قیمتی پتھر اس طرح دستیاب ہوئے۔

تاج کے صدر دروازہ کے طاق لکڑی کے بنے ہوئے ہیں جو غالباً اسی زمانے کے ہیں اور یہ شیشم کے ہیں اور ان کو عمدہ پیتل کے کیل کانٹوں سے مزین کیا ہوا ہے۔ یہ یاد رکھنا چاہیے کہ مغلوں نے عام طور پر لکڑی کو استعمال نہیں کیا اور اس کا اکثر کام معماری میں پتھر و قالب کاری، کمانوں و گنبد دار چھتوں وغیرہ سے لیا ہے جو معماری میں ان کی خصوصیات ہو گئی تھیں۔

نقش و نگار

از نقش و نگار در و دیوار شکستہ آثار پدید است صناديد عجم را

قریب قریب تمام اقسام کے تعمیری نقش و نگار مثلاً منبت کاری یا سنگی بیل بوٹے۔ عام آبی رنگوں میں
ل کاری۔ پرچیں کاری۔ کاشی کاری۔ مینا کاری۔ الفیفسا یا آئینہ کاری و طلا کاری وغیرہ وغیرہ مغلوں کی عمارات
ں اعلیٰ معیار پر موجود ہیں۔ عام طور پر نقش و نگار ہی اسلامی عمارات کی بہت بڑی مسلمہ خصوصیت دیگر اقوام
کے فنون پر فوقیت رکھتی ہے۔ مگر ہم دیکھتے ہیں کہ پرچیں کاری تاج محل کی عمارت کی محرابوں پر۔ قبور کے تعویذوں
۔ دیواروں پر موجود ہے اور ناظر کی توجہ فوراً ان پر پڑتی ہے اور چار سو سفید مرمر کی یک رنگی میں تنوع
پیدا کر کے اس کے نظارہ کو اکتا جانے سے بچایا گیا ہے جس سے اس کے حسن میں چار چاند لگ گئے
ں۔ اس کی مختصر سی تعریف یہ ہے کہ مرمری سطح پر مجوزہ نقش و نگار کے خاکے کو کھود کر ان میں رنگدار
ر قیمتی پتھروں کے ویسے ہی نقش و نگار کاٹ کر بجائے عام سفید سطح پر آبی یا روغنی رنگ میں نقش و نگار
نے کے بھر دیے جائیں اس کو پرچیں کاری یا اس کا اختصار کر کے لفظ پچی کاری سے بیان کیا جاتا ہے۔ اکثر محققین
نے اپنی تحریروں میں پرچیں کاری (Pietra Duva) کو بیان کرتے وقت (MOSAICS) یعنے
سیفسا سے مخلوط کر دیا ہے حالانکہ دونوں میں زمین آسمان کا فرق ہے۔ اس لیے ضروری معلوم ہوتا ہے کہ
سیفسا کی بھی تشریح کر دی جائے۔ اس میں محض ایک خالی صاف گچ کی سطح پر مختلف پتھروں یا آئینوں کے چھوٹے
ٹے ٹکڑوں کو آپس میں مصالح سے جوڑ جوڑ کر ان میں ایسی ہندسی اشکال پیدا کی جائیں یا دیگر بیل بوٹے پیدا کیے
ں کہ وہ بذاتِ خود ایک سطح اختیار کر لے۔ یہ ٹکڑے عام طور پر بہت چھوٹے چھوٹے مکعب ہوتے ہیں۔
سیفسا کے متعلق ہمیں صاف بیان کرنا چاہیے کہ یہ لفظ یونانی الاصل ہے اور اس کے بہترین نمونے
یسیوں کے ہاں فلسطین اور قسطنطنیہ میں ملتے ہیں اور وہیں سے یہ اسلامی عمارات میں لے لیا گیا۔ اور

مسلمانوں نے اس میں ایک اور جدّت پیدا کی یعنی انہوں نے عمارات کے فرشوں میں استعمال کیا اور عمدہ عمدہ ہندسی اشکال کی اینٹیں کاٹ کر فرشوں میں جوڑ دیں اور اس کے اندر خاصہ تنوع پیدا کیا۔ اس کا بہترین نمونہ لاہور کا مقبرہ جہانگیر اور تاج کے اوپر کے فرش ہیں جو عام ملاحظہ میں آسکتے ہیں۔ چونکہ تاج محل آگرہ میں پرچیں کاری اپنے کمال درجہ پر دیگر انواع نقش و نگار پر غالب ہے اور پھر اس پر یہ اعتراض کیا جاتا ہے کہ یہ کام اٹلی کے کاریگروں نے یہاں آکر کیا ہے اس لیے اس کو کسی قدر تفصیل سے بیان کرنا مقصود ہے۔ محققین نے بیان کیا ہے کہ پرچیں کاری (پیترا دورا) کی ابتدا فلورنس میں سولھویں صدی عیسوی میں ہوئی اور الفیفسا کے قطعات میں استعمال کیا جانے لگا۔ مگر جب ہم اس کی اصلیت پر نظر ڈالتے ہیں تو معلوم ہوتا ہے کہ اس کام کی ابتدا مشرق میں ہوئی اور یونان میں فونیشیا سے لایا گیا۔ جہاں سے روم پہنچا۔ مگر مسلمانوں نے اس کا سب سے پہلے جو استعمال کیا وہ بیت المقدس میں آٹھویں صدی عیسوی میں کیا اور وہاں سے مصر و اندلس تک گیا مگر اس وقت یہ کسی قدر ہندوستانی پرچیں کاری سے مختلف تھا کیونکہ اس کا کمال زیادہ تر اعلیٰ قسم کے پتھر پر منحصر ہے جس کا وجود اٹلی اور ہند میں ہے۔ ہاں یہ ضرور ہے کہ مسلمانوں نے اس کے اندر الگ الگ احوال میں خاصی اختراعات کیں، اور کسی قدر اسے اپنا کر خاص فن قرار دیا اور یہی وجہ ہے کہ ایرانیوں کے ہاں اس کے لیے ابتدا سے ہی لفظ پرچیں کاری ملتا ہے جیسا کہ ناصر خسرو متوفی ۴۸۱ھ نے کہا ہے:

گردول خود زدوستی شاں بر دیو حصار سازو پرچیں

خاقانی آرزو کہتا ہے:

خبرایں جوہر نمید ارند تابل پرچیں کاری بیت اللہ دل

ہم دیکھتے ہیں کہ ہندوستان کے مسلمانوں کے لیے ایران و توران کے فنی نمونوں سے استفادہ کرنا زیادہ آسان تھا کیونکہ یہیں سے یہ لوگ یہیں کی روایات ثقافت لے کر یہاں تشریف لائے۔ خاص کر ہندوستان کے زیادہ قریب غزنیں جہاں محمود غزنوی کے زمانہ میں جو تعمیر ہوئیں وہ مصر کے ابن طولون کی مسجد کے طرز پر ہوئیں جیسا کہ نقش و نگار سے عیاں ہے کہ اس وقت یہ پرچیں کاری موجود نہ تھی۔ اگر غور سے دیکھا جائے تو تاج و دیگر اسلامی عمارات کے نقش و نگاران قدیم اسلامی نقش و نگار کی ایک ارتقائی صورت ہے یعنی تعمیرات عالم اسلامی میں ایک رشتہ ضرور ہے اور یہ طریقہ فن ابتدا میں کتبات سے شروع ہوا یعنی سفید مرمر پر سیاہ مرمر کے حروف کھود کر بھر دیے گئے جو اس سے پیشتر پتھر کی سطح پر منبت کیے جاتے تھے۔ اس وقت ہندوستان

یں اس پرچین کاری کے سب سے قدیم نمونے جو ملتے ہیں اس ضمن میں دو موجودہ عمارات قابلِ ذکر ہیں۔ یعنی
جرات احمد آباد میں جامع مسجد نزد رانا چوک جو ۸۲۷ھ میں تعمیر ہوئی جس کی محراب میں قسم قسم کے رنگین پتھر
ھرے ہوئے نظر آئیں گے۔ اور مالوہ میں شادی آباد مانڈو میں روضہ ہوشنگ شاہ جو ۸۳۷ھ کی تعمیر ہے۔
س کے تعویذ پر یہ دستکاری موجود ہے۔ اور یہ دونوں ذاتی مشاہدات پر مبنی ہیں۔ یہ وہ مقامات ہیں جہاں
سلمانوں نے صدیوں حکومت کی اور فنون میں بے شمار اختراعات کیں۔ یہ ابتدائی پرچین کاری کے نمونے
ی حیثیت سے ہیں جس طرح یہاں تعریف کی گئی ہے۔ یہاں یہ بیان کر دینا ضروری معلوم ہوتا ہے
ہ گجرات میں بالخصوص اور مغربی ہند میں بالعموم خالص ہندو فنِ تعمیر کے بے شمار شاہکار موجود ہیں جن
ں سے قابلِ ذکر مونٹ آبو کا دلوارہ مندر اور مالوہ میں سانچی کے کھنڈر عالم بھر میں مشہور ہیں۔ جن سے
ن تھا کہ مسلمان حرفِ فیضان حاصل کرتے مگر تمام مغربی ہند میں ان دو اسلامی عمارات سے قبل کوئی ایسی
ارت نہیں ملتی جن میں اس قسم کے نقش و نگار یعنی پرچین کاری کا نمونہ موجود ہو یا یہ عمارات کسی صورت
سے بھی ان ہندو عمارات سے متاثر ہوئی ہوں۔ غرض کہ یہ صرف مسلمانوں کو ہی شرف حاصل تھا جنہوں
نے یہاں اس کی ابتدا ہی نہیں کی بلکہ اختراع کی۔

خاص کر عہدِ مغلیہ میں جن کا دارالخلافہ بابر کے زمانہ سے آگرہ ہی رہا جسے اس نے لودھیوں سے
ھل کیا اور بدقسمتی سے عہدِ لودھی کی کوئی خاص تعمیری یادگار نہیں ملتی جن سے ان کی خاص طرز کا نظریہ قائم
یا جا سکے۔ اس لیے یہ کہنا بجا ہے کہ خاص کر مغلوں نے ہی آگرہ کو چار چاند لگا دیے جن کے آثار اب
ی اچھی حالت میں موجود ہیں یعنی ابتدا سے لے کر شاہجہاں کے عہد تک مختلف زمانوں کی عمارات ۳۷ ش ۳۸
تمیز بآسانی ہو سکتی ہے اور مغلوں کی قریب قریب تمام عمارات میں پرچین کاری موجود ہے جیسا کہ
روضہ اعتماد الدولہ اور روضہ اکبر میں۔ مگر جو شاہجہاں نے اپنے عہد میں اس میں جدت پیدا کی اور اس کو
ی معراج تک پہنچا دیا جو کسی عہد میں نہیں ہوا۔

یہ مسلمہ امر ہے کہ شاہجہاں کا عہد فنِ تعمیر کے ضمن میں اپنے ماقبل فنِ تعمیر پر مجموعی حیثیت سے
وقیت رکھتا ہے اس لیئے یہ بالکل واضح ہے کہ پرچین کاری نے بھی بالکل ایک مختلف حیثیت اختیار
ی تھی۔ جب جہانگیر ۱۰۳۷ھ میں فوت ہوا تو اس کا مقبرہ لاہور میں شاہجہاں کے حکم سے تیار کیا گیا جس
ہ جو ترے اور چھت کا فرش ابری پتھر کی مہندسی اشکال کی گرہ میں اعلیٰ نمونہ خاتم بندی ہے۔ مگر جہانگیر

کی قبر کے سفید مرمر کے تعویذ پر قیمتی رنگین پتھروں کے بیل بوٹے کاٹ کر عمدگی سے مرمر میں کھود کر بھر دیے
ہیں اور ایسا ہی نمونہ آصف جاہ کے تعویذ پر ہے جس کا مقبرہ: جہانگیر کے مقبرہ کے دیوار بدیوار ہے۔
یہ دونوں اعلیٰ نمونہ پچی کاری ہیں۔

تاج کی تعمیر کے موقع پر شاہجہاں نے بذاتِ خود جہانگیر کے مقبرہ میں اپنا ایجاد کردہ پرچین کاری کے
ہونے کو پیش نظر رکھ کر اور تمام تاج کی عمارت کے کمال معیار کی ہمہ گیری کو قائم کرنے کے لیے اس کے لیے
لازمی ہو گیا تھا کہ ایسا کرے جو روضہ ممتاز کی محرابوں پر اندرو باہر اور اس کے تعویذ پر جو عین وسطِ گنبد میں
ہے عیاں ہے۔ اس پرچین کاری میں لاجورد، سنگِ عجوبہ، یاقوت، نیلم، ہیرا، طلائی، فیروزہ، عقیق،
سیپ، سماق، سبزہ، زرد وغیرہ وغیرہ قیمتی پتھر بھرے ہوئے ہیں۔ اور سب سے بڑا کمال یہ کیا ہے کہ
یہ بیل بوٹے اور گرہ بندی سب رسمی ہیں جن میں تناسب و جواب قائم ہے۔ یعنی ان کی اشکال کو اصل
قدرتی اشکالِ بیل بوٹوں سے کوئی سروکار نہیں ہے۔ تعجب کی بات ہے کہ ۱۰۷۶ھ میں یعنی انیس سال بعد
تعمیر تاج جب شاہجہاں کا انتقال ہوا تو اورنگ زیب نے اسے اسی تاج میں ہی ممتاز کے پہلو میں دفن کیا اور اس
کے تعویذ پر ویسی ہی طرز کی پرچین کاری کرائی تاکہ ماحول میں فرق نہ آئے اور آج زائرین ممتاز اور شاہجہاں کے
دونوں کے تعویذوں میں ہرگز فرق نہیں کر سکتے ہیں یعنی دونوں ایک ہی ہاتھ اور ایک ہی زمانہ کے بنے
ہوئے معلوم ہوتے ہیں۔ اس سے ظاہر ہے کہ اورنگ زیب کو کس قدر احترامِ فن تھا کہ کہیں ماحول
میں کوئی فرق نہ آجائے۔ اگرچہ شاہجہاں کے تعویذ نے کسی قدر مرکزیتِ منجر کو بگاڑ دیا ہے جو کافی غور کے
بعد معلوم ہوتا ہے۔ شاہجہاں کے مقبرہ کے متعلق عرض ہے کہ اس نے خود اپنی زندگی میں ارادہ کیا
تھا کہ وہ اسے تاج کے مقابل جمنا کے دوسرے کنارے پر سیاہ مرمر کا تعمیر کرے دونوں کو ایک پل
کے ذریعہ ملا دے مگر حالات نے مساعدت نہ کی۔ اگر یہ شاہکار بھی اس کے ہاتھوں انجام پا جاتا تو نہ
معلوم یہ دونوں مل کر کیا عظمت و شان پیدا کرتے۔ اس پرچین کاری سے بادی النظر میں زائر ہر طرف
سفید مرمر کو دیکھ کر اُکتاتا نہیں بلکہ اس کے معائنہ میں ساتھ ساتھ جو فرحت حاصل ہوتی ہے اس سے
مزید توجہ سے اس کی طرف راغب ہوتا ہے اور اس کے بنانے والے کی کاریگری کا کماحقہٗ حظ اٹھاتا
ہے۔ اور اپنے ہمراہ ایک آرزو لے کر نکلتا ہے کہ ابھی تک اسے دل بھر کر نہیں دیکھا پھر زندگی رہی تو
دیکھیں گے۔ جب اورنگ زیب نے لاہور میں جامع مسجد تعمیر کی تو اس نے مسجد کی سنگ سرخ کی محراب دار

دیوار دل کو منبت کاری میں بیل بوٹوں سے مزین کیا جو بیان کرنا لازمی معلوم ہوتا ہے۔ خاص کر درمیانی
ری محراب کے کونوں پر سنگ سرخ کی سطح میں سنگ مرمر کے منبّت کئے ہوئے نقش بھر دئے ہیں
رایسی منبت کاری اسلامی عمارات میں اس سے قبل نہیں ملتی۔ یہ اس نظریہ کے بھی خلاف ہے کہ
ورنگ زیب نے فنون میں کوئی دلچسپی نہیں لی۔ ان تمام بیل بوٹوں کی شکل و شباہت کی اصلیت کے متعلق
رض ہے کہ ان کے اصل نمونے دراصل ایران و توران سے لائے گئے ہیں جس کا بڑا ثبوت یہ ہے
مسلمانوں سے قبل یہاں ہندوستان کی عمارات میں موجود نہ تھے اور ایران و توران کی اسلامی عمارات
ں خواہ کاشی کاری میں خواہ گل کاری میں خواہ گچ کاری میں عام ملتے ہیں۔ مسٹر ہیول نے بیان کیا ہے :
"تاج محل کی پرچین کاری واضح طور پر ایرانی الاصل ہے . . . . اگرچہ مرمر اور پچی کاری کا ہندوستانی
ارات میں عام استعمال اغلب ہے۔ ایک عام طریقہ ہو گیا تھا جسے عربوں نے رائج کیا جنہوں نے خود اسے
یطینیوں سے حاصل کیا تھا۔ معلوم ہوتا ہے کہ یہ عام استعمال ہندو روایت صنعت کا تاج کی تعمیر سے
ی قدر قبل ایک حصّہ بن چکا تھا کہ نہایت موثر طریق سے اس نظریہ کی تردید کی جا سکتی ہے کہ تاج کی پرچین کاری
رنس کے سولھویں صدی کے کام سے اخذ کی گئی ہے۔ جسے سوائے طریق کار کے کوئی مشابہت نہیں ہے۔"
تمام پرچین کار جن کا ذکر مسٹر ہیول نے عام محظوظہ سے بیان کیا ہے جس کو یہاں ان صفحات میں مکمل
ن کیا گیا ہے۔ مگر یہ ضرور تسلی بخش ہے کہ مسٹر ہیول نے اس پچی کاری کو ایرانی الاصل قرار دیا ہے۔
دیوان عام قلعہ دہلی کے نشیمن، ظل الٰہی کا جھروکہ ہماری خاص توجہ کا محتاج ہے جس کے متعلق بیان
جاتا ہے کہ اس کی پرچین کاری کو آسٹن ڈی بورڈو نے سرانجام دیا ہے اور ان نقش و نگار میں پھول پھل
رے نہایت قدرتی طریق پر ظاہر کیے گئے ہیں۔ ان نقش و نگار کے علاوہ، اس فرانسیسی آسٹن نے اپنی
نی شبیہہ کو بھی اورفیس کے لباس میں اپنی سازنگی کو بجاتے ہوئے ایسی حالت میں پیش کیا ہے جب کہ ایک شیر
، خرگوش وغیرہ اس کے قدموں میں اس کی موسیقی سے مسحور نظر آتے ہیں۔ یہ بالکل واقعات و حقائق کے
ف ہے کیونکہ آسٹن ۱۶۳۲ء میں فوت ہوا اور اس قلعہ دہلی کی جس کے ایوانِ عام میں یہ جھروکہ ہے
۱۶۴۸ء میں بنیاد پڑی۔ اسے کسی قدر وضاحت سے آسٹن کے تحت بیان کیا گیا ہے۔
خوش قسمتی سے دیوانِ عام قلعہ دہلی کے اس جھروکہ کا مفصل ذکر ہمیں معاصر تاریخ عمل صالح میں ملتا ہے
سے ہر قسم کا شک صاف ہو جاتا ہے کہ کسی فرنگی حسن کار یا تعمیر کار کا اس کی تعمیر یا اس خاص کام میں

حصّہ نہیں تھا۔ الفاظ ملاحظہ ہوں :

"سقف کے متصل جھروکہ خاص عام ہے جو بالکل سنگ مرمر کا بنگلہ نما بنا ہوا ہے۔ طول میں چار اور عرض میں تین گز ہے۔ اس کے چار ستون ہیں اور اس کے عقب میں ایک بنگلہ طاقی ہے جو درازی میں سات اور پہنائی میں اڑھائی گز ہے۔ اس میں مختلف رنگین پتھروں میں نقاشانِ بدائع نگار نے پرچین کاری کی ہے۔ یہ اپنے زیب و زینت میں اس قدر درخشاں ہے کہ اس کے سامنے آنکھیں ٹھیر نہیں سکتیں۔"

اس کے آگے تمام تفصیل دیوان عام اور ترتیبِ نشستِ امرا کا مفصل بیان ہے۔ مگر اس جھروکہ کی یہ تفصیل موجودہ تفصیل نقش و نگار سے بالکل مختلف ہے اور اس سے بھی بڑھ کر اس دیوانِ عام کی صحیح تفصیل فرانسیسی سیاح برنیر نے اپنے سفر نامہ میں بہم پہنچائی ہے جس کی موجودگی میں یہ تعمیر ہوا جو بآسانی بیان کر سکتا تھا اگر اس جھروکہ میں کسی قدر بھی فرنگی پرچین کاری یا فرنگی حسن کار کا دخل ہوتا۔ یا تاج محل کے ایسے کام میں بھی کسی قسم کا شائبہ ہوتا۔ خاص اس ضمن میں اس کے الفاظ متعلقہ پرچین کاری تاج ملاحظہ ہوں جن میں وہ تاج کے اس کام کو فلورنس کے کام سے بھی مقابلہ کرتا ہے :

"ہر جگہ یشب و یشم و دیگر قیمتی پتھر نظر آتے ہیں جن کے مشابہ ڈیوک اعظم فلورنس کے محل کی عبادت گاہ کی دیواریں مزین کرتے ہیں۔ بے شمار قیمتی اور کمیاب و لطیف انواع پتھر مرمر کی سلوں میں جڑے گئے ہیں۔"

پرچین کاری تاج محل اور نشیمن ظل الٰہی دیوانِ عام قلعہ دہلی کے متعلق تمام شکوک کو دور کرنے کے لیے سر جان مارشل کے ذیل کے الفاظ ملاحظہ ہوں :

"نقش و نگار خصوصیت سے زیادہ تر سیاہ مرمر کے پچوکھٹوں کی وجہ سے مشہور ہیں جن میں پھول اور پرندے قسم قسم کے رنگین پتھروں میں نقش کیے گئے ہیں۔ ہندوستان بھر میں اس خاص کاریگری کے یہ چوکھٹے واحد نمونہ ہیں۔ ان میں سب سے زیادہ واقعی جو مشہور ہے وہ ہے جس میں اور فیس کی صورت ایک درخت کے زیر اپنے گرد جانوروں کو سارنگی سے محظوظ کرتا ہوا کھینچی گئی ہے۔"

۱۸۵۷ء کے غدر میں ان دلوں میں سے بعض جو چھوٹے ہیں اتار لیے گئے تھے اور ان کو بگاڑ دیا گیا تھا۔ ان میں سے

بعض وہ ہیں جن میں اور فیس والا اور چار بڑے اور سات چھوٹے بھی شامل تھے۔ کیپٹن سرجان جونز نے
ان کو حاصل کر کے پانچ سو پونڈ کے معاوضہ میں برٹش گورنمنٹ کے ہاتھ فروخت کر دیا جس نے ان کو
وتھ کینسنگٹن میوزیم لنڈن میں رکھ دیا۔ ۱۸۸۲ء میں دہلی کے اس جھروکہ کی پس دیوار کی تجدید کا کام میجر
کول کے زیر ہدایت مرمت و بحال کیا گیا جو اس وقت ہندوستان میں آثار قدیمہ کا داروغہ تھا۔ یہ کام
نہایت احتیاط سے کیا گیا مگر بدقسمتی سے بعض جو نئے پتھر کام میں لگائے گئے اصل پتھروں سے ٹھیک
نہیں بیٹھے تھے۔ ان میں یہ تفاوت دلوں کے پس منظر میں بالکل واضح ہے یعنی بھورا سا سیاہ مرمر
خالص سیاہ باریک دانہ دار مرمر کی جگہ استعمال کیا ہے جو محض اٹلی میں دستیاب ہوتا ہے اور بعض دیگر
جوہات سے بھی نیا کام ادنیٰ درجہ کا ہے۔ نقش و نگار کرخت اور صنعت کاری بھدی۔ اس دیوار
کا اوپر کا حصہ کیپٹن کول نے مرمت نہیں کیا تھا کیونکہ اسے توقع تھی کہ دلے جو انگلینڈ میں ہیں ممکن ہے
آئندہ کبھی میسر آجائیں اور یہ ناقابل قبول عذر معلوم ہوا کہ اس وقت تک اصل کی طرح بناوٹی بنا لیے
جائیں جب کہ کسی اور جگہ اصل کی موجودگی کا علم ہو چکا تھا۔ گذشتہ سال ۱۹۰۲ء میں حکومت ہند نے
ایک نہایت موثر درخواست ان دلوں کی بحالی کے لیے کی اور معتمدان وکٹوریا البرٹ میوزیم نے ان کی
واپسی کا اقرار کر لیا۔ یہ امید کی جاتی تھی کہ یہ منقش تختے ہندوستان میں رسم عطائے خطاب کی ادائیگی
کے موقع پر جو دہلی دربار کے سلسلہ میں منائی جاتی تھی پہنچ جائیں گے اور یہ موقع درحقیقت نہایت
موزوں ہو جائے گا۔ جب کہ ان منقش تختوں کی بحالی سے یہ ایک فیاض رویہ کی علامت ہوگا جسے
اب حکومت نے ان آثار قدیمہ کے ضمن میں اختیار کیا ہے کیونکہ ابتدائی ایام کے ضرب المثل وحشیانہ
طور کے برعکس کیا گیا۔ بدقسمتی سے یہ منقش تختے دسمبر کے اخیر ایام تک پہنچے اور ان کا وہاں جڑ دینا
دربار کے بعد تک ملتوی کر دیا گیا جنہیں اب تخت کے عقب میں لگا دیا گیا ہے اور بہت سے دوسرے
نئے دیوار کے بالائی حصہ میں لاکھ وغیرہ کو اتار کر جن سے یہ ڈھکے ہوئے تھے خوب صاف کر دیے گئے
اور ان کی بگڑی ہوئی سطح از سر نو مصقل کر دی گئی ہے۔ ابھی تک بھی بعض شگاف رہ گئے ہیں جن میں
نئے مکمل یا ٹکڑوں کی صورت میں کم ہیں اور ان کو آہستہ آہستہ بھر دیا جائے گا جیسا کہ قدیم شکل و شباہت
کے بیل بوٹوں کے مطابق موقع ہوگا۔ مگر یہ کچھ وقت لے گا بیشتر اس کے کہ صحیح پتھر استعمال کیا جائے۔
کی شناخت کی جا سکتی ہے اور یورپ سے حاصل کیا جا سکتا ہے اور یہ زیادہ اغلب ہے کہ یہ نئے

فلورنس سے تیار کروا لیے جائیں یا اٹلی کے کاریگر منگوا لیے جائیں جو یہاں آکر اس کام کو کر دیں۔ ان تختوں کی طرز اور تاریخ کے متعلق کچھ معاملہ توضیح طلب ہے۔ عام روایت یہ ہے کہ اس جھروکہ کے نقش و نگار مشہور فرانسیسی صنعت کار آسٹن ڈی بورڈو کی کاریگری تھی۔ جس کے متعلق بیان کیا جاتا ہے کہ شاہجہاں نے اسے دہلی کے ان محلات اور تاج محل آگرہ کے لیے مقرر کیا اور اور فیس کی صورت واقعی ہندوستانی گونڈ لوگ بیان کرتے ہیں کہ یہ آسٹن ڈی بورڈو کی ذاتی شبیہہ ہے۔ یہ قصہ بناوٹی معلوم ہوتا ہے۔ غالباً یہ قصہ اطالوی طرز کے دستے سے سمجھایا گیا ہے مگر یہ خوب ملاحظہ کرنا چاہیے کہ پس منظر کا سیاہ مرمر اور جڑے ہوئے پتھروں کی کثرت اطالوی ہے اور ہندوستانی اصلیت کے نہیں ہیں اور اس لیے یہ فرض کر لینا بعید از عقل نہیں ہے کہ یہ تختے نہ محض منقش کیے گئے بلکہ ان کو اطالوی کارخانہ ہی میں طیار کیا گیا اور بعد میں ان کو یہاں اس ملک میں لایا گیا۔ عربی طرز کی بیل بوٹے ایک طرف جن سے ان منقش دلوں کے مابین فاصلہ منقوش ہے خالصاً ہندوستانی طرز کے ہیں۔ اور بغیر کسی غیر ملکی نشان کے ہندوستانی کاریگری ہے۔ مسٹر ہیول نے دہلی کے اس جھروکہ کے نقش و نگار کو پیش کرتے ہوئے تجویز پیش کی ہے کہ یہ غلطی سے شاہجہاں کے عہد سے منسوب کیے جاتے ہیں بلکہ ان کو اٹھارھویں صدی کے ابتدائی حصہ کا نتیجہ سمجھنا چاہیے۔ وہ صحیح طور پر اصرار کرتا ہے کہ یہ کام کام کی حیثیت سے تاج کے کام سے ادنےٰ ہے۔ اور مزید برآں بحث کرتا ہے کہ پرندوں اور جانوروں کا نقش و نگار میں قدرتی اظہار ضرور اورنگ زیب کے عہد میں بگاڑ دیا جاتا اگر وہ موجود تھے۔ مؤخر الذکر دلیل کوئی مطمئن کرنے والی نہیں ہے جب کہ اس کے مثل تصاویر حیوانات کی دیگر مثالیں دی جا سکتی ہیں جو ضرور اورنگ زیب کے ملاحظہ میں آئی ہوں گی اور اس کے ہاتھوں خراب ہونے سے بچ گئیں۔ بلکہ کام کا ادنےٰ معیار تاریخ کے ضمن میں بطور شہادت کوئی دلیل نہیں ہے۔ شاہجہاں کے عہد کی پرچین کاری جو لاہور کے قلعہ میں ہے وہ واقعی تاج کی پرچین کاری سے ادنےٰ ہے اور دہلی کے جھروکے کے پرچین کار کے سامنے بالخصوص مختلف النوع ہے۔ اس نقش و نگار کی بنیاد مختلف حجم اور بالکل غیر مانوس طرز کے مربع اور مستطیل دلوں کی ایک تعداد ہے۔ بہت کم کاریگر ہیں جو اس سطح پر ایسے ہم آہنگ نقوش پیدا کر سکے۔ سب سے کم خاص کر مغل کاریگر کے لیے اصل شباہت و رنگ کی روایات کی کمال پابندی جو اس کے نزدیک نقش و نگار کے لیے ناموزوں ہے اس کے لیئے اس کا لحاظ ضروری تھا۔ ان حدود

کی وجہ سے یہ کوئی تحیر کن امر نہیں ہے جب کہ بے سر و پا نتیجہ ظاہر ہے یعنی عربی طغرائی بیل بوٹے جو دلو
کو عام ترتیب نقش و نگار میں رابطہ کے لیے کام میں لائے گئے ہیں ان کا باولِ ناخواستہ طرز میں تاج کے
ایسے نقش و نگار سے مقابلہ کیجیے۔"

پھر دو سال کے عرصہ بعد سر جان مارشل نے ایک اطالوی ماہر سنگ مرمر کے مشورہ سے اپنی متذکرہ
بالا رائے کو مزید زوردار الفاظ سے مستحکم کر دیا۔ اور وہ کہتا ہے:

"تاج کی پرچین کاری کے متعلق زیادہ سے زیادہ یہی ایک صنعت حیرت کا کام ہے جو مغرب
سے مستعار لی جا سکتی تھی۔ حالانکہ تمام نقش و نگار جو سرانجام کیے گئے ہیں لازماً مشرقی خصوصیت
کے ہیں بلکہ اس کی صنعت کاری کے متعلق یہ اندازہ سے زیادہ ہے کہ یہ جداگانہ طور پر اس ملک
میں پیدا ہوئی۔ یہ نظریہ کوئی نیا نہیں ہے بلکہ تھوڑے عرصہ سے شادی آباد مانڈو میں ہوشنگ شاہ خلجی
کے روضہ کے انکشافِ پرچین کاری سے اس کی تصدیق حاصل ہوتی ہے۔ جو مقابلتاً جدا اور ابتدائی نمونہ
کا ہے جو اب تک معلوم ہو چکا ہے۔ دہلی کے جھروکہ کے منقش تختے جن کا اوپر ذکر آ چکا ہے ان کو
اس ضمن میں برائے مقابلہ لینا چاہیے۔ اور اپنی پہلی رائے کو جسے میں نے اس وقت ظاہر کیا تھا اطالوی
سنگ مرمر تراش کی گئی فلورنس کے فسیفسا کے کام کرنے والے نے اس کی تصدیق کی کہ یہ تختے بے شک
تاج کے فروغ کی غرض سے ہندوستانی سرزمین پر بنائے گئے۔ اور ان سے کسی قسم کا شک پیدا نہیں ہوتا
کہ ان میں مومخرہ الذکر کے لیے کوئی اثر تلاش کیا جائے۔ ان اطالوی منقش تختوں کی موجودگی سے اطالوی اور
ہندوستان کے تجارتی تعلقات پر روشنی پڑتی ہے اور کچھ نہیں۔"

پرچین کاری اور دیگر اقسام نقش و نگار کے علاوہ شاہجہاں نے اپنی تعمیرات کو آئینہ کاری سے بھی مزین
کیا جیسا کہ ابتدا میں اس کی تعریف کی جا چکی ہے۔ جس کے ذریعہ عام طور پر مغلوں کی عمارات دہلی، آگرہ،
لاہور کے بڑے بڑے ایوانوں کی چھتیں مزین کی گئی ہیں مگر اس کا بہترین نمونہ جو میں اپنے نزدیک ہر حیثیت
سے اعلیٰ سمجھتا ہوں وہ لاہور کے قلعہ کا مثمن برج یا شیش محل ہے جس میں آئینہ کاری اس کے ستونوں پر، دیواروں
چھتوں پر، غرضکہ سب جگہ موجود ہے۔ جب ناظر اس پر ذرا نظر ڈالتا ہے تو وہ بے شمار عکس اپنے ارد
اس شیش محل میں چاروں طرف دیکھتا ہے۔ کیونکہ چھوٹے چھوٹے رنگدار آئینوں کے ٹکڑے ہر سو بیل بوٹوں
کی صورت میں گچ پر جڑے ہیں اور اسی وجہ سے اس حصہ قلعہ لاہور کو شیش محل کہتے ہیں۔

مرزا محمد طاہر متخلص باشنا مورخ عہد شاہ جہان کے ذیل کے اشعار بعنوان وتعریف آئینہ خانہ، ملاحظہ ہوں اگرچہ ان سے صاف تو معلوم نہیں ہوتا کہ یہ اشعار اسی آئینہ خانہ یا آئینہ محل کے لیے لکھے گئے مگر ان کے بیان سے اور مرزا طاہر کا عہد شاہجہاں میں ہونے سے گمان یہی ہوتا ہے:

حبذا ایں نشیمن والا — کہ بود رشکِ عالم بالا
دل زکف بردہ حسن دلجوئش — طاق آئینہ چشم وابروئش
کردہ بنای ایں نکو منزل — از یک آئینہ اش تمام چو دل

غرضیکہ شاہجہاں نے اپنے عہد میں تمام اقسامِ نقش ونگار کو اعلیٰ معراج پر پہنچا دیا اور بالخصوص پرچین کاری جو تاج میں کی گئی ہے اس میں کسی قسم کا یورپین یا اطالوی اثر نہیں ہے اور اطالوی پرچین کاری اس سے بالکل مختلف ہے جس کا بہترین نمونہ دیوانِ عام قلعہ دہلی کے جھروکہ میں ہے۔

اس ضمن میں فرانس کے بادشاہ لوئیس چہار دہم جو قریب قریب شاہ جہان کا ہمعصر تھا اس کی ایک میز کے اوپر کے تختے کے ایک کونہ کے نقش ونگار کا نمونہ جو پیسترا دوراطریقہ سے کئے گئے ہیں یہاں دئے جاتے ہیں (شکل ۳۹) ان میں اس کا نام و تاج بطرز طغرا موجود ہے یہ کام اطالوی کاریگروں نے کیا تھا۔ اس سے شاہ جہانی پرچین کاری میں فرق واضح ہو جائیگا۔

حوالہ جات:-

۱۰۶ سنہ ۱۹۰۴-۱۹۰۵ء صـ ۱-۵ و ۵۷ پلیٹ ۳۱ و ۱۱۴- جون سنہ ۱۹۰۳ء و ۳۰ صـ ۴۲-۴۳/۳ و
۱۰۲ سنہ ۱۹۰۲-۱۹۰۳ء صـ ۲۶ و سنہ ۱۹۰۴-۱۹۰۵ء صـ ۱-۱۲ .

آسٹن دی بورڈو (۱)

جیرونیمو دیرونیو (۲) کی طرح ایک اور فرانسیسی آسٹن دی بورڈو (آسٹن باشندہ بورڈو) تاج کا نقشہ نویس
ان کیا جاتا ہے۔ لفٹننیٹ کرنل سلیمان سب سے پہلا شخص ہے جس نے سب سے اول اپنی کتاب "سیاحت و
داشت" میں اس کا نام بیان کیا ہے۔ بہت افسوس کی بات ہے کہ کرنل سلیمان نے تاریخ کو پس
ت ڈال کر اپنے دلائل کو محض افواہ پر عجیب و غریب اور مضحکہ خیز طریق سے انحصار کیا چنانچہ وہ کہتا ہے:
ہ عظیم الشان عمارت اور آگرہ و دہلی کے محلات کے نقشے مجھے یقین ہے آسٹن دی بورڈو ایک فرانسیسی نے
یز کیے تھے جو نہایت قابل و ہوشیار آدمی تھا جس کی لیاقت پر بادشاہ کو پورا یقین تھا۔ اسے مقامی لوگ
ر العصر اُسٹن السیو کہتے تھے۔ وہ اپنے فریضہ نقشہ نویس پر ایک ہزار روپیہ مشاہرہ پر ملازم تھا۔
اکثر اوقات اسے تحفہ تحائف بھی عنایت ہوتے تھے۔ جن سے اس کی آمدنی بہت بڑھ جاتی
۔ اس نے دہلی کے محلات اور روضہ و محلات آگرہ کو سرانجام دیا اور موسخر الذکر کی ایک شاہ نشین
چھت کے بنانے میں مصروف تھا جب کہ اس کو بادشاہ نے گوا بہت اہم سیاسی امور کو طے
نے کے لیے ارسال کیا۔ وہ کوچین میں واپسی پر فوت ہوگیا۔ اور تصور کیا جاتا ہے کہ اس کو کسی پرتگالی
نے زہر دیدیا تھا جو اس کے مغل دربار میں اثر کثیر کی وجہ سے بہت متعصب تھے۔ اس کا ایک لڑکا
شریف ہندوستانی بیوی سے باقی رہا جس کو پانچ سو روپیہ مشاہرہ پر بحیثیت تعمیر کار تھا اور وہ
لمان ہوگیا جیسا کہ میں اس کے نام سے اخذ کرتا ہوں۔ آسٹن کی وفات اور شاہجہان کے لڑکوں کے
ن جنگ اس کام کے سرانجام ہونے میں حائل ہوئے۔"

خوش قسمتی سے آسٹن دی بورڈو کے چار خطوط آج تک پیرس کے کتب خانہ ملی میں محفوظ ہیں جو
نے اپنے احباب کو ہندوستان سے یورپ ارسال کیے۔ ان میں سے تین خطوط لاہور سے مختلف
کا ذکر آگے آئیگا

(۱) Austin de Bordeoux.
(۲) Geronemo Veroneo

تاریخوں پر یعنی ۲۰ جنوری ۱۶۲۰ء۔ ۲۶ اپریل ۱۶۲۶ء اور ۲۷ اپریل ۱۶۲۶ء کو لکھے گئے ہیں اور چوتھا خط مقام بمبئی کے نزدیک سے ۹ مارچ ۱۶۳۲ء کو لکھا گیا ہے۔ ان خطوط کے ضروری اقتباسات ذیل سے ہم اس نتیجہ پر پہنچتے ہیں کہ اس کا اس تاج کی تعمیر میں شمہ بھر بھی حصہ نہیں تھا۔ ہاں یہ ضرور ہے کہ اس نے جہانگیر کے لیے ایک تخت بنایا تھا اور مزید برآں اس نے ایک ہندوستانی بیوی سے شادی کی تھی جس سے ایک لڑکا بھی پیدا ہوا تھا اور اس کی عمر بارہ سال تھی جب ممتاز الزمانی کا انتقال ہوا۔ شاہجہاں کے عہد میں اس نے دو سال ایک تخت کی تیاری میں صرف کیے جب کہ اس کو گوا ارسال کر دیا گیا۔ وہ اکثر اپنے دستخط آسٹن ہنرمند کرتا تھا۔ یہ ہنرمند نام اس کو جہانگیر سے بطور خطاب ملا تھا۔ اس کے خطوط کے اقتباسات حسبِ ذیل ہیں:

"میں اس ملک میں آٹھ سال کے عرصہ سے مقیم ہوں۔ میں نے جہانگیر کے دربار میں ملازمت حاصل کی ہے۔ میں نے اس کے لیے ایک شاہی تخت تیار کیا جس پر کئی لاکھ روپیہ کا سونا، چاندی و دیگر بے شمار قیمتی جواہر لگائے گئے ہیں۔

یہ بالکل ناممکن ہے کہ ہم اس بادشاہ کی صحیح شان و شوکت کی خصوصیتیں اندازہ کر سکیں۔ میں محض تین ان میں سے بیان کروں گا۔ اس کے ہیرے۔ لعلوں کے بالے جو محض اسی کے پاس تمام عالم میں ہیں۔ میں نے یہاں شادی کی ہے اور میرا ایک لڑکا ہے اس وقت اس کی عمر دو سال ہے۔ دوسرے کاموں میں مجھے نقلی جواہرات بنانے خوب آتے ہیں مگر جس قدر میری عمر بڑھ رہی ہے اسی قدر مجھے خیال پیدا ہو گیا ہے کہ میں اپنے خداوند نعمت بادشاہ کی گراں قدر خدمت کر کے عوام میں شرفِ قبولیت حاصل کر لوں ..... میں نے شاہی تخت کے لیے ایک نقشہ تجویز کیا ہے جس پر بادشاہ سلامت نوروز کے موقع پر جلوہ گر ہوتا ہے جب کہ آفتاب برج حمل میں ہوتا ہے اور اسی روز سال کا آغاز ہوتا ہے۔ یہ تخت چار شیروں پر کھڑا ہے جن کا وزن ایک سو پچاس پونڈ چاندی ہے اور اس پر سنہری ورق کا ملمع ہے۔ اس کا بخارچہ بارہ کھنبوں پر کھڑا ہے جس پر دس ہزار اونس سونے کی ملمع کاری ہے۔ یہ بخارچہ جو ایک گنبد نما ہے میں نے اسے اپنے چار ہزار نقلی جواہر سے مرصع کیا ہے ..... سابق ولی نعمت جہانگیر نے یہ معلوم کر کے کہ میں جنگی انجن بنا سکتا ہوں دکنیوں کے خلاف بنانے کی خواہش ظاہر کی ..... میں نے ایک نیا تخت بنانے کے لیے آگرہ میں دو سال صرف کیے ہیں۔ جو بادشاہ

نے قبل سفر دکن بنانے کے لیے حکم دیا تھا بادشاہ کی خواہش تھی کہ دو کروڑ پونڈ ہیرے۔ جواہرات ،
ل۔ موتی اس پر لگائے جائیں۔ مگر مجھے توقع نہیں کہ اس کے استعمال کا کبھی اتفاق ہو۔ میں برہانپور
سے رخصت ہو کر گوا جا رہا ہوں اور بادشاہ سلامت اس وقت برہانپور میں ہیں۔۔ میں سیاسی کام پر
رہا ہوں مجھے دو مہینے درکار ہیں کہ میں اپنی بیوی اور بچے کے پاس واپس آؤں۔ جو میرے لیے اس
لیف سے رہ گئے ہیں جو میں آپ کو پہلے تحریر کر چکا ہوں۔"

جہانگیر نے قریب قریب ایسا ہی واقع اپنی توزک میں تحریر کیا ہے جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ آسٹن کو
نعی تخت کے بنانے کے صلے میں اعزاز ملا تھا اور اسے ہنر مند کا خطاب عطا ہوا تھا جیسا کہ وہ اپنا نام
تحظ کرتا ہے۔ توزک میں یوں ملتا ہے:

"از جملہ پیش کش ہائے آں مدار السلطنت تختے است از طلا و نقرہ در نہایت تکلف و تصنع و پائیہائے
ل را بصورت شیر نمودہ کہ تخت را برداشتہ اند در مدت سہ سال باہتمام تمام باتمام رسیدہ بود و بچہار لک و
ہ ہزار روپیہ مرتب گشت۔ و ایں تخت ہنر مند نام فرنگی ساختہ کہ در فنون زرگری و حکاکی و انواع ہنر مندی
یل و نظیر خود ندارد و بغایت خوب ساختہ و ایں خطاب را من باو عنایت فرمودم ۔ ۔ ۔ ہنر مند فرنگی
تخت مرصع را ساختہ بانعام سہ ہزار درب و اسپ و فیل سرفراز شد۔" ۲۶۸-۲۶۹

(ترجمہ) اس مدار السلطنت کی عنایات میں ایک سونے چاندی و بہترین جڑاؤ اور زیبائشی کام کا تخت
ہے جس کے پیل پائے شیروں کے مشابہ تھے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ یہ تخت ایک فرنگی کاریگر کا بنایا ہوا جس کا نام
ر مند تھا۔ یہ اپنے فن زرگری اور جوہری بلکہ تمام کاموں میں لاثانی تھا اس نے اسے خوب تیار کیا ہے
میں نے اسے یہ خطاب ہنر مند عطا کیا ہے۔ اس ہنر مند فرنگی کو جس نے جواہرات کا تخت تیار کیا
ے تین سو ضرب ایک حویلی اور ایک ہاتھی انعام دیے گئے۔"

مزید برآں ہم آسٹن کے اپنے الفاظ سے پاتے ہیں کہ وہ ایک اور تخت شاہجہاں کے لیے تیار کر رہا
جس کا ہم تواریخ شاہجہاں میں کہیں ذکر نہیں پاتے مگر مشہور سیاح تیورنیر نے اس پر کسی قدر روشنی ڈالی
ے۔ وہ کہتا ہے:

مدار السلطنت سے مراد اعتماد الدولہ ہے۔

"شاہجہاں کا ارادہ تھا بڑے ایوانوں کی کمان کو جو دائیں جانب ہے چاندی سے ڈھانپے اور فرانسیسی آسٹن دی بورڈو نامی اس کام کے کرنے کو تھا مگر شاہنشاہ مغل یہ دیکھتے ہوئے کہ اس کے سوا اس کی سلطنت میں کوئی اور آدمی اس قابل نہیں تھا جو گوا جاکر پرتگیزوں سے ساز باز کر سکے اس لیے کام سرانجام نہیں پا سکا۔ آسٹن کی ذات کو صدمہ لاحق ہوا کیونکہ اس کو کوچین سے واپسی پر زہر دے دیا گیا۔"

آسٹن کا ذکر دیگر سیاح کے کارناموں میں ملتا ہے جو یا تو اس کو ملے ہیں یا انہوں نے اس کو آگرہ میں دیکھا ہے جیسا کہ فون پاسٹر وغیرہ۔ غرضیکہ یہ ضرور واضح ہوتا ہے کہ وہ ماہر تعمیر کار نہیں تھا اور اس نے کبھی اس کام میں دخل نہیں دیا تھا۔ کرنل سلیمان نے محض اس کو تاج کا نقشہ نویس بیان کیا ہے بلکہ اس کے لڑکے کو جو دراصل اس کی وفات پر مشکل سے دس بارہ سال کا تھا اس کو بحیثیت معاون تعمیر کار بیان کیا ہے اور اس کو بغیر کسی شہادت یا ثبوت کے محمد شریف نام سے تعبیر کیا ہے۔ کیونکہ آسٹن کے اپنے ذاتی خطوط سے ہمیں کہیں اس کے لڑکے کا نام نہیں ملتا جس کی عمر مشکل سے دس بارہ سال کی تھی جب کہ تاج آگرہ میں بنیاد پذیر ہو رہا تھا۔ ہمیں افسوس ہے کہ کوئی صحیح حالات خاندان بورڈو کے نہیں ملتے جب آسٹن گوا گیا تو اس کے چند ماہ بعد غالباً آگرہ میں تعمیر تاج شروع ہوئی۔

پیرس کے کتب خانہ ملی کے بڑے فاضل موسیو دی لارونٹے نے بھی ۱۹۰۵ء میں ان چار خطوط آسٹن کو مع ضروری حواشی کے شائع کر دیا ہے جس سے کسی قسم کا شائبہ تک نہیں رہتا کہ تاج کی تعمیر سے اس کا کبھی کوئی رشتہ بھی ہو سکتا ہے۔ بلکہ اس کے خاندانی حالات تک بھی نہیں ملتے جن سے مزید حالات پر بھی کوئی روشنی پڑے۔

یہاں نہایت وثوق سے کہنا چاہیے کہ عام مخطوطے جو تاج سے متعلق ملتے ہیں جن کو ان صفحات میں بعنوان ماخذ بیان کر دیا گیا ہے ان میں بے شمار اسمار کاریگراں ملتے ہیں جن کے متعلق بیان کیا جاتا ہے کہ یہ تعمیر تاج پر کام کرتے تھے۔ وہاں ہم ایک استاد عیسیٰ نادرالعصر اور اس کے ایک لڑکے محمد شریف کا نام ملتا ہے جن سے کرنل سلیمان کو مغالطہ ہو گیا ہے۔ واقعہ یہ ہے کہ آسٹن کو قطعی طور پر عہد مغل میں کسی عمارت سے سروکار نہیں رہا۔ سلیمان نے یہاں تک بیان کر دیا ہے کہ دہلی کی عمارات آسٹن کی تعمیر کردہ ہیں۔ یہ واضح رہے کہ شاہجہان نے نئی دہلی بنام شاہجہان آباد کی بنیاد ۱۰۴۸ھ (۱۶۳۸ء) میں رکھی یعنی سات سال

بعد وفات آسٹن اور یہ بھی واضح رہے کہ جہانگیر نے بھی کوئی عمارت دہلی میں تعمیر نہیں کی تھی جسے آسٹن کی طرف منسوب کر دیا جائے۔

ایک اور حوالہ متعلقہ آسٹن ملتا ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ ہندوستانیوں میں فرنگی ہنرمند اپنے خاص نام کے ساتھ مقبول عام تھا۔ یعنی نعمت خاں عالی نے اپنی کتاب حسن و عشق میں دیگر ویسے ہی مشاہیر کے درمیان بیان کیا ہے اور اس نے سوائے نام کے کوئی اور مفید بات نہیں ملتی۔

آسٹن سے متعلق مسئلہ پر چین کاری الگ عنوان کے تحت بیان کر دیا گیا ہے۔

حوالہ جات :-

۹۲ ص ۳۴ و ۲۷۵/۲ و ۱۲۰ و ۳۰ ص ۸۵ و ۹۰/۲ و ۲۹ ص ۸۰ و ۸۲-۸۳/۲ ۹۹ ص ۱۰۸/۱ و ۲۸ ص ۲۰۰ .

جیرونیمو ویرونیو

اکثر مولفین پیشتر ازیں جیرونیمو ویرونیو اٹلی کے باشندۂ ونیس سے متعلق بحیثیت معمار تاج بحث کر چکے ہیں۔ بعض نے اس کو محض ایک گپ تصور کیا اور بعض نے اس کو سنجیدگی سے معمار تاج باور کر لیا۔ تاہم ضروری معلوم ہوتا ہے کہ صحیح اور اصل شواہد و واقعات کی روشنی میں ذرہ ور کچھ کہا جائے۔ جیرونیمو ویرونیو کا نام دراصل محض ایک ہسپانی پادری سیاح اغسطس فرے میرزق کے سفرنامے میں ملتا ہے جس نے تاج محل کی زیارت ۱۶۴۱ء میں بروقت تعمیر کی۔ جو بیان کرتا ہے:

"دو مقبرے یعنی اول مقبرہ اکبر جو زیادہ قدیم ہے اور دوسرا مقبرہ جیسا کہ میں نے بیان کیا ہے دشاہ کرد مبو (خرم شاہجہان) کی اپنی اعلیٰ اور نہایت چہیتی بیگم کی حسرآیات وفات کی یاد میں وقف کیا گیا ہے۔ یہ مقبرہ شہر کے دوسرے سرے پر واقع ہے یہ ابھی تک نامکمل تھا اور اس کا بہت سا باقی ماندہ حصہ تجویز کردہ نقشہ کے مطابق مکمل ہونے کو تھا۔ جو کچھ میں نے یہاں بیان کیا ہے محض تاحال مکمل حصہ سے تعلق ہے۔ یہ ایک نہایت خوش نما، عالیشان، سرخ تراشیدہ پتھر کا چوگوشہ دیوار دار ہے جو نہایت عمدگی سے بلندی تک ترتیب دی گئی ہے۔ دیوار کے سرے کو بجائے عام برجوں کے اسی پتھر کے مضبوط کنگروں سے آراستہ کیا گیا ہے۔ فصیل کے چاروں گوشوں پر چار محل ہیں جو بڑی خوبصورت مرمری سلوں کے بنائے گئے ہیں جو چالیس لیگ سے زیادہ فاصلہ سے یہاں ان محلات کی تعمیر کے لیے لائی گئی ہیں۔ ان میں سے بعض پتھر کے بڑے ٹکڑوں کو میں نے راستہ میں دیکھا جب کہ میں بیانہ شہر کی سیر کر رہا تھا۔ وہ اس قدر غیر معمولی حجم اور لمبائی کے تھے کہ ان کی وجہ سے مضبوط اور طاقتور بیل اور خوفناک سینگدار بھینسے پسینہ پسینہ ہو رہے تھے جو کافی مضبوط بنے ہوئے چھکڑوں کو بیس یا تیس کے گروہ میں مل کر کھینچ رہے تھے۔

یہ عظیم الشان فصیل مربع شکل کے احاطہ پر حاوی تھی جس کے مرکز میں ایک وسیع بلند مدور عمارت

جس کے وسط سے اس مشہور مہندس نے مساوی خطوط کھینچ کر سارا کیوس کے ارشمیدس سے زیادہ آسانی سے ایک صحیح دائرہ بنا دیا ہے۔ مزید برآں یہ مدوّر عمارت چمکدار سفید مرمر کی بنائی گئی ہے۔

اس عمارت پر اور دوسرے کاموں پر ایک ہزار آدمی لگائے گئے تھے۔ یعنی بے شمار مہتمم۔ افسر و کاریگر تھے۔ بہت سے ان میں سے عمدہ باغ لگانے میں مصروف تھے۔ دیگر سایہ دار درخت اور آرائشی روشوں کو آراستہ کرنے میں ہمہ تن مصروف تھے جب کہ باقی لوگ شفاف پانی کے نظاروں کے لیے سڑکیں بنا رہے تھے جن کی محنت کے بغیر یہ انجام نہیں پا سکتے تھے۔ ان کاموں کا معمار ایک وینس کا باشندہ جیرونیمو ویرونیو تھا جو اس ملک میں ایک پرتگالی جہاز میں آیا اور میرے لاہور میں پہنچنے کے تھوڑی دیر قبل وہاں فوت ہوا۔ شاہنشاہ کرومبو (شاہجہان) اس کو بہت بڑا مشاہرہ دیتا تھا۔ مگر اس کے متعلق بیان کیا جاتا ہے کہ وہ نقدی کے معاملہ میں زیادہ محتاط نہیں تھا۔ جب اس کا انتقال ہوا تو پادری جوزف ڈی کاسٹرو رکن انجمن یسوعین لومبارڈی کے باشندہ کو توقع سے کم رقم اس کے مرنے کے بعد اس سے میسر آئی۔ نیک و شر کو پھیلانے والی شہرت نے یہ خبر پھیلا دی تھی کہ شاہنشاہ نے اسے بلا بھیجا اور اس کو اطلاع دی کہ میری خواہش ہے کہ ایک عظیم الشان مقبرہ میری مرحومہ بیوی کا تیار کر دے اور اسے کہا گیا کہ بادشاہ کے ملاحظہ کے لیے ایک مجوزہ نقشہ تیار کرے۔ معمار ویرونیو نے اس کی تعمیل میں چند روز کے اندر اندر بہت سے بہترین نمونے فنِ تعمیر کے مہیا کرنے میں اپنی اعلیٰ قابلیت کا ثبوت دیا۔ اس نے بادشاہ کو نقشوں کے ضمن میں خوش کیا۔ مگر اس نے اپنے وحشیانہ غرور و نخوت میں بادشاہ کو بوجہ کم اندازہ اخراجات عمارت ناراض کر لیا۔ اور یہ بیان کیا جاتا ہے کہ اس نے ناراض ہو کر ویرونیو سے تین کروڑ روپیہ خرچ کرنے کے لیے کہا۔ اور اس کے ختم ہونے پر اطلاع دی جائے۔ اگرچہ یہ گراں بہا رقم خوف زدہ کرتی ہے۔ بیان کیا جاتا تھا کہ مقبرہ کو سونے کے پترے سے ڈھانک دینا تھا جیسا کہ مرحومہ کے مدفن کے ساتھ کیا گیا تھا۔ غرضیکہ اس قدر زیادہ رقم کوئی حیران کن نہ تھی۔"

پادری میزق کے متذکرہ بالا بیان سے ہمیں بلاشبہ یہ ملتا ہے کہ اس نے تاج کی تعمیر کو مشاہدہ کیا جب کہ اس کی تعمیر پر ہزارہا کاریگر کام کر رہے تھے جو اپنے مختلف پیشوں میں ماہر و یکتائے زمانہ تھے بلکہ یہاں تک کہ پتھر کی سلیں کس طرح بیانہ سے آگرہ میں چھکڑوں پر لائی جاتی تھیں۔ یہ بھی امر واقعہ ہے

ہ پادری میزق نے یہ تمام واقعہ پادری جوزف دی کاسٹرو کی زبانی نقل کر دیا ہے جس نے اس غیر معروف طالوی کو قتل کر دیا تھا۔ حالانکہ میزق نے اسے آگرہ میں بوقت تعمیر تاج خود اس کو نہیں دیکھا اور نہ ملاقات کی جب کہ وہ ڈی کاسٹرو کے بیان کے مطابق تاج کا معمار تھا۔ کسی اور غیر ملکی سیاح یا یورپین نے نہیں دیکھا بلکہ میزق کے اس بیان کی کسی اور غیر ملکی یا ملکی سیاح و مورخ نے تصدیق نہیں کی۔ اگر ہم ذرا میزق کے الفاظ کو یاد کر لیں تو بے شک یہی کہنا پڑے گا کہ وینس کا باشندہ جیرونیمو ویرونیو تاج کا معمار تھا مگر تصوریت اور تخیل جو تعمیر تاج میں خالص اسلامیت اور مشرقیت کے رنگ میں پنہاں ہے دیکھنے والے پر یہ نتیجہ تسلیم کرنے میں تامل پیدا کرتا ہے کہ کیا کسی اطالوی کا اس کا معمار ہونا ممکن ہے؟

جب مغل سلطنت اکبر اعظم کے ماتحت قائم ہوئی تو بے شمار یورپین نے مختلف حیثیت سے اس ملک کی سیاحت کی۔ غرضیکہ یہ ہمیں عام نظر آتا ہے کہ خاص کر جہانگیر کے زمانہ سے جب کہ تھامس رو ہندوستان میں اس کے دربار میں وارد ہوا تو اس کے بعد مختلف ہندوستانی بندرگاہوں پر ۱۶۱۳ء میں انگریزی کوٹھیاں قائم ہو گئیں مگر پرتگالی لوگ پھر بھی جہاں تک جہازرانی کے سفر وغیرہ کے اہتمام کا تعلق تھا پیش پیش تھے۔ جو اوّل یہاں آئے اور ان کا سب سے بڑا مقام گوا تھا۔ غرضیکہ اس وقت تک ہندوستان میں بے شمار یورپین لوگ تھے جو مختلف پیشوں اور شعبوں میں مصروف تھے۔ ابتدا میں یہ پرتگالی لوگ محض مذہبی تبلیغ میں مصروف نظر آتے ہیں اور ان کی مذہبی جد و جہد کا مرکز ہنگال میں ہگلی تھا جہاں ان کا ایک قدیم گرجا جو ۱۵۹۹ء میں اکبر کے عہد میں قائم ہوا زائرین کا مرجع ہے۔ مزید برآں شاہجہاں کے ابتدائی دور کی تاریخ اس امر کی شاہد ہے کہ پرتگالی مشن کا معاندانہ رویہ عام طور پر ہندوستانیوں کے ساتھ بوجہ ایک عظیم سازش ۱۶۳۲ء کا ذمہ دار ہے۔ اس لیے ان حالات کے تحت پیشتر ازیں ویرونیو کے معمار تاج ہونے پر بحث کی جائے یہ ضروری معلوم ہوتا ہے کہ اس سیاسی شاخسانہ ہگلی سے متعلق گفتگو کی جائے کہ اس وقت غیر ملکی مذہبی مشنریوں کا کیسا رویہ تھا کیونکہ تمام اشخاص جن کے نام میزق نے بیان کیے ہیں مع میزق خود واقعۂ ہائلہ ہگلی میں مغلوں کے خلاف شامل تھے۔ اس واقعہ کو سر ایڈورڈ میکلیگن نے اپنی کتاب "جیسوئٹز اینڈ دی گریٹ مغل" میں نہایت خوبی سے بیان کیا ہے:

"ہگلی کا واقعہ ابتدا میں کوئی مذہبی نہیں تھا۔ مقامی حکام نے پرتگالیوں کے راستہ میں کوئی رکاوٹ

پیش نہ کی تھی اور رومن کیتھولک کے پادریوں کی کما حقہٗ عزت کی۔ فرنگیوں نے رعایا اور دیگر غلاموں کی کافی تعداد کو عیسائی بنا لیا تھا جیسا کہ برنیر نے بیان کیا ہے کہ انہوں نے ایک سال کے اندر اندر اس قدر عیسائی کیے کہ وہ تمام مبلغین دس سال کے اندر اندر ہندوستان میں نہیں کر سکے پرتگالی لوگ ہگلی میں نہ محض ان غلاموں میں لین دین کرتے تھے بلکہ اپنی بستی میں غیر عیسائیوں سے ناروا سلوک کرتے تھے۔ آغسطینی اور کسی قدر کم جسوئٹز جماعتوں نے وہاں خاصہ اثر پیدا کر رکھا تھا۔ کوئی شخص ان کی بستی میں نہیں جا سکتا تھا۔ کوئی نماز کے لیے اذان نہیں دے سکتا تھا۔ نابالغ ورثا کو جن کے والدین فوت ہو جاتے تھے غلام بنا کر عیسائی بنا لیتے تھے۔ تاہم مغلوں اور پرتگالیوں کے باہمی تعلقات کا مذہبی پہلو کوئی معمولی حیثیت نہ رکھتا تھا اس لیے علاوہ مذہب ہگلی کی سرزنش زیادہ حق بجانب تھی۔

"ہگلی کا نظم و نسق عملاً خود مختار تھا نہ محض مغلوں کی حکومت سے بلکہ پرتگالیوں کے گوا کے حاکم کا بھی کوئی اثر نہیں تھا۔ اس کی بنیاد ٹاوارز نے سولہویں صدی کے دوسرے نصف میں رکھی تھی اور تجارت کے لیے مغلوں کی قدیم بندرگاہ سات گاؤں کے گر جانے کی وجہ سے بہت عمدگی سے بطور مال گودام ترقی کی تھی۔ مقامی جہازی نقل و حرکت کو زچ کیا گیا۔ فرنگیوں اور ان کے غلاموں کی تجارت کو فروغ دیا گیا۔ اور بادشاہ اراکان کو مغلوں کے خلاف مدد دی گئی۔ ایک واقعہ ہوا جب کہ ممتاز عورتیں جن میں منکی کے قول کے مطابق دو غلام لڑکیاں خود ممتاز الزمانی کی تھیں بھگا دی گئیں اور مقامی مغل حاکم کی مخالفت نظم و نسق کو مغرور بغاوت پسند پرتگالیوں کے ذریعے تیز کیا گیا۔ اس چھوٹی سی چند آدمیوں کی حکومت کو ہگلی میں اپنی ذاتی اہمیت کے بہت زعم تھے اور اس نے مغل حکومت کے میل جول کو نظر انداز کر دیا تھا۔ ایک استبدادی فرمان صوبہ دار ڈھاکہ محمد قاسم کے نام جاری کیا گیا کہ فوری توجہ کر کے اس کا خاتمہ کر دے۔ بادری کبرال رقم طراز ہے کہ اس نے اور بادری جگوریلو نے فرمان کو ڈھاکہ میں دیکھا اور ایک واجبی فہمائش ہگلی میں پرتگالی نظم و نسق کے مالکوں کو کی گئی مگر وہ بے سود تھی۔ محمد قاسم صوبہ دار نے ایک خوفناک مسلح فوج کی بحری و بری تیاری کی۔ اس کی منزل مقصود کو پوشیدہ رکھا گیا اور اچانک ۲۶ جون ۱۶۳۲ء کو مغل فوج ہگلی سے ایک لیگ کے فاصلہ پر مع مغل بیڑے کے نمودار ہوئی۔ مؤرخین کا بیان ہے کہ یہ فوج ستر ہزار نفوس اور پانچ سو کشتیوں پر مشتمل تھی۔

قاسم خاں اور بہادر خاں اپنے ہمراہ عیسائی قیدی جو مرد، عورتیں، بچے، بوڑھے مع ان کی عبادت

کے دیوتاؤں پر مشتمل تھے دین پناہ بادشاہ کے روبرو لائے۔ بادشاہ نے ان کو ارکان اسلام کی تعلیم کا
رمان دیا تاکہ ان کو اسلام اختیار کرنے کے لیے کہا جائے۔ ان میں سے چند نے اس کو قبولیت کا شرف
شا اور رعایت کے مستحق ہوئے مگر بہتوں نے اس تجویز کو ٹھکرا دیا جن کو امرا کے مابین برائے قید
تقسیم کیا گیا۔ قیدیوں کے رہا کرانے کے لیے گوا سے گفت وشنید شروع ہوئی۔ پادری فرانسسکو کو
یگالی حاکم کے ساتھ شرائط طے کرنے کے لیے ارسال کیا گیا۔ اس اثنا میں اول ایذا رسانی کے ہیجان کے
د پادریوں کو آگرہ میں آزادانہ نقل وحرکت کی اجازت ہو گئی۔ کسی شاہ علاؤ الدین نے دربار میں اثر
پیدا کر کے ۱۶۳۵ء کے ابتدا میں عیسائیوں کی ضمانت دی اور ایک ارمنی قطعاً مرزا ذوالقرنین تھا اور
یش کے باشندے جیرونیمو ویرونیو نے روپیہ مہیا کیا جس کے ذریعہ اکثر قیدی رہا ہو گئے اور آگرہ میں ہی
قیم ہو گئے۔ یہی رعایت آخر باقی قیدیوں کو اس پر رہائی ہوئی کہ پادری انٹونیو بطور ضمانت قید خانہ
یں واپس آجائے جب تک گوا کے ساتھ گفت وشنید مکمل نہ ہو جائے۔ اس پر پادری نے فوراً قیدیوں
کے آگرہ سے بھگانے کے لیے اغماض کیا۔ اس کو قید خانہ میں روک دیا گیا اور بھاگنے کے لئے باوجود
دبار کوشش کے وہ وہیں نو سال رہا حتیٰ کہ پادری فرے میزق کی کوششوں سے رہا ہوا۔ مغلوں نے
ن کے دوست مرزا ذوالقرنین کے خزانہ کا پتہ لگانے کے لیے کافی جدوجہد کی۔ پادری ڈی کاسٹرو
سال ہی میں مشرقی صوبوں سے مرزا کے ہمراہ واپس آیا تھا اس بری طرح پٹا کہ سینہ سے سر تک ایک زخم
ہو گیا تھا۔ اس اثنا میں تاہم گرجا کا اندرون بے دردی سے بے ترتیب کر دیا گیا۔ اور جسوئٹ کو مسلمانوں
کے درمیان وعظ کرنے سے روک دیا گیا۔ ان کو ان کے کالج سے نکال دیا گیا اور انہوں نے ایک
سرائے میں پناہ لی۔ بلکہ دربار سے فرمان جاری ہوا کہ ان کو گوا چلا جانا چاہیے اور یہ محض آصف خاں
کے مداخلت کرنے سے ہوا کہ یہ احکام منسوخ ہو گئے۔ پادری ڈی کاسٹرو نے بادشاہ کی قیام گاہ
میں پانچ ماہ تک بحالی کے لیے درخواست لے کر بھیجا کیا۔ آخر کار ایک فرمان ۹ دسمبر ۱۶۳۵ء کو نمودار
ہوا ۔ ۔ ۔ ۔ معتبر اطالوی اینگیلو گرادینو اور اس کے ساتھی برنارڈینو ایک حکیم اور جیرونیمو ویرونیو،
جوہری تھے۔ اطالوی ویرونیو جو لاہور میں ۱۶۴۰ء میں فوت ہوا اور پادری ڈی کاسٹرو جو ۱۶۴۶ء میں
فوت ہوا آگرہ میں لاکر دفن کیے گئے۔"

متذکرہ بالا تحریر سر ایڈورڈ میکلگن کی موجودگی میں کسی قسم کی مزید ضرورت نظر نہیں آتی کہ ہم اس
ت پر زور دیں کہ تمام غیر ملکی حضرات مغلوں کے خلاف طاقت کے ارکان تھے۔ ویرونیو کو جو میزق نے
طور معمار تاج بیان کیا ہے اسے کہیں بھی بحیثیت معمار پیشہ ور کے بیان نہیں کیا گیا ہے بلکہ بحیثیت ایک
وہری پیشہ ور کے اور وہ نیز ۱۶۳۲ء میں قبل ہگلی کے واقعہ ہائلہ میں موجود تھا۔ وہ آگرہ میں ان قیدیوں
کے ہمراہ آیا جن کو قاسم خاں اور بہادر خاں ہگلی سے اپنے ہمراہ لائے تھے۔ ویرونیو نے کثیر رقم بطور
وان اکثر افراد پرتگالی مشن کی رہائی کے لیے خرچ کی جن کو محاصرہ ہگلی کے بعد قید کر لیا گیا تھا۔ اور اس
کے تھوڑے عرصہ بعد وہ لاہور میں آیا جہاں وہ ۱۶۴۰ء میں فوت ہوا اور اس کی نعش کو برائے دفن آگرہ
یا گیا۔ آگرہ میں قدیم قبرستان پادری سنٹور چاپیل میں ہیسنگ کی قبر کے قریب جیرونیمو ویرونیو کی قبر
ہے۔ یہ فرض کر لینا واقعی معقول معلوم ہوتا ہے کہ وہ شخص جس نے تاج کا نقشہ تجویز کیا اس کا اپنا
دفن اس شہر کی چار دیواری کے اندر ہوا اگر کم از کم تاج کے احاطہ میں ممکن نہیں ہے۔ لیکن اگر مغل دربار
اس کے ہم مذہب نے آگرہ میں دفن کرنے کی عزت بخشی تو یہ ممکن تھا کہ وہ ایک سطر اس امر کی بھی لکھ
یتے کہ یہ قبر جیرونیمو ویرونیو معمار تاج ہے۔ مگر موجودہ کتبہ حسب ذیل ہے:

"قبر جیرونیمو ویرونیو۔ لاہور میں ۱۲ اگست ۱۶۴۰ء فوت ہوا۔"

اگرچہ کسی قدر میزق کے بیان سے مطابقت ہے مگر اس سے کسی قسم کا یہ اظہار نہیں ہوتا کہ اس کا تاج
تعمیر سے کوئی تعلق تھا۔ جب کتبہ کرنل ہیسنگ کی قبر کا اس کی حیات کے ضروری اہم واقعات بیان کرتا
ہے جو ویرونیو کے قریب ہے تو کیا اعتراض ہو سکتا تھا کہ اس پر یہ ثبت کر دیا جاتا کہ یہ واقعی معمار تاج تھا۔
بوجہ دلیل ادعا کو تسلیم کرنے میں ہندوستانی مورخین عہد مغل نے اپنی معاصر کتب میں ویرونیو کے نام کو
ج کے مجوزہ نقشہ کے ساتھ شریک کرنا پسند نہیں کیا مگر اس حالت میں کیا دلیل ہو سکتی ہے کہ جس نے پادری
ی کاسٹریا مختلف عیسائی مشن کے ارکان کو ایک سطر لکھنے سے روکا کہ ویرونیو نے تاج کا نقشہ
یز کیا تھا۔

مزید برآں یہ سوال بھی پیدا ہو سکتا ہے کہ یہ کس طرح ممکن تھا کہ شاہجہان مغلوں کے دشمن ترین شخص
اپنی نہایت چہیتی بیوی کا مقبرہ تعمیر کرنے کے لیے کہتا جس کی دو غلام دوشیزہ لڑکیاں یہ لوگ بھگا کر
ے گئے جو بالآخر ہگلی کے واقعہ ہائلہ ۱۶۳۲ء کا باعث ہوئیں جب کہ آگرہ میں تاج محل کی تعمیر کو شروع

یا جا رہا تھا۔ پھر اس آدمی سے نقشہ بنوانا جس نے کھلم کھلا مغلوں کے خلاف حصّہ لیا۔ غرضیکہ ان تمام حالات کے تحت نتیجہ پر پہنچنا کوئی مشکل نہیں کہ یہ بالکل بے بنیاد افسانہ ہے اور یہ باور کرنا ناممکن ہے کہ ایک غیر ملکی اس قسم کے اوصاف کے مالک کو بادشاہ تاج کا نقشہ تجویز کرنے کے لیے ملازم رکھتا جو بالآخر عجائباتِ روزگار بننے والا تھا۔

پیٹر منڈی کے ہاں آگرہ میں ۳ اور ۶ جنوری ۱۶۳۱-۳۲ء کے درمیان وہ انگلش مقام پر یہ ملنے کے لیے آیا منڈی اسے بحیثیت باشندہ وینس اور جوہری کے شاہجہان کے ملازمین ۱۶۳۲-۳۳ء میں بیان کرتا ہے:

"۲۵ فروری ۱۶۳۲ء کو ہم صبح آگرہ سے روانہ ہو گئے اور ہمارے ہمراہ مسٹر جون روبنسن اطالوی جیرونیمو (ویرونیو) وٹرسٹان اور ایک ولندیزی مارٹن تھے۔ ہم لوگ کچھ وقت کے لیے شہر کے باہر ایک تالاب کے کنارے قریب ایک میل کے فاصلہ پر جو رسمی طور پر الوداعی جگہ تھی بیٹھ گئے۔ ہم نے ایک دوسرے سے اجازت طلب کی۔ وہ آگرہ کو واپس ہو گئے اور میں اپنے سفر پر روانہ ہو گیا۔"

سر ریچرڈ سی ٹیمپل نے پیٹر منڈی کے سیاحت نامہ کے مقدمہ میں اس پر ذیل کا تبصرہ کیا ہے:

"منڈی کے زمانہ میں آگرہ شہر بوجہ مغلوں کے پایۂ سلطنت کے کافی آباد تھا اور وہاں کافی یورپین لوگ مقیم تھے۔ ان میں جیرونیمو ویرونیو ایک وینس کا باشندہ جوہری تھا جس کے لیے میزق تاج محل کا نقشہ تجویز کرنے کی شرف عزت کا دعویٰ کرتا ہے۔ تاہم یہ امر قابلِ بیان ہے کہ اگرچہ یہ تاج محل زیر تعمیر تھا جب منڈی آگرہ میں مقیم تھا اور ویرونیو کو شخصی طور پر جانتا تھا مگر وہ اس اطالوی کے کسی قسم کے تعلقات تعمیر سے متعلق کچھ بیان نہیں کرتا۔ اگر ویرونیو واقعی تعمیر کار اعلیٰ تھا تو یہ بالکل ناممکن تھا کہ منڈی جیسا صحیح مورخ اس بیان کو نظر انداز کرتا۔ اس نے تعمیر کو اپنے پورے زوروں پر کثیر خرچ اخراجات اور نہایت توجہ سے اختتام پذیر ہوتے دیکھا۔ ..... یہ واقعات خاص دلچسپی رکھتے ہیں کیونکہ ہمارے سامنے کسی انگریز سیاح کا بیان تاج سے متعلق کوئی نہیں ہے۔"

ہمارے نزدیک میزق کے بیان کی تردید کے لیے یہ نہایت کافی ہے کہ وہ تاج کا معمار نہیں تھا۔ مزید برآں خوش قسمتی سے یورپین سیاحوں کی کافی تعداد ہے جنھوں نے شاہجہاں کے زمانہ میں تاج کا خوب

حوالہ جات:- ۸۲ صفحہ ۱۶۷-۱۷۴/۲ و ۸۰ صفحہ ۱۱۷/۴ و ۸۱ صفحہ ۱۷۶/۱ و ۸۰ صفحہ ۱۰۰-۱۰۴ و ۳۳ صفحہ ۵۳۴/۱ و ۱۲۱ صفحہ ۸۷۳ و ۸۱ صفحہ ۱۸۳/۱ و ۴۷ صفحہ ۵۸-۵۹ و ۸۲ صفحہ ۶۵-۶۱/۲ و ۷۷ صفحہ ۶۳-۶۴ و ۹۹ و ۸۰ صفحہ ۱۶۸-۱۷۲ و ۱۰۲ سنہ ۱۹۰۴-۱۹۰۵ء

مشاہدہ کیا اور اپنے مشاہدات کو بیان بھی کیا ہے۔ خاص کر بیانات ٹیورنیز اور برنیر فرانسیسی قابل بیان ہیں۔ اوّل الذکر نے تاج کی تعمیر کی ابتدا اور انتہا دونوں کا مشاہدہ کیا تھا۔ یہ سیاح متفق طور پر بحیثیت بہترین عمارت اور پُر از شان و شوکت سے تعریف کرتے ہیں۔ ان کے الفاظ سے کسی قسم کا شائبہ تک نہیں رہتا کہ تاج واقعی کسی غیر ملکی یورپین تعمیر کار کا نہیں بنایا ہوا ہے۔ چنانچہ ٹیورنیز بیان کرتا ہے:

"آگرہ کے تمام روضوں میں وہ جو شاہجہان کی بیگم کا ہے بہترین عظیم الشان ہے۔ اس نے ارادۃً تاج گنج کے قریب تعمیر کیا ہے جہاں تمام غیر ملکی آتے ہیں تاکہ تمام دنیا اس کا مشاہدہ کرے اور اس کی شان و شوکت کی تعریف کرے۔ تاج گنج ایک طویل بازار ہے اس میں چھ بڑے بڑے چوک ہیں جو پختہ طاقوں سے گھرے ہوئے ہیں جن کے تحت سوداگروں کے لیے کمرے ہیں اور وہاں بے شمار روئی فروخت ہوتی ہے۔ اس بیگم کا روضہ شہر کے دوسرے کنارے پر دریا کے کنارے ایک وسیع چوگوشہ احاطہ میں ہے جو دیوار میں محیط ہے۔ جن پر ایک مختصر سی غلام گردش ہے جیسی کہ یورپ کے کئی شہروں میں دیواروں پر ہوتی ہے۔ یہ مربع احاطہ ایک طرح کا باغ ہے جو ہمارے خیاباں کی طرح مختلف حصوں میں منقسم ہے۔ جہاں ہم عام طور پر بجری بچھاتے ہیں یہاں سیاہ و سفید مرمر لگائے گئے ہیں۔ تم اس مربع احاطہ میں ایک وسیع صدر دروازہ سے داخل ہوتے ہو اور اول اپنے بائیں ہاتھ ایک خوش نما روش ملاحظہ کرتے ہو جس کا رخ مکہ کی طرف ہے جہاں تین یا چار محراب ہیں اور وہاں مفتی وقت مقررہ پر برائے صلوٰۃ آتا ہے۔ اس سے کچھ آگے باغ کے نصف پر سے پانی کی طرف آپ تین بڑے چبوترے سے ایک دوسرے پر اُٹھتے ہوئے مع چار کونوں پر چار برجوں کے جن کے اندر سیڑھی بھی ہے نماز کے لیے دیکھتے ہو۔ اوپر ایک گنبد ہے جو مشکل سے گرجا والی دی گراس پیرس سے کم خوشنما ہے۔ یہ اندرون و بیرون مرمر کا بنا ہوا ہے جو یہ معماری کا کام ہے۔ اس گنبد کے اندر ایک اور خالی گنبد ہے کیونکہ ملکہ زیر زمین سرداب میں اصل فرش کے نیچے دفن ہے۔ وہی تبدیلیاں جو نیچے اس سرداب میں بنائی گئی ہیں اوپر قبر کے گرد بھی بنائی گئی ہیں۔ وقتاً فوقتاً قالین و قندیل وغیرہ تبدیل کر دیے جاتے ہیں اور ہر وقت وہاں ملا لوگ دعا و ختم کے لیے موجود ہوتے ہیں۔ میں نے اس عظیم الشان عمارت کی ابتدا و انتہا کا مشاہدہ کیا جس پر بیس سال کا عرصہ کام ہوتا رہا ہے۔ اور بیس ہزار کاریگروں نے لگاتار اس پر کام کیا ہے جس سے اس نتیجہ پر پہنچنا آسان ہے کہ کس قدر خرچ اخراجات کا سامنا ہوا ہوگا۔ یہ بیان کیا جاتا ہے صفالۃً یا

حالتاً یعنی پار باندھنے کے لیے ہی تمام کام پر کس قدر خرچ ہوا ہوگا۔ کیونکہ لکڑی کی کمی کی وجہ سے یہ پار
ور کمانوں کے قالب تمام اینٹوں کے بنائے گئے تھے۔ جس پر کافی محنت اور خرچ ہوا۔ شاہجہان نے
رو اپنا روضہ دریا کے دوسرے کنارے پر بنانا شروع کیا مگر جنگ جو اس کی اولاد کے درمیان ہوئی
ہ اس کے ارادہ کو پایۂ تکمیل تک پہنچانے میں حائل ہوئی۔ اورنگ زیب جو فی الحال عنانِ سلطنت
و سنبھالے ہے اس کو پایۂ تکمیل تک پہنچا تا نظر نہیں آتا۔ ایک خواجہ سرا دو ہزار آدمیوں کی مدد سے
وضہ بیگم اور تاج گنج کے انتظام کو سنبھالے ہے۔"

اسی طرح برنیر بیان کرتا ہے:

"یہ عمارت مستطیل نما سنگ سرخ و مرمر سے بے مثل بنی ہوئی ہے مگر یہ اس قدر سخت نہیں ہے۔ اس
ا چہر سینٹ لوئیس سے جو سینٹ انٹوائین بازار میں ہے زیادہ لمبا اور زیادہ عظیم الشان بنا وٹ
یں معلوم ہوتا ہے۔ اور اس کے برابر بلند ہے۔ ستون، مرغول، اور مدوّر حصے واقعی فنِ تعمیر کے دبستانِ
خسہ کے مطابق تناسب میں ہیں۔ یہ قریباً قریباً تمامتر کمان در کمان اور شاہ نشینوں سے آراستہ اور
ختلف یک صد طریق سے ان سب کو جوڑا گیا ہے۔ اس کے باوجود اس پُرشوکت عمارت میں ایک
دلپذیر منظر ہے جسے محسوس کیا جاتا ہے اور اسے متاثر طریق سے سرانجام دیا گیا ہے۔ کوئی چیز بنی نوع
نسان کی چشم کو بیزار نہیں کرتی بلکہ اس کے برخلاف یہ اپنے ہر جزو سے دل کش اور اس کے دیکھنے سے
بیعت کبھی نہیں اکتاتی۔ اخیر مرتبہ میں نے تاج محل کا مقبرہ دیکھا تو میں ایک فرانسیسی سوداگر کے ہمراہ
تھا اور ہم دونوں نے یہ تصور کر لیا کہ ہم اس غیر معمولی شکل وصورت کی کما حقہٗ تعریف نہیں کر سکتے۔ میں
و اس ڈر سے کہ شاید میرے طویل قیامِ مشرق سے میرا مذاق بگڑ نہ گیا ہو مگر میرے لیے یہ سن کر
نہایت اطمینان کا باعث تھا کہ اس نے یورپ میں اس قدر عمدہ اور شاہانہ عمارت کو نہیں دیکھا۔

یہ عمارت ایک وسیع سفید مرمر کا گنبد ہے جو قریب قریب گرجا دالدی گراس پیرس کے برابر بلند ہے
اور کافی تعداد کلسیوں یا برجیوں کی اس کے گرد ہے جو ایک دوسرے کے نیچے برابر فاصلے پر اٹھتی ہیں۔
اس تمام عمارت کو چار بڑی کمانیں اٹھائے ہوئے ہیں۔ تین ان میں سے بالکل کھلی ہیں اور چوتھی کو دیوار
کے ذریعہ بند کر کے اس کے ساتھ ایک کمرہ لگا دیا ہے۔ وہاں لگاتار تلاوتِ قرآن کریم نہایت احترام
اور زہد سے ممتاز محل مرحومہ کی یاد میں مُلّا کرتے ہیں جو اس خاص مقصد کے لیے رکھے ہوئے ہیں۔ ہر کمان

یا پیش طاق کا مرکز مرمری سلوں سے مرصع ہے جس پر قرآن کریم کی آیات سنگِ موسیٰ میں پچی کاری کی گئی ہیں جن سے شان دوبالا ہوتی ہے۔ گنبد کے نیچے ایک چھوٹا سا کمرہ ہے جس میں تاج محل کی قبر ہے یہ سال بھر میں محض ایک مرتبہ نہایت اہتمام سے کھولا جاتا ہے۔ کسی نصرانی کو داخل نہیں ہونے دیتے۔ خدانخواستہ کہیں اس کی عصمت کی بے حرمتی نہ ہو جائے۔ میں نے اس کا اندرون نہیں دیکھا مگر میں خوب سمجھتا ہوں کہ اس سے زیادہ کوئی چیز عظیم الشان اور قیمتی تصور میں نہیں آسکتی۔"

موسیو برنیر اپنے مکتوب الیہ کی توجہ ایک چبوترہ یا کرسی کی طرف دلاتا ہے جو قریب پچیس قدم عرض میں ہے اس سے زیادہ اس کا طول ہے جو گنبد کی طرف سے باغ کی حد تک جاتی ہے۔ اس کرسی سے نیچے بہتا ہوا جمنا، نہایت وسیع باغ، آگرہ شہر کا ایک حصہ، قلعہ اور تمام امراء کی حویلیاں جو جمنا کے کنارے تعمیر ہیں نظر آتی ہیں۔ جب میں یہ بیان کرتا ہوں کہ یہ کرسی قریب قریب باغ کے ایک طرف تمام پھیلی ہوئی ہے تو یہ میں آپ پر چھوڑتا ہوں اگرچہ میرے پاس کوئی کافی دلیل بھی بیان کرنے کے لیے نہیں ہے کہ تاج محل کا مقبرہ واقعی ایک عجیب و غریب صنعت ہے۔ یہ ممکن ہے کہ میں ہندوستانی مذاق پہ اکر لیتا مگر میں فی الحال خیال کرتا ہوں کہ یہ روضہ اس امر کا مستحق ہے کہ اسے عجائباتِ روزگار میں اہرامِ مصری سے زیادہ شمار کیا جائے۔ اُس اَن گھڑت بے شکل ڈھیر کو جب میں نے دوبارہ دیکھا تھا تو مجھے کوئی تسلی نہیں ہوئی تھی جو بیرونی حیثیت سے محض بڑے پتھروں کے ڈھیر ایک دوسرے کے اوپر رکھ دیے گئے ہیں جب کہ اس کے اندر قابلِ ستائش خواہ انسانی قابلیت خواہ انسانی جدت ایجاد اس میں بہت کم ہے۔"

موسیو تھیونیو بیان کرتا ہے:

"یہ عمارت اس امر کا کافی ثبوت ہے کہ ہندوستانی فنِ تعمیر سے ناواقف نہیں ہیں۔ اگرچہ یورپین کے لیے یہ طرز کچھ عجیب ہے مگر اس سے عمدہ مذاق ضرور واضح ہے اور یونان و دیگر قدیم فنون سے بالکل مختلف ہے اور یہی کہا جا سکتا ہے کہ یہ عجیب و غریب ہے۔"

ڈوم میتھیو آگرہ میں یکم فروری ۱۶۵۱ء کو پہنچا اور پادری بوکھوسے نے اس کا خیر مقدم کیا جو وہاں اس وقت مشن کا سرپرست تھا۔ ہمیں یہ بیان ملتا ہے کہ ڈوم میتھیو یکایک حب الوطنی کے جذبہ میں یا فنی ادراک میں پکار اٹھا: "اگرچہ میں نے فرانس، ہسپانیہ، روم میں سفر کیا ہے مگر میں نے اس قدر خوبصورت

کوئی شے نہیں دیکھی جیساکہ تاج محل ہے جو حال ہی میں آگرہ میں پایۂ تکمیل کو پہنچا ہے۔"

متذکرۂ بالا تعریفی آرا ء معاصر یورپین سیاحوں سے ہم ایک مستقل نتیجہ پر پہنچتے ہیں کہ کسی قسم کے شائبہ کا امکان تک نہیں ہے کہ ہم ایک لمحہ بھر کے لیے یہ تصور کریں کہ اس کا نقشہ یا تعمیر اس جیرونیمو ویرونیو نے کی ہو۔

ان تمام بیانات کے علاوہ دو محققین کی آراء کو ذیل میں درج کیا جاتا ہے جنھوں نے بالخصوص ویرونیو کے نقشہ بنانے کی تردید کی ہے۔ سر جان مارشل بیان کرتا ہے:

"یہ غیر معتبر قصہ تاج کی تعمیر سے متعلق جو بغیر شک کیے سال بسال ہندوستان کی سیر کرنے والوں کے گروہ در گروہ تسلیم کرتے ہیں معلوم ہوتا ہے اس کی جدت کا سہرا پادری میزق کے سر ہے۔ وہ بیان کرتا ہے کہ کس طرح پادری ڈی کاسٹرو نے لاہور میں اس سے بیان کیا کہ کوئی جیرونیمو ویرونیو وینس کا باشندہ تھا جسے شاہجہاں نے ملکہ کے مقبرہ کا نقشہ تجویز کرنے کے لیے طلب کیا تھا۔ اس ویرونیو نے بادشاہ کے فرمان کی تعمیل میں چند روز کے اندر اندر بہت سے نمونے اعلیٰ فن تعمیر جن سے اس کی اعلیٰ قابلیت فن عیاں تھی پیش کیے۔ اور اس نے اعلیٰ حضرت بادشاہ کو اس کے متعلق بحث کر کے اپنے وحشیانہ اور متکبرانہ کے مطابق اپنے اندازہ اخراجات کے انکسار سے ناخوش کر لیا۔ مزید برآں غصہ میں بھرے ہوئے فرمان دیا کہ تین کروڑ خرچ کرو اور جب ختم ہو تو فوراً مطلع کرو۔ وحشیانہ بددیانتیاں حساب میں لائی گئیں جو کسی اور شہادت سے پایۂ ثبوت تک نہیں پہنچتیں جن کو کافی طور پر مسٹر ہیول نے واضح کرنے کی کوشش کی ہے۔ میں نے ایک فاضلانہ مضمون میں واضح کیا ہے کہ میرے اس امر کا از سر نو واضح کرنا ضروری نہیں تاہم ایک بات کہنی چاہیے جو مسٹر ہیول سے چھوٹ گئی ہے کہ جیرونیمو ویرونیو کی قبر آگرہ کے رومن کیتھولک کے قبرستان میں ہے یعنی اس کی تاریخ وفات جو قبر پر کندہ ہے پادری میزق کی بیان کردہ تاریخ کے مطابق نہیں ہے جو ویرونیو کے غیر معتبر ہونے کا مزید ثبوت ہے۔"

پادری ہوسٹن کا جواب دیتے ہوئے لفٹننٹ کرنل لوارڈ نے بیان کیا ہے کہ وہ ماہر تعمیر کار نہیں تھا کیونکہ تاج جیسی تعمیر کرنے کے لیے کافی قابلیت کی ضرورت تھی۔ اس کے علاوہ وہ جوہری تھا اور اسے زیبائش کا علم تھا۔"

مخطوطہ متعلقہ تاج

جہاں تک ممکن ہے ہر قسم کے مفید مآخذ تلاش کر کے مدد لی گئی ہے اور ان کا حوالہ بھی ان کی اصل
پر دیدیا گیا ہے۔ خاص کر ان کی صحت کو زیادہ ملحوظ رکھا گیا اسی وجہ سے بہت سے رطب و یابس کو
انداز کر دیا گیا ہے اور بعض جگہ ان پر تنقید بھی کی گئی ہے۔ مگر ان سب کے علاوہ یہ امرِ واقعہ ہے کہ
ج محل پر لکھنے والے ہمیشہ ایک استاد عیسٰی کا نام پیش کرتے ہیں کہ اس نے تاج کا نقشہ تیار کیا تھا۔
یہ کسی نے نہیں دیکھا کہ مخطوطہ محولہ اسم عیسٰی کی حقیقت کیا ہے۔ میری تحقیق نے مجھ پر واضح کیا ہے
یہ انیسویں صدی عیسوی کے ۱۸۲۵-۳۰ء سالوں میں آگرہ میں تیار ہوا اور جس قدر بھی دیگر ایسے مخطوطے
سب اس کے بعد کے ہیں۔ مگر زیادہ حیران کن امر یہ ہے کہ یہ مخطوطہ محققین کے لیے بہت
گمراہیوں کا باعث ہوا اور اس کی وجہ سے زیادہ تر اصلی مسودات سے غفلت رہی۔ یہ
قدر زیادہ تعداد میں ملتے ہیں کہ صاحبِ بصیرت کے لیے ایک معمہ سا بن جاتا ہے کہ کونسا مقدم
و کونسا مؤخر ہے اور کونسا اصح ہے اور اس کا کونسا حصہ قابلِ اعتبار ہے۔ اور سب سے بڑھ کر یہ کہ
کا مصنف کون ہے۔

اول تو کاغذ جو لکھنے والوں نے استعمال کیا وہ خالص انگریزی ساخت کا ہے۔ پھر جو عمارات
جالیاں درج ہیں انگریزی گزوں، فٹوں، انچوں میں ہیں اور بعض کاریگر جو غیر مسلم ہیں ان کو کابل
ھار، سمرقند، روم، بلخ کا باشندہ ظاہر کیا ہے۔ غرضیکہ یہ امور ہیں جو فوراً اس کے متعلق شک
اکر دیتے ہیں۔

سب سے اوّل میں برٹش میوزیم کے مخطوطہ سے شروع کرتا ہوں جس کا مصنف نانک چند

فہرست فارسی مخطوطات - 2030 ۔ برٹش میوزیم لندن

یان کیا جاتا ہے۔ اس کے حصہ متعلقہ کاریگراں و معمارانِ تاج محل کو کرنل اینڈرسن نے ۱۸۷۳ء میں ترجمہ
ر دیا ہے[1]۔ اور لطف یہ کہ اول نام عیسٰی کو "ایک عیسائی" ترجمہ کر دیا ہے۔ بجائے اس کے کہ اس کو
یسٰی بطور اسم معرفہ ہی رہنے دیا جاتا۔ یعنے اس نام کے متعلق مشکلات کی ابتدا ہو جاتی ہے۔ مگر اس
خطوطہ کے متعلق مسٹر ریو فہرست نگار مخطوطاتِ فارسی برٹش میوزیم کے الفاظ ذیل مزید دلچسپی
سے خالی نہیں ہیں:

"یہ مسودہ مسٹر جیمس سٹیفن لشنگٹن نے بذریعہ اشتہار طلب کیا تھا۔ اور اس کا روئے سخن
گورنمنٹ کالج آگرہ کے طلبا سے تھا۔ اور مسٹر مانک چند ان میں سے ایک طالب علم تھا۔ مسٹر لشنگٹن
آگرہ میں ۲۶-۱۸۲۵ء میں بطور کلکٹر تعینات تھا۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔[2]"

میرے اپنے ذاتی کتب خانہ میں تاج کے متعلق ایسے ہی چار مخطوطات ہیں۔ ایک ان میں سے
خوش قسمتی سے مصور بھی ہے۔ یعنی تاج محل۔ موتی مسجد۔ دیوان خاص آگرہ کے نقشے دیے ہیں۔ غالباً
عتماد الدولہ کا نقشہ یا تو گم ہے، یا بنایا ہی نہیں گیا۔ اور اس کے آخری الفاظ یہ ہیں:

"بدستخط خام فقیر حقیر احقر العباد و اصغر الافراد ضعیف البنیان بندہ مرزا مغل بیگ ولد مرزا
عباد اللہ بیگ ساکن اکبر آباد خاص تاج گنج کٹڑہ ابریشم و واقعہ تاریخ یازدہم ماہ ربیع الاول و سیوم
ماہ جولائی روز جمعہ ۱۲۸۵ھ ہجری و ۱۸۶۸ء عیسوی صورت اختتام پذیر فت[3]"

یہ مخطوطہ مجھے میرے فاضل دوست مولانا محمد عمر یافعی صاحب حیدر آبادی نے مرحمت کیا

---

(۱) مکتبہ ریویو ۱۸۷۳ء ص ۳، ۲۳۳ ۔ اسی زمانہ میں ایک اور کتاب متعلقہ عمارات آگرہ "تفریح العمارات"
کے نام سے تیار ہوئی جس کا مصنف لالہ سیل چند ہے۔ یہ بھی انہی مسٹر جیمس سٹیفن لشنگٹن کی پیداوار ہے۔ جیسا کہ ابتدائی
مقدمہ کتاب میں بذیل "سبب تالیف ایں کتاب" لکھا گیا ہے۔ (از مخطوطہ برٹش میوزیم)۔ جرمنی میوزیم کے ایک مخطوطہ
مرأت جہاں نما ۱۹۹۸ھ کا اختتام یوں ہے: "تمت تمام شد ہذا الکتاب مرأت جہاں نما بتاریخ دہم شہر رجب المرجب
۱۲۲۳ھ ہجری معلی برائے خاطر عاطر کرم فرمائے غریباں دلجائے بیکساں مرزا مغل بیگ صاحب ساکن مستقر الخلافۃ اکبر آباد کماری
ازار دام اقبالہ و حشمتہ۔ کاتب الحروف فقیر حقیر سید قیام الدین متوطن قاضی بارہ تحریر یافت۔" غرضیکہ یہی مرزا مغل بیگ
ہے۔

تھا۔ جس کے لیے میں ان کا ممنون ہوں۔ مگر ایک ویسا ہی مخطوطہ کتب خانہ آصفیہ حیدر آباد دکن[1] میں موجود ہے۔ جس کے اخیری الفاظ سے ظاہر ہے کہ یہ قریب آٹھ سال بعد کا ہے:

"ہفتم ماہ دسمبر روز پنجشنبہ ۱۸۷۶ء عیسوی۔ بقلم حقیر بہار علی ساکن تاج گنج کٹڑہ پھلیل"

مگر یہ نسخہ ہر اعتبار سے میرے نسخہ سے اونچا ہے۔ میرا ایک اور نسخہ جو غالباً ٹونک کے کتب خانہ کے مخطوطہ کی نقل ہے۔ کیونکہ مجھے یہ قبلہ پروفیسر شیرانی صاحب نے مرحمت کیا اور وہ ٹونک سے لائے تھے۔ ایک ایسا مخطوطہ جس کا تعلق ٹونک سے ہے مسٹر ریو نے فہرست مخطوطات برٹش میوزیم میں "فروف الہند"[2] کے تحت میں بیان کیا ہے۔ اس کے اخیری اردو الفاظ یہ ہیں:

"..... اور لکھا روپیہ کا اسباب درعملداری جاٹ سورجمل بھرتپور والہ راجہ فرش قالین اور پردہ میانہ ہای زریں اور جھار فتوں روشنی اور زنجیر ہای طلائی اور فانوس وغیرہ سب اسباب راجہ موصوف لے گئے۔"

تاریخ میں یہ تو ضرور ملتا ہے کہ بھرت پور کے جاٹوں نے بسرداری سورج مل ۱۷۶۰ء میں کافی لوٹ مار کی اور اعلیٰ عمارات کو بھی خراب کیا۔

ان مخطوطات کی مختصر تفصیل یہ ہے:

"احوال ممتاز محل۔ احوال سکندرہ۔ موتی مسجد۔ قلعہ اکبرآباد۔ فتح پور سیکری۔ اسم کاریگران و زماں۔ نام سنگھای۔ تعداد مشاہرہ کاریگران روضہ۔ توپ ہائے قلعہ۔ مصارف عمارات محلات روضہ ممتاز محل۔ کتبات تاج محل۔ وفات شاہجہاں۔ پیمائش تاج محل وغیرہ وغیرہ۔"

چنانچہ اس تفصیل سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ یہ مخطوطے محض بطور گائڈ برائے زائرین آگرہ تیار کیے گئے تھے۔ بعد میں وہاں کے مجاوروں وغیرہ نے ان کو ایک ذریعہ تجارت بنالیا اور لکھوا کر فروخت کرتے رہے۔ اور اس طرح سے یہ مخطوطے تمام جگہ پھیل گئے۔ بعض نے مخطوطہ کو پن[3] ہیگن

---

(۱) فہرست کتب خانہ آصفیہ حیدر آباد دکن ص ۲۱۹ ج ۶۵۶ (تاریخ)، (۲) فہرست مخطوطات فارسی برٹش میوزیم ص 1035 6 تصنیف حسن زماں داروغہ روضہ تاج بی بی ہے اور ۱۸۶۳ء کا لکھا ہوا ہے۔ (۳) فہرست مخطوطات COPEN HAGEN

CODICES PERSIA TURCICI ETC P"B 1857 - 75 ,

کا بھی تذکرہ کیا ہے مگر میں نے اسے جب دیکھا تو یہ بھی ایسے نسخوں میں سے ایک ہے۔ جو آگرہ کالج میں تیار ہوئے تھے۔ اور اس کی تفصیل اور برٹش میوزیم کے نسخہ کی تفصیل میں کوئی فرق نہیں ہے۔ مگر رام پور سٹیٹ لائبریری کے مخطوطہ کے اخیری الفاظ سے اس امر کی وضاحت ہوتی ہے کہ واقعی اس میں مجاوروں کا بھی ہاتھ رہا ہے[1]۔

"تمت تمام شد من تصنیف سید حسن زماں داروغہ روضہ منورہ و نور افشاں بقلم بندہ حقیر بہار علی ساکن تاج گنج۔ کٹرہ پھولیل۔"

اور اس نسخہ کا کاتب بہار علی وہی ہے جس نے نسخہ کتب خانہ آصفیہ متذکرہ بالا لکھا ہے۔

ایک اور اہم امر یہاں واضح کر دینا ضروری معلوم ہوتا ہے کہ آگرہ میں ایک خاندان عیسٰی معمار بیان کیا جاتا ہے۔ اور کہا جاتا ہے کہ اس نے تاج تعمیر کیا یا اس کا نقشہ تیار کیا۔ مگر افسوس ہے کہ اس بیان کی کوئی تصدیق کہیں نہیں ملتی۔ اگر ان لوگوں کے پاس کوئی کاغذات اس کے ثبوت میں ہیں تو ان کو اب تک معرض طباعت میں یا علم میں آنا چاہیے تھا۔ تاکہ اس سے بہت سی غلط فہمیاں دور ہو جاتیں۔ مگر جہاں تک میرا علم ہے کوئی نہیں ہے۔

ان مخطوطات میں ایک حصہ تاج کی پیمائشوں اور مصارف کا ہے جو قدرے توجہ کا محتاج ہے کیونکہ ان کو اصل عمارت کی موجودگی میں دیکھا جا سکتا ہے۔ ویسے بعض میں قدیم شاہجہانی پیمانے بھی ذرع البسوہ، تسو وغیرہ کی صورت میں ملتے ہیں۔ جن سے معلوم ہوتا ہے کہ ممکن ہے عمارت کے تیار ہونے پر ایک یادداشت ضرور تیار کر لی گئی تھی تاکہ سرکاری دفاتر میں محفوظ رہے اور اسی طرح مصارف کو مقامی دفتر سے نقل کر لیا ہو۔ چنانچہ میرے اسی خیال نے جب مزید تحقیق کی طرف قدم بڑھایا تو خوش قسمتی سے مجھے پیرس کے کتب خانہ ملیہ میں ایک مخطوطہ ملا[1] جس کی تاریخ کتابت ۱۱۸۸ھ درج ہے۔ اس میں یہی دو اہم امور پیمائش روضہ اور مصارف اور ایک مختصر فہرست پتھروں کی ملتی ہے۔ جو اس عمارت پر لگائے گئے۔ اس کی ابتدائی عبارت یہ ہے:

"بسم اللہ الخ۔ یادداشت حقیقت چہرہ عمارت روضہ مقدسہ مطہرہ حضرت ممتاز الزمانی

---

(1) BIBLIOTHEQUE NATIONAL, PARIS, SUPPL:- PERSAM. 2.95

نواب تاج محل مہد علیا ارجمند بانو بیگم شروع تیاری در ۱۰۴۰ھ و در ۱۰۵۷ھ اتمام یافت
باہتمام اگاہ خاں محلی" ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔"

اس مخطوطہ کے متعلق بآسانی کہا جاسکتا ہے کہ یہ سب سے قدیم اور اصح ہے۔ اور اس میں دیگر خرافات نہیں۔ اور اس میں تاریخ ابتدا اور اختتام عمارت روضہ دونوں دی ہیں۔ اور اخیر کی تاریخ ۱۰۵۷ھ دروازہ تاج محل کے اندر کے چہرہ کے کتبہ کے اخیر میں یوں درج ہے:

"تمت بعونہ تعالیٰ ۱۰۵۷ھ"

جہاں کہیں کسی حصہ پیمائش کو بطور نیا باب شروع کیا ہے۔ وہاں الفاظ "حقیقت چہرۂ عمارت روضہ مقدسہ" سے ابتدا کی ہے۔

میرا اپنا ذاتی خیال ہے کہ اب بھی یہ مخطوطہ اگر کسی پرانی وضع کے معمار کو دیدیا جائے جو اصول عمارت اور شاہجہانی پیمانہ ذرع، بسوہ، تسو وغیرہ کو خوب جانتا ہو تو آسانی سے ایک ایسا ہی تاج محل بغیر موجودہ کو دیکھے تیار کر سکتا ہے۔ یعنی یہ اس قدر مکمل ہے۔ اور اسی لیے میں اس کو اہم سمجھ کر میں نے اسے علٰحدہ شائع کر دیا ہے۔ تاکہ آئندہ علمی حضرات بہت سی غلط فہمیوں کا شکار ہونے سے بچ جائیں۔ حصہ مصارف کے متعلق عرض ہے کہ تاریخ ۱۱۸۸ھ جو اس مخطوطہ کی ہے وہ ورق ۴۳ تک ہے۔ اور آگے ورق ۴۶ - ۴۸ مصارف کا حصہ بغیر تاریخ ہے جو نامکمل معلوم ہوتا ہے اور یا تو کسی نے بعد میں لگا دیا ہے یا اسی زمانہ کا ہے تاہم رسم الخط میں فرق ضرور ہے۔ اور اس سے قبل صرف چند پتھروں کے نام درج ہیں۔ اگرچہ من حیث المجموع بادشاہ نامہ اور عمل صالح میں خرچ عمارت تاج کو دیدیا گیا ہے۔ مگر یہاں فرداً فرداً حصہ عمارت کے خرچ کو درج کیا ہے جو معلوم ہوتا ہے کہ کسی دفتری یادداشت سے نقل ضرور ہے۔ میرے لیے مزید خوش قسمتی کا باعث یہ بھی ہے کہ ایک اور ایسا ہی مخطوطہ مجھے برلن کے کتب خانہ[2] سے ملا جس کے فوٹو مجھے میرے معزز دوست ڈاکٹر کونل نے ارسال کروا دیئے[2] جس کے لیے میں ان کا ممنون ہوں۔ اور مخطوطہ پیرس اور برلن میں فرق محض اسی قدر ہے کہ برلن کے نسخہ میں حصہ مصارف کو اول درج کیا ہے اور حصہ پیمائش کو بعد میں اور جہاں کہیں کچھ فرق

---

(۱) اگاہ خاں محلی عہد شاہ جہاں کے امرا سے تھا اور ایسے انتظامی امور پر متعین تھا (عمل صالح ص ۲۲۳/۲ و ص ۱۲۸/۳)

(۲) BERLIN PREUFSISCHE STAASBIBOTHEK. PAT. ACC 353

ہے۔ میں نے پیرس کے نسخہ سے مقابلہ کر لیا ہے اور وہی اوّل ہے۔ چنانچہ مصارف کے حصہ کی ابتدا "یادداشت عمارت مکانات روضہ مقدسہ متبرکہ ابتدائی ۴ جلوس ہمایونی کہ بمہر رود و رواں" مشرف حضور ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔"

ایک اور مختصر سی اطلاع تاج محل کے معماروں وغیرہ سے متعلق ہمیں بانکی پور خدا بخش کے کتب خانہ سے ملتی ہے جو دیوان آفریدیؒ مصنفہ قاسم علی خاں آفریدی ۱۲۴۱ھ (۱۸۲۵ء) میں درج ہے۔ یہ دیوان دراصل نواب امیر خاں بانی ریاست ٹونک کے جنگی کارناموں کا بہت اہم مرقع ہے۔ میں نے اسے خود دیکھا ہے۔ اس میں محض آٹھ کاریگروں کے اسماء اور پتھروں کے اسماء وغیرہ ہیں۔ اور ان میں استاد عیسیٰ معمار بھی ملتا ہے معلوم ایسا ہوتا ہے کہ جب مصنف نواب میر خاں اور اس کی فوجوں کے ہمراہ روضہ میں سکونت گزیں ہوا تو ممکن ہے کہ اس نے بطور یادداشت کے مجاوروں سے دریافت کرنے پر یہ اطلاع درج کر دی ہے۔ کیونکہ اس نے نہ تو کوئی اپنا ماخذ دیا ہے اور اس وقت یہ اطلاع مجاوروں میں عام تھی۔ ویسے تفصیل تاج کو آفریدی کی ضخیم کتاب سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ اسکا سر جادو ناتھ سرکار نے ترجمہ طبع کیا ہے۔

میں اخیر میں پھر عرض کر دینا مناسب سمجھتا ہوں کہ تاج کے متعلق جس قدر بھی مخطوطات ایسے ملے ہیں، جن کو میں نے یہاں بیان کر دیا ہے بالکل بے بنیاد ہیں اور معاصر کتب کا صحیح طور پر مطالعہ کرنے کے لیے سدِ باب ہیں۔ استاد عیسیٰ سے متعلق الگ بالتفصیل بحث کی ہے۔ مخطوطہ کتب خانہ ملیہ پیرس کو مفید سمجھتے ہوئے الگ شائع کیا گیا ہے[۳] جس کے عوض مجھے پیرس یونیورسٹی نے ایک خاص رقم بطور انعام بھی عطا کی تھی۔

اس میں ایک امر ضرور قابلِ وضاحت معلوم ہوتا ہے۔ وہ یہ ہے کہ شاہجہانی پیمائشیں اور پیمانہ آج کل کے انگریزی گز اور فرنچ سنٹی میٹر سے مقابلہ کیا جائے۔ چنانچہ الٰہی گز یا اکبری گز دو قسم کا تھا۔ ایک محض کپڑے کی پیمائش کے لیے جو ۴۶ انگل کا تھا۔ اور دیگر امور کے لیے محض (۴۱) اکتالیس انگل تھا۔ مگر اس سے قبل سکندری گز ۳۲ انگل کا رائج تھا۔ شاہجہاں کے زمانہ میں الٰہی گز بیالیس انگل کا رائج تھا۔ شاہجہاں کے زمانہ میں الٰہی گز بیالیس (۴۲) انگل کا ہو گیا۔ فی انگل $\frac{3}{4}$ انچ انگریزی موجودہ شمار ہوتی ہے۔ غرضیکہ شاہجہانی گز المتوسط فی الحساب سے اکتیس اعشاریہ چار سو چھپن انچ (31.456 انچ)

---

(۱) رود و رواں کے متعلق مجھے یہاں پیرس کی کمی کتب کی وجہ سے کچھ نہیں مل سکا۔ (۲) فہرست مخطوطات فارسی ضمیمہ جلد دوم ص ۵۰۔ ۲۲۴۶ (۳) یہ رسالہ ۱۹۱۲ء میں بطور ضمیمہ اورینٹل کالج میگزین لاہور میں شائع ہو چکا ہے۔

کا ہوتا ہے۔ یہ اطلاع ذاتی مشاہدہ عمارت و پیمائش مندرجہ مخطوطہ و عملِ صالح و خزانۃ العلم و معلوماتِ عامہ کتب پر مبنی ہے۔

برٹش میوزیم میں دو اور مخطوطے متعلقہ تاج ہیں۔ اوّل ~~Stowe or 17 A~~ جس میں تاج کے بعض مفید نقشے اور نمونے نقاشی وغیرہ ہیں۔ اور دوسرا ~~Stowe or 17 B~~ جس میں محض تاج کے کتبات کی مکمل تفصیل ہے۔ ویسے ایک مختصر سا عجائب خانہ دروازہ تاج محل میں بھی ہے جس میں کوئی مفید مسودہ نہیں ہے۔ محض چند فرامین ہیں جو تاج کے حفاظ کے نام پر ہیں اور کچھ قدیم تصاویر ہیں۔ البتہ ایک بہت بڑا نقشہ تاج مع خاکہ سطح و چہرہ جو غالباً کپڑے پر ہے۔ اور یہ نقشہ واقعی بہت محنت سے تیار کیا گیا ہے۔ اس مخطوطہ پیرس کا ذیل میں اصل ابتدائی حصہ بطور نمونہ درج کیا جاتا ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یادداشت

حقیقت چہرہ عمارت روضہ مقدسہ مطہرہ حضرت ممتاز الزمانی نواب تاج محل مہد علیا ارجمند بانو بیگم شروع تیاری در سنہ ۱۰۴۰ھ و در سنہ ۱۰۵۷ھ اتمام یافت بہ اہتمام اگاہ خاں محلی۔

طول از دیوار کنارہ دریا تا حد دیوار کترہ کل عمارت

سمائعہ ~~سمائعہ~~ درعہ ۱۰ البسوہ

راہ رو بمعہ برآمد غلطان از لب

درعہ ۱۵ البسوہ

بانع

سما درعہ

عرض ایوان در ایوان کہ بر دو جانب مجلس خانہ بر دروازہ تعمیر یافتہ

ایوان در ایوان — اثار

۹ درعہ ۱۱/۱۲ البسوہ — درعہ ۱۰ البسوہ

دار دیوار شمالی تا کرسی سنگ سرخ کہ یکنیم درعہ

ارتفاع از روی حنان دارد — ما ~~ما~~ درعہ

چبوترہ پیش ایوان بعلی دو جانب دروازہ

ع ~~ع~~ درعہ

عرض حجرہ جانب جنوب رویہ بابت جلوخانہ

عرض حجرہ — اثار

للعہ درعہ — درعہ

آثار عقب ایوان

درعہ ۳ بسوہ

صحن جلو خانہ — عرض حجرہ قریبہ جانب شمال پیوستہ ذروہ کترہ

مالصہ درعہ — آثار درعہ — عرض للعہ درعہ

عرض از عقب آثار مسجد تا حد آثار مہمان خانہ کہ قرینہ مسجد است

مالصہ درعہ

مسجد معہ آثار سوای برآمد تاج محل — کرسی ہفت درعی کہ از سنگ مرمر است از بالای آں عمارت

لعہ درعہ ۴ بسوہ — روضہ منورہ ماست شدہ مالصہ درعہ ۱۰ بسوہ

اسی طرح یہ تمام رسالہ ۲۴ اوراق پر ختم ہوتا ہے جس کا ترقیمہ یہ ہے:

"بتاریخ دوم ماہ ربیع الاوّل سنہ یک ہزار و یک صد ہشتاد و ہشت ہجری

قدسی"

مگر اس کے بعد پانچ اور اوراق ہیں جو دراصل ضمیمہ تصور کرنا چاہیے۔ ان میں سامان، اقسام سنگ ہا و دیگر عمارتی سامان کی مقدار و تعداد درج ہے۔ اس کے ابتدائی حصہ میں ایک جگہ یہ بھی ملتا ہے:

"خرچ عمارت محلات احصہ منورہ مہر کہ منورہ ابتدائی سنہ جلوس ہمایوں کہ بمہر او ورداس مشرف حضور دریولا بجمل حالی مرتب شدہ ....."

اس کا مطلب یہ ہوا کہ محاسب اس وقت کوئی شخص نامی "اودرداس" تھا۔ غرضکہ اگر ذرا توجہ سے کام لیا جائے تو معلوم ہوگا کہ یہ مخطوطہ بہت اہم ہے۔

Raisuddin

استاد عیسٰی

کرنل سلیمان کے قیاس کے بعد مقامی لوگوں نے فرانسیسی آسٹن دی بورڈو کو استاد عیسو بھی کہا ہے۔ ایک گروہ نقادان نے واقعی باور کرنا شروع کر دیا کہ ایک استاد عیسٰی تھا جس نے تاج کا نقشہ ار کیا اور وہ یقینی طور پر عیسائی تھا۔ جسے مقامی مؤرخین نے عیسٰی لکھا ہے۔ یہ ایک بالکل بے بنیاد نظریہ ہے۔ میرے نزدیک اس کا اصل باعث اس مخطوطہ کا انگریزی ترجمہ ہے جسے کرنل اینڈرسن نے کیا[1]۔ ف کی بات یہ ہے کہ اس نے مخطوطہ کا ترجمہ کرتے ہوئے سب سے اول نام جو عیسٰی تھا اس کو ٹین کر دیا۔ حالانکہ دوسرے ناموں کو ویسے ہی " اسماء اعلام " کے طور پر رہنے دیا۔ یہی استاد عیسٰی میری سے مختلف مخطوطوں میں باشندہ قندھار، چین، روم، اکبر آباد آگرہ، ترکی، ایران، ترکستان یرہ وغیرہ گزرا۔ اسی طرح ایک اور انگریزی ترجمہ کسی فارسی مخطوطہ کا بعنوان " گائڈ ٹو دی تاج آگرہ " غالباً ان مخطوطوں میں سے تھا جو آگرہ کالج میں تیار ہوئے۔ یہ وکٹوریہ پریس لاہور میں باہتمام عزیز الدین بار ۱۸۶۵-۶۹ء میں طبع ہوئی۔ اس میں لکھا ہے کہ شاہجہاں نے بہت سے ماہرین فن سے روضے نقشے بطور آزمائش برائے انتخاب طلب کیے۔ اور ان کو اس کے روبرو پیش کیا گیا جن میں سے بہت کے بعد بادشاہ نے اس نقشہ کو انتخاب کیا جسے عیسٰی محمد آفندی نے تیار کیا تھا۔ جو ایک مشہور ماہر کار تھا جسے سلطان روم ترکی نے ارسال کیا تھا۔ اسے ایک ہزار روپیہ ماہوار تنخواہ پر ملازم رکھا گیا۔ نہ کے گنبد کا سنہری کلس ایک طوفانی آندھی سے قبل از تکمیل ٹوٹ گیا اور محمد شریف ولد عیسٰی محمد آفندی اس کی مرمت کو اپنے ذمہ لیا جس کے بدلے اسے پانچ سو روپیہ ماہوار ملا۔

---

[1] رسالہ کلکتہ ۱۸۶۳ء کلکتہ ریویو۔ ج ۵۷ ص ۲۳۳ - ۳۷

یہ امر واقع ہے کہ اس وقت تک کوئی تاریخی مسودہ یا کوئی شہادت از قسم کتبات میسر نہیں آئی کہ جس سے استاد عیسٰی ماہر تعمیر کار کا وجود ہندوستان میں نظر آئے۔ سوا اس کے کہ ہمارے پاس محض ایک بیرونی شہادت یا اطلاع ہے کہ ایک ترکی تعمیر کار بنام محمد عیسٰی تلمیذ استاد اعظم معمار سنان تھا جسے محمد شریا نے اپنی ضخیم تالیف سجل عثمانی میں معمار سنان کے ذکر کے تحت بیان کیا ہے کہ وہ عیسٰی ہندوستان میں آیا جہاں اس نے اپنے کمالِ فن کی وجہ سے شہرت حاصل کی۔ اس کے علاوہ ایک اور حال کی مطبوعہ ترکی کتاب صنعتی ترکی میں ملتا ہے کہ بابر بادشاہ ہندوستان میں دو بڑے ماہر تعمیر کار عیسٰی و یوسف اپنے ہمراہ لایا تھا۔ اگرچہ ان کا ذکر توزک بابری میں نہیں ملتا۔ اگر ایک لمحہ بھر کے لیے ہم یہ باور کر لیں کہ عیسٰی معمار یہاں آیا تب یہ بھی باور کرنا پڑے گا کہ یہ عیسٰی تلمیذ سنان قریب ایک صدی قبل تعمیر تاج محل آگرہ یعنی اس عیسٰی سے قبل تھا جسے قیاساً ایک عیسائی کی حیثیت سے شاہجہاں کے عہد میں بطور معمار تاج بیان کیا جاتا ہے۔ یعنی اسے کوئی تعلق نہیں ہے۔

ہم اس نتیجہ پر پہنچتے ہیں کہ استاد عیسٰی کی اصلیت اور تاج کے ضمن میں اس کی ہستی کافی نزاع کا باعث ہوئی ہے۔ تاہم ایک بات ضرور ہے کہ بعض نے اس ابہام سے فائدہ اٹھا کر جرأت کر کے عیسٰی کو ارمنی کہنا شروع کر دیا ہے۔ اور اپنے دلائل کو اس نظریہ پر منحصر رکھا ہے کہ عیسٰی ایک عیسائی کا نام ہے چنانچہ وہ لکھتا ہے "استاد عیسٰی اصل معمار تاج جس کے متعلق بیان کیا جاتا ہے کہ وہ ایرانی تھا، اس کی قومیت کے متعلق کچھ شک معلوم ہوتا ہے۔ یہ معلوم نہیں ہوتا ہے کہ وہ ایرانی تھا کیونکہ مذہبی ایرانی کبھی عیسٰی نام نہیں رکھتے جس کے معنی یسوع یا عیسائی ہے۔"(۱) اس کا دعویٰ کافی خلاف وجوہات کے باعث ایک لمحہ بھر کے لیے بھی تسلیم نہیں کیا جا سکتا۔ بلکہ اس کا یہ بیان اسلامی تاریخ و ثقافت سے صریح ناواقفیت کی غمازی کرتا ہے اور اس کے طفلانہ اعتراض پر ہنسی آتی ہے۔ یہ واضح رہے کہ مسلمان مساویانہ حیثیت سے تمام انبیاء عہد نامہ قدیم و جدید کی عزت کرتے ہیں اور اپنے بچوں کے اسماء ان انبیاء کے نام پر عیسٰی۔ موسٰی۔ سلیمان، داؤد۔ الیاس۔ اسحاق۔ یعقوب وغیرہ رکھتے ہیں۔ یہاں یہ کہنا کافی ہوگا کہ مسلمانوں کے ہاں صحاستہ یعنی حدیث کی چھ مستند کتب جو مختلف ائمہ نے اول دو صدیوں میں تدوین کی ہیں اتفاق سے

---

(۱) روزنامہ "اسٹیٹس مین"۔ کلکتہ۔ ۱۷ر نومبر ۱۹۲۹ء

ان میں سے ایک جامع ترمذی کہلاتی ہے جسے ابو عیسٰی محمد بن عیسٰی ترمذیؒ نے تدوین کیا ہے۔ یعنی امام ابو عیسٰی محمد بن عیسٰی مقام ترمذ ایران کے باشندہ تھے۔ اسی طرح اول صدی اسلام میں قریب قریب ایک درجن اصحاب ایسے مقتدر نظر آتے ہیں جن کے اسمار عیسٰے تھے۔ غرضیکہ اسلامی تاریخ میں بے شمار عظیم الشان ایسی ہستیاں ہیں جن کے اسمار عیسٰی تھے۔ اور آج اسلامی تاریخ کا درخشاں پہلوان پر ناز کرتا ہے۔ بعض نے اس دعویٰ کے جواب میں کافی حصّہ لیا اور اس کی تردید بھی کی مگر بعض نے عیسٰی محض معمار تاج کی حیثیت سے بیان کرتے ہوئے یہاں تک مبالغہ کیا ہے کہ عیسٰی کا نام شاہجہاں کے عہد کی معاصر کتب میں ملتا ہے جو واقعی بے بنیاد ہے

متذکرہ بالا مخطوطہ کے مترجم نے ارادۃً یا سہواً اسم معرفہ عیسٰی کو عیسائی (کرسٹین) کر کے یہ کہنے پر مجبور کر دیا ہے کہ یہ ایک بیّن واقعیت کا انحراف ضرور ہے۔ اگر آگرہ کالج کے مسودہ نگاروں نے واقعی یہ لفظ عیسی یا نام عیسٰی اس ارادہ سے اختیار کیا ہے کہ یہ غلط فہمی پیدا کرے تو یہ ایک اور بھی واضح ثبوت ہے کہ یہ مخطوطہ بالکل بے بنیاد چیز ہے۔ اس لیے اخیر میں ان تمام واقعات سے ہم اس نتیجہ پر پہنچتے ہیں کہ عیسٰی واقعی ایک افسانہ ہے اور اسے جہاں تک تاج کی تعمیر کا تعلق ہے کوئی واسطہ نہیں ہے۔

معمارانِ عہدِ مغلیہ

استاد احمد و حامد

جہاں تک ممکن تھا تمام کاریگروں کے اسماء جمع کرنے کی کوشش کی گئی ہے خاص کر جن کے اسماء فنِ تعمیر سے وابستہ ہیں اور ان کو مختلف ماٰخذ سے جمع کیا گیا ہے۔ تاہم افسوس کے ساتھ کہنا پڑے گا کہ کوئی ایسا قدیم مسودہ ہماری رہنمائی نہیں کرتا جس سے ان لوگوں کے حالات و سوانح کچھ بھی دستیاب ہو سکیں۔

۱۰۴۸ھ میں شاہجہاں آباد کی عمارت کی داغ بیل ڈالی گئی۔ ہم عصر مؤرخین اس کی عمارت کے ذکر میں احمد و حامد دو معماروں کے نام اپنے مصنفات میں ذکر کرتے ہیں جن کی زیرِ نگرانی عمارات دہلی تعمیر ہوئیں جیسا کہ عبارت ذیل سے عیاں ہے:

از عمل صالح: "بعد از پنج ساعت از شب جمعہ بیست و پنجم ذی حجہ مطابق نہم اردی بہشت سال دوازدہم از جلوس اقدس مطابق ۱۰۴۸ھ در زمان محمود اوان مسعود استاد احمد و حامد سرآمدِ معمارانِ نادرہ کار بسرکاری غیرت خاں صوبہ دار آنجا و صاحب اہتمام این کار مطابق طرحِ تازہ نقشے بدیع کہ ہیچ وجہ نظیر آں در شش جہت دنیا بنظر نظارگیاں در نیامدہ بود ..... الخ"

"از بادشاہ نامہ محمد وارث: بحکم اشرف بعد از پنج ساعت از شب جمعہ بیست و پنجم ذی حجہ مطابق نہم اردی بہشت سال دوازدہم از جلوس اقدس موافق سنہ ہزار و چہل و ہشت ہجری کہ مختار دانشوران انجم و افلاک بود۔ استاد احمد و استاد حامد کہ معمارانِ ماہر بودند و کار عمارت

---

(۱) مطبوعہ نسخہ عمل صالح ص ۲۸ میں محض استاد احمد کا نام چھپا ہے جو سہو ہے عام قلمی نسخوں میں دونوں نام احمد و حامد ملتے ہیں مخطوطہ برٹش میوزیم Add. 2622 ورق ۵۴۱

سرآمد بسر کار غیرت خاں برادر زادہ عبداللہ خاں فیروز جنگ کہ نظم صوبہ دہلی و اہتمام تاسیس عمارات مذکورہ باو مفوض فرمود مطابق طرحی کہ در پیش گاہ خلافت مقرر گشتہ بود رنگ ریختند..الخ"[1]

غرضیکہ ان دونوں اقتباسات سے یہ ضرور واضح ہوتا ہے کہ ان عمارات کا اہتمام غیرت خاں صوبہ دار دہلی کے ہاتھ میں تھا اور تعمیر کا کام احمد و حامد دو معماروں کے سپرد تھا جو کام میں ماہر تھے اور بادشاہ سلامت اس کا نقشہ مجوزہ منظور فرما چکے تھے۔ ان دونوں معماروں کے اسمار سے متعلق عرض ہے کہ جہاں تک معاصر کتب کا تعلق ہے اور ان کے کام کی نسبت ذکر ملتا ہے وہ محض یہی متذکرہ بالا عبارت ہے اور تاج کے ضمن میں کچھ نہیں ملتا اگرچہ یہ عمارات قریب آٹھ سال بعد تاج محل دہلی میں شاہجہاں آباد کے نام سے شروع ہوئیں۔ اسی طرح ان دونوں معماروں کے نام کے علاوہ دیگر چند اسمار ماہر تعمیر کاروں کے کتبہ ذیل شادی آباد مانڈو مالوہ میں بڑی مسجد کے عقب میں ہوشنگ شاہ کے مقبرہ میں دروازہ کے پہلو بر بخط خفتی تانبے کی لوح پر دیکھا:

"بتاریخ نہم ربیع الثانی سنہ ہزار و ہفتاد ہجری فقیر حقیر لطف اللہ مہندس ابن استاد احمد معمار شاہجہانی و خواجہ جاد و رائے و استاد سیورام و استاد حامد بجہت زیارت آمدہ بود و دو کلمہ یادگار نوشت۔"[2]

اگر فنی اعتبار سے دیکھیں تو اسی کتبہ مانڈو سے بہت سے امور پر روشنی پڑتی ہے۔ اول یہ کہ استاد ان دیگر عمارات و آثار کو دیکھنے کی غرض سے سفر کیا کرتے تھے۔ دوم کتبہ کے الفاظ سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ کاتب لطف اللہ مہندس خود ہے۔ سوم یہ کہ احمد معمار خود تو وہاں نہیں مگر اس کا لڑکا لطف اللہ وہاں گیا ہے اور احمد معمار کے ساتھ لفظ شاہجہانی ایزاد کیا جاتا ہے۔ جس سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ اس کو شرف ملازمت شاہی حاصل تھا۔ خاص کر مانڈو میں یہ کتبہ مغل عمارات کے ضمن میں کافی اہمیت رکھتا ہے جبکہ وہاں محض ایک عمارت دروازۂ عالمگیر کے نام پر ہے جو مغل تعمیر کا بہترین نمونہ ہے۔ توزک جہانگیر میں یہ جگہ ملتا ہے کہ جہانگیر نے ایک مرتبہ میر عبدالکریم کو مانڈو کی شکست و ریخت کو درست کرنے کے لیے روانہ کیا مگر کوئی خاص عمارت کا ذکر نہیں ملتا جس سے طرز مغل کے قیام کا اندازہ ہو سکے غرضیکہ اورنگزیب

---

[1] از قلمی نسخہ بادلین لائبریری، اوکسفورڈ Cop. Grd. 3 بادشاہ نامہ محمد وارث

[2] اپی گرافیا انڈو مسلیکا ۱۹۰۹-۱۰ء ص ۳۰

عالمگیر کے وہاں دروازہ اور فصیل شہر بنوانے اور دروازہ پر کتبہ ذیل اس کی شہادت ہے

در زمانِ شاہ عالمگیر خاقانِ جہاں — از سرِ نو گشت برپا ایں درِ گردوں نشاں
در ہزار ہفتاد و نہ آغاز دہم انجام یافت — زاہتمام خان عالی شاں محمد بیگ خاں
در جلوس ایں شہنشاہ جہاں اورنگ زیب — بود سال یازدہ از روی تحریر بیاں (۱)

میرا خیال ہے کہ متذکرہ معماران جن کے اسمار گرامی کتبہ مقبرہ ہوشنگ شاہ میں ثبت ہیں اورنگزیب کے عہد میں شکست و ریخت مانڈو کو ٹھیک کرنے کے لیے آئے تھے اور انہوں نے دروازۂ عالمگیر کو بھی ازسرِ نو تعمیر کیا جو کسی طرح بھی فتح پور سیکری کے دروازہ مسجد سے بلندی یا خوبصورتی میں کم نہیں۔ اور یہ اورنگ زیب کے عہد کے دوسرے سال حکومت میں آئے۔ بعض کا خیال ہے کہ احمد و حامد دونوں بھائی تھے۔ اور اب تک دہلی میں ایک کوچہ اُستاد حامدؒ کے نام سے دریبہ کلاں اور جامع مسجد کے درمیان موجود ہے۔ ان کی اولاد وہیں سکونت پذیر ہے لاہور والے کہلاتے ہیں اور آج کل ساوہ کاری کا کام کرتے ہیں۔ ممکن ہے یہ درست ہو لیکن نہ ان کتب تاریخ سے جن میں ان دونوں کا ذکر ہے نہ کتبہ متذکرۂ بالا سے جن میں دونوں کا نام ہے اور نہ لطف اللہ مہندس نے کہیں اپنی دیگر تحریر میں اس امر کی وضاحت کی ہے حالانکہ وہ واقعات کی توضیح میں خاصہ مستعد نظر آتا ہے۔ مزید برآں افسوس کا مقام ہے کہ کہیں حامد کا ذکر کسی اور عمارت کے ضمن میں بھی نہیں ملتا۔ حالانکہ وہ ۱۰۷۱ھ میں مانڈو تک جاتا ہے۔

احمد کے لڑکے لطف اللہ نے اپنے خاندان کا ذکر اپنے دیوان میں ایک طویل مثنوی میں کیا ہے اور اپنے باپ احمد کو باضافہ لفظ شاہجہانی یوں یاد کرتا ہے:

نادر العصر استاد احمد معمار لاہوری شاہجہانی

اس کے بعد اپنے والد کے متعلق کہتا ہے کہ وہ ریاضیات فلکی کی سب سے بڑی کتاب مجسطی کا ماہر تھا اور خواجہ نصیر الدین طوسی کی تحریر اقلیدس کا عالم تھا۔ اس کے تین بیٹے عطاء اللہ، لطف اللہ مہندس اور نور اللہ تھے۔ یعنی تینوں صاحب فن تھے۔ (۲)

شاہ جہاں داور گیتی ستاں — روشنی دودۂ صاحب قراں

---

(۱) ایضاً ص ۲۰ (۲) روئیداد ادارۂ معارف اسلامیہ، لاہور ۱۹۳۳ء مضمون مولانا سید سلیمان ندوی "لاہور کا ایک معمار خاندان"

عرشِ برین قبهٔ خرگاه اوست — رشک فلک سدهٔ درگاه اوست

احمد معمار که در فنِ خویش — صد قدم از اهل هنر بود پیش

واقف تحریر و مقالات آن — آگه اشکال و حوالات آن

حال کواکب شده معلوم او — سر مجسطی شده مفهوم او

از طرفِ داور گیتی جناب — نادر عصر آمده او را خطاب

بود عمارت گر آن بادشاه — داشت دران حضرت فرخنده را

آگره چو شد مضرب رایات شاه — بس که برو بود عنایات شاه

کرد بحکم شاه کشور کشا — روضهٔ ممتاز محل را بنا

باز بحکم شه انجم سپاه — شاه جهان داور گیتی پناه

قلعه دهلی که ندارد نظیر — کرد بنا احمد روشن ضمیر

این دو عمارت که بیان کرده ایم — در صفتش خامه روان کرده ایم

یک هزار گنج هنرهائے اوست — یک گهر از کان گهرهائے اوست

چون نبوده عالم فانی مقر — کرده سوی عالم باقی سفر

پس سه پسر ماند ز مرد سترگ — زان سه عطاء الله رشیدی بزرگ

نادر عصر خود و مشهور شهر — عالم و علامه و دانائے دهر

مرد هنرپرور و استاد فن — فاضل و دانشور و فخر زمن

مخزن علم آمده تالیف او — گنج هنرها ست تصانیف او

نثر وی از آب روان پاک تر — نظم خوشش غیرت سلک گهر

منکه سخن پرور و دانش ورم — بندهٔ آن حبرِ سخن پرورم

منکه ربودم ز جهان گوی علم — از چمنش یافته ام بوی علم

منکه شده اگه ستر نهان — از دم او یافته ام قوت جان

ثانی آن هر سه برادر منم — هندسه یک فن بود از صد فنم

گرچه مهندس لقبم از شه است — نام من دل شده لطف الله است

ثالث آں ہر سہ برادر بسال — آمدہ نور اللہ صاحب کمال
ما ہمہ معمار و عمارت گریم — ما ہمہ استاد و سخن پروریم
لیک بود قصر کلامش عجب — زاں شدہ معمار مرا ورا لقب
گرچہ کم است سال وی از سالِ من — بیش بود حال وی از حال من
نثر وی از نظم گہر بارتر — نظم ز نثر آمدہ ہموارتر
دیدہ ز نور سخن پُر ضیا — طبع ز لطف سخنش پر صفا
گنج ہنر آمدہ در مشتِ او — ہفت قلم را ندہ سہ انگشتِ او
گرچہ منم بے سخن استاد فن — آں یک و ایں یک بود استاد من
گرچہ مرا ہست مہندس لقب — ہندسہ زاں ہر سہ برادر طلب

محمد شفیع نگینوی نے اپنی کتاب "مرأت واردات"[1] میں شاہجہاں کے عہد کی عمارات - دولتخانہ شاہجہاں آباد - مسجد دہلی - مقبرہ ممتاز محل آگرہ - باغ شالامار لاہور - خانہ نواب آصف خاں لاہور کا ذکر کیا ہے - مؤخر الذکر عمارت کے متعلق ایک طویل بیان دیا ہے اور محض اس کی تعمیر کو احمد معمار کی طرف وضاحت سے منسوب کیا ہے :

"نہایت عظیم الشان عمارات آخر کار اس بادشاہ کے عہد میں اختتام کو پہنچیں جو کسی اور عہد یا زمانہ میں ماہر تعمیر کاروں نے نہیں بنائی تھیں - خاص کر پانچ عمارات جو مختلف شہروں میں صاحب قران ثانی شاہجہاں کے مناسب مجوزہ نقشہ سے تیار ہوئیں - وہ آج بھی خلد بریں کے حسن کی آئینہ دار ہیں - ان میں اول قلعہ معلی شاہجہاں آباد - دوسری مسجد جامع دہلی جو قلعہ کے بالمقابل بطور ہمسایہ بیت المعمور ہے - سوم روضہ ممتاز محل دختر نواب آصف خاں جو اس بادشاہ شیریں کردار کی زوجہ تھی اور اکبر آباد کے حدود میں دریا کے کنارے واقع ہے - چہارم شالامار باغ لاہور جس کو دولت اقبال کی بنا سمجھنا چاہیے دراصل صورت ہندوستان کو گلستاں بنا دیا ہے - پنجم خانہ آصف صفات لاہور شہر میں یکتائے روزگار ہے - چنانچہ سیاحان جہاں گرد اور مشاہدہ کرنے والوں نے ایسی شاندار عمارات کے حالات قلم بند کیے ہیں - لیکن سلاطین حال ہندوستان ان پانچ عالی عمارات کی وجہ سے ہفت اقلیم کے شہریاروں پر کامل افتخار رکھتے ہیں - خانہ نواب مذکور ایک ایسی عمارت ہے کہ معمار بصیرت اس کے جزویات سمجھنے

(۱) خطی نسخہ برٹش میوزیم : مرأت واردات ، ورق ۷۵ - MS . 6679

سے حیران ہے۔ حکایت کی جاتی ہے کہ قریب دو کروڑ روپیہ جو عرصہ کا جمع شدہ تھا اس پر خرچ ہوا ہے۔ اس تعمیر کی وسعت اور کمروں کی تعداد اس قدر ہے کہ دو بادشاہ بآسانی اپنے تمام ساز و سامان سمیت اس کے اندر سما سکتے ہیں۔ یہ کہا جاتا ہے کہ جب آصف خاں اس جہاں کی چار دیواری سے کوچ کر گیا تو سلطان داراشکوہ بلند اقبال نے بادشاہ سلامت سے اس خانہ میں اقامت کے لیے درخواست کی۔ اس نے خود اپنی طبع طراحی کے اظہار کے لیے دو نشیمن اس خانہ کے مقابل تعمیر کیے۔ مگر تعمیر کا کام ابھی نصف بھی ختم نہیں ہوا تھا جب کہ ان کی تعمیر کو بوجہ تہیدستی اخراجات النوا میں ڈال دیا گیا۔ اور پایۂ تکمیل تک نہ پہنچا سکا۔ باوجود ولیعہدی سلطنت ہندوستان اور منصب پانچ ہزاری سے سرفراز تھا حالانکہ نواب آصف خاں نے اس کے مثل بہت سی عمارات تعمیر کیں۔ جب یہ خانہ جو وسعت میں ایک دنیا اور خوبی میں مانند گلستانِ ارم ہے اپنے اختتام کو پہنچا تو اسے آصف خاں کے ملاحظہ کا شرف حاصل ہوا۔ اسے مکانات و مقامات کی سیر کرائی گئی مگر استاد احمد معمارِ خانہ آصف سے از روی ناخوشی و عتاب فرمایا۔ اے پست فطرت شاید تمہارے خیال میں میرے خزائن میں کمی آ گئی ہے تم نے بوجہ کمی ہمت اور قصورِ فکرت سے ایسا قصر بنایا ہے کہ اس کے اندر آدمی کے پاؤں تک نہیں سما سکتے۔ استاد احمد جو اس روز تحسین اور حصولِ انعامات کا متوقع تھا۔ ایک دم مایوس ہو گیا۔ اور عرض کی۔ بے شک جناب کے پائے عالی اس مکان میں سما نہیں سکتے جس کے مثل زیر فلک آدم کے زمانہ سے آج تک نہیں دیکھا گیا۔ یقین کامل ہے جناب کے پائے عالی کہیں بھی سوائے کنج تاریک تنگ گور کے نہیں سمائیں گے:

در زیر خاک ای ز جہاں واکشیدہ است　　ما را بمدعائے دل خود دراز کن

اس طرح دنیا واقعی اہل بصیرت کے لیے صورتِ حال ہے:

چشم تنگ مرد دنیا دار را　　یا قناعت پُر کند یا خاکِ گور

یہ نکتہ سنج اور صاحب انصاف تھا ہنسنے لگا۔ اور جلدی سے اس جواب باصواب کے ساتھ ہی ایک لاکھ روپیہ اور خلعت خاصہ سے اس کو عزت بخشی۔ دوسرے مکان میں متعدد مرصع شاہ نشین ہیں۔ مگر شہر لاہور خوبصورتی اور چشم تماشائیوں کے لیے مختلف ہی سماں پیدا کرتا ہے۔ آصف خاں کے انتقال کے بعد یہ مکان سلاطین کے لیے مقرر رہا۔ اور اس کے بعد کوئی بادشاہ اس کے شکست و ریخت کی مرمت کی ہمت نہیں کر سکا۔

چشم عبرت بیں چرا در قصر شاہاں ننگرد کو چساں از حادثات دور گردوں شد خراب

افسوس اس امر کا ہے کہ آج اس عظیم الشان محل کا لاہور میں کہیں پتہ نہیں چلتا۔ اسی طرح لاہور میں بے شمار عمارات کا بیان تاریخ میں ملتا ہے مگر آج ان کا کہیں علم نہیں۔ لاہور میں داراشکوہ کے محلات کا تو پتہ نولکھہ کے قریب ملتا ہے اور اسی مقام کو نخاس یا چوک دارا کہتے تھے۔

احمد معمار کے متعلق ایک اور مخطوطہ خطوط میں ملتا ہے جس کا نسخہ مصنف کے پاس ہے۔ اس میں ایک خط مدارالمہام نواب جعفر خاں کے نام ہے جس میں تعمیر مسجد و قلعہ حسن ابدال کا ذکر ہے۔ نواب جعفر خاں ۱۰۵۵ھ میں پنجاب کا گورنر تھا اور ۱۰۷۴ھ میں عالمگیر کا وزیر ہوا۔ اس خط سے بھی بہت سے امور پر روشنی پڑتی ہے یعنی کس طرح مصالح جمع کیا جاتا تھا۔ اور پھر کس طرح ماہرین کے فرائض کی تقسیم ہوتی تھی۔ اگرچہ اس سے خاص موضوع پر کم روشنی پڑتی ہے مگر تاہم یہ طرز تعمیر کے سلسلہ میں نہایت اہم ہے۔

"یہ امر مسلم ہے کہ محمد مومن کے لیے تحصیل حاصل ہے کہ نواب صاحب فیض مآب کے حضور میں رسائی حاصل کرکے کامیاب طریق سے معاملہ گوش گذار کرے، جس کو حسن ابدال میں بوجہ اعلیٰ کاردانی و معاملہ فہمی پاکیزہ صفات محلات، باغات و سرائے کا داروغہ مقرر کیا گیا ہے۔ جب جناب کی درگاہ سے شمشیر گڈھ کے قلعہ کی تعمیر کے احکام وصول ہوئے تو داروغہ اور معمار جو یہاں کاظم بیگ سے پیشتر پہنچ گئے تھے انہوں نے تعمیر کا مصالح جمع کرنے کی بے حد کوشش کی مگر وہ خاطر خواہ انجام نہ دے سکے۔ آخر کار کام کو تعویق میں ڈال دیا گیا۔ معمار کامل جس نے اس کے ہمراہ کام کیا اس کی بے وقوفی کے نتائج کو جناب کے گوش گذار کر دیا ہوگا۔ آپ کی درگاہ سے تاکیدی احکام برائے تعمیر قلعہ جن کو فوراً ہر حالت میں تعمیل میں آنا چاہیے ہمیشہ عمدۃ الملک مہابت خاں نے وصول کیے ہیں۔ اس لیے تمام مصالح تعمیر وغیرہ حسن ابدال اور گردونواح سے لائے جاتے تھے۔ یہ کام حاجی اللہ قلی مہتمم عمارت قلعہ کے اہتمام سے انجام پذیر ہوا ہے جو معاملہ فہمی، کاردانی، و سنجیدگی کی وجہ سے عملی طور پر کام میں دلچسپی لینے میں مشہور رہے۔ یہ ذمہ داری کا کام اس سے بہتر کسی اور آدمی کو نہیں دیا جا سکتا تھا جس کی سرگرمی کو پیشتر ہی بادشاہ کے گوش گذار کر دیا گیا ہے۔ درحقیقت قابلیت معاملہ سنجی و فرائض شناسی محمد مومن جو اوپر بیان ہو چکا ہے اور استاد احمد معمار جو فن معماری و طراحی اور نقشوں کے فہم میں مہارت تام رکھتا ہے عمدۃ الملک کے پاس پہنچ گئے ہیں۔ عمدۃ الملک شاہی فرمان کی مطابقت میں دونوں کے پاس آیا اور ان کو کسی طرح مصالح کی حفاظت اور کام کی نگرانی کے لیے راضی کر لیا جو وہ علاوہ

سابقہ فرائض کی ادائیگی کے یعنے معہ فرائض داروغگی اور معماری نہایت رضامندی سے کرتے گئے۔ یہ واقعہ ہے
ان دونوں کو کام کا خوب تجربہ تھا جیسا کہ ان کے متعلق بیان کیا گیا تھا۔ وہ کئی ایسے تجربہ کاروں سے پیش پیش
ے۔ تعاون اور امداد باہمی سے جو نواب صاحب بہادر نے عملی طور پر پیش کی تھوڑے عرصہ میں قلعہ خام گڑھ شہر
تم ہوگیا ہے۔ اس کی تعمیر کنگروں تک پہنچ گئی ہے۔ بلکہ کئی جگہ پر کنگرے بنا دیے گئے ہیں اور قلعہ پختہ
ریب تیس ہزار اور اس سے کچھ اوپر تعمیر ہو چکا ہے۔ روز افزوں کام ترقی پر ہے۔ بلکہ تمام عملہ کاریگران نہایت
نامندی سے ہر کفایت شعاری کو مدنظر رکھ کر کام کو سرانجام دے رہا ہے جو بالکل واضح ہے۔ اسی طرح
بہت مصروف ہیں اور اپنی تمام کوششوں کو حسن ابدال کی خدمات کے سرانجام دینے میں ہمہ تن صرف
ر رہے ہیں۔ مثلاً پرداختِ باغ و منازل معلی۔ بمنداب دروازہ کشمیری، سربراہی گلابخانہ و تعمیر سرائے مطابق مجوزہ
شہ غرضیکہ اپنے فرائض کو نہایت توجہ سے فیض مآب نواب صاحب کی فیاضیوں پر انحصار کرتے ہوئے
ا کر رہے ہیں۔ اسی اثنا میں قابل مہتمم تعمیر تجویز کر رہے تھے کہ حسن ابدال کا کام دوسروں کے سپرد کر دیا
ئے کیونکہ انہوں نے اس حالت میں یہ تجویز کیا جب کہ مہتمم مصالح نے حسن ابدال میں دیکھ بھال کرنا ہے تو
کو اس مقام کے داروغہ سے خطاب کرنا ہوگا۔ وہ اجازت نہیں دے گا جب تک وہ احکام حاصل
کے تعمیل نہ کرا لے۔ فی الواقع وہاں مصالح اصل خزانہ سے دیا جاتا ہے اس لیے یقین غالب ہے کہ
م زیادہ تعویق میں پڑ جائے گا۔ چنانچہ (راقم خط) میں بحیثیت تابعدار ملازم کے آپ کے گوش گزار
نا لازمی خیال کرتا ہوں کہ محمد مومن اور استاد احمد جو ان حالات کے تحت یہاں مقرر کیے گئے ہیں شاید
پسند کریں۔ اس لیے امید ہے کہ ان فرائض کو یہاں کے کام کو سرانجام دینے کے لیے بدستور سابق محمد مومن
استاد احمد کے پاس ہی رہنے چاہئیں جو حسب سابق اپنے فرائض کی ادائیگی کرتے جائیں گے جو فیض مآب
گاہ اور قلعہ شمشیر گڑھ سے وابستہ ہیں۔ آگے آپ کے اختیار میں ہے۔ آپ کے جان و مال کو دعا دیتا ہوں۔

اسی طرح ملا فطرت نے ایک رقعہ اپنے خاص انداز میں ملا احمد معمار کو خطاب کیا ہے جب کہ شاہجہان
یر سے لاہور آ رہا تھا۔ اس نے شاہانہ سواری کو شطرنج کی بساط سے مثال دی ہے اور اس کے اندر
ص کوئی تاریخی بات معلوم نہیں ہوتی۔

شاید بیاد ش آرد فرد سخن چو خشتم　　از بہر یادگار این وصف را نوشتم

در وقتی کہ موکب خوش بساط ہمایوں را در عرصۂ کشمیر منصوبہ رجعت بلاہور رخ نمود و جنبش

اسب وفیل و پیادہ از خانہا شبیہ نقل مکان فوج شاہ شطرنج بود قدردان صورت خانہ معنی تازہ پایہ شناس نقش کدہ الفاظ بلند آوازہ طرح پرداز قصر دانش پروری و کتابہ طراز ایوان بینش گستری بنائے بیت المعمور حجستگی اطوار فضیلت پناہی ملا احمد معمار خرابہ دل ایں بیگانہ راحت را باب و گل آشنائی تعمیر نمود و صنم کدہ مجموعہ فقرا بتصرف یادگاری از غبار کہنگی برآورد۔ امید کہ یک بیت الصنم ازیں ہندوستان رقم برجاست۔ شرافت خانۂ وجود آں بانی فضل بفرش استحکام تواند آراست۔"

انشاء ہرکرن میں ایک دستک استاد احمد کے متعلق ملتی ہے جس میں لکھا ہے کہ جب کبھی استاد احمد سرکاری کام کے لیے اکثر اوقات اس دریا کو عبور کرے تو اس کو روکا نہ جائے اور اس کو لازماً قرار دیدیا جائے۔ مگر حسنِ اتفاق سے ایک کتبہ ملتا ہے جس میں احمد معمار کا ذکر ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ احمد نے راولپنڈی کے قریب ایک درہ مارگلہ کی تعمیر کی تھی مگر تاریخ اختتام سے کچھ شک معلوم ہوتا ہے۔ یہ ممکن ہے کہ یہ کام احمد نے شروع کیا ہو اور اس کے بعد تک برابر جاری رہ کر کسی اور کی تحویل میں ختم ہو گیا۔ اور کتبہ کی عبارت بھی کسی قدر صاف نہیں ہے اور اکثر جگہ شکست و ریخت کی وجہ سے صاف نہیں ہے۔

ہوالقاد

خان قوی پنجہ مہابت شکوہ — شیر از سر پنجۂ او ناتواں
در کتل مارگلہ آنکہ بود — باکرہ چرخ بریں تو اماں
ساخت چناں شاہراہی شرف — ..... چرخ ..... برزماں
گفت مغل در پی تاریخ سال — ناصیہ مہوش ہندوستاں

باہتمام مرزا محمد .... داروغہ
احمد معمار جوگیداس .... شرف
دویالداس تحویلدار در ۱۰۸۳ھ (۱)

(۲) ملا فرید ابراہیم منجم متوفی ۱۰۳۹ھ نے زیج شاہجہانی کے مقدمہ میں لکھا ہے کہ اس نے ایک ماہر ملا احمد

(۱) ۱۱۱ ۱۹۲۳-۲۴ء ص ۲۱ - ۲۲ (۲) برٹش میوزم ۳۷۲ OR

سے کافی استفادہ کیا۔ ہم یقینی طور پر نہیں کہہ سکتے کہ آیا یہی احمد ہے یا کوئی اور بہرحال قرائن سے یہی معلوم ہوتا ہے۔

ان تمام حالاتِ مندرجہ بالا متعلقہ احمد معمار سے ہم اس نتیجہ پر بلاشبہ پہنچتے ہیں کہ احمد واقعی ایک بہت بڑی ہستی فنِ تعمیر میں تھی جو ریاضیات۔ علوم ادبیہ۔ فنِ تعمیر میں یکتائے زمانہ تھا۔ اور اس قابلیت کے شواہد مغلوں کے سب بڑے بڑے شہروں میں ملتے ہیں۔ مثلاً آگرہ، دہلی، لاہور، کشمیر، حسن ابدال، مارگلہ وغیرہ وغیرہ جہاں عہد مغلیہ کی شاندار عمارتیں ابھی تک موجود ہیں۔ لطف اللہ نے اپنے باپ کی تاریخِ وفات یوں کہی ہے:

نادرالعصر رفت و گفت خرد — شد بفردوس احمد معمار
تاریخ وفات او خرد گفت — محمود العافیت شد احمد

جن سے ۱۰۵۹ھ نکلتی ہے۔

ان تمام متذکرۂ بالا بیانات سے مزید برآں ہم اس نتیجہ پر پہنچتے ہیں کہ احمد معمار تاج اور دیگر عمارات شاہجہانی کا واقعی معمار تھا۔ مگر تاج کے ضمن میں ہمیں کسی قدر توقف کرنا چاہیے اس کو محض لطف اللہ نے اپنی مثنوی میں بیان کیا ہے مگر معاصر مؤرخین نے اسے بیان نہیں کیا۔ وہ بآسانی بیان کر سکتے تھے جس طرح انہوں نے احمد و حامد کا ذکر دہلی کی عمارات کے ضمن میں بالوضاحت کیا ہے۔ اور اس کے دوسرے لڑکے عطاء اللہ نے بھی اس کی وضاحت نہیں کی۔ ہاں یہ ضرور ہے کہ عمارات شاہجہاں کو اس کی طرف منسوب کر دیا ہے۔ مگر ہمیں نہایت وثوق سے ماننا پڑے گا کہ احمد واقعی بہت بڑی ہستی تھی اور بہت ہی قابل معمار تھا۔[1]

عطاء اللہ رشدی

متذکرۂ بالا اشعار مثنوی کے مطابق استاد احمد کا سب سے بڑا لڑکا عطاء اللہ رشدی ہے۔ اس کی تصانیف الجبرا، پنج گنت اور خلاصہ راز جن کے مخطوطے اکثر کتب خانوں میں محفوظ ہیں مگر میرے سامنے ضمن میں برٹش میوزیم کے مخطوطے ہیں۔ الجبرا کی ابتدا یوں ہے:

---

[1] راقم نے احمد معمار لاہوری کے عنوان سے الگ ایک کتابچہ بھی طبع کر دیا ہے۔

"..... الجبر مصنف عطاء اللہ رشدی ابن احمد نادر کہ بتوفیق الٰہی در سنہ اربع و اربعین والف ہجری مطابق ہشتم سال جلوس حضرت صاحب قران بر اورنگ لطف و جہانبانی کتاب جبر و مقابلہ ہندوی موسوم پنج گنت تصنیف بھاسکر اچارج مصنف لیلاوتی را کہ در علم حساب کتابی است بحقائق را ..... از زبان ہندوی بفارسی آوردم و دیباچہ کتاب را ..... ابو المظفر شہاب الدین محمد قران ثانی شاہجہاں بادشاہ غازی ..... حلیۂ آرائش دادم ..... الخ"

عطاء اللہ کی دوسری کتاب خلاصۃ الحساب داراشکوہ کے نام پر منسوب ہے۔ اور کچھ اشعار اپنے متعلق ہیں مگر عطاء اللہ اور لطف اللہ دونوں کے بیانات سے یہ ضرور واضح ہوتا ہے کہ اس خاندان کا تعلق خصوصیت کے ساتھ داراشکوہ کے ساتھ تھا۔ شفیع نگینوی کے متذکرہ بالا الفاظ کے مطابق احمد معمار نے داراشکوہ کے لیے آصف خاں کے محل لاہور کے زائد حصے تعمیر کیے تھے۔ خلاصۃ الحساب کا دیباچہ یہ ہے:

حمد

شکر بے حد بواحد ازلی — حمد بے حد بعز و لم یزلی
آں خدائے کہ قسمت ہر فرد — رقم اندر سطور نامیہ کرد
پادشاہِ ممالک جبروت — خالقِ خلق و مالک ملکوت

نعت

بر محمدؐ صلوٰۃ نامحصور — باد تاج زر باشد مجزور
ذات او در مدارج ایجاد — چوں یکے در مراتبِ اعداد
فضل کل از جمالِ او پیدا — عقلِ کل در کمالِ او شیدا
از خدا بر وی و صحابہ وی — صلوٰۃ سلام پی در پی

در مدح شاہ شہاب الدین شاہجہاں

بعد نعت رسولؐ و حمد اللہ — نہ سزد جز دعای دولتِ شاہ
سایۂ رحمت الٰہ جہاں — شاہ آفاق گیر شاہجہاں
باسط مسند طغر بزمیں — بو المظفر شہاب دولت دیں
نائب مصطفیٰ باستحقاق — بادشاہ جہاں علی الاطلاق

رستمانِ جهان فگنده او — صد چو افراسیاب بنده او
خامه اوست رایت منصور — که نویسد بشش جهت منشور

صفت شهزاده داراشکوه

بعد الحمد این سبیکه ماه — شد مجلی بنام داراشاه
نیر اعظم سپهر کمال — بادشاهزاده بلند اقبال
قطب آفاق سرور عادل — شاه داراشکوه یار دل
فخر دنیا و دین پناه جهان — شرف دودمان شاهجهان
تا بود بر فلک مه و خورشید — آن سپهر دین سپهر بود جاوید
بانی قصر دولت و اقبال — دردریائے رفعت و اجلال
قرت العین دیده هستی — حلم عالم ز بردستی
بر شکوهش قبای دریا تنگ — کوه در وزن حلم او پاسنگ

اظهار عجز حال مصنف این کتاب

میکند نظم این خلاصه راز — بنه مقدم بکمال نیاز
خانزاده غلام حضرت شاه — ذرهٔ بے نوا عطاء الله
پور استاد احمد معمار — که هنر بود مر کزه او پرکار
آن وحید جهان که در هر فن — بود برهان قدرت ذوالمنن
آن هنر پیشه کز سر تیشه — زنگ بردی ز روی اندیشه
بود هر جزو از هنر این راه — گشت معمار کل این درگاه
ورنه هر خسته چو من عامی — اندرین باغ کی شود نامی
سنگ این آستان گوهر یار — جوهر بخت را بود معمار
من که از بندگان درگاهم — خانه زاده کمینه شاهم
گرچه نادان و گول و بے هنرم — منقبت خوان شاه بحر و برم

پدر

نشناسم سیاہ را ز سپید　　خاصہ بر لطف بادشاہت امید
کاندریں درگہ غریب نواز　　درِ رحمت ہمیشہ باشد باز

ان اشعار کے بعد کتاب کا اصل موضوع "صفت عدد و شروع کتاب" کے عنوان سے ہوتا ہے اور متذکرۂ بالا اشعار سے یہ ضرور واضح ہے کہ شاہجہاں زندہ تھا اور داراشکوہ اس وقت اسم بامسمّی بلند اقبال تھا۔ "صفت داراشکوہ" میں سے چند اشعار حذف کر دیے گئے ہیں اس میں اس کے دو لڑکوں سلیمان شکوہ اور سپہر شکوہ کا بھی ذکر ملتا ہے۔ اور اس سے یہ بھی بالوضاحت ملتا ہے کہ احمد معمار شاہی ملازمت میں منسلک تھا۔ یعنی اسے شاہجہاں نے معمار کل لکھا ہے جس میں بے شک تاج محل بھی آجاتا ہے جسے لطف اللہ نے اپنے باپ کی طرف منسوب کیا ہے۔ اور عطاء اللہ نے اپنے متعلق صراحت سے لکھا ہے کہ میرا بھی اسی درگاہ شاہجہانی سے تعلق ہے۔ (۱)

حالات سے معلوم ہوتا ہے کہ عطاء اللہ رشدی عالمگیر کے زمانہ میں بھی شاہی ملازمت سے منسلک رہا کیونکہ جب دلرس بانو بیگم رابعہ دورانی زوجہ اورنگ زیب کا انتقال ہوا تو ضرورت محسوس ہوئی کہ اورنگ آباد میں ایک تاج محل کے مثل روضہ تعمیر کیا جائے لہٰذا یہ کام عطاء اللہ معمار کے سپرد ہوا۔ فن کے اعتبار سے یہ عمارت بھی انہی روایات کی حامل ہے اور یہ روضہ بالکل تاج محل کی نقل ہے۔ اور کوشش کی گئی ہے کہ ویسا ہی تعمیر ہو۔ اگرچہ وہ بات حاصل نہیں ہوئی تاہم ظاہری صورت میں تاج کا تصور ضرور آتا ہے۔ اس پر خوش قسمتی سے کتبات موجود ہیں جن سے واضح ہے کہ اس کا معمار عطاء اللہ تھا۔ جو مقبرے کے دروازہ پر پیتل کے ٹکڑے پر ہیں: (اگرچہ اس سے واضح نہیں کہ یہ عطاء اللہ، احمد کا لڑکا تھا)

۱- ایں دروازہ باہتمام رفعت پناہ ابوالقاسم بیگ داروغہ طیار شد
۲- ایں روضۂ منورہ در معماری عطاء اللہ بہ عمل ہیبت رائے طیار شد
} سنہ ۱۰۷۲ھ

لطف اللہ مہندس

کم و بیش تمام حالات خاندان احمد معمار لاہوری لطف اللہ مہندس کی مثنوی متذکرۂ بالا پر مبنی ہیں مگر اس کا نہایت مشہور علمی کارنامہ منتخب الحساب ہے جس کی ابتدا یوں ہے:

"الحمد للہ رب العالمین ..... امابعد می گوید فقیر لطف اللہ مہندس ابن استاد احمد معمار لاہوری

---

(۱) ۱۶

غفراللہ لہٗ و والدیہ و احسن الیہما والیہ کہ کتاب حساب را تصنیف است او محقق و تحریر مدقق شیخ بہاء الدین محمد بن حسن عاملی است رحمت اللہ تعالیٰ علیہ مشتمل است بر قواعد شریفہ و فوائد لطیفہ باشارت خلاصہ دودمان سیادت منتخب خاندان وزارت میر محمد سعید ابن میر محمد یحییٰ ادام اللہ اقبالہٗ و ضاعف اجلالہٗ ترجمہ کردم چوں آں نسخہ خلاصہ نام داشت این نسخہ را منتخب (۱۰۹۶ھ) نام نہادم نام تاریخ تالیف این رسالہ است ..... الخ"

لطف اللہ کی تصنیف رسالہ خواص اعداد چار مقالوں میں ہے اور یہ اس نے ابن سینا کے تتبع میں حساب لکھا ہے:

"الحمد للہ ..... اما بعد میگوید فقیر لطف اللہ مہندس متخلص بمہندس ابن استاد احمد معمار لاہوری کہ این رسالہ ایست کہ علم ارثماطیقی خواص اعداد و بداں اسعدک اللہ تصنیف پیش از کند اوج الزوج ..... شیخ الرئیس ....." (۱)

قبلہ سید سلیمان ندوی کے پیش کردہ دیوان لطف اللہ مہندس سے بہت سے امور پر روشنی پڑی ہے ہمیں اوراق تاریخ سے حاصل نہیں ہے۔ اشعار سے معلوم ہوتا ہے کہ اس نے دارا شکوہ کا محل بنوایا تھا ل کی تاریخ یوں نکالی ہے:

چوں بنا کردہ قصر جاہ و جلال — ظل حق بادشاہ عالی ملک
شیشہ این عمارت والا — تافت چوں مہر برحوالی فلک
گفت معمار قصر تاریخش — قصر دارا شکوہ والی ملک

مصنف کے لیے یہ ایک معمہ بن جاتا ہے کہ یہ عمارت کہاں واقع تھی۔ میرے خیال میں یہ وہی عمارت ی جو دارا شکوہ نے لاہور میں خانہ آصف کے سامنے دولتخانہ بنوائے تھے اور اس تمام عمارت کی تعمیر حمار، شفیع نگینوی کے بیان کے مطابق احمد خود ہے مگر اس سے تاریخ ۱۰۶۰ھ نکلتی ہے جب کہ احمد ت ہو چکا تھا۔ یہ ممکن ہے کہ لطف اللہ نے یہی عمارت بعد انتقال والد خود مکمل کی ہو۔ غرضیکہ اس ے دیوان میں بہت سے امور پر بالخصوص دارا شکوہ کے متعلق روشنی پڑتی ہے جیسا کہ قبلہ سید سلیمان ندوی صاحب

---

(۱) ۱۶

نے مفصل بحث کر دی ہے مگر ان امور کا تعین کہ نا قدرے مشکل ہے۔ غرضیکہ اس کا دیوان ایک نہایت عمدہ علم ادب کا مجموعہ ہے۔

لطف اللہ نے تذکرۂ دولت شاہ کا اختصار "آسمانِ سخن" کے عنوان سے نظم کیا اور اس نے "صُور صوفی" مصنفہ عبدالرحمٰن صوفی المتوفی ۹۷۶ھ کا ترجمہ اپنے باپ کے کہنے پر ۱۰۵۰ھ میں کیا جو ستاروں کے اشکال و صور پر ہے۔ اس کے مصور قدیم نسخے پیرس کے کتب خانہ ملی میں موجود ہیں جن سے قدیم مصوری پر روشنی پڑتی ہے۔ لطف اللہ اس قدر فاضل تھا کہ اس نے ایک رسالہ علم الاخلاق میں سحر حلال کے عنوان سے ۱۰۷۰ھ میں بے نقط تحریر کیا۔ یہ مختصر سا ہے اس میں اس نے عجیب پیرائے سے اپنے خاندان کا ذکر کیا ہے۔

ملا طغرا نے اپنے خاص انداز میں ایک رقعہ لطف اللہ کے نام پر لکھا ہے جس میں اس کے فنِ خطاطی ریاضی کی تعریف کرتا ہے اور لطف اللہ کے ارسال کردہ رسالہ نمونہ خطاطی کی رسید پیش کرتا ہے:

فیض از پی بلیغش ارزانی باد — حرفش ہمہ از علوم ربانی باد
یک جزو کشی در سگہ اول او — استاد دو صد معلم ثانی باد

غرضیکہ لطف اللہ مہندس ہر فن مولا تھا۔

نور اللہ (۱)

مثنوی لطف اللہ مہندس متذکرۂ بالا سے احمد معمار کے تیسرے لڑکے نور اللہ کا پتہ چلتا ہے۔ عام طور پر اس کا کوئی کام یا کارنامہ وضاحتہً نہیں ملتا۔ افسوس ہے کہ ہم نے اپنی یادگاروں کو بغور نہیں دیکھا۔ جن لوگوں نے دہلی کی جامع مسجد کو بغور دیکھا ہے اور اس کے گیارہ دروں کے کتبات کو بغور پڑھا ہے ان کو معلوم ہے کہ ان کے کاتب کا نام نور اللہ ابن احمد ہے۔ جس نے اپنے نام کو لطف اللہ کے اتباع میں نور اللہ احمد لکھا ہے۔ اس سے صاف واضح ہے کہ یہ شخص بر موقع تعمیر مسجد ہذا اپنے بزرگوں کے ہمراہ تھا اور کتبات لکھنے میں ماہر تھا جیسا کہ لطف اللہ نے خود بھی اپنی مثنوی میں اس کے متعلق لکھا ہے:

ما ہمہ معمار و عمارت گریم — ما ہمہ استاد و سخن پروریم

---

(۱) ۴۰ ص ۹/۲

گنج ہنر آمدہ در مشت او ہفت قلم راندہ سہ انگشت او

ان تمام متذکرۂ بالا بیان متعلقہ ہر سہ برادر اور والد احمد معمار سے ہم اس نتیجہ پر پہنچتے ہیں کہ یہ تینوں
ارت گری کے علاوہ دیگر علوم و فنون میں بھی یکتائے زمانہ تھے خصوصیت سے تصنیف و تالیف میں۔
فسوس یہ ہے کہ زیادہ حالات نہیں ملتے خاص کر معاصر کتب تاریخ میں کہیں ذکر نہیں ملتا۔ یہ نہایت دلچسپ
ر ہے کہ عطار اللہ نے تمام علوم اپنے باپ احمد سے حاصل کیے اور عطار اللہ سے لطف اللہ نے اور نور اللہ نے
طف اللہ سے یعنی یکے بعد دیگرے ایک دوسرے کے تلمیذ و استاد ہوتے رہے۔

عیسٰی و یوسف (۱)

ترکی مؤرخین نے دو معماروں کے نام یوسف و عیسٰی بیان کیے ہیں جن کو بابر بادشاہ اپنے ہمراہ ہندوستان
لایا تھا اور انہوں نے اس کی ہدایات کے مطابق بے شمار عمارات تعمیر کیں مگر افسوس اس امر کا ہے کہ ان کا
تم توزک بابری میں کہیں نہیں ملتا اور اس سے بھی انکار نہیں ہو سکتا کہ اسی نام کے دو معمار یوسف و عیسٰی ترکی
عمار سنان کے تلمیذ تھے۔ برلن لائبریری میں ایک مخطوطہ تذکرۃ الاولیاء فرید الدین عطار ہے جسے اتفاق سے
طف اللہ نے ۱۰۹۹ھ میں لکھا ہے اور اس نے اپنے دستخط یوں کیے ہیں: لطف اللہ بن احمد بن یوسف بن
سین بن عبد اللطیف جسے کسی محمد ثمر کے مکان پر تحریر کیا گیا ہے۔ قیاساً اگر لمحہ بھر کے لیے باور کر لیں تو ہم دیکھتے ہیں
ہندوستان میں ہمایوں کے زمانہ میں ایک معمار محمد یوسف نامی تھا جو دہلی کے کتبہ سے واضح ہے۔ چنانچہ اگر ہم برلن
کے مخطوطہ کے آخری الفاظ احمد بن یوسف اور دہلی کے کتبہ سلطنت بیجاپور کو تطبیق دیں تو ممکن ہے کہ احمد کا باپ
سف وہی تھا جسے بابر ہمراہ لایا تھا:

"این قلعہ مبارک بسال سلطنت پناہ، ابو المظفر ابراہیم عادل شاہ خلد اللہ تعالیٰ ملکہ و سلطنتہ
کارکرد محمد یوسف ۱۲ رمضان ۹۶۲ھ"

---

(۱) عیسٰی معمار ترکی الاصل سے متعلق بعنوان عیسٰی معمار کے تحت مفصل بیان کر دیا گیا ہے۔ د ۲۷ ص ۲۳

ر رہتا

استاد خدا قلی (۱)

دہلی میں نظام الدین اولیا کے احاطہ میں ایک مقبرہ شمس الدین محمد خاں غزنوی مشہور باتکہ خاں مربع سطح پر متوسط پیمائشوں مقبرہ ہمایوں دہلی کی تعمیر کے معاصر ہے ۹۷۴ھ میں تعمیر ہوا مگر مقبرہ ہمایوں سے کافی چھوٹا ہے تاہم سامانِ زیبائش پتھر کے کام وغیرہ کے لحاظ سے دونوں میں کم فرق ہے۔ خاص کر ان کے گنبد بالکل ایک ہی شکل کے ہیں۔ اس کے اندر اور باہر بہت سے کتبات نہایت عمدہ خط نسخ میں سنگ مرمر پر منبت کیے گئے ہیں اور اندرونِ گنبد گچ کاری کا اعلیٰ کام ہے۔ اس مقبرہ کے مشرقی دروازہ کی چوکھٹ پر ذیل کا کتبہ ہے جس سے اس کے معمار خدا قلی کا نام ملتا ہے:

"تمت ہذہ العمارۃ الشریفۃ فی سنہ اربع وسبعین وتسعمایۃ باہتمام استاد خدا قلی"

اور ان تمام کتبات کے کاتب کا نام باقی محمد بخاری ہے۔

میرے خیال میں تمام دہلی میں یہی ایک عمارت ہے جس پر معمار کا نام اس قدر وضاحت سے ملتا ہے۔

استاد ہروی (۲)

مآثر رحیمی میں ملتا ہے کہ آگرہ عرصہ سے سلاطین گورگان کا پایۂ تخت رہا ہے جنہوں نے یہاں بلند۔ خوبصورت و شاندار عمارات تعمیر کیں۔ معمارانِ روزگار میں ایک استاد ہروی معمار نادر روزگار تھا جس کی مدح میں مولانا وحشی بزدی نے اس کی قابلیت سے متاثر ہو کر اشعار میں عبدالرحیم خانخاناں کی عمارات کی تعریف کرتا ہے:

بنائے سرآب از نہادی — اساسش تا قیامت ایستادی
اگر با فلک کردی گل اندود — سر انگشتش نگشتی با گل آلود

مآثر رحیمی میں عبدالرحیم خانخاناں کی زوجہ کے مقبرہ دہلی نزد مقبرہ ہمایوں کی تفصیل دی ہے جس کے متعلق بیان کیا جاتا ہے کہ تھوڑے ہی عرصہ میں معماران و مہتمامان کار کے اہتمام سے دو لاکھ روپیہ کے صرفہ سے تیار ہوا، فنی حیثیت سے اس کی تفصیل اور روضہ ممتاز محل تاج کی تفصیل میں کوئی بڑا فرق نہیں ہے۔

---

(۱) ۵۴ ص ۷

(۲) ۳۵ ص ۶۰۰ - ۶۰۱ / ۲

خاص کر شکل گنبد اور زیر زمین سردابہ بلکہ پروفیسر کریسویل کا نظریہ ہے کہ یہ تاج کا اصل نمونہ ہے۔ میرا خیال ہے کہ یہ روضہ اسی استاد ہردی کا تعمیر کردہ ہے جس کی تعریف خاص طور پر کی گئی ہے۔ جب ۱۰۲۷ھ میں خانخاناں کا خود انتقال ہوا تو اس کو بھی وہیں اس کی بیوی کے پہلو میں دفن کیا گیا۔ یہ مقبرہ تمام سنگ سرخ کا بنا ہوا ہے۔ اور اس کے گنبد اور دیواروں کے اکثر مقامات سے پتھر اتار لیا گیا ہے جس طرح لاہور میں مقبرہ آصف خاں کے ساتھ واقع ہو چکا ہے۔ گنبد کی شکل کے اعتبار سے ہمیں کہنا پڑے گا کہ گنبد ہمایوں اور گنبد اتکہ خاں اس کے قدرے مشابہ ہیں مگر گنبد عبدالرحیم خان خانان ان سے زیادہ بلیب نما اور نوکدار جو تاج کے گنبد کے قدرے مشابہ ہے۔ غرضیکہ یہ حالات ہیں جن سے ہندوستان میں از روئے مقابلہ گنبد کے ارتقا کا مطالعہ کیا جا سکتا ہے۔

غلام علی و جعفر علی (۲)

آگرہ کے قدیم قبرستان واقع اعتماد پور سعد آباد کی پختہ سڑکوں کے مابین ایک ٹیلے پر چند پرانی قبریں آگرہ کے آباد ہونے کے وقت کی موجود ہیں جن سے سکندر اور ابراہیم لودھی کے عہد کی اس جانب آبادی کا پتہ چلتا ہے۔ ان میں سے مزار چہارم کے تعویذ کے اطراف میں آیۃ الکرسی بالعین پر اللہ تعالیٰ اور پائین پر تاریخ وفات معصومہ مرحومہ سعد بیگی بنت استاد غلام علی معمار سنہ نہصد و چہل و پنج (۹۴۵ھ) ملتا ہے۔ اور اسی طرح کیمبرج یونیورسٹی کی لائبریری میں ایک مخطوطہ کتاب اللوامع الربانیہ فی رد الشبہ النصرانیہ ہے اور اس کو کاتب نے یوں ختم کیا ہے:

"تمام شد ایں نسخہ شریف فی یوم الاربعا شہر شعبان المعظم ۱۰۳۱ھ حررہ العبد صدرالدین ابن جعفر علی معمار"

غرضیکہ ان دو معماران غلام علی اور جعفر علی کے اسمار اتفاقیہ ملتے ہیں مگر ان کے کاموں کا کچھ علم نہیں ہے۔

استاد حسن علی (۱)

خوش قسمتی سے عہد شاہجہانی میں ایک معمار استاد حسن علی کا بیان ملتا ہے جو کافی اہم معلوم ہوتا ہے اور اس کا کام زیادہ تر سرحد شمال مشرقی تک محدود رہا ہے۔ جب نواب سعد اللہ خاں بلخ میں نذر محمد کے خلاف برسرِ کار تھا۔ اس کے پاس شاہی فرمان پہنچا کہ فوراً استاد حسن کی خدمات سے استفادہ کیا جائے جو اس وقت کابل کی عمارات میں مصروف تھا اور اس کو فوراً کام پر لگا دیا گیا۔ ایک خط جو ملا عطاء الملک تونی کو خطاب کیا گیا ہے جس سے واضح ہے کہ ملا سعد اللہ ہدایت کرتا ہے کہ معماروں کو باغ اغرآباد دہلی کا مجوزہ نقشہ نہایت احتیاط سے مدنظر رکھنا

---

(۱) ۱۱۱ ۱۹۳۳-۱۹۳۴ء ص ۱۵-۱۶ (۲) ۳۴ ص ۹۰

ہیے جو بادشاہ سلامت نے بذاتِ خود پسند فرمایا ہے۔ ایک اور خط سے واضح ہے کہ سعد اللہ سے خاص طور پر
خواست کی گئی ہے کہ استاد حسن علی کو ارسال کر دے مع اپنے عملہ کاریگران کے آکر نہر باغ مذکور کو دیکھے اور
ی طرح ایک کتبہ کلیادیب گوالہ ریاست میں جہانگیر کے عہد کا موجود ہے جس سے استاد حسن کا نام ملتا ہے :

شکر اللہ

اورنگ زیب نے ایک خط اپنے ایک شہزادہ کو اورنگ آباد لکھا کہ اپنی والدہ ماجدہ نواب رابعہ دورانی
کے مقبرہ کی زیارت چوکیدار کی اجازت سے کرے اور اپنی ہمشیرہ کی قبر کی مرمت کرے جو اس روضہ کے باہر
سجد کے مقابل ہے۔ خاص اس مطلب کے لیے معمار شکر اللہ کی خدمات حاصل کرے۔

شاہجہان کے دربار میں ماہرینِ فنِ تعمیر

یہ ایک مسلمہ اصول ہے کہ ہر بادشاہ یا رئیس کوئی نہ کوئی خاص ذوقِ فن یا میلانِ طبع رکھتا ہے جس کی وجہ سے اس کے ارد گرد ویسا ہی ماحول پیدا ہو جاتا ہے اور وہ ماحول ہی زیادہ تر اس فن کے فروغ کا باعث ہوتا ہے۔ اور اس کے دربار میں بعض امرا بھی ایسے جمع ہو جاتے ہیں جو اپنے بادشاہ کے ذوق کو پورا کرنے اور فروغ دینے میں کماحقہ، عملی طور پر خاص دلچسپی لیتے ہیں۔ چنانچہ جب ہمیں شاہجہاں کے عہد کے فنِ تعمیر سے متعلق مجمل طور پر تحریر کرنا مقصود ہے جس کا ذوقِ تعمیر ضرب المثل ہو چکا تھا تو یہ بھی لازمی ہو جاتا ہے کہ اس کے چند ایسے امرا کے متعلق ضرور کچھ تحریر کیا جائے جنہوں نے خصوصیت سے شاہجہان کے اعلیٰ معیارِ فنِ تعمیر کے مطابق ماحول کو قائم رکھنے کے لیے خاص خاص تعمیرات کر کے حصہ لیا اور آج ان کے تعمیری کارناموں کا ذکر تاریخ فنِ تعمیر میں ناگزیر ہے۔ اور اس کے عہد کو چار چاند لگا دیے۔

آصف خاں

جسے عرفِ عام میں آصف جاہ بھی کہا جاتا تھا یہ ممتاز الزمانی کا والد اور نور جہاں کا بھائی تھا۔ شاہجہاں نے اسے یمین السلطنت کا خطاب دے رکھا تھا۔ اور اس کے عہد میں وزیرِ اعظم بھی تھا۔ اس کا لاہور میں ۱۰۵۱ھ میں انتقال ہوا۔ جہاں اس کا روضہ آج بھی مثمن سطح پر امرودی گنبد لیے شاہدرہ میں جہانگیر کے مقبرہ کے ساتھ ہی شالامار باغ کے مغربی طرف پر ہے اور اس عہد کا ایک شاہکار شمار ہوتا ہے۔ افسوس کا مقام ہے کہ اس کی تمام رنگین خوبصورتی کو سکھوں نے تباہ کر دیا ہے۔ آصف جاہ بذاتِ خود بہت بڑا ماہر تعمیر کار تھا جس کی وجہ سے اس کے ذمہ یہ فرائض تھے کہ تمام انجینئروں اور معماروں کو سرکاری حیثیت سے بادشاہ کے منظور شدہ عمارات کے نقشوں کو بادشاہ کی خاص ہدایات کے ساتھ گوش گزار کر کے ان کے سپرد کر دے۔ اس نے خود بے شمار عظیم الشان

عمارات دہلی، آگرہ، لاہور اور کشمیر میں تعمیر کیں جن پر اس نے تین کروڑ روپیہ کی رقم کثیر خرچ کی۔ اس کے علاوہ اس کے محل کا کسی قدر مفصل ذکر احمد معمار کے تحت بھی آچکا ہے جو بدقسمتی سے آج موجود نہیں ہے۔ (۱)

ملا شکراللہ المخاطب بہ افضل خاں شیرازی (۲)

یہ علوم و فنون میں یکتائے روزگار تھا۔ جب شیراز سے ہندوستان آیا تو سیدھا برھانپور عبدالرحیم خانخاناں سے ملنے کے لیے گیا جو اس زمانہ میں ایسے فضلا کے لیے مقناطیس کا حکم رکھتا تھا اور اس نے فوراً افضل خان کو اپنی مصاحبت میں لے لیا۔ جہانگیر کی وفات پر اس نے شاہجہان کے سریرآرائے تخت ہونے کے لیے کافی جدوجہد کی۔ شاہجہان نے اس کو میر سامان مقرر کیا اور اس کو افضل خان کا خطاب دیا۔ اس نے لاہور میں ایک حویلی تعمیر کی جس کا تاریخی نام افضل منزل رکھا (۱۰۳۸ھ) اور اس کے اختتام پر بادشاہ سے اس کے افتتاح کی درخواست کی۔ چنانچہ شاہجہاں نے اس کی درخواست کو پورا کیا۔ افضل خاں نے بادشاہ کی سواری کے راستہ سے لے کر عمارت کے دروازہ تک جو پچیس جریب کا فاصلہ تھا مختلف انواع کے قالین بچھائے تھے اور اس کے علاوہ عمارت کو خوب سجایا تھا۔ اس مکان کا لاہور میں آج پتہ لگانا کسی قدر مشکل معلوم ہوتا ہے۔ جس کی خاص وجہ یہ بھی ہے کہ کسی نے آج تک اس امر کی طرف توجہ نہیں کی حالانکہ یہ بہت اہم امر ہے۔ منشی چندربھان برہمن جو افضل خان کی ملازمت میں تھا اپنے ایک خط میں اپنے آقا افضل خان کو لاہور سے اس عمارت کی تعمیر اور کیفیت کام کی تفصیل پیش کرتا ہے:

"کمترین بندگان عقیدت کیش، دعاگو، خیراندیش چندربھان جس کی گردن میں بندگی کا رشتہ اور جس کی پیشانی پر غلامی کا چندن لگا ہے صاحب قبلہ حقیقی کی خدمت میں ذرہ کی طرح عرض کرتا ہے کہ خدمت فیض ولایت سے رخصت حاصل کرنے کے بعد جو دو جہاں کی سعادت ہے سفر طے کر کے عنایت الٰہی کے بدرقے اور قبلہ گاہی کی ظاہری و باطنی توجہ کے ساتھ جو ہر وقت ہر جگہ اس نیازمند کے شامل حال ہے دارالسلطنت لاہور پہنچا جو اپنی آب و ہوا کی مختلف خوبیوں کی وجہ سے جنت الماوا کا مقابلہ کرتا ہے خدا کی درگاہ میں شکر کے سجدے بجالاکر نواب خدائیگانی کی عمر و دولت کی زیادتی کی دعا میں مشغول ہوا اور جنت نظیر عمارتوں کا جو حسن مکان اور وسعت فضا اور قسم قسم کی آرائش اور آراستگی کے اقتضا سے بہشت کی یاد دلاتی ہیں ملاحظہ کیا۔ ہر مکان اور ہر منزل میں نواب معلی الالقاب کے اوصاف و محامد کو ورد زبان بنایا۔ خلدنشان عمارتوں کے اہتمام میں عمارتوں

---

(۱) ۳۵ ص ۱۵۱ (۲) ص ۲۵۹-۲۶۱ و ۹۳ ص ۱۷

کے مہتمم و متصدی ایشر داس نیک خدمتی اور حسن سلیقہ کا اظہار کرتے ہیں۔ امید ہے کہ عنقریب قدوم سعادت لزوم کے اثر سے ان اعلیٰ مکانوں کو رشکِ بریں بنائیں گے اور سالہا سال تک قسم قسم کی عشرت و شادمانی اور کام بخشی کے ساتھ بسر کریں گے۔ دولت و اقبال دائماً باد۔"

اب ان تمام حالات سے اس عمارت کی عظمت کا اندازہ خود بخود ہی ہو جاتا ہے۔ افضل خاں ۱۰۴۸ھ میں بمقام لاہور فوت ہوا۔ یہ شخص ریاضی، شعر و شاعری، علوم نجوم اور عمارات میں یکتائے روزگار تھا۔ تاریخ میں اگرچہ کہیں نہیں ملتا کہ یہ کہاں دفن ہوا مگر میں قرینے سے یہی سمجھتا ہوں کہ یہ لاہور ہی میں اپنی تیار کردہ عمارت کے اندر ہی دفن ہوا۔ لوگ اکثر آگرہ کا چینی کا روضہ افضل خاں کا مقبرہ بیان کرتے ہیں جو واقعی بذاتِ خود ایک شاہکار فن تعمیر ہے۔ اگر آگرہ میں چینی کے کام کو ہی معیار عمارت تصور کیا جائے تو یہ تاج سے اس ضمن میں سبقت رکھتا ہے۔ یہ اعتماد الدولہ کے آگے ایک میل کے اندر جمنا دریا کے کنارے پر واقع ہے۔ میرا اپنا ذاتی خیال ہے کہ لاہور میں نوئیں کوٹ کی جو عمارات ہیں وہ افضل خاں کی افضل منزل کے آثار ہیں اور اس کے درمیان میں اس کی قبر ہے جس پر ایک اہرام نما گنبد بھی ہے۔ جسے لوگ غلطی سے زیب النسا کی قبر کہتے ہیں جو سراسر غلط ہے کیونکہ وہ دہلی میں مدفون ہے۔

حکیم علی الدین[1] المخاطب بہ وزیر خاں

چنیوٹ اس کا گھر تھا اور اپنے پیشہ حکمت کی وجہ سے بہت مشہور تھا جس کی وجہ سے یہ شاہجہاں کی ملازمت میں اس کے ایام شہزادگی سے ہی تھا۔ اول اول وہ داروغہ افواج تھا جس کے بعد وہ خان سامان اور اتالیق مقرر ہوا۔ جب شاہجہاں تخت نشین ہوا تو اس کے عہدہ میں بھی اضافہ ہوا۔ ۱۶۲۳ء میں وہ پنجاب کا صوبہ دار مقرر ہوا جس کے فوراً بعد وہ اکبرآباد کا صوبہ دار بھی مقرر ہوا جہاں اس کا انتقال ہوا۔ اس نے پنجاب میں اپنے زمانہ صوبہ داری کے دوران میں اکثر موقعوں پر اپنی قابلیت تعمیر دانی اور اعلیٰ ذوق عمارات کا اظہار کیا جیسا کہ اس نے لاہور میں اپنے آباد کردہ چوک وزیر خاں میں ایک وسیع مسجد جامع ۱۰۴۵ھ میں تعمیر کی۔ جو اس وقت تک عہد مغلیہ کی دوسرے درجہ کی مسجد سمجھی جاتی تھی۔ اس کی کاشی کاری ضرب المثل ہے اور یہ اس کے ہر حصہ میں موجود

---

[1] علی الدین نام ہمیں ذخیرۃ الخوانین میں ملتا ہے اگرچہ بعضوں نے علم الدین لکھا ہے۔ ۳۵ ص ۹۳۳/۳

ہے۔ اس نے بازار سمیاں میں ایک اور مسجد اور اس کے ہمراہ ایک حمام تعمیر کیے جن پر بھی وہی اعلیٰ کاشی کاری کا کام کیا گیا۔ افسوس کہ مؤخرالذکر مسجد اپنی اصلی حالت پر موجود نہیں ہے اور نہ حمام موجود ہے۔ میں نے حمام کو اپنی اصلی حالت میں دیکھا ہے جو اپنی نوعیت کا ایک نمونہ فن تعمیر تھا اور اس سے مسلمانوں کے تمدن پر خاصی روشنی پڑتی ہے۔ اس نے اپنے وطن چنیوٹ میں مسجد، شہر پناہ، سرائے، شفاخانے، بازار، حوض، چاہ، باغات وغیرہ تعمیر کیے تھے۔ غرضیکہ اس نے ان اعلیٰ عمارات سے ایک خاص شہر بنا دیا جو اپنی نوعیت میں خاص تھیں۔ اس نے اپنے نام پر ایک اور شہر وزیر آباد قائم کیا جو آج گوجرانوالہ کی تحصیل ہے۔ جب ممتاز کا برہانپور میں انتقال ہوا تو وزیر خاں بہ حیثیت طبیب شاہی وہیں موجود تھا بلکہ وفات کے بعد بھی مرحومہ کی نعش کو اکبرآباد شہزادہ شجاع کی معیت میں لانے میں شریک تھا۔ غرضیکہ جب روضہ تاج محل کی بنیاد رکھی گئی تو اس وقت بھی موجود تھا۔

فاضل خاں ملا علاء الملک تونی (۱)

علوم و فنون میں یہ ایک ہمہ گیر قابلیت کا آدمی تھا۔ خاص کر علوم ریاضیہ میں اس کا کوئی ثانی نہیں تھا جن میں یہ ضرب المثل تھا اور اسے ملکۂ تقریر خوب حاصل تھا جس سے سامعین کو مسحور کر دیتا تھا۔ شاہجہان کے ساتویں سال عہد میں ایران سے تشریف لایا اور ان علوم و فنون میں وہیں تکمیل کر کے آیا تھا۔ اول اول وہ آصف خاں کی ملازمت میں داخل ہوا۔ شاہجہان کے تیرھویں سال جب علی مردان خاں شہر لاہور کو کامیاب بنانے میں ناکامیاب رہا تو اس کو بحیثیت ماہر مہندس انہار اس کام کے لیے انتخاب کیا گیا۔ اس نے محض پانچ کروہ نہر علی مردان خاں کو رہنے دیا اور شہر کے طرف اس نے از سر نو دریائے راوی سے پچیس کروہ فاصلہ کی نہر تعمیر کی جو کامیاب رہی۔ یہ خان سامان اور اس کے بعد میر سامان مقرر ہوا اور اسے فاضل خاں کا خطاب دیا گیا۔ یہ اپنی ذاتی قابلیت کی وجہ سے اس قدر ہر دلعزیز ہوا کہ اورنگ زیب نے اسے راجہ رگھوناتھ کی وفات پر اپنا وزیر اعظم مقرر کیا مگر بدقسمتی سے یہ اس عہدہ کو بوجہ مرگ ناگہانی محض ایک ہفتہ سنبھال سکا یعنی ۱۰۷۳ھ میں اس کا انتقال ہوا۔ خاص کر تعمیرات کے ضمن میں یہ ضروری معلوم ہوتا ہے کہ ۱۰۵۱ھ میں آصف خاں کی وفات کے بعد شاہجہان نے اسے منظور شدہ نقشوں وغیرہ کے متعلق معماروں و مہندسوں کو ہدایات دینے کے لیے اس کی جگہ مقرر کیا جسے اس نے نہایت احسن طریق پر ادا کیا۔

---

۳۶ (۱)

بر الامرا علی مردان خاں

تاج محل کے بیان میں علی مردان خاں کا ذکر ضروری معلوم ہوتا ہے کیونکہ مسٹر فرگسن کی مشہور تالیف ہندوستانی تعمیر کی تاریخ میں جہاں تاج محل کا ذکر ہے وہاں ڈاکٹر برگیس نے ایک حاشیہ میں لکھا ہے :

"..... اغلب ہے کہ تاج محل کا نقشہ علی مردان خاں ایک ایرانی مہاجر نے بنایا۔"

اسی طرح علی مردان خاں کی ایک تصویر قلعہ دہلی کے عجائب گھر میں ہے جو فنی حیثیت سے معاصر معلوم ہوتی ہے کے نیچے انگریزی میں لکھا ہے :

"..... اس کے متعلق بیان کیا جاتا ہے کہ اس نے ہندوستانی فن تعمیر میں امرود نما تاتاری گنبد رائج کیا جس کی مثالیں جامع مسجد دہلی اور تاج محل آگرہ میں دیکھی جا سکتی ہیں۔"

تاریخی اعتبار سے یہ امور اہم نظر آتے ہیں مگر بالکل بے بنیاد ہیں کیونکہ علی مردان خاں کے ہندوستان میں (۱۶۳۷ء) میں آنے سے قبل تاج نصف سے زیادہ تعمیر ہو چکا تھا بالخصوص اس کا گنبد مکمل ہو چکا تھا۔ اور امرود نما گنبد اس سے بھی قبل مغل اپنی عمارات میں استعمال کر رہے تھے جس کی اکثر مثالیں موجود ہیں۔ بہر حال اس سے علی مردان خاں کی شخصیت فن تعمیر میں متمیز ضرور نظر آتی ہے۔

علی مردان خاں کا والد گنج علی خاں ازبک قبائل کا کرد اور شاہ عباس کا ملازم تھا۔ اور ایام طفولیت سے ہی اس نے ازبکیہ خراسان اور گرد و نواح کی لڑائیوں میں بہادرانہ خدمات انجام دی تھیں۔ اس کے انتقال کے بعد اس کا لڑکا علی مردان خاں جانشین ہوا۔ ادھر شاہجہان کی آنکھیں حصار قندھار پر لگ رہی تھیں وہ چاہتا تھا کسی طرح اسے تسخیر کرے۔ چنانچہ اس نے شاہجہاں کی اطاعت قبول کر لی اور ۱۰۴۸ھ میں عازم لاہور ہوا اور بہت تزک و احتشام سے خیر مقدم کیا گیا۔ بادشاہ بھی اس وقت لاہور میں مقیم تھا۔ لاہور میں اعتماد الدولہ کی حویلی سکونت کے لیے عطا ہوئی۔ بادشاہ نے اس کے ہمراہیوں کو بھی اعزاز سے سرفراز کیا اور اس کو صوبہ کشمیر و پنجاب کا صوبہ دار مقرر کیا۔

خاص کر وہ عمارتیں جو شاہجہانی عہد میں علی مردان خاں کے اہتمام میں تعمیر ہوئیں ان میں کاشی کاری کے زیادہ اور بہت سی وسط ایشیائی فن کی خصوصیات پائی جاتی ہیں۔ اس ضمن میں پنجاب زیادہ ممنون احسان ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ علی مردان خاں نے فن تعمیر وراثت میں پایا تھا۔ قندھار میں اب تک ایک باغ

س کے والد گنج علی کے نام منسوب ہے۔ ممکن ہے قندھار اور کابل میں اور عمارتیں بھی اس خاندان کی یادگار ہوں۔ مختلف
کتابوں میں متفرق حالات ملتے ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ اس نے ہندوستان میں بہت سی عمارتیں بنائی تھیں۔

جب یہ لاہور میں تھا تو اس نے شاہجہان کے روبرو ایک تجویز پیش کی کہ اتفاق سے میرے ہمراہ ایک ماہر
سار ہے اور وہ اس امر کا عہد کرتا ہے کہ دریائے راوی جہاں سے ہموار جگہ پر آکر بہنا شروع ہوتا ہے وہاں سے
ک نہر کاٹ کر لاہور تک لائی جائے جس سے خشک علاقہ ضلع گورداسپور، امرتسر و لاہور سیراب ہو جائیں۔ بادشاہ
ہ یہ تجویز پسند آئی اور فوراً ایک لاکھ روپیہ شاہی خزانہ سے منظور ہوا اور نہر کو مقام راجپور قریب نورپور سے کاٹنا
شروع کیا۔ مگر تھوڑے عرصہ میں معلوم ہو گیا تھا کہ یہ تجویز کامیاب ثابت نہ ہوئی اور ایک لاکھ روپیہ اس تمام کام کے
یے کافی نہیں تھا تو اس کو ملا علاء الملک کی مدد سے ایک لاکھ روپیہ مزید دے کر کام کو باسلوب احسن سرانجام کیا گیا۔
راس سے شالامار باغ وغیرہ کو بھی پانی ملا۔ سنہ ۱۳۲۵ء میں ایک نہر جمنا دریا سے فیروز شاہ تغلق نے اپنے دارالخلافہ دہلی
سیراب کرنے کے لیے تیار کروائی مگر یہ کافی عرصہ سے بند ہو گئی تھی۔ جب شاہجہان نے سنہ ۱۰۴۸ھ میں شاہجہان آباد کی
یاد رکھی تو اسی فیروز شاہ کی نہر کو از سر نو نہایت عمدگی سے علی مردانخاں کے ذریعہ تجدید کیا اور اسی کی ایک شاخ چاندنی
ک تک لائی گئی جسے انگریزوں نے بند کر دیا ہے۔ گورنمنٹ گزٹ میں بالوضاحت ملتا ہے کہ روہتک و رچنا دوآب
یرہ نہر علی مردان خاں کی ہی جاری کردہ ہیں۔

اس کی دیگر عمارتیں مقبرہ شاہ برہان چنیوٹ میں جو ابھی تک موجود ہے۔ جالندھر کی تحصیل نور محل میں دکھنی سرائے
کے نمونہ کاشی کاری ہیں۔ ضلع گوجرانوالہ موضع سودھرہ میں اس نے شاہجہان کے حکم سے اپنے لڑکے ابراہیم کے نام
براہیم آباد کیا جو اب مٹ چکا ہے۔ میں نے اس مقام کو دیکھا ہے اب ٹیلہ سا رہ گیا ہے جس پر جدید سودھرہ آباد
ہے۔ جس زمانہ میں وہ کابل کا صوبہ دار تھا اس زمانہ میں اس نے پشاور کے قریب ایک باغ تعمیر کیا اور کابل میں
ک منڈی بنوائی جو آج تک فنِ تعمیر کا عمدہ نمونہ تصور کی جاتی ہے۔ پشاور میں اصفہان کے نمونہ پر ایک مسقف بازار
کیا اور اس کے کونوں پر مثمن برج بنوائے۔ اس کا ایک نقشہ اس نے مکرمت خاں شیرازی کو دہلی روانہ کیا جب کہ
ی کا قلعہ اور دوسری عمارتیں اس کی نگرانی میں تعمیر ہو رہی تھیں تاکہ مکرمت خاں اس نقشہ سے ان عمارتوں میں فائدہ
ا سکے۔ جب وہ بحیثیت صوبہ دار پنجاب کشمیر گیا تو وہاں اکثر عمارتیں بنوائیں۔ چنانچہ شہر میں ایک ایسی سنگین، پاکیزہ
خوش منظر حویلی تعمیر کرائی جو راہ گذر کے لیے اس کی ایک بے مثال یادگار ہے۔ اس میں نہایت عمدہ جا بجا آبشار اور
ے ہیں۔ پرگنہ بھاگ موضع تیل بل میں ایک باغ مع پختہ چہار دیواری تیار کرایا اور اس کی سیرابی کے لیے پہاڑ سے نہر

ٹ کرلائی گئی اور اس میں بہت بڑے بڑے حوض بنوائے۔ ایسے حوض کشمیر میں اس سے پیشتر کسی باغ میں نہیں پائے تے تھے۔ تھوڑے ہی عرصہ میں اس باغ کو میوہ دار درختوں سے بھر دیا۔ اس کو معلوم ہوا کہ مسافر اکثر ایسی جگہ پیدل کرتے ہیں جہاں کوئی قیام گاہ نہیں ہے اور راستہ دشوار ہے اس لیے اس نے کوہ پیر پنجال میں ایک سرائے بنوائی بارہ مولا کے راستہ میں حضرت علیؑ کے نام پر موضع علی آباد کیا۔ کشمیر کے ان راستوں کو جن پر مسافر ہلاکت کے خوف سے ل سے سفر کرتے تھے درست کرایا۔ غرض کشمیر کے دشوار گذار راستوں کو مسافروں کے لیے بہت آرام دہ بنا دیا۔ نورنگر ع شاہجہان پور میں ایک شکار گاہ بنوائی۔ اس کی تعمیرات میں اکثر پُل بھی ہیں جس کی ایک عمدہ مثال کابل میں کابل دریا پر خ پل کے نام سے موسوم ہے۔ جس پر اس کے نام کا کتبہ موجود ہے:

سالِ تاریخش جو جستم از خرد دا دایں جواب بانیٔ ایں پُل علی مردان شد از لطفِ مجید

جب وہ لاہور میں تھا تو اس کی والدہ کا انتقال ہوا۔ اس نے اس کا ایک نہایت عالیشان مقبرہ شالامار کی سڑک پر یا جواب بھی ریلوے ورکشاپ کے قریب مغل پورہ انجینئرنگ کالج کے سامنے نظر آتا ہے۔ اور جب وہ خود ۱۰۶۶ھ فوت ہوا تو اس کو بھی وہیں دفن کیا گیا۔ اس گنبد اور آصف خاں کے گنبد میں کافی مماثلت ہے۔ (۱)

حوالہ جات متعلق علی مردان خاں :-

۶۴ ص $\frac{۳۰۶}{۲}$ و ۳۰ ص $\frac{۱۱۰-۱۱۱}{۲}$ و ۳۶ ص $\frac{۱۵۹-۱۷۰}{۳}$ و ۱۱۰ ص $\frac{۹۲}{۱۰}$ و ص $\frac{۳۶۹}{۱۶}$

$\frac{۳۲۸}{۳۲}$ ص $\frac{۱۶-۱۷}{۷}$ و ۱۱۹ ۱۹۳۹ء

منتظمانِ تعمیرِ تاج

تاج محل کی معاصر تفصیل میں جو اوپر درج ہو چکی ہے اس میں دو اسماء میر عبدالکریم اور مکرمت خاں ملتے ہیں جن کے زیر نگرانی یہ تعمیر ہوا اور شاہجہان نے ان کو کافی انعام واکرام ان کے اس حسنِ کارکردگی اور بوجہ تمام جان فشانی قابلیت عطا کیے۔ انھوں نے یہ تمام خدمات بحیثیت اعلےٰ مہندس اور ماہر فنِ تعمیر انجام دیں۔ مزید برآں اس سے ان اعلےٰ قابلیت اور حسنِ انتظام کا پتہ چلتا ہے کہ خود شاہجہاں جیسے ماہر تعمیرات نے ان کا انتخاب کیا اور ان کے خدمات سے مطمئن رہا۔

میر عبدالکریم جہانگیر کے زمانہ سے ہی ماہر تعمیر کار مشہور تھا۔ خاص کر اس کی قابلیت بحیثیت مہندس اعلےٰ مسلّم ہے کیونکہ اس کا ذکر اکثر جہانگیر اپنی توزک میں کرتا ہے کہ میرا ارادہ دکن جانے کا تھا اور میں نے عبدالکریم معموری کو مانڈو جانے کے لیے حکم دیا کہ وہاں جاکر میرے لیے جدید عمارات تیار کرے اور سابق بادشاہوں کی عمارات کی مرمت کرے:

"عبدالکریم معموری را کہ بجہت تعمیر عمارات حکام سابق دریاندو فرستادہ بودم مشارٌالیہ در مدتے کہ رایات اقبال اجمیر نزول داشت بعضے از عمارات قدیم کہ قابلِ مرمت نمودہ بعضے جاہا را مجدداً احداث نمود مجملاً منزلے ترتیب دادہ کہ غایت دہیچ جابداں نزاہت ولطافت عمارتے معلوم نیست کہ باتمام رسیدہ باشد قریب سہ لک روپیہ کہ دو ہزار تومان ولایت بودہ باشد صرف آں شد بایستے کہ ایں عمارت رفیع در شہرہائے رفیع کہ قابلیت نزول واجلال میداشت"[1]

اس کے بعد توزک میں ان تمام عمارات کی تفصیل مکمل دی ہے اور عبدالکریم کے کام کو نہایت خوبی سے بیان ہے اور اس کو اس حسنِ کارکردگی کے صلہ میں جہانگیر نے معمور خاں کا خطاب دیا ہے:

---

[1] توزک، ص ۱۸۰، ۱۸۲، ۱۸۳

"عبدالکریم را بہ جلدوی عمارات مانڈوکہ بحسن سعی واہتمام او باتمام رسیدہ بود بر منصب ہشت صدی ذات چہار صد سوار از اصل واضافہ سرفراز ساختہ بخطاب معمور خانی بلند نام گردانیدم۔"

غرضیکہ میر عبدالکریم اپنے فن مہندسی میں خوب شہرت رکھتا تھا اور اسی عہد میں ہم پھر اس کا ذکر اقبال نامۂ جہانگیری میں لاہور کے قلعہ کی عمارات کے ضمن میں ملتا ہے جو اس نے تعمیر کیں:

"پنجم شہر محرم ہزار ودسی در ساعت مسعود در زمان محمود بدولت خانہ دار السلطنت کہ مجدد باہتمام معمور خاں میر عمارت حسن سرانجام پذیرفتہ بمبارکی وخرمی نزول اقبال ارزانی فرمودند بہ اغراق منازل دلکشا و نشیمن ہائے روح افزا در غایت نزاہت ہمہ مصور ومنقش بعمل استادان نادرہ کار آراستگی یافتہ۔"

عہد جہانگیری میں عمارت قلعہ لاہور بالکل واضح ہے خاص کر اس کی پچھلی مصور دیوار جس پر اس قدر اعلےٰ تصاویر امرائے عہد کاشی کاری میں موجود ہیں کہ اس کا ثانی تلاش کرنا محال ہے اور یہی کام شاہجہاں کے عہد تک غالباً جاری رہا کیونکہ اندرون دروازہ قلعہ پر ہم ایک کتبہ خطِ نستعلیق میں پاتے ہیں جس میں عبدالکریم کا نام موجود ہے اور اس کی تاریخ اختتام ۱۰۴۱ھ ہے جسے کسی قدر اور جگہ بھی ان اوراق میں بیان کیا گیا ہے وہ کتبہ حسب ذیل ہے:

بندہ یکدل مرید معتقد عبدالکریم — بعد اتمام عمارت یافت ایں تاریخ سال
دائما چوں دولت ایں بادشاہ جم سپاہ — ایں ہمایوں برج عالی باد از آفت زوال

۱۰۴۱ ہجری ۴ جلوس (۱)

لاہور کے قلعہ میں جو شاہجہاں نے جدتیں کیں وہ لاہور کے قلعہ کے مثمن محل یعنی شیش محل یا شاہ برج سے عیاں ہیں اور یہ سب عبدالکریم کے ہاتھوں سرانجام ہوا اور اس کی تعمیر کے بعد آگرہ میں تبدیل کر دیا گیا جیسا کہ عمل صالح میں ملتا ہے:

"میر عبدالکریم بخدمت داروغگی عمارت دار الخلافہ سربلندی یافتند۔" (۲)

یعنی خاص کر روضہ ممتاز کی تعمیر کے لیے یہ تبادلہ عمل میں آیا اور اسی زمانہ میں تاج کی تعمیر کی ابتدا ہوئی تھی جسے اس نے عمدگی سے سرانجام دیا جس کا بیان وضاحت سے عمل صالح اور بادشاہ نامہ میں ملتا ہے۔ شاہجہاں کے اکیسویں سال جلوس میں میر عبدالکریم کا انتقال ہوا اور اس وقت وہ منصب ہزار، پانصدی دو صد سوار پر سرفراز تھا۔

علامہ رشید شیرازی المخاطب بہ مکرمت خاں ایران سے جہانگیر کے عہد میں آیا اور یہ خاندانی اعتبار سے فن تعمیر میں ماہر

---

(۱) لطیف لاہور ص ۱۹۲ (۲) ۳۰ صد ۲۸۵

تھا۔ اسے ابتدا سے ہی عہد شاہجہانی میں خدمتِ دیوانی بیوتات اور منصب ہزاری دو صد سوار سے عزت بخشی گئی۔ چوتھے سال عہد شاہجہاں میں جب محمد علی بیگ ایلچی ایران آگرہ آیا تو مکرمت خاں کو آگرہ سے مالوہ تک لانے کے لیے مقرر کیا گیا اور قلعہ اکبر آباد کی حراست بھی اسے اسی سال سپرد ہوئی۔ اور باقی بیگ قلماق کو جب نواحی دتیہ میں جنگلوں میں تلاشِ دفائن کے لیے مامور کیا گیا تھا تو مکرمت خاں ہمراہ تھا۔ مگر اس سے پیشتر آگرہ میں روضہ تاج محل کی تعمیر کی دیکھ بھال اس کے سپرد ہو چکی تھی کہ جسے اس نے میر عبدالکریم کے ہمراہ بحیثیت حاکم آگرہ تعاون کیا جیسا کہ معاصر کتب میں آتا ہے مگر جب ۱۰۴۸ھ میں شاہجہاں نے شاہجہاں آباد کی بنیاد رکھی اور کام شروع ہوا تو اسے بھی غیرت خاں کے بعد یہاں کا حاکم بنایا گیا۔ غرضیکہ تمام نئی تعمیر شاہجہاں آباد اس کے اہتمام کے تحت ہوئی اور اس نے ان عمارات میں کافی دلچسپی لی۔ چنانچہ جب علی مردان خاں نے پشاور میں ایک مسقف بازار بدستور ایران تعمیر کیا تو اس کا نقشہ اسے دہلی ارسال کیا تاکہ وہ وہاں ایسا ہی تعمیر کرے: (۱)

"پشاور اگرچہ اصل عمارت ہای آنجا کہ بدستور ایران ساختہ بودند خوش ننمودند امارستہائے بازار کہ علی مردان خاں موافق دستور اصفہان مسقف ساختہ بکمال صفا چہار سوی بازار را بطرح مثمن بغدادی آراستہ بود بسیار مرغوب طبع افتاد و فرمودند کہ نقشہ نمونہ آں نزد مکرمت خاں ناظم دہلی کہ اہتمام قلعہ نو احداث شاہجہاں آباد کہ مفصل بزبان خامہ وارد خواہد شد۔"

دہلی یعنی شاہجہاں آباد کی مفصل تفصیل یہاں ان صفحات میں الگ دی جاتی ہے۔ قلعہ کی تفصیل میں اس مسقف بازار کا ذکر بھی ملتا ہے۔ غرضیکہ مکرمت خاں کو تعمیرات کا بہت شوق تھا خاص کر ایک تو اپنے آقائے ولی نعمت شاہجہاں کے اعلےٰ ذوق اور شغف کی وجہ سے دوسرے اس کا ذوق زیادہ تر ایرانیت پسند تھا۔ اس لیے ممکن ہے اور بھی بیشمار عمارات اس کے اہتمام سے تعمیر کی گئی ہوں۔ چنانچہ ایک مسجد قلعہ کہنہ دہلی کے باہر درگاہ حضرت نظام الدین اولیاء کے مشرقی دروازہ کے جانب تعمیر کرائی جس کا کتبہ حسب ذیل تھا:

در زمان شہ غریب نواز — داد دین پناہ پاک نفس
شاہ انجم سپاہ شاہجہاں — کہ جہاں را ز داست زینت و بس
بندۂ اخلاص خاں والا قدر — مکرمت خاں مربی ہر کس

---

(۱) ۳۰ صہ ۲۹/۳

بختار فرشتہ طینت ساخت　　مسجد ہمچو گنبد اطلس
آمد از غیب سالِ آغازش　　خانہ کعبہ قبلہ اقدس

۱۰۵۵ھ

۱۰۵۵ھ میں دہلی کے لال قلعہ کی عمارات اختتام کو پہنچ گئی تھیں جن کا خود شاہجہاں نے ملاحظہ کیا اور ان کے متعلق یوں ملتا ہے:

"..... و بعد از فراغ شکار سوم ذی حجہ داخل نور گدھ شدہ فردای آں بسیر عمارات شاہجہاں آباد پرداختہ تصرفات شایاں و نمایاں کہ بخاطر مبارک رسید خاطر نشانِ مکرمت خاں و معماراں نمودہ حکم فرمودند کہ تا مراجعت لشکر جاہ و جلال از اکبر آباد و رسیدن بیست و چہارم ربیع الاول کہ ساعت ورود اشرف دریں دولت خانہ است این عمارات دل کش باید کہ زیب و زینت تمام باتمام رسید و بنا بر مزید تاکید عاقل خاں و آقا یوسف را نیز در اہتمام شریک مکرمت خاں نمودند۔"

عہد شاہجہانی میں یہ پنج ہزاری منصب اور چار ہزار سوار دو اسپہ پر سرفراز تھا۔ اکیسویں سال عہدِ شاہجہان میں دہلی کی عمارات اختتام کو پہنچیں اور اس کا انتقال ۲۲ سال جلوس میں ہوا۔

غرضیکہ یہ دونوں میر عبدالکریم اور مکرمت خاں فن تعمیر میں اس قدر اعلیٰ قابلیت رکھتے تھے کہ شاہجہاں نے ان کو روضہ تاج محل کی تعمیر کی نگہداشت کے لیے انتخاب کیا۔ ان کی یہ قابلیت مندرجہ بالا بیانات سے بکل واضح ہے۔ ان کو اس خدمت کے عوض شاہجہاں نے گراں بہا انعام و اکرام سے سرفراز فرمایا۔

کتبات و کتابہ نویس

یہ عام طور پر بیان کیا جاتا ہے کہ تاج محل پر تمام قرآن کریم کتبات میں کندہ کر کے سنگ موسیٰ کے حروف کاٹ کر بھر دیے گئے ہیں۔ تمام قرآن تو نہیں مگر اکثر ضروری حصے روضہ کے اندر و باہر، مسجد و دروازہ وغیرہ پر کندہ ہیں۔ ان تمام کتبات کی مختصر تفصیل بحوالہ قرآن کریم ذیل میں بیان کر دی گئی ہے۔ ان تمام میں سے تین کتبات کے آخری حصوں میں نہایت اہم تاریخیں ۱۰۴۶ھ و ۱۰۴۸ھ اور ۱۰۵۷ھ ملتی ہیں۔ اور ان میں سے محض ۱۰۴۸ھ کے ساتھ جو اندرونِ گنبد ہے کاتب کا نام بھی ہے اور باقی کسی اور کتبہ میں سوا آیاتِ قرآنی کے کوئی اور تاریخی اطلاع نہیں ہے۔ (شکل ۵۱، ۵۲، ۵۳، ۵۴)

اوّل تاریخ ۱۰۴۶ھ روضہ کے باہر مغربی جانب "..... اِلّا یومئذٍ فی ۱۰۴۶ھ" ملتی ہے جس سے کم از کم ضرور معلوم ہوتا ہے کہ قریب قریب چار پانچ سال کے اندر اندر مقبرہ کا اکثر اتنا حصہ مکمل ہو چکا تھا۔ اور آخیر تاریخ ۱۰۵۷ھ صدر دروازہ کے اندرونی چہرے پر سورہ والتین کے اختتام پر یوں ملتی ہے "الحاکمین تمت بعونہ تعالیٰ ۱۰۵۷ھ" جس سے بالکل واضح ہے کہ یہ روضہ اس سال ختم ہوا جو زیادہ تر بالفاظ "بعونہ تعالیٰ" سے بھی واضح ہے جو عام طور پر اختتام پر ہی استعمال کیے جاتے ہیں

دوسری تاریخ جو اندرونِ گنبد اندر داخل ہوتے ہی شمال کے رخ مقرنس کے ذرا نیچے ہے یوں درج ہے: "تمفرون ثم بعونہ کتبہ الفقیر الحقیر امانت خاں شیرازی فی ہزار و چہل و ہشت ہجری سنہ مطابق دوازدہم جلوس مبارک" اس سے بعض اہم امور پر روشنی پڑتی ہے۔ اول یہ کہ یہ تاریخ اختتام محض روضہ ہے جو خالصاً مرمر کا بنا ہوا ہے اور دوسرا کاتب کا نام امانت خاں شیرازی ہے اور تیسرا یہ کہ محض مقبرہ کی عمارت قریب قریب آٹھ سال میں ختم ہو گئی تھی۔ جیسا کہ تفصیل روضہ میں درج کیا جا چکا ہے کہ روضہ کا افتتاح سترھویں عرس وفات حضرت ممتاز الزمانی ہوا جو ۱۰۵۷ھ سے مطابقت کھاتا ہے یعنی روضہ اس وقت کامل طور پر تعمیر ہو چکا تھا۔ اس

تفصیل کو معاصر مصنفین سے ۱۰۵۲ھ کے حالات میں درج کی ہے۔ جس سے کسی قسم کا تضاد واقع نہیں ہوتا اور نہ اس کو کوئی اہمیت دینی چاہیے۔

امانت خاں کا اصل نام عبدالحق بن محمد قاسم شیرازی تھا اور یہ علامی افضل خاں کا بھائی تھا۔ شاہجہاں نے اسے امانت خاں کا خطاب دیا تھا۔ بحیثیت اعلےٰ کتابہ نویس یہ جہانگیر کے عہد سے مشہور تھا کیونکہ اس کا نام سکندرہ روضہ اکبر آباد کے دروازہ کے بڑے کتبات میں جو خط نسخ میں ہیں۔ اندرونی اور بیرونی چہرۂ دروازہ پر یوں ملتا ہے "کتبہ عبدالحق بن محمد قاسم الشیرازی ۱۰۱۲ھ اور کتبہ عبدالحق الشیرازی فی ۱۰۱۲ھ" ملتا ہے۔ اور یہ کتبات مرمریں منبت کاری میں ہیں۔ آگرہ میں مسجد مدرسہ شاہی میں چند نہایت عمدہ کتبات مرمر پر منبت کاری میں ہیں اور یہ ۱۰۲۱ھ و ۱۰۲۵ھ کی تاریخوں کے ہیں۔ مؤسخ الذکر میں یوں ملتا ہے: "کتبہ عبدالحق مخاطب بہ امانت خاں شیرازی ۱۰۲۵ھ" یعنے اس وقت عبدالحق کو شاہجہاں سے امانت خاں کا خطاب مل چکا تھا۔ عمل صالح میں ملتا ہے:

"عبدالحق برادر افضل خاں مخاطب بہ امانت خاں برطبق فرمان ہمایوں بادشاہی بجہت تقدیم خدمت مہمانداری و ہمراہی محمد علی ایلچی از دارالخلافہ تا پانی پت شتافتہ ..... عزہ شعبان امانت خاں کہ خط نو آئینش رقم نسخ بر خط سبز خطان خط خوبی کشیدہ در جائزۂ کتابہ کہ در دول گنبد آسماں رفت مزار فیض آثار نواب مہد علیا نگاشتہ بود بعنایت فیل سربلندی یافت[1]"

متذکرۂ بالا عبارت کمبو سے دو امور پر روشنی پڑتی ہے۔ ایک تو یہ کہ سیاسی حیثیت سے بھی یہ خاصی اہمیت رکھتا تھا اور دوسرے اس کو کتبات لکھنے کی خدمت تفویض ہوئی تھی جس کے صلے میں اسے ہاتھی وغیرہ انعام میں ملے ویسے بھی یہ دربار شاہی میں ایک ہزار ذات و دو سو سوار سے سرفراز تھا۔

عہد شاہجہاں میں اس کا سولہویں سال ۱۰۵۲ھ میں انتقال ہوا اور ضلع امرتسر میں ایک سرائے میں مدفون ہے جسے اس نے خود اپنی زندگی میں تعمیر کرایا تھا اور آج بھی یہ سرائے اس کے اپنے ذاتی نام سرائے امانت خاں کے نام سے مشہور ہے۔ وفات سے کچھ عرصہ پہلے اس نے شاہی ملازمت سے سبکدوش ہو کر سرائے کو تعمیر کیا تھا اور یہیں مقیم رہا۔ (۲)

---

(۱) عمل صالح کمبو ص ۴۲۸/۱ و ص ۲۶۶/۲ و ۳۴ ص ۱۲۶ و ۳۰ ص ۴۲۸/۲ (۲) گیزٹ امرتسر ص ۱۰-۱۱

امانت خاں کے شاہی ملازمت سے سبکدوش ہونے کے بعد کئی سال تک تاج کی تعمیر جاری رہی اس سے ظاہر ہے کہ باقی کتبات کسی اور کاتب نے لکھے ہوں گے۔ خاص کر اندرون چہرۂ دروازہ تاج کے کتبہ کے ساتھ تاریخ ۱۰۵۷ھ واضح کرتی ہے کہ ضرور کسی اور کاتب نے بعد میں اس تمام کام کو سرانجام دیا مگر افسوس کا مقام ہے کہ کسی اور کاتب کا نام نہیں ملتا۔ مؤلف تذکرہ مخزن الغرائب نے ایک شاعر خواجہ غیاث الدین المتخلص بغارابی کا ذکر کیا ہے کہ جہانگیر کے عہد میں ہندوستان میں آیا اور یہ بہت بڑا کاتب تھا۔ اس نے خط نسخ و ثلث میں تاج محل میں مزار ممتاز پر کتبات لکھے۔ اسی طرح ممکن ہے کہ دیگر خطاط نے بھی وہاں کام کیا ہو۔

فنی اعتبار سے تاج کے چاروں چہروں کے کتبات پر ایک اعتراض بھی ہے۔ وہ یہ ہے ان کتبات کے اکثر حصص کو از سر نو ٹھیک کر کے بعد میں دونوں سفید و سیاہ مرمر کے ٹکڑے کاٹ کر خطاطی کے فن کی روح سے بھر دیا ہے۔ یہ تو ضرور ہے کہ فن کتابت کے اعتبار سے یہ کتبات خاصہ عمدہ ہو گئے ہیں مگر یہ بدنما داغ ضرور نظر آتے ہیں بشرطیکہ بغور دیکھا جائے۔

کتبات کی تفصیل صدر دروازہ سے شروع کی جاتی ہے:

۱- دروازہ کے بیرونی چہرہ پر۔ سورہ الفجر۔ بسم الخ - والفجر..... وادخلی جنتی

۲- دروازہ کے اندرونی چہرہ پر۔ سورہ والضحیٰ - بسم الخ - والضحیٰ..... فحدث

سورہ روم۔ سورہ الم نشرح۔ سورہ والتین۔ اس کے اخیر میں "تمت بعونہ تعالےٰ ۱۰۵۷ھ"

۳- اول جنوب رویہ حوالی روضہ - بسم الخ - یٰسٓ والقرآن .....

دوم مغرب رویہ حوالی روضہ وما لیٔ لا اعبد الّذی ..... معرضین

سوم شمال رویہ واذا قیل لھم انفقوا ..... فانی یبصرون

چہارم مشرق رویہ ولو نشاء لمسخنا..... والیہ تُرْجَعُوْنَ -

۴- حوالی پیش طاق روضہ چہار سو۔ اول جنوب رویہ بسم الخ والشمس کوّرت .... رب العالمین

دوم مغرب رویہ - بسم الخ - اذا السّماء انفطرت ..... یومئذٍ للّٰہ -

سوم شمال رویہ - بسم الخ - اذا السّماء انشقت ..... غیر ممنون -

چہارم مشرق رویہ - بسم الخ - لم یکن ..... حتی ربّہٗ

۵- اندرونی حوالی روضہ۔ سہ سورہ - بسم الخ - تبارک الذی .... بماءٍ معین دوم سورہ۔ انا فتحنا۔

بسم الخ - انا فتحنا لک ... عظیما - سورہ دھر - بسم الخ ھل اتی علی الانسان ..... لھم عذابا الیما

۶ - تربت ممتاز محل - تعویذ بالا کے سینہ پر - یا حی یا قیوم برحمتک استغیث ... حکیم -

تعویذ کے دوسری طرف - قال اللہ تعالیٰ .... ان الابرار لفی نعیم ..... علی القوم الکفرین -

تعویذ کے بالیں شمال رویہ - ھو اللہ ..... الرحیم -

تعویذ کے دوسری طرف بالیں پر : تاریخ مرقد منور ارجمند بانو بیگم مخاطب بہ ممتاز محل فی ۱۰۴۰ھ - اسی کے ہمراہ تعویذ بادشاہ شاہجہان پر

مرقد مطہر اعلیحضرت فردوس آشیانی - صاحب فرمان ثانی - بادشاہ طاب ثراہ وجعل الجنۃ مثواہ ۱۰۷۶ھ

۷ - تربت ممتاز محل اندرون تہ خانہ - اول بالیں تعویذ شمال رویہ ھو الذی .... الرحیم -

سمت دوم پائیں تعویذ جنوب رویہ

تعویذ کے سینہ پر - ھو الغفور الرحیم - قال اللہ تعالیٰ - تبارک وتعالیٰ قل یا عبادی الذین اسرفوا علیٰ انفسھم لا تقنطوا من رحمۃ اللہ - ان اللہ یغفر الذنوب جمیعا - انہ ھو الغفور الرحیم - کل نفس ذائقۃ الموت وانما توفون .... متاع الغرور - قل رب اغفر وارحم وانت ارحم الراحمین -

مرقد شاہجہان غازی اندرون تہ خانہ - مرقد منور مضجع مطہرہ بادشاہ رضوان دستگاہ خلد آرام گاہ اعلیحضرت علیین مکانی فردوس آشیانی، صاحب قران ثانی شاہجہان بادشاہ غازی طاب ثراہ وجعل الجنۃ مثواہ در ۱۰۷۶ھ وہفتاد و شش ہجری مقدسہ تاریخ بست و ششم از جہان فانی نزہت گاہ جاودانی انتقال فرمودند -

---

تعمیراتِ عالم میں تاج محل کا پایہ!

اس سے انکار نہیں ہو سکتا کہ ہر ملک و قوم کی اپنی خصوصیاتِ فنون اور ان کے شاہکار ہیں۔ مگر ان میں چند ہی ایسے ہیں جو آج تاریخِ فنون میں بین الملّی حیثیت رکھتے ہیں۔ یہ ایک مسلّمہ امر ہے کہ تاج محل آج بیشک اپنی فنی خصوصیات کے اعتبار سے فنِ تعمیر عالم میں عجائباتِ روزگار میں شمار ہوتا ہے۔ مگر یہ کسی نے خوب کہا ہے کہ تاج محل کو کما حقہٗ بیان کرنا ناممکن ہے۔ اس میں اعلےٰ فنِ تعمیر کا تغزل اور غیر فانی شاہانہ عشق پنہاں ہیں۔ اس لیے ان وجوہ کی بنا پر لازمی معلوم ہوتا ہے کہ تاج محل کا رتبہ فنِ تعمیر عالم میں کسی قدر بیان کیا جائے۔ یہاں محض چند نکات بطور موازنہ اور مقابلہ واضح کرنا مقصود ہے۔ کہ تاج محل کو دنیا کی گنبد دار عمارات میں کیا درجہ حاصل ہے کیونکہ یہی اس کی عظیم الشان خوبی فن ناظر کو فوراً متوجہ کرتی ہے۔ (شکل ۲۸)

ماہرین نے اس امر پر طویل بحث کی ہے کہ آیا گنبد کی ابتدا مغرب میں ہوئی یا مشرق میں۔ مگر جدید تحقیقات اور انکشافات حفریات نے واضح کر دیا ہے کہ مشرق میں گنبد قدیم زمانہ سے ہی موجود تھا تاہم یہ آسانی سے کہا جا سکتا ہے کہ یروشلم میں قبۃ الصخرہ جو کافی بڑی اور نہایت وجیہہ عمارت ۷۵ھ ہجری سے مثمن سطح پر خلیفہ عبدالملک اموی نے زمانہ سے چلی آتی ہے اگرچہ اس میں قدیم زمانہ سے آج تک کافی تدریجی ترقی ہو چکی ہے اور یہ بھی واضح ہے کہ فنی اعتبار سے قبہ کا اطلاق اسی قبۃ الصخرہ پر ہوتا ہے اور بعد میں اسی قسم کے گنبد دیگر عمارات میں گرد و نواح کے ممالک میں مثلاً شام، قسطنطنیہ، مصر، الجزائر میں نمودار ہوئے۔ خاص کر مصر میں گنبد ابن طولون، قیروان میں گنبد مسجد جامع وغیرہ قبۃ الصخرہ کے متنی اور مؤخر ہیں۔

ابتدا سے ہی قبہ یا گنبد عربوں کے ہاں معماری خصوصیات کی وجہ سے ضرب المثل ہو چکا تھا۔ یہاں تک کہ جہاں اسلامی ممالک میں قبے کثرت سے پائے جاتے ہیں ان مقام کو قبہ یا قباب ہی نام دیدیا ہے۔ جیسا کہ یاقوت حموی نے اپنی مشہور کتاب معجم البلدان میں سمرقند، نیشاپور، بغداد، نجد وغیرہ کے تحت اور قبۃ الکوفہ و اسکندریہ مصر

یں قبہ جالینوس، قبۃ الرحمۃ، قبۃ الحمار، وغیرہ بیان کیے ہیں۔

آٹھویں صدی ہجری میں جب مسلمانوں نے اپنی مختلف سلطنتوں کو مختلف حصص عالم میں مستحکم کیا اور عالم اسلامی کی وسعت سلطنت روما سے بھی بڑھ گئی۔ اور بے شمار اقوام کے افراد نے اسلام قبول کیا جن کا طرز فن تعمیر اگرچہ طرز روما سے مختلف تھا اور بعض حالات میں اس سے بھی زیادہ قدیم تھا۔ یہ کشادہ دلی سے باور کر لینا چاہیئے کہ ابتدا میں مسلمانوں نے غیر مسلم معمار مختلف اقوام و ممالک سے اپنی مساجد اور مساکن کے لیے حاصل کیے۔ زیادہ تر ان میں ارمنی تھے۔ خاص کر گنبد کو اختیار کرنے سے متعلق عرض ہے کہ عربوں نے خاص کر اس کا استعمال اپنی مقابر کے لیے ایک خصوصیت بنائی تھی جس کے استعمال میں انہوں نے مزید بصیرت کا ثبوت دیا اگرچہ ان سے قبل بازنطینی، رومی اور عبرانی گنبد استعمال کر چکے تھے۔ پروفیسر سٹرزی گوسکی ایرانی تحریک کا بہت بڑا حامی، استدلال کرتا ہے کہ مشرق نے میں گنبد کی ابتدا ہوئی اور آرمینیا سے بازنطینی سلطنت میں آیا جہاں سے بلقان اور روس میں یونانی گرجوں کی سرپرستی میں لایا گیا۔

آرتھر کنگزلے پورٹر نے نہایت عمدگی سے بیان کیا ہے کہ مقرنس یعنے نصف کرہ کا مثلثی کٹا ہوا حصہ اور مربع سطح جو قبہ کی بناوٹ کا اصل اصول ہے مشرق میں قدیم زمانہ سے ہی معلوم تھا۔ اور عربوں میں (ارچ) کمان یا محراب نوس یا قالب دار چھت ان کی تعمیرات میں اس قدر عام تھی کہ ان کے ہاں ایک محاورہ ہو گیا تھا کہ محراب کبھی سوتی نہیں نے صحیح کمان جو اصولِ فن کے تحت میں بنائی جائے کبھی بیٹھتی نہیں۔

اسی طرح قسطنطنیہ میں جو بازنطینی سلطنت کا دارالحکومت تھا بہترین مقرنس دار گنبد آیا صوفیہ میں ابتدا سے نمودار ہوئے اگرچہ اس میں بھی ہمارے زمانہ تک کافی تبدیلیاں ہو چکی ہیں بلکہ سلطان محمد ثانی کی فتح قسطنطنیہ ۱۴۵۳ء سے قبل ہی قریب قریب تمام ممالک شرق و غرب میں اپنے اپنے مخصوص طرز میں فنِ تعمیر میں اختیار کر چکے تھے اور خاص یہ وہ وقت تھا جبکہ یونانی، رومی، بازنطینی، ایرانی، عراقی فنون کے قدیم آثار بحیثیت مستند فنون کے شمار ہونے لگے تھے۔ اور اٹلی نے اسی زمانہ سے دوسری طاقتوں سے علیحدگی اختیار کر کے ایک خاص خوشگوار زندگی کے پہلو میں قدم رکھا جسے محققین نے نہایت موزوں لفظ رینیسانس یعنے دورِ احیار علوم و فنون سے یاد کیا ہے۔ اٹلی کے اس دور کے فنِ تعمیر کو یوں بیان کیا ہے: "اہل لسقن اپنے آباؤ اجداد کے قبوں کو کبھی نہیں بھولے ہے۔ انہوں نے بڑے غور و خوض کے بعد لاطینی روایات کو وابستہ رکھا۔ اہلِ جنوب پر بازنطینی اور اسلامی نمونہ ہائے نے اثر کیا جن کو اٹلی کے باشندوں نے اپنی تعمیرات میں کھپا دیا۔ اٹلی کے دورِ احیار علوم و فنون نے دراصل مشرق

سے فیضان حاصل کیا اور اس لیے اٹلی کو علوم و فنون کے ہر شعبہ میں غیر فانی حیات عطا ہوئی جس کا کبھی کسی قوم یا ملک نے خواب تک بھی نہیں دیکھا تھا۔ چنانچہ یہ زمانہ اٹلی میں دیگر ممالک کے بہترین صناع اور فضلاء کے لیے کشش کا باعث ہوا جنہوں نے واپسی پر اپنے اپنے ممالک میں علوم و فنون میں مزید زندگی کی آبیاری کی۔ دراصل اس دورِ احیاء نے اٹلی کو جذبۂ خود دارانہ و آزادی کی تکمیل کا بنی نوع انسان کے لیے ذریعہ بنایا جو یورپین اقوام میں ودیعت رکھا گیا ہے اس لیے اس دورِ احیاء کے اسباب و علل نے تمام یورپ پر سیاسی و ثقافتی حیثیت میں بہت بڑی تبدیلی پیدا کی خاص کر فرانس میں نویں چہاردہم کے عہد میں علوم و فنون کو خاصی ترقی ہوئی۔ جیسا کہ اس سے پیشتر اٹلی نے اپنے دورِ احیاء میں کی تھی۔ غرضیکہ سترھویں صدی عیسوی سے شرق اور غرب کے سیاح کی کثیر جماعت سیاحت عالم کے لیے نکلی اور ایشیا و یورپ میں کسی قدر ثقافتی رابطہ قائم ہوا۔ اور ان سیاحوں نے دیگر ممالک کے فنون کے اعلیٰ نمونوں کے اپنے اپنے مشاہدات کو نقادانہ نگاہ سے اپنے اپنے ملک کے ویسے نمونوں سے مقابلہ کر کے بیان کرنا شروع کیا۔ چنانچہ بہت سے انگریز و فرانسیسی سیاحوں نے بحری و بری راستوں سے ہندوستان پہنچ کر مغلوں کے دربار میں رسائی حاصل کی۔ اکثر ان میں سے قبل تعمیر تاج آئے۔ اکثر ایسے ہیں جنہوں نے تاج محل کا بغور مشاہدہ کیا اور انہوں نے تاج کا اطالوی اور فرانسیسی فنِ تعمیر کے شاہکاروں سے مقابلہ کیا جو بالاتفاق بیان کرتے ہیں کہ یورپ میں ایسی کوئی عمارت نہیں ہے خاص کر برنیر فرانسیسی سیاح جس نے تاج کو زیر تعمیر اور تکمیل کو دیکھا ہے تاج کا مقابلہ پیرس کے سینٹ لوئیس اور سینٹ انٹوائن، وال دی گراس، اور فلورنس کے ڈیوک اعظم کی عبادت گاہ سے کرتا ہے اور اس نتیجہ پر پہنچتا ہے کہ یہ بالکل اپنے رنگ میں بذاتِ خود ایک حیثیت رکھتا ہے۔ عمارات میں تاج محل سے ایک مقبرہ کی عمارت کے لحاظ سے یورپ کی محض دو عمارتیں لگا کھاتی ہیں مثلاً پانتھیون روم اور پانتھیون پیرس۔ اول الذکر آج سینٹ ماریا روٹنڈا کے نام سے یاد کیا جاتا ہے اور اس کا گنبد نصف کروی ہے۔ اس کی بنیاد دراصل ۱۱۲ء میں گول سطح پر رکھی گئی تھی۔ بعض محققین نے رومی سیاحوں کے اقوال سے متاثر ہو کر اسے دنیا میں سب سے بڑا گنبد شمار کیا ہے۔ مگر بعض نے اس گنبد کا بیجاپور کے گول گنبد سے مقابلہ کر کے ثابت کیا ہے کہ بیجاپور کا گنبد دنیا بھر میں سب سے بڑا ہے۔ دوسری عمارت پانتھیون پیرس ۱۷۳۵ء میں تعمیر ہوئی۔ تمام یورپ میں گنبدی عمارات کثیر الاضلاع سطح پر بہت کمیاب ہیں جیسا کہ ایشیا میں بے شمار خاص کر اسلامی عمارات ہیں۔ سلطانیہ (ایران) میں سلطان اولجائتو خدا بندہ کا مقبرہ و مسجد جو ۱۳۰۷ء میں مثمن سطح پر تعمیر ہوئے فنی اعتبار سے مشرق میں بہترین خوبصورت عمارت ہے۔ اسی طرح ہندو پاکستان میں اس قسم کی سب سے پہلی اسلامی عمارت ملتان میں روضہ رکن عالم ہے جو ۱۳۲۷ء میں

تعمیر ہوئی مگر مغلوں نے اپنے عہد میں اس مثمن سطح کو مثمن بغدادی میں تبدیل کر دیا۔ یعنے مربع سطح کو کونوں پر کاٹ دیا ہے، اور مساوی الضلع مثمن ہموار نہیں رہی۔ جیسا کہ تاج محل کی سطح ہے۔

فرنچ مؤلف موسیو دورند نے اپنے شاہکار فنِ تعمیر بنام "مجموعہ اور مشابہ نمونہ جات" میں ایسی گنبد دار عمارات عالم کا مقابلہ کر کے یوں ترتیب دیا ہے۔ مثلاً آیا صوفیہ قسطنطنیہ، سینٹ مارک وینس، سینٹ ماریہ فلورنس، روضہ ممتاز سینٹ پیٹر روم، گنبد آنوالیڈ پیرس، نپولیون، پانتھیون پیرس ان میں خاص کر تمام یورپین عمارات ایک نمونہ کے مطبع نظر آتی ہیں کیونکہ یہ شکل اور اصول میں مشابہ ہیں۔ اور یہ نتیجہ فوراً اخذ ہو گا کہ مشرق مشرق ہے اور مغرب مغرب۔ قیام پیرس کے دوران جب مؤلف کو تاج کے سطحی نقشہ کو پروفیسر پال بگو کے روبرو کچھ مشورہ حاصل کرنے کے لیے پیش کرنے کا اتفاق ہوا تو اس نے فوراً ظاہر کیا کہ یہ گنبد ناپولیون کے گنبد انوالیڈ کے مشابہ ہے، جو تاج کے بعد ۱۷۰۶ء میں تعمیر ہوا۔ مگر یہ گنبد انوالیڈ دراصل جینو دا اٹلی، کے گرجا سینٹ ماریا دی کسد کا مثنیٰ ہے جس کی تعمیر ۱۵۵۳ء میں ایسے ہی سطحی نقشہ پر ہوئی۔ اور یہ دونوں تاج سے مختلف ہیں مگر چاروں کونوں میں چار کمرے نظر آتے ہیں جس وجہ سے یہ تاج سے کسی قدر مشابہ نظر آتے ہیں۔ اٹلی کے گرجا کے چاروں کونوں پر مینار نما چار برج بھی ہیں۔ (شکل ۵۶-۶۶)

فرگسن کہتا ہے کہ مجھے واقعی تاج محل اور دیگر شاہی مقبرہ جات دہلی و آگرہ کا اثر خوب یاد ہے مگر جہاں تک میرے علم کی وسعت ہے قبۃ السخرہ سب کو مات کرتا ہے جس میں لطافت و خوش وضعی کا تناسب بدرجہ اتم ہیں جو کسی اور عمارت کے اندر نہیں پائی جاتیں جس کا مجھے علم ہے۔ چنانچہ فرگسن کی اس رائے کو بیان کرنے کے بعد ہم دیکھتے ہیں کہ تمام متذکرہ بالا گنبد دار عمارات جن کا ذکر موسیو دورند نے کیا ہے خواہ ایشیا میں یا یورپ میں قبۃ السخرہ کے بعد نمودار ہوئی ہیں۔ جنی گنبد کا فنی اثر یہیں سے آغاز کرتا ہے۔ چنانچہ امیر تیمور جنوری ۱۴۰۱ء سے ۱۷ مارچ تک دمشق میں رہا جیسا کہ اسے عرب شاہ نے بیان کیا ہے کہ وہ اپنے ہمراہ بے شمار معمار، نجار، قیدیوں کی صورت میں سمرقند لے گیا اور یہی لوگ تھے جنہوں نے اس کے حکم سے گورِ امیر یعنے اس کی بیوی بی بی خانم کا مقبرہ تعمیر کیا جس میں آخر وہ خود بھی دفن ہوا۔ اس گورِ امیر کی سب سے بڑی فنی خصوصیت اس کا دوہرا بلب نما گنبد ہے جس کا مثنیٰ ہم تاج محل آگرہ میں پاتے ہیں۔ یہ یاد رہے کہ یہ دوہرا بلب نما گنبد ہند و فنِ تعمیر سے نہیں آیا۔ اس لیے سوال پیدا ہوتا ہے کہ کیا امیر تیمور کو علم تھا کہ کہیں عالم میں دوہرا بلب نما گنبد ہے یا تھا۔ ہاں ایک جگہ اور محض ایک جگہ اور وہ فلسطین میں بیت المقدس کی عمارت میں موجود ہے جسے خلیفہ عبدالملک نے ۷۰ھ میں تعمیر کیا تھا۔ روضہ تاج محل کے اندر جو تعویذ قبور نظر آتے ہیں دراصل ان کے نیچے ایک اور سردابہ موجود ہے جہاں اصل قبور ہیں۔ یہ سردابہ مغلوں کے ہاں زنانہ ش ۳۵

قبر کے لیے خصوصیت ہو گیا ہے۔ جو اس امر کا مقتضی ہے کہ اس سرو کی تاریخی حیثیت سے توضیح کی جائے۔ اس لیے جب ہم قدیم زمانہ پر نظر ڈالتے ہیں تو اس نتیجہ پر پہنچتے ہیں کہ یہ سرو کی قبور تحت زمین فنا فی العبادت شہدا کے لیے مقصود تھا اور بعد میں یہی زمین دوز کمرے گرجے کی عبادت گاہ شمار ہوئے جو اقبالِ گناہ کے نام سے مشہور ہوئے اور اسے مقامِ شہادت قرار دیا گیا۔ چنانچہ اس قسم کے سرو کا بہترین نمونہ علاوہ مشہور قدیم کیٹاکومب ، روما کے اٹلی میں گرجا سینٹ مارک وینس میں ہے اور یہ سرو کا بہترین گرجوں میں بلا تمیز رومن کیتھولک یا پروٹسٹنٹ کے مذاہب کی اہم ہستیوں کے لیے جائے قبور مقرر ہو گیا۔ اور مسلمانوں نے بھی اپنے مقبروں میں تحت زمین اہل قبر کیلئے اسے خود بخود استعمال کیا جس کے اکثر نمونے ترکی و شرق ادنےٰ میں ملتے ہیں مگر اس کا بہترین نمونہ سمرقند میں امیر تیمور کے روضہ گور امیر میں ہے۔ مغل بادشاہوں نے یہ خیال کرتے ہوئے کہ عورتوں کے لیے عام طور پر پردہ لازمی ہے اس لیے اس نظریہ کے تحت بعد وفات بھی اسی طرح ان کو پردہ میں رکھا جائے۔ چنانچہ انہوں نے زمین دوز کمرہ عمارات روضہ میں عورتوں کی اصل قبر کے لیے مخصوص کر دیا۔ اور یہ عمل امرا کی حد تک زیادہ تر رہا۔ چونکہ فنی اعتبار سے تاج محل گور امیر سمرقند کا مثنیٰ ہے اس لیے تاج میں یہ سرو ابھی یہیں سے آیا ہے اور اس سے پیشتر ہندوستان میں کم نظر آتا ہے۔ اور مغلوں کے زمانہ کے مقبرے عام طور پر لاہور، دہلی، آگرہ میں اس سرو والے محض عورتوں کے ملتے ہیں۔ اہل لاہور کی توجہ مقبرہ نور جہاں، مقبرہ والدۂ علی مردانخاں، مقبرہ رستم غازی، اور مقبرہ صاحب جمال (غلط العام) مقبرہ انارکلی کی طرف مبذول کرائی جاتی ہے جن میں سرو ابے ہیں۔ حالانکہ مقبرہ جہانگیر، آصف خاں وغیرہ میں نہیں ہے۔ دہلی میں مقبرہ زوجہ عبدالرحیم خانخاناں میں سرو ابہ موجود ہے۔ اسی طرح آگرہ میں اعتماد الدولہ اور اکبر کے روضہ میں سرو ابہ نہیں ہے۔ غرضیکہ بہت سی مثالیں حاصل کی جا سکتی ہیں۔

تاج محل کی نقاشی، پرچین کاری سفید پتھر میں مختلف رنگ کے قیمتی پتھر کھود کر بھرے گئے ہیں اور یہ الف فسا (MOSAICS) سے بالکل مختلف ہے۔ بعض نے دونوں کو ایک ہی گردانا ہے۔ مؤخر الذکر کے بہترین نمونے یروشلم فلسطین، قسطنطنیہ میں ملتے ہیں۔ عربوں نے اس کی دو قسمیں کی ہیں۔ ایک تو وہ جس سے فرش اور دوسری قسم سے دیواریں اور محراب مزین کی جاتی تھیں۔ جو بازنطینی اصلیت کا ہے۔ اس لیے ہمیں فراخدلی سے کہنا چاہیے کہ تاج کی زیبائشی پرچین کاری بالکل الگ شے ہے اور ایسے مقابلہ سے بالکل بالاتر ہے۔

تاج کو مختلف ممالک کے فن تعمیر کے شاہکاروں میں پیش کر کے ہمیں وثوق سے کہنا چاہیے کہ تاج محل آج بھی اپنے ان تمام تعمیری اوصاف کے باوجود اس کی فراخ محرابوں کے کونوں پر پرچین کاری، گول منارے، دوہرا بلب نما

نبد، زیرِ زمین قبر کا سرداب، بے شک دنیا بھر کی بہترین عمارات سے اس کو طرۂ امتیاز بخشتے ہیں۔ اور اس لحاظ سے یہ
راتِ خود اپنی ذات میں واحد درجہ رکھتا ہے۔ یہ ضرور ممکن ہے کہ تاج اور دیگر دنیا کی بہترین عمارات میں بعض نکات
شابہت میسر آجائیں مگر وہ تاج کی خود مختاری و امتیاز اور متانت کو متاثر نہیں کرتے اس لیے تاج کو محض بے مثل
جائباتِ روزگار میں شمار کیا جاتا ہے۔

حوالہ جات :-

۱۰۳ ص ۵۱۶ سنہ ۱۹۲۷ء

۶۹ ۱۰۹ و ۱۱۰

۶۲

۴۳

۴۸ ص ۱۵۵ و ۱۵۷ و ۱۶۰

۹۷ ص ۶۴

۸۷ ص ۱۰۵/۲ و ۶۳

۹۸ ص ۶۰۹/۱

۴۴ (وسط ایشیا) ص ۲۰۳

۶۰ ص ۹ و ۱۰ و ۱۱ و ۱۲

۶۸ ص ۴۰-۴۳

۵۵ ص ۲۶-۲۷

۶۶ ص ۶۸/۱

۱۰۷ سنہ ۱۹۳۳ء

۷۵ ص ۵۵۹-۵۶۰

اورنگزیب کے زمانہ سے آج تک عمارتِ تاج پر تبصرہ

(۱) فنونِ لطیفہ سے متعلق اورنگ زیب کا رویہ اکثر محققین کے نزدیک معرضِ بحث رہا ہے۔ اور اکثر کی یہی رائے ہے کہ اسے فنونِ لطیفہ سے کوئی دلچسپی نہیں تھی اس وجہ سے ان کو بہت تنزل ہوا۔ مگر ایسا خیال رکھنے والوں نے شرسیاسی ماحول کو نظر انداز کر دیا ہے جو اس کے ایسا رویہ رکھنے کا کافی ذمہ دار ہے۔ کیونکہ وہ اس قدر ہنگامہ خیزی سے لڑائیوں سے عہدہ برآ ہو کر تخت پر آیا اور آتے ہی دوسرے معاملاتِ سلطنت میں مصروف ہوا کہ فنون کے لیے کوئی وقت نہیں رہا تھا کہ وہ کما حقہ توجہ دے سکتا۔ اس سے انکار نہیں کہ اس کا ذاتی نقطۂ نگاہ بھی کسی قدر کافی ذمہ دار ہے ماحول و حالات اس سے زیادہ ہیں اور ان کو ضرور پیشِ نظر رکھنا چاہیے۔ اس صورت میں ہم دیکھتے ہیں کہ وہ ابھی شہزادہ تھا تو اس کو ان فنی باتوں میں خاصی دلچسپی تھی جس کے اکثر شواہد ملتے ہیں۔ چنانچہ روضہ ممتاز محل کی تعمیر کے بعد فوراً جب دفعہ اس کا یہاں گذر ہوتا ہے تو اس کے ملاحظہ میں بعض امور آئے ہیں جن کو وہ بادشاہ کے گوش گذار ایک خط کے ذریعہ کرتا ہے۔ اور وہ خط یہ ہے:

(۲) "جمعہ کے روز روضۂ مطہرہ کا طواف کیا۔ زیارت کی برکتیں جو سراپا اطاعت تھیں حاصل کیں۔ اس پاک بنیاد والے مقبرہ کی عمارتیں اسی دستور کے موافق جو حضور پُرنور نے تمام کی تھیں استوار ہیں۔ لیکن مرقدِ پاک کا گنبد شمالی جانب سے برسات کے موسم میں دو جگہ سے ٹپکتا ہے اور اسی طرح سے چاروں پیش طاق اور دوسرے درجہ کا شاہ نشین اور چار چھوٹے گنبد اور بڑے گنبد کے نیچے کوٹھے کی پشت بھی دو تین جگہ سے اسی فصل میں ٹپکی تھیں۔ دیکھیے آئندہ سال کیا ہوتا ہے۔ مسجد کے گنبد اور جماعت خانے بھی موسم بارش میں ٹپکتے ہیں اور ان کی مرمت کر دی گئی ہے۔ معمار لوگ بتاتے ہیں کہ اگر درجہ دوم کے کوٹھے کے فرش کو علیحدہ کر کے ریختہ کریں اور ریختہ کے اوپر آدھ گز کی تہہ کاری کر دی جائے تو شاید پیش طاق اور شہ نشین اور چھوٹے گنبد ٹھیک ہو جائیں۔ بڑے گنبد کی تدبیر میں عجز کا اعتراف کرتے

---

(۱) دیکھو "فنون لطیفہ بعہد اورنگ زیب" از ڈاکٹر محمد عبداللہ چغتائی۔ (۲) مرقع اکبرآباد۔ سعید مارہروی۔ صـ۴۳

ہیں۔ اس قسم کی عمارتوں کو نظرِ بد لگ گئی ہے۔ اگر توجہ اقدس کا پرتو ان کے دفعیہ کے علاج کی طرف پڑے تو بجا ہو گا۔"

اب اورنگ زیب کے اس متذکرہ بالا خط سے اس کے ادراکِ فنِ تعمیر پر خاصی روشنی پڑتی ہے کہ اس نے کس قدر باریکی سے روضہ کا معائنہ کر کے اپنے والد کو اطلاع دی ہے۔ ہاں یہ بھی درست ہے کہ اس نے ایک دفعہ مذہبی نقطۂ نگاہ سے اس کی تعمیر پر تبصرہ کیا تھا۔[1] مگر وہ اور صورت ہے یہ اس کے ادراک اور دلچسپی فنون کے خلاف نہیں جاتا۔ مآثر عالمگیری و دیگر مآخذ کے مطالعہ سے ہمیں وضاحت سے ملتا ہے کہ اس کے عہد میں عرس ممتاز الزمانی ۱۷ ذیقعدہ ہر سال برابر ہوتا رہا۔ اور اس کے لیے جو رقم شاہجہاں کے زمانہ سے مقرر تھی کسی قسم کی کمی نہیں آنے دی بلکہ بعض موقعوں پر جب اس نے اس کی زیارت کی تو مجاوروں اور محتاجوں کو جو روضہ میں مقیم تھے خاصی رقم عنایت کی۔ اور ہمیشہ محافظ و مدرسین کا انتظام رہا۔ اس سے بڑھ کر اور کیا ہو سکتا ہے کہ جب اس کی اپنی چہیتی بیوی رابعہ دورانی دلرس بانو بیگم کا انتقال ہوا تو اورنگ آباد میں ویسا ہی روضہ بننے کے لیے خواہش ظاہر کی چنانچہ اسے عطاء اللہ معمار بن احمد معمار نے ۱۰۷۲ھ میں تعمیر کیا اور بالکل تاج محل آگرہ کے مشابہ ہے۔ اگرچہ اس سے فنی اعتبار سے کافی ادنیٰ اور چھوٹا ہے۔ فرضیکہ ان حالات میں ہم اس کے ذوقِ فنون اور دلچسپی فنون پر حرف گیری نہیں کر سکتے اور اس کے ذاتی معاملہ میں تو وہ مذہبی سوال بھی پیدا نہیں ہوتا یعنے وہ بذاتِ خود فنون کی قدر شناسی اور ادراک سے معرا نہیں تھا۔

تاج محل کی عمارت میں مجرے کے اندر کا نقشہ ملاحظہ کرنے پر معلوم ہو گا کہ یہ دراصل ایک ہی قبر کے لیے یعنے ممتاز الزمانی کے تعویذ کے لیے موزوں تھا مگر اس کے اندر دو تعویذ ہیں یعنے ممتاز الزمانی اور شاہجہاں۔ اول الذکر عین مرکز میں ہے، اور مؤخر الذکر ایک طرف ہے اور یہی صورت سرداب زیر زمین میں ہے۔ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ تعویذ فنی حیثیت سے ایک ہی وقت میں اور ایک ہی کاریگر نے بنائے ہیں اگرچہ قریب بیس سال بعد تعمیر تاج شاہجہاں کی نعش کو وہاں ۱۰۷۶ھ میں دفن کیا جاتا ہے اور دونوں تعویذوں کی پرچین کاری وغیرہ سب ایک ہی ہاتھ کے بنائے ہوئے معلوم ہوتے ہیں اور اس سے انکار نہیں ہو سکتا کہ یہ سب اورنگ زیب کا کام ہے اگرچہ اس میں اس کی ہمشیرہ جہاں آرا بیگم کو بوجہ محبت شاہجہاں بہت دخل ہے مگر اس کے اختیار و حکم سے اختتام پذیر ہوا۔ یہ بھی صحیح ہے کہ شاہجہاں کا ارادہ تھا کہ وہ اپنے مقبرہ کو سیاہ مرمر

---

(۱) "فرزند عالیجاہ — حفظ اللہ — عمارت مقبرہ ہا شاید جائز نباشد۔ و در اسراف خود شمن نیست و استعمال آبک بر قبر نیز منع است۔

کا دریائے جمنا کے دوسری جانب تاج کے مقابل تعمیر کرے مگر اس کے اس ارادہ کی تکمیل خدا کو منظور نہیں تھی اور امورِ سلطنت
اس کی تکمیل میں سدِ راہ ہوئے۔ اورنگ زیب میں قدر و ذوقِ فن تھا تو یہ تعویذ شاہجہاں انہی روایات پر تعمیر ہوا۔ سب سے
بڑھ کر ماحول اور رموز و نزاکت کا سوال تھا جو خاص کر فنون میں ادراکِ انسانی اور توازنِ ذہن سے تعلق رکھتے ہیں۔ یہ بھی
قابلِ یقین ہے کہ ۱۰۷۶ھ میں ایسا ہونا مشکل تھا جب کہ حالات اس قدر تبدیل ہو چکے تھے اور ان تعویذوں میں کسی قسم
کا فرق نہیں اور کسی کو مؤخر یا قبل نہیں کہا جا سکتا۔

اورنگ زیب کے بعد دیگر شاہانِ مغل کے عہد میں تاج کا ذکر بہت کم ملتا ہے اور زیادہ تر ان کا تعلق دہلی سے رہا۔
اور یہ واضح ہے کہ انہوں نے بھی روضہ کو برستور اچھی حالت میں رکھنے کی کوشش کی اور ۱۷۶۱ء میں بھرت پور کے جاٹوں نے
جب خوب لوٹا اور عمارت کو نقصان پہنچایا۔ اور اسی طرح بوجہ عدم مناسب سرپرستی اور سالانہ مرمت جو ایسی عمارات کے لیے
لازمی ہے یہ روضہ کافی عرصہ بطورِ زمین بے آئین رہا۔ ۱۷۹۳ء میں ایک میجر جی ایچ یہاں کچھ وقت کے لیے مقیم رہا جبکہ
اس نے چار خطوط اپنے احباب کو یورپ میں لکھے جن میں اس نے اکبرآباد کی اکثر عمارات اور تاج محل کی مفصل تفصیل فنی
حیثیت سے پیش کی ہے۔ اور اسی زمانہ میں ایک اور میجر پالمر بھی رہتا تھا۔ غرضیکہ اٹھارہویں صدی تک یہی حالت
رہی۔ مگر انیسویں صدی کے ابتدا میں یعنے ۱۸۱۰ء میں بنگال انجینئر نے ایک لفٹننٹ کرنل جوزف ٹیلر کو تاج کی اور
سکندرہ کی ضروری مرمت کے لیے تعیین کیا۔ اور اس کے متعلق خط و کتابت سے بعض دلچسپ واقعات پر روشنی
پڑتی ہے۔ ان سے برٹش کا ہندوستان میں محکمۂ آثارِ قدیمہ کی ابتداء تصور کرنی چاہیے[1]:

"لفٹننٹ کرنل ٹیلر کو انتخاب کر کے تاج کی مرمت کے لیے ارسال کیا بلکہ ایک محدود رقم کو بمقابلہ کام جو
اختتام پذیر ہوا منظور کیا۔ اس لفٹننٹ کی کما حقہ فرض شناسی کے لیے داد دینی چاہیے۔ آخر میں کہنا چاہیے
جو اس کے افسروں نے اس کے ذمہ لگایا تھا۔ اس کا یہ کام ضرور استحسان کی نگاہ سے دیکھا جائے گا۔ اس
سے چند سال پیشتر جب یہی کیپٹن ٹیلر آگرہ میں انجینئر افسر تھا تو یہ تاج کے گنبد کی مرمت کر رہا تھا اس
وقت یہ ایک رسّے کی سیڑھی کے ذریعہ مع اپنی بیوی گنبد کی چوٹی تک چلا گیا تھا اور وہ خوب ہمہ تن دلیر
اور باہمت تھا۔"

اس سے انکار نہیں ہو سکتا کہ برٹش کے ہندوستان میں آنے پر ان عمارات کو محفوظ رکھنے کے لیے کافی جد و جہد
کی گئی۔ خاص کر اس ضمن میں ڈاکٹر برکھم، رلکنس، گلکھم، فرگسٹن وغیرہ کے کاموں سے عیاں ہے کہ ۱۸۴۳ء میں دہلی میں
ایک انجمن آثارِ قدیمہ کے نام سے قائم ہوئی جسے عام طور پر نظر انداز کیا جاتا ہے اور اس کا اول رسالہ ۱۸۵۵ء میں طبع ہوا۔

---

[1] ۔ ایشیاٹک اینول رجسٹر ۱۸۰۳ء۔

جب کہ اس کا صدر مسٹر مٹکاف اور معتمد ہنری میڈ تھے۔ اس رسالہ میں نہایت عمدہ ضروری مضامین شائع ہوئے۔ کیپٹن کنگھم جیسے اس انجمن کے اراکین میں سے تھے جنھوں نے بہت مفید خدمات انجام دی ہیں۔

ہمیں لارڈ کرزن کی ترقی آمیز توجہ کا ممنون ہونا چاہیے اور ہم پر اس کا شکریہ ادا کرنا لازمی ہے کہ اس کے عہد میں تاج کی مرمت خاص طور پر کی گئی تھی جب کہ اس نے ۱۹۰۴ء میں محکمہ آثار قدیمہ کی سکیم کو پیش کیا اور تاج کا صحیح سطحی قدیم نقشہ بھی دستیاب کیا گیا جس کے ذریعہ سے لارڈ کرزن کے ماتحتوں نے باغ تاج محل کی روشوں اور حیا بانوں کو درست کرنے میں بہت مدد ملی۔ جس کا تمام سہرا سر جان مارشل کی ان تھک کوششوں کے سر ہے جس کا خاص ذکر کرنا ان آثار پر کام کرنے والے کا فرض ہے۔ سر جان مارشل کے اکثر علمی کارنامے آج ہندوستان میں کام کرنے والوں کے لیے مشعلِ ہدایت ہیں۔ اس زمانہ سے آج تک خاصی ترقی بھی ہوئی ہے۔ چنانچہ ۱۹۳۴ء کے زلزلۂ بہار میں اس کے بعض حصوں کو صدمہ آیا جن کو گورنمنٹ نے از سرِ نو زرِ کثیر خرچ کر کے مرمت کرا دیا۔ (۱)

تتمہ

قریب قریب تمام ضروری امور تاج محل کی تعمیر اور تاریخ سے متعلق بالاستیعاب بیان کیے گئے ہیں بالخصوص مختلف فیہ روایات متعلقہ اصل معمار و حقیقت نقش و نگار جن کی وجہ سے تاج کے صحیح حالات اور اصل چہرۂ تاج پر نقاب آگیا ہے اور عوام بجائے اصل تاج کو دیکھ کر کما حقہ حظ اٹھانے کے ان جھگڑوں میں الجھ جاتے ہیں اور تاج کا اصل حسن ان کے سامنے کبھی نہیں آتا اس لیے ارتقائے فن تعمیر اسلامی ہند کو بھی قدرے ابتدا میں بیان کیا گیا ہے اور واضح ہے کہ ثقافتِ اسلامی اور ثقافتِ ہندی میں زمین آسمان کا فرق ہے اس لیے مسلمان ابتدا میں مجبور تھے کہ ہندوستان میں اپنی قدیم ایران و توران کی روایاتِ فن تعمیر کی بنا پر مختلف ہی فن پیدا کریں۔ اگرچہ انھوں نے قدماء کی عمارات کو اپنی فوری ضرورتوں کو پورا کرنے کے لیے از سرِ نو ترتیب دے کر اپنی استعدادِ فن کا ثبوت دیا اور تھوڑے ہی عرصہ میں ہندوستان میں مسلم طرزِ فن تعمیر بحیثیت فن صورت پذیر ہوئی جس نے تاریخ فنون میں ایک مستقل جگہ اختیار کی۔ مختلف مقامات پر مسلم فن تعمیر ہندوی النظر میں ایک دوسرے سے مختلف نظر آتا ہے مگر اصولی حیثیت سے یہ ایک ہی ہے۔ مغل سلطنت نے بہ نسبت دیگر سلطنتوں کے زیادہ عرصہ حکومت کی۔ فرگسن مغل فن تعمیر بیان کرتے ہوئے لکھتا ہے کہ جہانگیر اور شاہجہاں کی تعمیرات میں

---

۱ رپورٹ۔ آثار قدیمہ

ہندویت کا شائبہ تک نہیں رہا جو بدرجۂ اتم تاج محل کے گنبد سے عیاں ہے۔

محض پادری میزنق کی واحد سند پر یہ دعوے کیا جاتا ہے کہ جیرونیمو ویرونیو باشندۂ وینس تاج کا معمار تھا جس کا کوئی ثبوت ہندوستان میں یا اٹلی وغیرہ میں نہیں۔ کافی وجوہات ہیں کہ ہم احمد معمار کو تاج کا معمار تصور کرلیں مگر افسوس اس امر کا ہے کہ ابھی تک محض اس کا اپنا لڑکا لطف اللہ مہندس اپنے باپ احمد کو تاج کا معمار بیان کرتا ہے حالانکہ معاصر کتب خاموش ہیں اور ان میں نئی دہلی یعنے شاہجہاں آباد کی تعمیرات کو احمد و حامد دو معماروں کی طرف منسوب کیا گیا ہے جو تاج کے کافی عرصہ بعد تعمیر ہوئیں۔ اور تاج کی معاصرانہ تفصیل میں دو نام باہر میر عبدالکریم اور مکرمت خاں بحیثیت مہتمم ملتے ہیں۔

نقش و نگار کے ضمن میں پرچین کاری سے متعلق کافی بحث کی جاچکی ہے جس سے واضح ہے کہ تاج کی پرچین کاری میں کسی قسم کا اطالوی شائبہ تک نہیں ہے یہ بالکل مشرقی ہے مگر اس کے برعکس دہلی کے قلعہ کے دیوان عام کے جھروکہ کی اندرونی دیوار کی پرچین کاری کے تختے تمع اور فیس (دیوتا موسیقی) بیشک اطالوی ہیں اور ان کو بعد میں یہاں لاکر لگا دیا گیا ہے۔ اور معاصر کتب میں جھروکہ کی اس دیوار کی تفصیل موجودہ سے بالکل مختلف ہے۔ گورِ امیر یعنی مشہور مقبرہ امیر تیمور سمرقند اور تاج محل آگرہ فنی اصولوں کی بنا پر بالکل ایک ہیں۔ مثال کے طور پر ان کا دوہرا لب نما گنبد اور زمین کے نیچے سرداب اور اسی طرح دیگر خصوصِ عمارت بھی ایران و توران کی عمارات سے فیض یافتہ ہیں۔

اخیر میں سوال پیدا ہوتا ہے کہ تاج کا اصل معمار کون تھا، واقعی ایک معمہ بن کر رہ جاتا ہے کیونکہ کتب میں واضح طور پر بیان نہیں ملتا ہے۔ مزید برآں ہم ابتدا سے لیکر آج تک دیکھتے ہیں کہ معمارِ عمارت کا نام ہمیشہ نظر انداز کیا جاتا ہے اور کبھی سوال تک پیدا نہیں ہوتا کہ اس عمارت کا معمار کون تھا۔ مثال کے طور پر مقبرۂ ہمایوں کا معمار کہیں نہیں ملتا۔ روضہ اکبر کا معمار نہیں ملتا۔ اعتماد الدولہ کا معمار نہیں ملتا۔ روضہ جہانگیر کا معمار نہیں ملتا۔ اور نہ کبھی کوئی بحث پیدا ہوئی ہے۔ حیرانی اس امر کی ہے یہ سوال محض تاج کے لیے پیدا کیا گیا ہے اور اس قدر مختلف فیہ امور پیدا کر دیے ہیں جن کی وجہ یہ ہے کہ یہ دنیا کی متفقہ طور پر ایک عجائبات میں سے ہے اس لیے اس قدر مسائل پیدا ہو گئے ہیں۔ مگر ہم پھر بھی یہ کہنے کے لیے تیار ہیں کہ متلاشی حق کے لیے بالکل واضح ہے کہ شاہجہاں ہی ایک واحد شخص تھا جو یہ عظیم الشان عشق کا مظہر اپنی بیوی کی محبت کی یاد میں تیار کرسکتا تھا۔ یہی وجہ ہے کہ معاصر مؤرخین اس خاص نازک نقطہ پر بالکل خاموش ہیں اور انہوں نے بالکل واضح طور پر بیان کیا ہے کہ شاہجہاں بہت بڑا تعمیر کار تھا اور بے شمار عظیم الشان عمارات عہد اس کی اپنی تجویز پر تعمیر ہوئیں۔ اس لیے تاج کو بھی ان میں ایک شمار کرنا کوئی بعید از عقل نہیں ہے۔